سلسلہ مطبوعات انجمن ترقی اردو نمبر

ریاض الفصحاء

(تذکرہ ہندی گویاں)

تالیف

غلام ہمدانی مصحفی

مرتبہ

مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے (علیگ) معتمد اعزازی
انجمن ترقی اردو، اورنگ آباد (دکن)

جامع برقی پریس دہلی

سنہ ۱۹۳۴ء

طبع اول ۱۰۰۰

فہرست

قواعد و ضوابط انجمن ترقی اردو اورنگ آباد دکن

۱۔ سرپرست وہ ہوں گے جو پانچہزار روپے یکمشت یا پانچ سو روپے سالانہ انجمن کو عطا فرمائیں۔ (ان کو تمام مطبوعات انجمن بلا قیمت اعلیٰ قسم کی جلد کے ساتھ پیش کیجائیں گی۔)

۲۔ معاون وہ ہوں گے جو ایکہزار روپے یکمشت یا سالانہ سو روپے عطا فرمائیں گے۔ (انجمن کی تمام مطبوعات ان کو بلا قیمت دیجائیں گی۔)

۳۔ رکن دامی وہ ہوں گے جو اڑھائی سو روپے یکمشت عطا فرمائیں گے (ان کو تمام مطبوعات انجمن مجلد نصف قیمت پر دیجائیں گی۔)

۴۔ رکن معمولی انجمن کی مطبوعات کے مستقل خریدار ہوں گے جو اس بات کی اجازت دیں گے کہ انجمن کی مطبوعات طبع ہوتے ہی بغیر دریافت کئے بذریعہ قیمت طلب پارسل ان کی خدمت میں بھیجدی جایا کریں (ان صاحبوں کو تمام مطبوعات پچیس فی صدی قیمت کم کرکے دیجائیں گی) مطبوعات میں انجمن کے رسالے بھی شامل ہیں۔

۵۔ انجمن کی شاخیں (کتب خانے) وہ ہیں جو انجمن کو یکمشت سوا سو روپے یا بارہ روپے سالانہ دیں۔ (انجمن ان کو اپنی مطبوعات نصف قیمت پر دے گی)

انجمن ترقی اردو اورنگ آباد (دکن۔)

اپنے اُن مہربان معاونین کی ایک فہرست مرتب کررہی ہے جو اس بات کی عام اجازت دیں کہ آئندہ جو کتاب انجمن سے شائع ہو وہ بغیر ان سے دریافت کئے تیار ہوتے ہی ان کی خدمت میں بذریعہ وی۔ پی روانہ کردیجایا کرے۔ یہ اصحاب انجمن کے رکن ہوں گے ان کے اسمائے گرامی فہرست میں درج کئے جائیں گے اور انجمن سے جو نئی کتاب شائع ہوگی فوراً بغیر دریافت کئے روانہ کردیجایا کرے گی۔

ہمیں امید ہے کہ ہمارے وہ معاونین جو اردو کی ترقی کے دل سے بہی خواہ ہیں اس اعانت کے دینے سے دریغ نہ فرمائیں گے۔ ان معاونین کی خدمت میں کل کتابیں جو آئندہ شائع ہوں گی وقتاً فوقتاً چوتھائی قیمت کم کرکے روانہ ہوں گی۔

المشتہر۔ انجمن ترقی اردو اورنگ آباد دکن

مقدمہ

اُردو شاعری کا ستارہ اُس وقت چمکا جب کہ سلطنتِ مغلیہ کا آفتابِ اقبال گہنا رہا تھا۔ رفتہ رفتہ شاعری ایک پیشہ ہوگئی اور اُس عہد کے باکمال سخنور اپنے متاعِ ہنر کو دربدر لئے پھرتے تھے کہ شاید کوئی قدردان مل جائے۔ مصحفی ان سب میں زیادہ بدنصیب تھا۔

نام غلام ہمدانی ولد ولی محمد ابن درویش محمد، مصحفی تخلص[1]، وطن امروہہ اور مولد اکبرپور[2]۔ مولانا حسرت موہانی نے اپنے تذکرے میں سنہ پیدائش ۱۱۶۴ھ لکھا ہے لیکن یہ صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ مصحفی اپنے تذکرہ ریاض الفصحا میں اپنے حالات کے آخر میں لکھتے ہیں کہ اس وقت میری عمر ۸۰ برس کی ہے۔ یہ تذکرہ ۱۲۲۱ھ میں شروع ہوا اور ۱۲۳۶ھ میں اختتام کو پہنچا۔ اس حساب سے اُن کی پیدائش ۱۱۴۱ھ اور ۱۱۵۶ھ کے درمیان واقع ہوتی ہے۔

ابتدائی تعلیم مکتب میں امروہہ ہی میں ہوئی اس کا اشارہ انھوں نے سید محمد زمان زمان تخلص ساکن امروہہ کے حال میں کیا ہے[3]۔ اسی ضمن میں اپنے استاد کا بھی ذکر کر گئے ہیں لیکن نام نہیں لکھا۔ اصل تعلیم دلی میں ہوئی۔ چنانچہ ریاض الفصحا میں لکھتے ہیں کہ فارسی اور اُس کی نظم و نثر کی تکمیل تیس سال کی عمر میں شاہجہاں آباد میں ہوئی۔ جن دنوں میں جلاوطن ہوکر اس دیار میں تازہ تازہ پہنچا تو علم عربی یعنی طبیعیات، الٰہیات اور ریاضی مولوی مستقیم ساکن گوپامئو شاگرد مولوی حسن خواجہ تاش مولوی مبین عالم العلما سے حاصل کی اور میبذی اور صدرا پڑھا۔ قانونچہ کا درس مولوی مظہر علی سے لیا جو صرف و نحو میں اپنا نظیر نہ رکھتے تھے۔ آخر عمر میں عربی ادب اور تفاسیر

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۲۴۷۔

(۲) تذکرہ میر حسن صفحہ ۱۹۰۔

(۳) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۱۱۰۔ نیز دیکھو صفحہ ۲۲۷ حال محزوں و صفحہ ۱۳۸ حال شہید۔ (تذکرہ ہندی گویان)

دلی کے قیام کے ذکر میں جو چند جملے ضمناً اُن کی قلم سے نکل گئے ہیں اس سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ میر حسن کا یہ خیال صحیح ہے کہ اُس زمانے میں اُن کی گزران تجارت ہی پر تھی۔ لکھتے ہیں :-

"میں شاہجہاں آباد میں بارہ سال تک در نواب نجف خاں مرحوم میں گوشۂ عزلت میں رہا .... اور اس افراتفری کے زمانے میں تلاشِ معاش کے لئے کسی کے دروازے پر نہیں گیا"[1]

اس سے قیاس ہوتا ہے کہ دلی میں وہ اپنی معاش اپنے دست و بازو سے کماتے تھے اور کسی کے دست نگر نہ تھے۔

اگرچہ بقول خود وہ دہلی میں بارہ سال تک عزلت گزیں رہے لیکن اس پر بھی مشاعروں کی شرکت، شعر و شاعری کا چرچا برابر جاری رہا اور خود بھی اپنے ہاں مشاعرے ترتیب دیتے رہتے[2] اور اُس وقت بھی اُن کی شاعری اس درجے کی سمجھی جاتی تھی کہ لوگ اُن کے شعر سننے کے لئے اُن کے مکان پر حاضر ہوتے تھے[3]۔

دلی کا رنگ بدلا ہوا تھا، حالات نامساعد تھے، بسراوقات کے ذرائع تنگ ہو رہے تھے، ناچار اپنے دوسرے ہمعصروں کی طرح دل پر پتھر رکھ کر دلی کو خیرباد کہا اور وادیٔ غربت میں قدم رکھا۔ دلی کی حالت اُس وقت کیسی ہی ہو، اُس کا چھوڑنا کچھ آسان نہ تھا۔ وطن تو خیر سب ہی کو عزیز ہوتا ہے مگر اس میں کچھ ایسی کشش تھی کہ باہر سے بھی جو لوگ وہاں آ گئے تھے انھیں وہ وطن سے زیادہ عزیز ہو گئی تھی۔ یہ پیٹ بڑا ظالم ہے اُس کی خاطر یہ مفارقت بھی گوارا کرنی پڑی۔ لیکن مرتے دم تک اس کا داغ دل سے نہ مٹا اور جب تک رہے اور جہاں رہے اُس کی صحبتوں اور خوبیوں پر مٹے رہے۔ اس

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۲۴۷

(۲) تذکرہ ہندی گویان) حال اسد صفحہ ۱۶، امین صفحہ ۲۰، فراق صفحہ ۱۵۰، مشتاق صفحہ ۲۱۷، محشر صفحہ ۲۴۴، نالاں صفحہ ۲۶۱، نصیر صفحہ ۲۶۱، ہاتف صفحہ ۲۷۰، نیز دیکھو عمدہ منتخبہ و مجموعہ نغز۔

(۳) دیکھو تذکرہ ہندی گویان ذکر عاقل صفحہ ۱۵۱

قرآن مجید کا مطالعہ کیا۔ لکھتے ہیں کہ عربی سے نابلد ہونے کا جو نقص تھا وہ میں نے اس شہر میں پہنچ کر رفع کر دیا۔ دوسرا نقص علمِ عروض و قافیہ کی ناواقفیت تھی۔ اس کی تلافی بھی میں نے چند روز میں اساتذہ کی تصانیف کا مطالعہ کر کے کر لی اور خود اس فن میں ایک رسالہ لکھا جس کا نام "خلاصۃ العروض" تھا۔

مصحفی نے اپنے استاد کا کہیں نام نہیں بتایا اور نہ کہیں اس کا ذکر کیا ہے۔ کسی اور تذکرے میں بھی اُس کا نام و نشان نہیں ملتا۔ البتہ صاحب "سراپا سخن" نے اُن کے اُستاد کا نام امانی لکھا ہے[1]۔ لیکن یہ نہ معلوم ہوا کہ یہ کون تھے، کہاں کے رہنے والے تھے اور کس قماش کے شخص تھے۔

اس پر سب تذکرہ نویسوں کا اتفاق ہے کہ ابتدائے شباب ہی میں وہ دلی چلے آئے تھے اور وہیں اُن کی تعلیم و تربیت ہوئی اور وہیں اُن کی شعر و شاعری چمکی۔ دلی سے انھیں خاص محبت تھی، اس کا ذکر اپنے تذکرہ میں جگہ جگہ بڑے شوق سے کرتے ہیں۔ وہاں کے مشاعروں، ملاقاتوں اور یارانِ عزیز کا ذکرِ خیر آپ اس تذکرے میں جابجا پائیں گے۔

دلی کہیں ہیں جس کو زمانے میں مصحفی ۔۔۔ میں رہنے والا ہوں اُسی اُجڑے دیار کا

یہ وہ زمانہ تھا کہ گئی گذری حالت پر بھی دلی کا ہونا یا دلی سے منسوب ہونا یا وہاں کی بود و باش، تہذیب و شائستگی اور زباندانی کا تمغہ سمجھی جاتی تھی۔ اسی بنا پر تو انھوں نے اپنے بعض حریفوں پر چوٹ کی ہے۔

بعضوں کو گماں یہ ہے کہ ہم اہلِ زباں ہیں ۔۔۔ دلی نہیں دیکھی ہے زباںداں یہ کہاں ہیں

مصحفی نے اپنے بزرگوں کا پیشہ "نوکریِ خانۂ بادشاہ" لکھا ہے۔ لیکن جب سلطنت کے کاروبار میں خلل واقع ہوا تو ان کا روزگار بھی درہم برہم ہو گیا۔ میر حسن اپنے تذکرے میں لکھتے ہیں کہ ان کی بسر اوقات تجارت پر تھی[2]۔ مصحفی نے اپنے حال میں اس کا کہیں ذکر نہیں کیا لیکن

---

(۱) ص ۴۵۔

(۲) تذکرہ میر حسن صفحہ ۱۵۰۔ سپرنگر نے بھی بحوالہ عشقی اس کی تائید کی ہے۔

چندے میر محمد نعیم خاں کی رفاقت میں رہے۔(۱) پھر مرزا زین العابدین عرف مرزا مینڈو سرسبز تخلص ذوز نواب سالار جنگ) نے جو اردو شاعری کے بڑے دلدادہ تھے بہ سلسلہ شاعری اپنی رفاقت و مصاحبت میں لے لیا۔ مصحفی لکھتے ہیں کہ بڑی عزت سے پیش آتے تھے اور شعر و سخن میں مشورہ کرتے تھے۔ چار سال تک یعنی ۱۲۰۵ء تک انھیں کے پاس رہے۔(۲)

دلی کے شاہزادے، شاہ عالم کے بیٹے مرزا سلیمان شکوہ اُس زمانے میں لکھنؤ میں تھے۔ صاحب عالم نے لکھنؤ کی سرزمین پر چھوٹی سی دلی بسا رکھی تھی اور سارا ٹھاٹ وہی قائم کر رکھا تھا۔ دلی سے جو جاتا پہلے اُن کی سرکار میں اپنا ٹھکانا ڈھونڈھتا۔ شعر و سخن سے ذوق رکھتے تھے اور شعرا اور اہل کمال کے قدردان تھے۔ انشار، جرأت، سوز، مصحفی وغیرہ انھیں کے دربار میں ملازم تھے یا انعام و اکرام سے سرفراز ہوتے تھے۔ بارہ سو سات آٹھ ہجری میں مصحفی بھی میر انشاء اللہ کی وساطت سے اس دربار میں داخل ہوئے۔(۳)

ہمارے درباروں میں حسد و رشک، رقابت و غمازی اور ساز و باز کی گرم بازاری ہمیشہ رہی ہے۔ ہر منہ چڑھا مصاحب دوسرے کے اکھاڑنے اور اپنے جمانے کی فکر میں رہتا ہے اور اس میں وہ عیاریاں اور افترا پردازیاں، حرفتیں اور جدتیں کام میں لائی جاتی ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ انشا، جرأت اور مصحفی خواجہ تاش اور ہم پیشہ تھے۔ اول اول شاعرانہ چشمک رہی، بعد میں بڑھتے بڑھتے نوبت جنگ و جدل اور فحش اور پھکڑ تک پہنچ گئی۔ ان ہزلیات میں مصحفی اور انشا نے وہ وہ کیچڑ اچھالی ہے کہ حیا اور غیرت کی آنکھیں نیچی ہو جاتی ہیں۔ سید انشا۔ بحد ظریف، پھلپھلو اور بے چین طبیعت کے تھے اور اس پر ذہانت اور غضب تھی۔ مصحفی پختہ اور پرانے استاد تھے، ساتھ شاگردوں کا لشکر تھا۔ انشا کی زیادتیاں گوارا نہ ہوئیں، ترکی بہ ترکی جواب دینے لگے۔ غرض ایک ہنگامہ برپا ہو گیا جس کے مزے صاحب عالم اور نواب بھی لینے لگے اور شہر والوں کو ایک دل لگی

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۲۵۔ (۲) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۱۱۸

(۳) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۱۲۱۔ آزاد نے جو یہ لکھا ہے کہ مصحفی پہلے سے دربار میں تھے اور انشا بعد میں آئے صحیح نہیں

مقام پر ایک بات غور و تامل کے قابل ہے۔ یہ لوگ جہاں جہاں گئے (مثلاً فرخ آباد، عظیم آباد اور خاص کر لکھنؤ) وہاں والوں نے انھیں سر آنکھوں پر بٹھایا، عزت و حرمت سے پیش آئے، آسائش پہنچائی، مسافر نہیں مہمانِ عزیز سمجھا اور وہ خدمت کی کہ غربت کی کلفت دلوں سے محو ہو گئی۔ آج کل سا حال نہ تھا کہ کوئی بھولا بھٹکا باکمال آ گیا تو سمجھے کہ غنیم چڑھ آیا۔

مصحفی دلی سے آنولہ اور ٹانڈہ پہنچے۔

جب میکدہ چھٹا تو رہی کیا جگہ کی قید   مسجد ہو، مدرسہ ہو، کوئی خانقاہ ہو

ٹانڈے میں نواب محمد یار خاں امیر خلف نواب علی محمد خاں، صاحبِ ذوق اور قدر شناس امیر تھے، شاعروں کا اُن کے ہاں اچھا خاصا جمگھٹا تھا۔ فدوی لاہوری، میر محمد نعیم نعیم، پروانہ علی شاہ، پروانہ، میاں عشرت، حکیم کبیر، محمد قائم وغیرہ مجلس شعر و سخن کے رونق افروز تھے۔ میاں مصحفی بھی شریکِ صحبت ہو گئے۔ نواب نے میر سوز اور مرزا محمد رفیع سودا کو بھی خط لکھ کر بھیجا اور اپنے ہاں بلایا، وہ اُس زمانے میں مہربان خاں رند کی سرکار میں ملازم تھے، فرخ آباد کو چھوڑنا گوارا نہ کیا۔ لیکن یہ مجلس زیادہ مدت جمنے نہ پائی۔ سکرتال کی لڑائی (۱۱۸۶ھ) میں نواب ضابطہ خاں کو شاہ عالم نے مرہٹوں کی امداد سے ایسی شکست دی کہ ٹانڈے کی امارت درہم برہم ہو گئی۔ بیچارے فلک زدہ شاعروں کا وہاں کوئی ٹھکانا نہ رہا اور منتشر ہو گئے۔

مصحفی ٹانڈے سے ۱۱۹۸ھ کے لگ بھگ لکھنؤ پہنچے۔ یہ نواب شجاع الدولہ کا زمانہ تھا۔ سودا وہاں پہلے سے موجود تھے۔ اُن سے اور بعض مشہور شعرا سے ملاقات ہوئی۔ ابھی سال بھر ہی رہنے پائے تھے کہ طبیعت اچاٹ ہوئی اور پھر دلی کا رُخ کیا۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ وہاں کوئی سرپرست اور قدردان نہ ملا اور روزگار کی کوئی صورت نہ نکلی۔ لیکن دلی میں کیا رکھا تھا، حالت پہلے سے بھی بدتر تھی۔ آخر تھوڑے دنوں کے بعد ہی دوبارہ لکھنؤ پہنچے۔

لکھنؤ پہنچ کر چندروز صبا (لالہ کانجی مل، کایستھ سکسینہ) کے ہاں قیام رہا[1]۔ اس کے بعد

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۱۴۱۔

مصحفی نے عمر بھی بہت پائی، پرانے اُستاد جنھوں نے اردو کی نبیادوں کو مضبوط کیا اور نئی پود جس نے آگے چل کر بڑا نام پایا، سب کو دیکھا، پرکھا اور اکثر اُن کے سامنے چل بسے۔ وفات کا صحیح سنہ معلوم نہ ہو سکا۔ تذکرہ ریاض الفصحا میں جس کا سنہ اختتام ۱۲۳۶ھ ہے لکھتے ہیں کہ اس وقت میری عمر اسّی سال کی ہے۔ شیفتہ نے اپنے تذکرہ میں لکھا ہے کہ آج تک دن مصحفی کو مرے دس سال ہوتے ہیں۔ یہ تذکرہ ۱۲۵۰ھ میں لکھا گیا، اس حساب سے اُن کا سنہ وفات ۱۲۴۰ھ ہوا اور عمر چوراسّی سال کی۔

مصحفی کے استاد ہونے میں شبہ نہیں۔ بڑے مشاق اور ریختہ گو شاعر تھے۔ آٹھ دیوان، متعدد قصائد اور مثنویاں اُن کی تصنیف سے اب تک باقی ہیں۔ علاوہ اس ضخیم کلام کے شعرا کے تین تذکرے بھی اُن کی بڑی یادگار ہیں جو اب تک گمنامی میں پڑے ہوئے تھے۔

سب سے پہلا تذکرہ فارسی گو شعرا کا ہے جس کا نام عقد ثریا ہے۔ اس میں تین قسم کے شعرا کا ذکر ہے۔ اول شعرائے ایران جو ہندوستان میں کبھی نہیں آئے۔ دوسرے وہ شعرائے ایران جو ہندوستان آئے۔ تیسرے ہندوستانی فارسی گو شاعر۔ دوسرا تذکرہ اردو کہنے والے شاعروں کا ہے۔ تیسرے تذکرے کا نام ریاض الفصحا ہے۔ اس تذکرے کی ضرورت یوں پیش آئی کہ جن لوگوں کے نام پہلے تذکرے میں لکھنے سے رہ گئے تھے اُن کا ذکر اس میں کیا گیا ہے۔

ان تینوں میں تذکرہ نمبر ۲ یعنی تذکرۂ ہندی اصل ہے۔ باقی دو کو اُس کا تکملہ سمجھنا چاہیے یہ تذکرہ جیسا کہ خود مصحفی نے لکھا ہے۔ میر مستحسن خلیق خلف میر حسن کی فرمائش سے تحریر میں آیا اور عہد فردوس آرامگاہ (محمد شاہ بادشاہ) سے شاہ عالم بادشاہ کے زمانے تک کے شعرا کا حال درج ہے۔ بعض متقدم شعرا کے حالات تیمناً لکھ دیے گئے ہیں لیکن زیادہ تر اس میں معاصرین ہی کا ذکر ہے[1]۔

مصحفی کا زمانہ معمولی نہیں تھا۔ یہ اردو زبان کی ترقی و فروغ کا نہایت ممتاز دور ہے۔

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۳، ۴

ہاتھ آگئی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ انشا اپنی طراری، تیزی اور رسوخ سے بازی لے گئے۔ اور مصحفی کو خفت نصیب ہوئی۔ صاحب عالم کی نظریں ان کی طرف سے پھر گئیں، تنخواہ میں بھی تخفیف ہوئی اور آخر میں قطع تعلق کر کے خانہ نشین ہو گئے۔ اپنی تنخواہ کا ذکر کس حسرت سے کیا ہے:-

چالیس برس کا ہی ہے چالیس کے لائق ۔۔۔ تھا مرد معمر کہیں دس بیس کے لائق

اے وائے کہ پچیس سے اب پانچ ہیں اپنے ۔۔۔ ہم بھی کبھی روزوں میں تھے پچیس کے لائق

استاد کا کرتے ہیں امیر اب کے مقرر ۔۔۔ ہوتا ہے جو درماہہ کہ سائیس کے لائق

مصحفی طبیعت کے بہت نیک اور مرنج و مرنجان شخص تھے۔ اُن کے معصر تذکرہ نویسوں نے اُن کے مزاج اور اخلاق کی بہت تعریف کی ہے اور انھیں خلیق، متواضع، مسکین وضع، مسکین نہاد اور نیک سیرت لکھا ہے[1]۔ وہ کبھی درباری شاعروں سے نہ الجھتے۔ لیکن جب دوسری طرف سے چھیڑ شروع ہوئی تو اُس کے جواب میں خاموش رہنا ممکن نہ تھا۔ کچھ تو شاعری کا گھمنڈ، کچھ درباری حالات اور اس پر شاگردوں کی شہ نے معاملہ کہیں سے کہیں پہنچا دیا۔

یہ حالات اُس زمانے کی معاشرت پر دھندلی سی روشنی ڈالتے ہیں۔

مصحفی کی زندگی پریشان حالی، تنگدستی اور عُسرت میں گزری۔ اگرچہ کئی امیروں کی رفاقت اور صحبت رہی اور شاگرد بھی اُن کے کثرت سے ہوئے جن میں بڑے بڑے لوگ بھی تھے مگر کبھی فراغ بالی اور معاش کی طرف سے اطمینان نصیب نہ ہوا۔ علی لطف صاحب گلشن ہند نے اُن کے احوال میں صحیح لکھا ہے "...... برس سے اوقات لکھنؤ میں بسر کرتا ہے۔ ضیق معاش تو وہاں ایک مدت سے نصیب اہل کمال ہے، اسی طور پر درہم برہم اس غریب کا بھی احوال ہے"۔ آخر میں یہ حال ہو گیا تھا کہ یا تو سعادتمند شاگرد اُن کی مدد کرتے تھے یا غزلیں بیچ بیچ کے اپنی بسر اوقات کرتے تھے۔ اس طرح کلام کا بہت سا حصہ دوسروں کی قسمت میں آگیا۔

---

(۱) دیکھو ذکر مصحفی تذکرہ قدرت اللہ شوق، تذکرہ قدرت اللہ قاسم اور عمدۂ منتخبہ میں۔

سے تھے کہ پرانے اساتذہ میں شاذ ہی کسی کے ہوں۔ چنانچہ خود فرماتے ہیں ؎

یعنی رجوعِ خلق بسویت ہماں کہ بود
شاگردِ تازہ از پسِ شاگردی رسد

ان میں سے بعضوں نے بہت نام پایا مثلاً ضمیر، خلیق، رنگین، پروانہ، تنہا اور منتظر اور گرم دونوں اُن کے خاص اور عزیز شاگرد تھے۔ اکثر کا حال ان تذکروں میں موجود ہے۔ ان تذکروں میں اکثر شعرا ایسے ہیں جن سے مصحفی ذاتی طور پر واقف تھے یا اُن سے دوستانہ تعلقات تھے۔ جن کو نہیں جانتے تھے اُن کے متعلق صاف لکھ دیا ہے کہ میں نہیں جانتا۔

مصحفی نے اپنے تذکرے صاف اور سیدھی زبان میں لکھے ہیں، تکلف اور تصنع اور عبارت آرائی سے کام نہیں لیا۔ کہیں بے جا طول نہیں دیا، جو حالات جس کسی کے معلوم تھے مختصر طور پر صاف صاف لکھ دئے ہیں۔ انھیں حالات کے ضمن میں کہیں کہیں اُس زمانے کی شعر و شاعری اور اردو ادب کے اتار چڑھاؤ کی کیفیت بھی معلوم ہو جاتی ہے۔ مثلاً حاتم کے ذکر میں اُن کی زبانی ولی کے دیوان کا شاہجہاں آباد میں آنا، لوگوں میں اُس کا چرچا ہونا، بعض صاحبوں کا ایہام گوئی پر اردو شاعری کی بنیاد رکھنا چند سطروں میں خوبی سے بیان کیا ہے۔ اُسی کے ساتھ حاتم کی بزرگی، اُن کے دیوان زادے اور رنگیت استادی کا تذکرہ بھی اچھے انداز میں خوب لکھا ہے۔ دہلی اور لکھنؤ میں مشاعروں کی حالت، اپنے مشاعرے کا ذکر، بعض نامور اور معاصر شعرا کی ملاقات کا حال جگہ جگہ لکھے گئے ہیں۔ ایک جگہ مشاعروں کے متعلق لکھا ہے کہ تجربے میں آیا ہے کہ ایسی مجلسیں ایک سال سے زیادہ نہیں رہنے پاتیں، ضرور کوئی نہ کوئی تفرقہ اور خلل پیدا ہو جاتا ہے[1]۔

وہ اپنے تذکروں میں شعرا کے کلام کے متعلق رائے لکھتے ہیں لیکن اُس میں تنقیدی حیثیت بہت کم ہوتی ہے۔ تاہم بعض نامور شعرا کے متعلق اُن کی رائیں خاص وقعت

(۱) حال شیخ مغل خانی (تذکرہ ثانی)

اگرچہ فارسی کا رواج عام تھا، مکتبوں اور مدرسوں میں فارسی کی تعلیم برابر جاری تھی، فارسی کا پڑھنا علم وفضل ہی کے لئے نہیں بلکہ تہذیب و شائستگی کے لئے لازم خیال کیا جاتا تھا، لوگ فارسی شعر وسخن کے ایسے ہی دلدادہ تھے جیسے اکبر وجہانگیر کے زمانے میں۔ اس کا ایک ادنیٰ ثبوت یہ ہے کہ یہی تذکرے جو اُردو شعرا کے ہیں فارسی میں لکھے گئے۔ اس سے پہلے اور بعد بھی بہت سے تذکرے جو اردو شاعروں کے لکھے گئے فارسی میں ہیں۔ لیکن اردو زبان رفتہ رفتہ زور پکڑتی جاتی تھی اور مصحفی کے زمانے میں تو اُس نے یہ قوت حاصل کر لی تھی کہ ہمارے مستند شاعر فارسی کو چھوڑ کر اُردو کی طرف مائل ہو رہے تھے۔ خود مصحفی جو فارسی میں بھی شعر کہتے تھے اور فارسی کے دو دیوان مرتب کر چکے تھے جن میں سے ایک نظیری نیشاپوری کے جواب میں ہے، اپنے حال میں لکھتے ہیں "بمقتضائے رواجِ زمانہ آخر کار خود را مصروف بہ ریختہ گوئی داشتہ برائے آنکہ رواجِ شعر فارسی در ہندوستان بہ نسبت ریختہ کم است و ریختہ ہم فی زمانناً بہ پایۂ اعلیٰ فارسی رسیدہ (بلکہ از و بہتر گردیدہ)[1]"۔ اس سے بڑھ کر کوئی اور مستند شہادت نہیں ہو سکتی۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ اس دور میں اُردو کے ایسے بلند پایہ شاعر ہوئے ہیں جن کی بدولت اُردو نے وہ فروغ حاصل کیا کہ ہندوستان میں فارسی شاعری کا خاتمہ ہو گیا۔ یہ وہ لوگ تھے جنھوں نے اُردو میں لطافت و شیرینی، قوت اور وسعت پیدا کی اور اُس کی بنیادوں کو مضبوط کیا۔ اُن کی زبان اور کلام کا اثر اب تک باقی ہے اور باقی رہے گا۔

مصحفی کی حاتم سے لے کر نصیر دہلوی تک ذاتی ملاقات تھی۔ بعض اُن میں سے بزرگ تھے جیسے حاتم، خواجہ میر درد، میر، سودا، فغاں وغیرہ، بعض ہم عمر اور ہمعصر تھے مثلاً قائم، جرأت، سوز، بقا، انشا، حسن، حسرت وغیرہ، بعض نومشق تھے اور نام پیدا کر رہے تھے جیسے آتش، ناسخ، نصیر، رنگین، ممنون، طپش، خلیق، افسوس وغیرہ وغیرہ۔ شاگرد بھی مصحفی کے اس کثرت

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۲۴۸۔ قوسین کے الفاظ ایک نسخہ میں ہیں دوسرے میں نہیں۔

فارسی دانی کی تعریف کی ہے، انشا نے مثنوی شیر برنج مولانا بہاء الدین آملی کی مثنوی نان وحلوا کے جواب میں لکھی اُس کی نسبت لکھتے ہیں "بسیار بصفا گفتہ داد فصاحتِ زبانِ فارسی در روداده"۔ اُن کے اُردو کلام کے متعلق یہ فقرہ لکھا ہے "اگرچہ ہمہ کلامش در عالمِ ظرافت، خالی از کیفیتے نیست اما آنچہ از اشعار بسادہ اش انتخابِ فقیر افتادہ اینست" اُن کے کلام کا انتخاب بھی بہت اچھا کیا ہے۔ انتقال کے بعد بھی انھیں یاد کیا ہے ؎

مصحفیؔ کس زندگانی پر بھلا میں شاد ہوں
یاد ہے مرگِ قتیلؔ و مردنِ انشاؔ مجھے

بقاؔ سے مصحفی کے دوستانہ تعلقات تھے اور وہ اُس کے خلق وظرافت اور قناعت کی تعریف کرتے ہیں لیکن کلام کے متعلق صاف لکھ دیا ہے کہ "در قصیدہ یدِ طولیٰ دارد . . . . اما در گفتنِ غزل بطی است"۔

آتشؔ اُن کے شاگرد تھے، اُن کے متعلق کیا صحیح رائے دی ہے "اگر عمرش وفا کردہ وچندیں سال برہمیں وتیرہ رفت وفکر تیغش را مانعے درپیش نیاید یکے از بےنظیرانِ روزگار خواہد شد"۔

رنگینؔ بھی اُن کے شاگرد تھے کیا خوب کہا ہے کہ "ہرچند چنداں بہرہ از علم ندارد اما ذکاوتِ طبعش بر صاحبِ علمان غالب"۔ رنگین نے اپنا دیوان اصلاح کے لئے پیش کیا شروع سے آخر تک دیکھ کر فرمایا "کلامش بسیار کم اصلاح برآمدہ"۔ اصل رائے یہ ہے "چوں مزاجش عشق باز افتادہ، اکثر قطعہائے خوب خوب وغزل ونامہ ہائے نغز نغز بہ سلکِ نظم کشید"۔

ناسخؔ کی نسبت ایک جگہ فرماتے ہیں "تلاش ہائے معانی تازہ می کند"۔ ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں "بہ معنی بندیٔ تازہ علمِ استادی برافراشتہ"۔ لیکن مصحفی اس قسم کی شاعری کو جس میں معنی بندی اور "اشعار خیالی" زیادہ ہوتے ہیں پسند نہیں کرتے تھے۔(۱)

(۱) دیکھو ذکر واجد تذکرۂ ثانی۔

رکھتی ہیں۔ مثلاً سودا کے تذکرے میں اگرچہ پورا ایک صفحہ بھی نہیں لکھا لیکن جو کچھ لکھا ہے اُس میں اُن کے کمال اور سیرت کی تصویر کھینچ دی ہے۔ نکتہ چینوں کے اعتراضات بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں "غرض ہر چہ بود، در روانیٔ طبع نظیر خود ندا شت" اور آخر میں کہتے ہیں "نقاش اولِ قصیدہ در زبان ریختہ اوست، حالا ہر کہ گوید پیرو و تبعش خواہد بود"

مظہر جان جاناں کی نسبت فرماتے ہیں کہ "در دورِ ایہام گویان اول کسے کہ شعرِ ریختہ بہ تتبعِ فارسی گفتہ اوست" آخر میں لکھتے ہیں "فی الحقیقت نقاش اولِ ریختہ بایں وتیرہ باعتقاد فقیر مرزا است، بعدہٗ تتبعش بہ دیگراں رسیدہ"

سودا سے مقابلہ کرنے کے بعد جس کا رواج اُس وقت عام تھا اور جس کا اثر اب بھی باقی ہے۔ میر صاحب کی نسبت فرماتے ہیں "غرض ہر چہ ہست استادیٔ ریختہ بر دُ مسلم است . . . . . . ہمہ ریختہ گویان ہند سند از کلامش می آرند و او را دریں فن مستثنیٰ می دانند و الحق چنین است"

یقین کے کلام کے متعلق بھی قریب قریب وہی رائے ظاہر کی ہے جو مظہر جان جاناں کے حق میں لکھی ہے۔ آخر یقین ہیں تو مظہر ہی کے تربیت یافتہ۔ کہتے ہیں کہ "در دورۂ ایہام گویان اول کسے کہ ریختہ را شستہ و رفتہ گفتہ ایں جوان بود، بعد ازاں تتبعش بدیگراں رسیدہ"

مصحفی پہلے شخص ہیں جنھوں نے میر حسن کی مثنوی کی سچی تعریف کی ہے "در مثنویِ آخر کہ سحر البیان نام دارد ید بیضا نمودہ۔ الحق کہ کار کارِ اوست۔ قطع نظر از بلاغتِ شاعری زبانش بسیار بامزہ و شیریں و عالم پسند افتادہ"

معصروں کے کلام کے متعلق صحیح رائے کا ظاہر کرنا آسان نہیں، اور خاص کر ایسے لوگوں کے متعلق جن سے آویزش اور چشمک رہی ہو۔ انشاء اللہ خاں اور اُن میں کیا کچھ نہیں گذری تھی اور ان بزرگوں نے کون سی بات تھی جو اٹھا رکھی تھی، اس پر بھی جب وہ انشا کا حال لکھنے بیٹھے تو سچی تعریف اور بے لاگ رائے ظاہر کرنے میں کوتاہی نہیں کی۔ اُن کی سلاست زبانی اور خاص کر

انشا نے بھی جابجا دریائے لطافت میں اردو کا لفظ استعمال کیا ہے۔ اس کے بعد پھر میر امن کی باغ و بہار میں نظر آتا ہے۔

پہلے تذکرے کے آخر میں چند شاعر عورتوں کا حال بھی درج ہے۔

ان تینوں تذکروں کی تصنیف کی تاریخیں یہ ہیں۔

تذکرۂ اول، ہندی گویان۔ ۱۲۰۱ھ سے قبل شروع ہوتا ہے اور ۱۲۰۹ھ میں ختم ہوتا ہے۔ تاریخ اختتام تو مصحفی نے خود لکھ دی ہے۔ ابتدا کا صحیح سنہ تو معلوم نہیں ہو سکا لیکن خاک کے ذکر میں میر حسن (متوفی ۱۲۰۱ھ) کا تذکرہ ضمناً آگیا ہے جس سے ظاہر ہے کہ وہ اس سنہ سے قبل لکھنا شروع کر چکے تھے۔

تذکرۂ دوم، ہندی گویاں۔ اس کا سنہ تصنیف اس کے نام ریاض الفصحا سے نکلتا ہے یعنی ۱۲۲۱ھ، لیکن یہ تاریخ آغاز ہے۔ تاریخ اختتام ۱۲۳۶ھ ہے۔

تذکرۂ فارسی گویان یعنی عقد ثریا کا سنہ تصنیف ۱۱۹۹ھ ہے۔

ہندی گو شاعروں کے دو تذکرے ہیں۔ ان میں بعض شعرا کے حالات مشترک ہیں، اس لئے کہیں کہیں بعض شعرا کے حالات کے متعلق رائے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ یہ تعجب کی بات نہیں کیونکہ جیسا کہ خود مصحفی نے لکھا ہے ایک عالم شباب کا نتیجہ ہے اور دوسرا زمانۂ شیب کا۔

ہندی گویوں کا پہلا تذکرہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے نسخے پر مبنی ہے۔ البتہ اس کا مقابلہ خدابخش خاں کے کتب خانے کے نسخے سے کیا گیا۔ بعض مشتبہ مقامات کا مقابلہ کتب خانہ مدرسۂ ندوۃ العلما سے بھی کیا گیا۔ باقی دو تذکرے خدابخش خاں کے کتب خانے کے نسخوں کی نقل ہیں۔ بعد ازاں ان تینوں تذکروں کے مبیضوں کا مقابلہ کتب خانۂ ریاستِ رامپور کے نسخوں سے ہوا۔ افسوس ہے کہ کتب خانہ خدابخش خاں اور رامپور کے نسخے بہت غلط اور بدخط نکلے۔ تاہم مقابلے سے بعض مقامات کی کچھ نہ کچھ تصحیح ہو گئی۔

میں قاضی عبدالودود صاحب بیرسٹر ایٹ لا ایڈوکیٹ پٹنہ کا ممنون ہوں کہ انھوں نے

مصحفی کے تذکروں میں بیسیوں ہندو شاعروں کا حال درج ہے۔ ان کا ذکر بھی اسی گرم دلی اور خوبی سے کرتے ہیں جیسا دوسروں کا۔ اس سے اُس زمانے کی تہذیب اور آپس کی یک جہتی کا اندازہ ہوتا ہے۔

تذکرے میں اکثر نامور شعرا کی تاریخِ وفات کے قطعے لکھے ہیں۔ اس فن میں انھیں خاص دخل تھا۔

میر سوز کے ابتدائی تخلص "میر" کی شہادت بھی اس تذکرے سے ملتی ہے۔

سعادت امروہوی کا حال بھی لکھا ہے لیکن میر صاحب کے تعلق تلمذ واستادی کا ذکر نہیں کیا۔

مصحفی نے اپنے تذکروں میں ضمناً صرف تین تذکروں کی طرف اشارہ کیا ہے ایک تذکرہ میر حسن[1] دوسرے تذکرہ گردیزی[2] تیسرے تذکرہ قدرت اللہ شوق۔

ایک بات اور قابل لحاظ ان تذکروں میں پائی جاتی ہے۔ جہاں تک تحقیق ہوا ہے اُردو شعرا میں مصحفی پہلے شخص ہیں جنھوں نے "اردو" کا لفظ زبان کے معنوں میں استعمال کیا ہے۔ ان تذکروں میں کئی جگہ یہ لفظ آیا ہے۔ حضور کے حال میں ذکر کرتے ہیں کہ ایک روز شاہجہاں آباد میں لطف علی خاں ناطق کے گھر پر مشاعرہ تھا۔ میر صاحب کی طرحی غزل میں قافیہ کے بعد ردیف "اور" بمعنی طرف تھی۔ بعضے فصحا نے اُسے خلافِ "اردو" خیال کرکے اُس کی پیروی نہ کی۔ نثار کے حال میں لکھتے ہیں کہ "ادائے زبان اردو چنانچہ باید از زبانِ ندرت بیانش می شود"۔ قہر کے تذکرے میں مرزا قتیل کے متعلق فرماتے ہیں کہ "او ہم باوصفِ فارسی گوئی دعوئے اُردو دانی ریختہ داشت" اسی طرح مہجور کے حال میں لکھا ہے کہ "سہ کتاب در زبانِ اردوئے ریختہ شکر آمیختہ از خامۂ فکر رونق سواد پزیرفتہ"۔ لیکن "زبانِ اردوئے معلیٰ" کا لفظ سب سے پہلے میر صاحب نے اپنے تذکرۂ نکات الشعرا میں لکھا ہے[3]

---

(۱) تذکرہ ہندی گویان صفحہ ۸۸ ذکر خاکسار، صفحہ ۲۶۰ ذکر نالاں

(۲) دیکھو صفحہ ۳۲ ذکر بقا۔ (تذکرہ ہندی گویان) (۳) صفحہ ایک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی

اے قلم از کار رفته بیا در معرکهٔ مرداں کہ ایں رزم بزمِ آخر است و ہر قدر قوتِ بازو
و جوہرِ برشِ شمشیرِ فصاحت و بلاغت را بیارانِ جواہر شناسِ لفظ و معنی عرضه دہی آفریں
اول در آخر فزوں است و ہر قسم نزاکت و نازآفرینی را در تحریرِ جلدِ دوم تذکرهٔ ہندی
گویانِ حال بکار بری تحسینِ شباب در عالمِ شیب ملاحظه کنی ، اما باید کہ آغاز بحمدِ باری عزاسمہ
نامی و قفلِ چندیں ساله را بکلیدِ بسم اللہ کشائی و بگوئی کہ الحمد للہ الذی نور قلوبنا بنور معرفتک
واسہل علینا مصائب الدہر ولیّن بالنا کشمع الملتہب نیران الایقان و درود لاتعد و لاتحصیٰ
برپیش روِ کاردانِ حقیقت کہ فصاحتِ زبانش بازارِ عجبِ بلاغتِ فصیحانِ عرب شکسته
و بر ہر ہفت قصیدهٔ معلقه در کعبه نقشِ دعوئ سبعِ مثانی بر رونق تمام نشسته۔ صلی اللہ
علیه و آله وسلم ۔

اما بعد میگوید فقیر حقیر غلام ہمدانی مصحفی تخلص کہ پیش ازیں چند سال زمانه بود
کہ من مسکیں از بے ادائی دوستانِ زمانی زبانِ نطق بکام کشیده، بگوشهٔ عزلت و قناعت
گلیمِ سیه‌بختی بر دوش افگنده، گمنام وار بسر می بردم و بر شعر و شاعراں(۱) و ملاقاتِ امیراں

(۱) شاگردی ن

دونوں نسخوں کی نقل خدا بخش خاں کے کتب خانے سے لکھوا کر بھیجی اور خود بڑی احتیاط سے تینوں نسخوں کا مقابلہ وہاں کے نسخوں سے کیا۔

حاشیہ میں ان نسخوں کا حوالہ درج کر دیا گیا ہے۔ ن۔خ سے مراد نسخہ کتب خانہ خدا بخش خاں ہے اور ن۔ر سے نسخۂ رامپور۔ جہاں صرف ن لکھا ہے اُس سے بھی نسخۂ رامپور مراد ہے۔

عبدالحق

حیدرآباد دکن

۸ نومبر ۱۹۳۳ء

جریدہ بتلافیٔ آں پرداختم وسببِ تالیفِ جلد آں ماست کہ روتے نظر برکثرتِ موزوں طبعانِ حال کردہ بخاطر گذرانیدم کہ اگر یک تذکرہ دیگر تالیف نمائی اغلب کہ اسامی ایں گروہ نیز حروفِ تہجی را وفا کند ایں بگفتم وکمیتِ قلم را در عرصۂ تحریرِ احوال واشعارِ شعرا جولاں دادم آنانکہ در تذکرہ ہندی وفارسیٔ من نیستند آں ہر دو فریق را در جلدِ ثانی درآوردم تا جامع جمیع اسما باشد واحوالِ ہر یک را بقدرِ لیاقتِ ہر کس چنانکہ رسمِ تذکرہ نویساں است نگاشتم۔ امید کہ سوادِ ایں بیاض کہ نورِ دیدۂ اولی الابصار راست سرمۂ چشمِ صاحبانِ دانش وبینش شود وازعین الکمالِ زمانۂ ناتواں بین (۱) اورا چشمِ زوال بے رسد؟ مرساد وتاریخِ ایں تذکرہ لالہ جنی لال حریف کہ آغازش بتکلیف مومی الیہ بود چنیں یافتہ۔ تاریخ :۔

صد شکر کہ ایں ذخیرۂ اہلِ سخن | شد انجمنِ سپہر را رشک افزا
از خامۂ فکرِ خود برآوردہ حریف | سال تاریخ اور ریاض الفصحا
۱۲۴۱

حرف الالف

امیر

نواب قمر رکاب امین الدولہ معین الملک امیر تخلص عرف مرزا مینڈھو خلف نواب شجاع الدولہ مرحوم ومغفور جوانیست بزیورِ فضل وکمال آراستہ در نظم ونثرِ فارسی وعلمِ تواریخ مہارتِ کلی دارند وبر فقیر از ابتدائے ملاقات تا در شاہجہاں آباد توجہ ومہربانی می فرمودند ودر لکھنؤ ہم اکثر بخدمتِ کیمیا خاصیتِ ایشاں میسر ہم اشعار موزوں کردہ در ہر

---

(۱) زمانہ ناتواں بیں گزندِ زوال مرساد (ن)

تبرامی کردم و وحشی وار ازیں قوم می رمیدم تا ایں کہ نظمِ طبیعت مرا اندک باز رام
کردن گرفت و بسبب سلسلہ جنبانیٔ سخن گردید۔ بایں طریق کہ روزے شیخ محمد عیسیٰ تنہا تخلص
آمدہ عرض کرد کہ لے قبلہ اگر برائے مشقِ ما مردم[1] صحبتِ جلسہ انعقاد دادہ شود اغلب کہ در رائے
شریف ہم اولیٰ وانسب باشد التماس ایشاں را پزیرہ کردہ در ویرانۂ بیرونِ شہر کہ روشن آرا
میگویند بایں روش وے خانی[2] میکردیم و شریکِ جلسہ غیر شاگردان دیگرے کم شد چوں مرا در
آں روزہا تعطیلِ محض بود، ایں شغل را بپاسِ خاطرِ دوستاں در پیش گرفتم، و میاں نورالاسلام
منتظر تخلص کہ خدا ایشانرا بیامرزاد و میرزا حیدر علی گرم تخلص کہ از مدتے بطرفِ حیدرآباد
دکن در رفتہ و آنجا نام و نشانے پیدا کردہ شمعِ مجلسِ جلسہ بودند۔ دو سہ سال رونقِ جلسہ روز
بروز رو بہ ترقی داشت درایں اثنا میاں نورالاسلام بسببِ بیماری سل سفرِ ناگزیر در پیش
آمد، شکست عظیم بردلِ من افتاد ، و صحبتِ جلسہ معینہ بگسیخت بعد ازاں نزدیکے میرزا حیدر
علی گرم بعد وفاتِ میاں منتظر بطرفِ کالپی ہمراہِ یکے از دوستاں رفت افسردہ خاطری باز
مرا دریافت و درہماں ایام بہ نواب مرزا محمد تقی خاں بہادر ہوس تخلص کہ از قدیم معرفتے داشتم
دوچار شدم پیل را عنان گرفتہ احوال پرسیٔ من کردند و از من وعدۂ قطعی گرفتند و مرا بر مکانِ
خود طلبیدند صبیحِ من مرزا حیدر علی کہ دراں ایام بہ لکھنؤ بود رفتم از طرفِ ایشاں بسیار سخنانِ دل
گرمی درمیان آمد چوں کمال توجہ و مہربانی از شیریں زبانی ملاحظہ کردم از ہماں روز عرصہ
چار سال گزشتہ باشد کہ ملازم و رفیقِ ایشانم مرا باستادی برداشتہ ہمیشہ مشورۂ سخن از من میگیرند
وانچہ مقسومِ من است از دست وعطائے مہربانیٔ ایشاں می رسد۔ مشاعرہ تیز میکند حق تعالیٰ
سلامت داردش چوں در تذکرۂ اول اسمِ ایشاں حسبِ اتفاق مرفوعِ قلم ماندہ لہذا دریں

(نوٹ صفحۂ اول) ن شاعری۔ (۱) ن مردم صحبت خواندن شعر انعقاد دادہ شود خالی از لطف نخواہد بود
(۲) ن بایں روش قرار دادم۔

نظمِ ریختہ کہ آنہم در متانت و رزانت از غزل فارسی کم نیست، کہ بر معاصرینش سبقت بردن دشوار می نماید اگر عمرش وفا کردہ و چند سال بر ہمیں وتیرہ رفت و فکرِ متینش را مانعے در پیش نیامدے یکے از بے نظیرانِ روزگار خواہد شد۔ از وست:-

فزوں ہوتا ہی جمعیت سی زیرِ آسماں کھٹکا | درختِ بارور میں باندھتا ہی باغباں کھٹکا

ہر دم تفِ دروں سے ہم آفت طلب رہی | ہی دشمنِ حیات جگر میں جو تب رہے
جا کی ہی تو نے منزلِ دل میں تو اے صنم | آنکھوں کا بھی حجاب یہ ہم سی نہ اب رہے
اللہ ری بے نیازیِ محبوب آفریں | دل سے قریب ہو کے کوئی دور جب رہے
معدوم جوشِ گریہ سے ہو گیا بخارِ دل | کچھ گرد تو نہیں یہ جو باراں سی دب رہے
روپوش اک حبیب کا کشتہ ہوں چاہیئے | مردہ بھی بے چراغ مرا شب کے شب رہے
رکھئے قدم رقیب نہ کوئے حبیب میں | بیشے میں شیر کے نہ سگِ بے ادب رہے
آتش ظہورِ مہدیِ دیں ہو خدا کرے | تا چند بے چراغ یہ معمورہ اب رہے

حبابِ بحر میں دیوانوں کو زندانِ ہستی ہی | ہمیں دشتِ عدم تک جا پہنچا جوشِ مستی ہی
سرِ جاناں رکھا کب میں نے زانوئے تصور میں | شبِ ہجر آہ کیوں چوٹی کی ناگن بن کے ڈستی ہی
برہمن زلف و مردم گبر و کافر خالِ ہندو ہے | رخِ محبوب ہے یا نا مسلمانوں کی بستی ہی
وہ دہقانِ غریبِ سرزمینِ عشق بازی ہوں | عوض باراں کے میری کشت پر آفت برستی ہی
پسندِ طبعِ محبوباں دلِ عاشق نہیں ہوتا | نظر میں کب کسی کے چڑھتی ہی جو جنسِ سستی ہی
دلِ صاف اپنا کیونکر نقشِ خوباں کا نہ طالب ہو | ازل سے کارِ لوحِ آئینہ صورت پرستی ہی
فرومایہ کی گردن خم فلک سی بھی نہیں ہوتی | بھلا تیغِ گلی کو بھی کہیں دیکھا کہ کستی ہی
مبارکباد خونِ حسرتِ نظارہ عاشق کو | ہمیشہ بازوئے قاتل کو مشقِ تیز دستی ہی

زبان بسیار بلند دارند اما انچہ بالفعل بہم رسیدہ این ست :-

کہتا ہے کل سی میرے کوئی روبرو نہ آوے
عشق اور عاشقی کی کچھ گفتگو نہ آوے

نازک دماغی دیکھو ہنگام سیر گلشن
رکھتا ہے ہاتھ منہ پر تا گل کی بو نہ آوے

اللہ رے شان تیری اے حسن جس کے باعث
ہونٹوں پہ حرف شکوہ اور آرزو نہ آوے

منظور یہ نہیں ہی تم چشم تر کو دیکھو
آغشتہ خون دل میں داغ جگر کو دیکھو

کھلجائے تا کہ قلعی اس حسن عارضی کی
یک چند اُس کا چہرہ اور تم قمر کو دیکھو

کرتا ہی ایک پل میں یہ سیر لامکاں کی
میری نگہ کے مرغ بے بال و پر کو دیکھو

کھو یا گیا ہی میرا دل واسطے خدا کے
مٹھی کو اُس کی دیکھو جیب و کمر کو دیکھو

کل سچ ہوا سکو پایا میں آج تند و سرکش
میری دعا کے یارو اتم ٹک اثر کو دیکھو

یارو اآسیر سے تم زار و نزار اوپر
جانا یہ اُس کا سچ کر تیغ و سپر کو دیکھو

آتش

خواجہ حیدر علی ولد خواجہ علی بخش المتخلص بہ آتش جوان وجیہ و مہذب الاخلاق است سلسلۂ نسبش بخواجہ عبداللہ احرار منتہی می شود۔ بزرگانش در بغداد توطن داشتند۔ بعد از چ وطن قدیم در شاہجہاں آباد کہ بہ قلعۂ کہنہ شہرت دارد استقامت گرفتند۔ موہی الیہ از ابتدائے (۱) موزونی طبع کم کم خیال شعر فارسی وہندی ہر دو میکرد وا ما میلان طبعش بطرف فارسی بیشتر بود، وآں روز ہا کلام منظوم خود را بہ نظر فقیر میگذرانید و بر افتِ طبعش از آں جلوہ ظہو میداد حالا کہ سن عمرش بہ بست و نہ سالگی رسیدہ دریائے طبعش بہ جوش وخروش۔ درز

---

(۱) از ابتدا موزونی طبع فکر شعر ہندی می کند۔ (ن)

یار سے تو نہ بغل گیر کیا گردوں نے — گور ہی سے مجھے جلا وہ ہم آغوش کرے
آرزو ہے یہی آتش کہ خدا اے زاہد — مجھکو غم نوش کرے مجھکو قدح نوش کرے

یادِ ابروئے صنم رکھتی ہے بیتاب مجھے — نیشِ عقرب ہوئی ہر میری رگِ خواب مجھے

کشتہ ہیں مثلِ شمع ہم اپنے جلال کے — اقبال دن دکھاتا ہے ہم کو زوال کے

تنگ دامی نے نہ دم لینے کی دی فرصت مجھے — رہ گئی دیدِ رخِ صیاد کی حسرت مجھے
دستِ حاجت کو کیا تیغِ قناعت نے قلم — گنجِ قاروں سے خدا نے دی بڑی دولت مجھے
شفقتِ پیرِ دبستاں سے ہوا ابتر میں طفل — سات دن کی میلے میں دی سیر کی رخصت مجھے
تا کجا کنجِ قفس میں سر کو ٹپکوں میں اسیر — کھینچ اے موجِ نسیمِ گلشنِ جنت مجھے
جوہرِ ذاتی ہے سوزِ سینۂ شوریدگاں — مثلِ ماہی داغ بن آتش ہوئی زینت مجھے

منزلِ گور اب مجھے اے آسماں درکار ہے — مردمِ بیمار کو نقلِ مکاں درکار ہے
کچھ علاجِ وحشتِ عاشق نہیں جز خوابِ مرگ — بہرِ فیلِ مست زنجیرِ گراں درکار ہے
طالبِ زلفِ معنبر ہے دلِ سودا زدہ — چغد کو بالِ ہما کا آشیاں درکار ہے
ساحلِ مقصودِ عاشق ہے کنارا گور کا — تختۂ میت کو میری باد باں درکار ہے
دیکھئے کس کس نظارہ باز کا دل ڈوب جائے — یار کو پیراہنِ آبِ رواں درکار ہے
ہے ہوائے مرہم اپنے سینۂ پر داغ کو — پھولوں کو شاید سپر کی بھی خزاں درکار ہے
شاعِراں باز ہے آتش خداوندا اُسے — ذوالفقارِ حیدری جائے زباں درکار ہے

ہوائے سیرِ دشت و کوہ ہی تو کر سبک باری
کہ یکساں سایہ کو آتش بلندی اور پستی ہی

خاک ہوتے ہی سر ایک داماں نے جا دی مجھے
ہو گئی اقبال آخر میری بربادی مجھے

طاقِ ابروئے صنم کی یاد میں نالاں رہا
برہمن سمجھے درِ کعبہ کا فریادی مجھے

ایک دم میں کٹ گئی یہ منزلِ دورِ عدم
راہزن کہتے تھے جس کو ہو گیا ہادی مجھے

ہے تصور میں مرے ہر کوہ رشکِ کوہِ طور
وادیٔ ایمن کی عزت ہی ہر اک وادی مجھے

کم نصیب ایسا ہوں گر ہو خرمی کو اذنِ عام
ہو نہ شادی مرگ ہونیکے سوا شادی مجھے

تالیاں لڑکے بجاتے ہیں مری آواز پر
اے جنوں تو نے بنایا چغدِ آبادی مجھے

ترک کرنا جامۂ تن کا ہی یہاں ترکِ لباس
روح کے قالب سے آزادی ہی آزادی مجھے

پا بہ گل جب فرقۂ آزاد پایا مثلِ سرو
ہو گیا گالی سے بدتر نام آزادی مجھے

ہر نفس ہی سعیٔ تن کی پرورش کے واسطے
آپ ہی کرنی پڑی ہی اپنی صیادی مجھے

جان دے کر پھر میں دیتا ہوں ہیں اسکو طلاق
زالِ دنیا کی نہیں منظور دامادی مجھے

ہر نفس شمشیر ہے یہاں بہرِ قتلِ آرزو
خاکساری نے دیا ہی حکم جلادی مجھے

قصرِ تن کی بے ثباتی کا غم آتش تا کجا
خانہ بربادی حباب آسا ہی بنیادی مجھے

یاد بھولے سے تو وہ سرو قبا پوش کرے
خاطرِ دوست کسی کو نہ فراموش کرے

کشتۂ عالمِ عریانیٔ خوباں ہوں فلک
ہے سزاوار جو مجکو نہ کفن پوش کرے

صورتِ قطرۂ شبنم ہوں عزیزِ ہر دل
کھینچے خورشید تو گل مجکو درِ گوش کرے

آرزو ہے جو لحد پر مری روشن ہو چراغ
کسی محبوب کا دامن اُسے خاموش کرے

قتل کرتی ہے عبث مجکو حنائے کفِ یار
بے گناہوں کا غضب ہے جو لہو جوش کرے

بارِ خاطر نہ کسی کے ہوں کبھی سوختہ دل
شمعِ کشتہ کا جنازہ نہ گراں دوش کرے

جلتی ہے دیکھ بلبل کیوں میرا جسم پر داغ
پھولوں کا ہے یہ شاید انبار تا بہ گردن
اے محتسب سمجھ کر میخانے میں قدم رکھ
رستم کی آتی ہے یہاں دستار تا بہ گردن
اے کاش دود ماں سے میں شمع کے ہی ہوتا
گلگیر بن کے آتی تلوار تا بہ گردن
پھانسی گلے میں اپنے کیونکر نہ دوں صنم کی
پیدا کرے رسائی زنّار تا بہ گردن

دو قدم غربت سے گر سوئے وطن جاتا ہوں میں
سایہ کہتا ہے مرا زنجیر بن جاتا ہوں میں
اے تپ غم فرصت اک دم دے وگرنہ جسم کو
کر کے وقف پنجۂ زاغ و زغن جاتا ہوں میں
چھوڑتا ہی کیوں جنوں نومید ہو کر میرا ساتھ
قبر میں لے کر گریبانِ کفن جاتا ہوں میں
نالۂ بلبل فزوں ہی تیرے میرے لئے
مول لینے دردِ دل سوئے چمن جاتا ہوں میں

آہی

الٰہی بخش آہی تخلص جوانِ صلاحیت شعار راست بہ پیشۂ سرتراشی و فصادی بکمال امتیاز بسر می برد و شعر بسیار رشستہ و سادہ و عاشقانہ و عارفانہ میگوید و نیز کلام خود را ہمراہ شیخ پیر بخش سرور بقلم اصلاحِ فقیر در آوردہ، در طبعش رسائیِ کمال معلوم میشود، اغلب اینہم درچندی گو از معاصرینِ خود خواہد برد و شعر نشتر بدل زنش خوں از دیدہ ہا خواہد ریخت و معاشش مفتی گنج و عمرش سی سالہ خواہد بود - از وست :-

یارب! خمارِ بادۂ الفت عیاں نہ ہو
بائے کشی کا مجھ پہ کسی کو گماں نہ ہو
مشتاق ہوں میں تشنہ جگر کس کے آب کا
یارب کسی گلے پہ وہ خنجر رواں نہ ہو
ہم کو بہشت سے بھی فزوں تر ہے وہ مکاں
کھٹکا شبِ فراق کا ہرگز جہاں نہ ہو
دیر و حرم میں سر کو جھکاوے وہ بے نصیب
جس کے تئیں جہاں میں درِ گلستاں نہ ہو

بندِ نقابِ عارضِ دلدار توڑئے — یعنی ریاضِ حسن کی دیوار توڑئے

دیدنی عالمِ ایجاد میں تعمیر ہوں میں — آئینہ خانۂ محبوب کی تصویر ہوں میں
چشمِ کم سے نہیں لازم ہے مرا نظارہ — زنگِ آئینہ نہیں جوہرِ شمشیر ہوں میں
کوئی بے درد سمجھتا نہیں میرے دل کی — مثلِ نے گرچہ سراپا لبِ تقریر ہوں میں
تا کجا سر کو جھکائے رہوں جلد آ قاتل ! — دیر سے منتظرِ نعرۂ تکبیر ہوں میں
نازِ معشوق اسے کہتے ہیں یوسف! کہ کبھی — نہ زلیخا سے کہا خواب کی تعبیر ہوں میں
کیوں نہ لوٹیں مری آغوش میں یہ طفلِ سرشک — آتش ان کے لئے بازیچۂ تقدیر ہوں میں

اجل آ ورنہ اب رشک مجکو قتل کرتا ہے — عزیزاں پاؤں کو پھیلائے سوتے ہیں مزاروں میں
کسے حسرت ہے دامِ دامنِ صحرا سے چھٹنے کی — چمن کو بارہا دیکھا ہے جا جا کے بہاروں میں
نہ دو آنسو بھی نکلے آنکھ سے یاد آگہی میں — اڑا کی خاک ہی میرے چمن کے آبشاروں میں
دمِ آخر تو حسرت رکھ نہ رخسارِ صنم کے بوسوں کی — دلِ بیمار رہ جائے گا عیسیٰ ان اناروں میں
امانت روح کی چھنوائی مجھ سے کس لئے تو نے — الٰہی ایسا بھی تو میں نہ تھا بے اعتباروں میں

جلاد کی نہ پہنچی تلوار تا بہ گردن — آبِ ندامت آیا سو بار تا بہ گردن
کیا نیلوفر ہوں میں جو رکھتے ہیں مجکو ڈوبا — گرداب میں یہ چشمِ خوں بار تا بہ گردن
کھینچ لے ہوائے صحرا ورنہ اٹھا چکی ہے — لڑکوں کی سنگ ریزی دیوار تا بہ گردن
شمشیر کھینچنی بھی نہ آئی تجھے پڑے گی — تصویر کر نہ میری تیار تا بہ گردن
تھی گو بلند یارب! دیوارِ خانۂ یار — روزن بھی کاش ہوتے دو چار تا بہ گردن
زنجیر بھی ہوا میں کم بخت لے کے پہنچی — فتراک کی نہ ڈوری زنہار تا بہ گردن

جلتی ہے دیکھ بلبل کیوں میرا جسمِ پرداغ
پھولوں کا ہے یہ شاید انبار تا بہ گردن

اے محتسب سمجھ کر میخانے میں قدم رکھ
رستم کی آتی ہے یہاں دستار تا بہ گردن

اے کاش دود ماں سی میں شمع کے ہی ہوتا
گلگیر بن کے آتی تلوار تا بہ گردن

پھانسی گلے میں اپنی کیونکر نہ دوں صنم کی
پیدا کرے رسائی زنّار تا بہ گردن

دو قدم غربت سی گر سوئے وطن جاتا ہوں میں
سایہ کہتا ہے مرا زنجیر بن جاتا ہوں میں

اے تپِ غم فرصت اکدم دے وگرنہ جسم کو
کرکے وقفِ پنجۂ زاغ و زغن جاتا ہوں میں

چھوڑتا ہی کیوں جنوں نومید ہو کر میرا ساتھ
قبر میں لے کر گریبانِ کفن جاتا ہوں میں

نالۂ بلبل فزوں ہی تیرے میرے لئے
مول لینے دردِ دل سوئے چمن جاتا ہوں میں

آہی

الٰہی بخش آہی تخلص جوانِ صلاحیت شعار راست بہ پیشۂ سر تراشی و فصادی بکمال امتیاز بسر می برد و شعر بسیار رشتہ و سادہ و عاشقانہ و عارفانہ میگوید و نیز کلام خود را ہمراہ شیخ پیر بخش سرور بقلم اصلاحِ فقیر در آوردہ، در طبعش رسائیِ کمال معلوم میشود، اغلب انیہم در چندی گو از معاصرین خود خواہد برد و شعر نشتر بدل زنش خوں از دیدہ ہا خواہد ریخت و معاشش مفتی گنج و عمرش سی سالہ خواہد بود۔ از وست:۔

یارب خمارِ بادۂ الفت عیاں نہ ہو
یائے کشی کا مجھ پہ کسی کو گماں نہ ہو

مشتاق ہوں میں تشنہ جگر کس کے آب کا
یارب کسی گلے پہ وہ خنجر رواں نہ ہو

ہم کو بہشت سی بھی فزوں تر ہے وہ مکاں
کھٹکا شبِ فراق کا ہرگز جہاں نہ ہو

دیر و حرم میں سر کو جھکاوے وہ بے نصیب
جس کے تئیں جہان میں دلِ بستاں نہ ہو

بندِ نقابِ عارضِ دلدار توڑئے
یعنی ریاضِ حسن کی دیوار توڑئے

دیدنی عالمِ ایجاد میں تعمیر ہوں میں
آئینہ خانۂ محبوب کی تصویر ہوں میں

چشمِ کم سے نہیں لازم ہے مرا نظارہ
زنگِ آئینہ نہیں جوہرِ شمشیر ہوں میں

کوئی بے درد سمجھتا نہیں میرے دل کی
مثلِ نے گرچہ سراپا لبِ تقریر ہوں میں

تا کجا سر کو جھکائے رہوں جلد آ قاتل!
دیر سے منتظرِ نعرۂ تکبیر ہوں میں

نازِ معشوق اسے کہتے ہیں یوسف! کبھی
نہ زلیخا سے کہا خواب کی تعبیر ہوں میں

کیوں نہ لوٹیں مری آغوش میں یہ طفلِ سرشک
آتشؔ ان کے لئے بازیچۂ تقدیر ہوں میں

اجل آ ورنہ اب یہ رشک مجکو قتل کرتا ہے
عزیزاں پاؤں کو پھیلائے سوتی ہیں مزار و نمیں

کے حسرت ہی دامِ دامنِ صحرا سے چھٹنے کی
چمن کو بارہا دیکھا ہے جا جا کے بہاروں میں

نہ دو آنسو بھی نکلے آنکھ سے یاد آ کے ہی میں
اڑا کی خاک ہی میرے چمن کے آبشاروں میں

دمِ آخر تو حسرت رکھ نہ رخسار کے بوسوں کی
دلِ بیمار رہ جائے گا عیسیٰ ان اناروں میں

امانت روح کی چھنوائی مجھ سے کس لئے تونے
الٰہی ایسا بھی تو میں نہ تھا بے اعتباروں میں

جلّاد کی نہ پہنچی تلوار تا بہ گردن
آبِ ندامت آیا سو بار تا بہ گردن

کیا نیلوفر ہوں میں جو رکھتے ہیں مجکو ڈوبا
گرداب میں یہ چشمِ خوں بار تا بہ گردن

کھینچ لے ہوائے صحرا ورنہ اٹھا چکی ہے
لڑکوں کی سنگ ریزی دیوار تا بہ گردن

شمشیر کھینچنی بھی آ نی تجھے پڑے گی
تصویر کر نہ میری تیار تا بہ گردن

تھی گو بلند یا رب! دیوارِ خانۂ یار
روزن بھی کاش ہوتے دو چار تا بہ گردن

نخچیر بھی ہوا میں کم بخت سے کے پہنچی
فتراک کی نہ ڈوری زنہار تا بہ گردن

منہ کو پھرایا، روٹھ کے بیٹھے، چاہت کا انکار کیا — چھیڑ کے شب، گلرو کو میں نے اپنے گلے کا ہار کیا
دامن کو گلزار بنایا، آنکھوں سے برسا کے لہو — غم نے ہماری سیر کی خاطر روز چمن تیار کیا

جانا تھا کسی شمع کا پروانہ بنے گا — ہم دل کو نہ سمجھے تھے کہ دیوانہ بنے گا

کیوں نہ تڑپوں میں بھلا مرغِ گرفتار کی طرح — نیشِ غم کھٹکے ہے پہلو میں مرے خار کی طرح
باغ میں جھومے ہے ہر سرو لبِ جو پہ کھڑا — اُس نے دیکھی ہے نشے میں کسی میخوار کی طرح
خاموشی ہی مری تاثیر کرے گی اُس کو — وہ لگاوٹ نہیں آتی مجھے اغیار کی طرح

احمد

منشی محمد احمد احمدؔ تخلص خلفِ منشی اسحاق خاں متوطن لاہور قوم شیخ صدیقی۔ بزرگانش از سی سال در لکھنؤ توطن گزیدہ و بہ رفاقتِ انگریزیہ منشی گری بسر بردہ اند خودش نیز تولد و نشو و نما در ہمیں جا یافتہ کو رسوادی در ہمیں شہر بہم رسیدہ جوانِ ظریف الطبع و شوریدہ مزاجست، پیش ازیں اصلاحِ ریختہ از قلندر بخش جرأت چندیں میگرفت[۱]، بعد فوتِ او بہ فقیر رجوع آوردہ جستہ جستہ انچہ می گوید گاہے می نماید و گاہے نہ، در طبعش البتہ روانی کمال است۔ شنیدہ ام کہ خود ہم دو سہ شاگرد بہم رسانیدہ و عمرش تخمیناً بست[۲] و پنج سالہ خواہد بود۔ ازوست:-

کیا میں بیخودی سے نامے کو تسطیر بے معنی — نہ وہ یارب! جواب اُس کا کرے تحریر بے معنی
بہم ہونا جہاں میں صورت و معنی کا لازم ہے — جو دیکھو غور سے ہے صورتِ تصویر بے معنی

---

(۱) چندے گرفتہ ن (۲) سی سالہ۔ ن

ہجر کی شب ہوئی نہ صبح شمع نمط جلا کیا — جانِ حزیں پہ سوزِ غم تو نے ستم یہ کیا کیا
خواب میں بھی نہ آسکے جو عاشقِ دلفگار کے — چرخِ ستم شعار نے ایسے پہ مبتلا کیا

چمن میں گل پہ کب وہ بلبلِ ناشاد نے دیکھا — جو عالم یار پر مجھ خانماں برباد نے دیکھا
نظر آیا تھا کوہِ طور پر جلوہ جو موسیٰ کو — رُخِ شیریں کے پردے میں وہی فرہاد نے دیکھا
ترے انداز پر گر کوئی صورت کھینچ گئی اُس سے — تو حسرت کی نگاہوں سے اُسے بہزاد نے دیکھا
الٰہی اور ہی عالم ہوا اس کی طبیعت کا — نگاہِ لطف سے جس کی طرف استاد نے دیکھا

رکھتا ہے قصد واں دلِ مضطر قیام کا — ملتا نہیں کسی کو پتہ جس مقام کا
کس کی گلی میں ہوں نظر آتا ہے جو مجھے — عالم بہارِ گلشنِ دار السلام کا
اسرارِ عشق جس پہ کھلا، رہ گیا خموش — یعنی زباں کو یاں نہیں یارا کلام کا

کھینچی تلوار کبھی اور کبھی خنجر کھینچا — ظلم سے ہاتھ ستمگر نے نہ دم بھر کھینچا
نخلِ امید نے عاشق کے جہاں سر کھینچا — ارّہ تیغِ ستم چرخ نے اُس پر کھینچا
جس مصور نے لکھے عاشق و معشوق بہم — بے کمر اس کو بنایا مجھے بے سر کھینچا
مہرِ رخسار پہ گر اُس کے نہ تھی زلفِ دراز — اس قدر طول شبِ ہجر نے کیونکر کھینچا

مٹایا عشق نے جب صفحۂ ہستی سے نام اپنا — دو عالم سے پرے ہم کو نظر آیا مقام اپنا
زیادہ ہوئے ہے ہر دم دلِ مضطر کی بیتابی — ہوا جاتا ہے نقشہ اور ہی کچھ صبح شام اپنا
رہے گو پائمالِ رفتارِ قیامت قامتاں لیکن — نہ سمجھا ہائے ہم کو کوئی شوخِ خوش خرام اپنا
نہیں غم منزلِ مقصد کا یہاں فضلِ الٰہی سے — وصیِّ مصطفےٰ ہے ساقیِ کوثر امام اپنا

تیرِ ستم جو مارے ہیں اُس ترکِ ناز نے — غربال ہو رہا ہے ہمارا کفن ہنوز

مسیح کی نہیں جرأت کہ وہ دوا دیوے — خدا ہی اب ترے بیمار کو شفا دیوے
رقیب نے جو مرے دوست کو کیا دشمن — خدا ہی اُس کے کئے کی اُسے سزا دیوے

مت چلو لے کے سوئے باغ مجھے — دیکھنے دو جگر کے داغ مجھے
حیف اندوہ و دردِ ہجراں سے — نہ ملا ایک دم فراغ مجھے

بیمار مجھے سن کے عیادت کو سب آئے — پر آپ نہ یوں آئے نہ وقتِ طلب آئے

کس سے دنیا میں رکھوں چشمِ مددگاریٔ دل — جز غمِ دوست کسی نے بھی نہ کی یاریٔ دل
اے غمِ یار! خدا تجھکو سلامت رکھے — یاد ہے تیرے تئیں شیوۂ غمخواریٔ دل
دانۂ خال نہ دکھلا ہمیں کافی ہے فقط — دامِ گیسو ہے ترا بہرِ گرفتاریٔ دل
سرِ دشمن کو میں اندوہ ملوں مثلِ مگس — اسد اللہ اسد کو بہ مددگاریٔ دل

اظہار

محمد وارث اظہارؔ تخلص برادرِ خوردِ میاں صابر ضمیمؔ جوانِ مہذب الاخلاق شاگردیٔ میاں پیر بخش سرورؔ کردہ، نظمِ سخن را آموختہ، بعد مشورۂ ایشاں برائے پختگیٔ کامل غزلِ خود را بہ ایں عاصی ہم می نماید۔ عمرش تخمیناً سی سالہ خواہد بود۔ از وست:۔

قبضے پہ ہاتھ رکھ کے جو وہ بانکپن کرے — دعوائے تیغ پھر نہ کوئی تیغ زن کرے
گھبرا کے یاد کرتا ہوں اس کو کا بیٹھنا — جیسے سفر میں کوئی خیالِ وطن کرے

خمِ زلفِ بتاں نے کر دئے معنی ثبوت اُس کے
وگرنہ تھی سراسر حلقۂ زنجیر بے معنی

کبھی اقرارِ وصل اور گاہ انکار ہم آغوشی
سراسر مجھ سے ہے ظالم تری تقریر بے معنی

جواب نامہ آیا پر ذرا کھلتا نہیں مطلب
ہوا ثابت کہ ہے اپنا خطِ تقدیر بے معنی

گنہ کثرت سے تھے میرے نہ مضموں اُن سے بن آیا
کراماً کاتبیں کی ہو گئی تحریر بے معنی

نظر کی جب سوادِ ابروئے قاتل پہ اے احمد
نظر آئی حروفِ جوہرِ شمشیر بے معنی

خیالِ مہر تاباں گر ہے اُسکے روئے روشن پر
تو دھوکا خطِ شعاعی کا گماں پڑتا ہے چلمن پر

سمجھ کر قاتلِ عالم محبت اُس سے کی ہم نے
وبالِ خونِ ناحق ہے ہمارا اپنی گردن پر

موئے ہیں اس قدر ہم محوِ الفت اُسکی الفت میں
کہ ہم کو دوستی کا ہے یقیں ہر ایک دشمن پر

میں وہ بیکس ہوں جس کی گور پر غربت برستی ہے
کوئی خر بیکسی رو تا نہیں ہے میرے مدفن پر

فتیلہ ہے مژہ اور لختِ دل ہے روکشِ شعلہ
شبِ فرقت میں آنسو کو شرف ہے اپنے روغن پر

اندوہ

سید علی حسین خاں اندوہ تخلص خلفِ نواب شمس الدولہ ابن بارگاہ قلی خاں کہ سیادت خاندانِ ایشاں بسیار سندیست و جوہرِ شجاعت نیز بہ سندہائے معتبرہ بہ محکِ امتحاں رسیدہ۔ جوانیست قابل مثلِ پدرِ بزرگوارِ خود رجوع بہ ایں عاصی بسیار دارد و اعتقادش ہرگز ہرگز بہ طرفِ دیگر منحرف نمی شود بقولے کہ پیرِ من خس است و اعتقادِ من بس است کلامش رفتہ رفتہ بجائے خواہد رسید انچہ گفتہ از نزدیک و دور بہ قلمِ اصلاحِ فقیر در آوردہ عمرش بست و ہفت سالہ خواہد بود ازوست :-

ہے بوستانِ حسن میں وہ گلبدن ہنوز
چپکے ہے تن جو اُس کا تہ پیرہن ہنوز

انکارِ قتل سے ترے ہوتا ہے کیا میاں
لو ہو سے تر ہے دیکھ لے میرا کفن ہنوز

چاہت کا مزا آکے کوئی مجھ سے تو پوچھے — یہ خلق عبث آن کے سمجھاتی ہے مجھ کو

ایسے موسم میں کہ ہر شاخ ہری پھولوں سے لدی — آستیں میں ہے مرا دستِ قدح گیر عبث

بن بولے اُس سے چین نہیں مجکو دوستو — وہ چپ رہے کہ جس کے دہن میں زباں نہ ہو
اپنی تو یہ خوشی ہے کہ اظہارِ خلق میں — وہ کام کیجئے جو کسی پر گراں نہ ہو

بڑھتی ہی چلی جائے ہے گھٹتی نہیں اک پل — میری شبِ ہجراں کو خدا جانے ہوا کیا
کہتے ہیں مجھے دیکھ کے سب بزمِ بتاں میں — اس مردِ مسلماں کو خدا جانے ہوا کیا

کس طرح دل کو خیالِ رُخِ جاناں بھول جائے — یہ تو وہ حافظ نہیں جو پڑھ کے قرآں بھول جائے
پوچھتا ہوں یوں میں ہر رہرو کوچۂ جاناں کی راہ — راستہ گھر کا کوئی جو طفلِ ناداں بھول جائے
آبِ خنجر کے مزے سے تو اگر آگاہ ہو — ہے یقیں اے خضر تجکو آبِ حیواں بھول جائے

مجھ تک کبھی اُس گل کی نہ لے کر خبر آئی — گلشن سے تو سو بار نسیمِ سحر آئی
زناریہن بت کو کیا دیر میں سجدہ — کعبے میں مری جب کہ نہ امید بر آئی

رویا میں پہروں زانو پہ سر رکھ کے دوستو — غربت میں آیا جب کہ خیالِ وطن مجھے

دریائے اشک اپنا اگر ہوئے موج زن — مثلِ حباب چرخ بھی اس میں بہا پھرے

گر وصل بھی ہوا تو رہا دم بدم یہ ڈر — اب شعبدہ کوئی نہ یہ چرخِ کہن کرے
اس آرزو میں ہم تو موئے تھے کہ اپنی خاک — شاید کہ خاکِ تودہ وہ ناوک فگن کرے
کوچے سے جس نے پھینک دی یا لاش کو مری — کیا لطف ہے جو پھر وہی فکرِ کفن کرے
اظہار! ہو یقیں مجھے کیا اُس کی بات کا — جب جھوٹے وعدے روز وہ پیماں شکن کرے

اک دم میں خاک کر دے جلا کر وہ چرخ کو — آہِ حزیں کا اپنے اگر امتحاں کروں
تجھ بن شبِ فراق صنم یہ نہ ہو سکا — ہر چند دل نے چاہا کہ ضبطِ فغاں کروں

قرآن پہ رکھ دی ہے یہ تسبیح کسی نے — عارض پہ ترے زلف گرہ گیر نہیں ہے

لحنِ داؤدی ہے شاید کہ یہ نالہ میرا — رشک کھاتی ہے جو یوں بلبلِ نالاں مجھ پر
ہوں وہ بیکس میں اسیروں میں ترے اے ظالم — رحم کرتے ہیں سبھی قیدیِ زنداں مجھ پر

فصلِ گل ہے تو اُسے پھولوں سے بھر دے گلچیں — جمع بلبل کے قفس میں خس و خاشاک نہ کر

تم آبرو مری رکھیو دیدۂ گریاں — مقابلہ مجھے کرنا ہے ابرِ تر سے آج

عہدِ طفلی میں جو مکتب میں بٹھایا ہم کو — آ، جنوں نے سبقِ عشق پڑھایا ہم کو

کہتا ہوں کیا یہ بات میں اے قصہ خواں غلط — جز داستانِ عشق ہے سب داستاں غلط

سحر با غنچہ میگفت سنبل از پریشانی | ستم باشد بہ جمعیت زباں را چشم پوشیدن
مدور خط رُخِ سیمینِ جاناں در نظر دارم | کہ واجب در حرم مرداں را ہست نزیدن
وے خوش مغتنم در کاروانِ زندگی باشد | چہ لازم چوں جرس احسان زغم پوشیدن

آذر

میرزا لطف علی بیگ آذر مولفِ تذکرۂ ضخیم الجلد آتش کدہ کہ غالب احوال ایشاں در تذکرۂ فارسی نوشتہ باشم دریں روز غزلے از مرزا ئے مذکور بہم رسید چوں عاشق کلام اہل ولائیم دو شعرِ آذر انتخاب کردہ ہم نوشتم، ایں است :-

مرا بجرمِ وفا آخر از جفا کشتی | جفا نگر کہ چہ دیدی زمن چرا کشتی
بآں گناہ کہ بیگانہ در کسے نکشد | تو بیوفا ہمہ یارانِ آشنا کشتی

ارشد

حکیم شفائی خاں ارشد تخلص کہ بزرگانش اہلِ خطہ بودہ اند و عِلم طبابت پیشِ از خاندانِ ایشاں فروغے بکمال دارد خود ہم دریں فن از معاصرینِ خود گوئی سبقت می بُرد در نواب وزیر الممالک آصف الدولہ بہادر بنسبت دیگر ممتاز ۔ گاہ گاہے بمقتضائے موزونئ طبع اشہبِ خیال را در میدانِ شعرِ فارسی جولاں میدہد، دیوانے مختصر دارد و در سال یک ہزار و دو صد و سی رحلتِ اوست ، بہ ایمائے نواب کلب علی خاں بہادر تاریخِ رحلتش ایں چنیں از خامۂ فکرِ عاصی بر صفحۂ کاغذ ریختہ :-

اجل آئی جو یک بار شفائی خاں کو | علم میں تھا جو حکیمانِ جہاں پر فائق
میں نے دیکھا نہ زمانے میں کبھی کوئی حکیم | شعر کا شیفتہ اور نظمِ غزل کا شائق
یہ شفائی کہ رکھا جس نے تخلص ارشد | اُس شفائی سے نہ تھا کم بھی جو گذرا سابق

نہ آبِ تیغ سے محروم رکھ مجھے قاتل — پلانا پیاسے کو پانی ثواب ہوتا ہے
شکوہ بے فائدہ تو اُس کا دِلا کرتا ہے — کہیں معشوق بھی عاشق سے وفا کرتا ہے

شامِ ہجراں تیرہ بختی نے جو دکھلائی مجھے — یا الٰہی وصل کی شب کیوں نہ موت آئی مجھے

اُن لوگوں کی تقدیر پہ رشک آئے ہے مجکو — جن کو کبھی اندیشۂ ہجراں نہیں ہوتا

بیٹھا ہے چپ تو کیا لبِ خاموش کھولدے — تا غش سے آنکھ عاشقِ بے ہوش کھولدے
دیکھے جو آئینے میں کبھی اپنے عکس کو — خود بے قرار ہو کے وہ آغوش کھولدے

احسان

میرزا مدد[1] عرف علی نواز احسان تخلص یکے از رفقائے با وقارِ نواب امیر خاں انجام بود و با نور بائی ہمسری داشت ایں شہرت دارد بمقتضائے موزونئ طبع چیزے موزوں ہم میکرد و احسان تخلص می نمود غزلے از بیاضِ خلفِ او کہ مرزا سیفو نام دارد بہم رسیدہ اینست :-

شبِ مہتاب خوش باشد لبِ جانانہ بوسیدن — دو بالا لذتے دارد شکر با شیر نوشیدن
ز خوانِ چرخ گر نانے بدست آرد تنک ظرفی — بیک دم جاں دہد چوں از شادی بخندیدن
علاجِ سوزِ دل جز اشکباری ہا نمی باشد — گمرہا در زمینِ خشک باشد آب پاشیدن
نگیں ساں سینہ اش از دستِ ایں نام بر آں دارم — کہ چوں ناخن نہ باشد کارِ شاں غیر از خراشیدن

---

(۱) علی نواز عرف مرزا مدد

گرفتہ آئینہ در دستِ بیقرارِ خود است | بہ کس نمی گردد والۂ بہارِ خود است
نگاہ بر رخِ او کردم وز خود رفتم | ز خویش رفتہ دلِ من در انتظارِ خود است
مکن ز جرمِ ملامت محبت ارشدرا | تو دیدۂ کہ دلِ کس در اختیارِ خود است

بآں زلفِ سیہ تشبیہ دارد دودِ آہِ من | بصد خورشید پہلو می زند روزِ سیاہِ من

چوں من خدا کند کہ گرفتارِ خود شوی | آئینہ دیدہ واقفِ اسرارِ خود شوی

بامن اگر یار سرے داشتی | از دلِ من خبرے داشتی
نالۂ جاں سوزِ مرا می شنید | چشمِ ترم گر اثری داشتی

بہ ناز طبیب احتیاجے نماندہ | کنوں دردِ ما را علاجے نماندہ
بہ کشتِ امید او فتادہ است برقے | دگر فکرِ باج و خراجے نماندہ

اختر

شیخ رمضان علی اختر تخلص، سکنۂ رام پور، جوانِ موزون الطبع و خوش فکر است سرے بتدوینِ دیوان ندارد و ہم شعرِ خود را بہ کسے نہ نمودہ۔ عمرش تخمیناً سی سالہ خواہد بود

از وست :۔

کیا کہیں کہ جواب خط اُس نے نہیں لکھا نہیں | اپنا لکھا ہے نامہ بر اس میں تری خطا نہیں
کھینچے ہے اپنے بر میں تنگ اُس تنِ نازنیں کو ہائے | دشمنِ جان ہے مری دوستو یہ قبا نہیں
اخترِ بخت ان دنوں ہم سے نہیں ہے سازگار | دیکھیے شب وہ ماہرو آوے ادھر کو یا نہیں

حکم سے کلب علی خان بہادر کے لکھی | اُس کے مرنے کی میں تاریخ بوضعِ لائق
سو وہ اے مصحفی یہ مصرعہ ہے بے کم و بیش | حیف صد حیف موا آہ حکیمِ حاذق

ازوست :-

چو خواندم نالہ اش بے اختیار از دیدہ آب آمد | جواب نامۂ من آمد ولیکن جواب آمد

مردم امشب در انتظارِ کسے | آہ نامد کسے بکارِ کسے
مردار شد ز حسرت و نشنید | سخن از لعل آبدارِ کسے

در سینۂ من جز غمِ دلخواہ نماندہ است | او می طلبد دل بجگر آہ نماندہ است
ارشد چہ فتادی تو بدنبالِ نکویاں | آں قوت و آں طاقت آں ماہ نماندہ است
چیں بر جبیں رسیدہ و دامن کشیدہ رفت | صبح امید از در دباہم دمیدہ است

ز دور دید مرا و برخ نقاب گرفت | حذر کنید کہ امروز آفتاب گرفت

در قتلِ من بیدل، تدبیر نمی باید | خود کشتۂ الفت را شمشیر نمی باید

از کوے او بسوئے چمن گر صبا رود | دیگر بسوئے گل دلِ بلبل کجا رود
بر دیگراں ترحم و لطف و نوازش است | بر من اگر رود ہمہ جور و جفا رود
گفتی بروز کوے من انصاف خود بدہ | کیں پا شکستہ از درِ دولت کجا رود

بکامِ دیگراں ہر شام گردوں تا سحر گردد | مرا بالیں ز یر آب دیدہ تر گردد

کہا چشموں کو تر کر میری تربت پر تو یہ بولا   جلا دو شمع اس کی گور پر آنسو بہانے کو

انگر

میرزا محمد مہدی انگر تخلص۔ بزرگانش از قراباغ بودہ اند، قوم . . . . او در لکھنؤ تولد و تربیت یافتہ۔ جوانِ مہذب الاخلاق تحصیلِ فارسی و دیگر کتبِ متداولہ بقدرِ حال دارد۔ بحکم موزونیٔ طبع سرے شعر پیدا کردہ رجوع و مشورہ بہ فقیر آوردہ جوانِ قابل است۔ البتہ بجائے[1] خواہد رسید عمرش تا امروز تخمیناً بست و سہ سال خواہد بود۔ از وست۔

جذبۂ شوق جو خضر رہِ صحرا ہووے   کیوں نہ سرگشتہ ترا بادیہ پیما ہووے
نہیں اُس شوخ کو ہم کہتے قیامت قامت   جس کی رفتار سے اک فتنہ نہ برپا ہووے
شعلۂ رخ پہ ترے دستِ تصوّر جو رکھوں   کیا عجب اُس سے نمایاں یدِ بیضا ہووے
آستیں کو جو نچوڑوں شبِ فرقت میں کبھی   کوچۂ شہر ہر اک دامنِ دریا ہووے
اُس شکر لب کا میں ہوں کشتۂ دیدار انگر   تلخیٔ مرگ مجھے کیونکہ گوارا ہووے

جذبۂ شوق نے وحشت کا جو بن دکھلایا   خارِ مژگاں نے مرے رنگِ چمن دکھلایا
ایسے ہم شامِ غریبی میں گرفتار ہوئے   جس نے ہرگز نہ رخِ صبحِ وطن دکھلایا
ایسے محبوب کو کیونکر کوئی عریاں دیکھے   جس نے محرم کو بھی اپنا نہ بدن دکھلایا
انگر از بسکہ مرے جسم پہ تھی کثرتِ داغ   گور میں، میں نے فرشتوں کو چمن دکھلایا

مرکے اُٹھ آتے نہ کیوں اُس سروقد کے پاس سے   نت گلِ حرماں چنا کرتے تمہ نخلِ یاس سے

---

(۱) بجائے خود (ن)

جس کی رہتی تھی جستجو مجکو — اب نہیں اُس کی آرزو مجکو
جو کہ بولا قسم وجہ اللہ — نظر آتا ہے چار سو مجکو
تپ دوری سی بہک رہا ہوں ہائے — اے طبیب! اس گھڑی نہ چھو مجکو

افسر

نواب احمد یار خاں خلف الرشید نواب محمد یار خاں مرحوم کہ احوالِ ایشاں در تذکرہ اول مسطور است افسر تخلص می فرمایند۔ بالفعل یک شعر از ایشاں بہم رسیدہ

قدم حضرت کا ہے اب سر پہ افسر — نہیں کچھ غم مجھے رہتا ہوں مسرور

الطاف

کلب حسین خاں الطاف تخلص ولد حسین علی خاں ابنِ نواب ناصر خاں برادر خوردِ نوازش حسین خاں نوازش گاہ گاہے بمقتضاے موزونی طبع فکر شعر ہندی میکند و از نظرِ برادرِ بزرگِ خود می گذرانند۔ عمرش قریب(۱) بست سال است۔ از وست

مٹی کو مری چکر کیا چاک دکھاتا ہے — سو پیچ یک گردش افلاک دکھاتا ہے
ہیں غیرتِ آئینہ جو صورتیں دنیا میں — اُن کو بھی تو یہ گردوں کر خاک دکھاتا ہے
کل یہ الطاف سی بولا بصد الطاف وہ شوخ — بعد مدت نظر آیا تو کدھر رہتا ہے

کہا چوڑی قلم رکھو گے پٹی کو منڈانے کو — بگڑ بیٹھے کہا اُن سے جو میں نے خط بنانے کو
کسی کو جام جمشیدی کسی کو حشمتِ دنیا — عدم سے زیست لائی تھی ہمیں ایذا دکھانے کو

---

(۱) تخمیناً دن،

کوسوں سلے داغِ غمِ عشق تجھے کس منہ سے — تو نے سینہ پہ جلایا ہے کہ جی جانے ہے
تیغ ابرو کی تری جنبشِ بے ساختہ نے — زخم وہ دل پہ لگایا ہے کہ جی جانے ہے
اُس کی غلطاں کی رفتار نے وقتِ رفتار — فتنہ ایسا ہی جگایا ہے کہ جی جانے ہے
غیر کو جنبشِ مژگاں نے تری میری حضور — اُس تلطف سے بلایا ہے کہ جی جانے ہے

آفتابِ حشر نے خوب انتقام اُس کا لیا — ایک دن بیٹھے تھے تیرے سایۂ دیوار میں

لطف کیا لطف بن اُٹھے۔ ہم کو — خوگرِ لذتِ جفا ہیں ہم

ایک پل اُس دیدۂ پرآب میں آئی نہ نیند — خواب رہتا تھا ہمیشہ چشمِ ساغر سے جدا

گر نہیں تارِ نفس کا ٹوٹ جانا عنقریب — قامتِ خم گشتہ میں نقشہ ہے کیوں مضراب کا

دیکھ لوں اکبار پھر اُس شوخ بے پروا کو میں — مجکو اے پیکِ اجل دے اتنی فرصت اور بھی

دمِ غنیمت صحبتِ یاراں ہے اخگر عاقبت — واں چلے جائیں گے ہم اپنا جہاں کوئی نہیں

ہم بھی اک بیدست و پا سے ہیں ہوادارِ چمن — باغباں ہم کو سمجھ تو نقشِ دیوارِ چمن
گل کے چہرے پر نہیں رنگِ طرب جو ابکی سال — مر گئے شاید کہ اخگر نازبردارِ چمن

کیونکر نہ رکھے لاگ یہ مردم سے زیادہ — یہ یکتا کی ترے نیش ہیں کژدم سے زیادہ

جان و دل ہوش و خرد تاب و تواں صبر و قرار
ہوتے ہیں رخصت طلب سب کون جو اُس کے پاس سے

تیغ جورِ آسماں ہو لازمِ گردن کشاں
کونسا خوشہ بچا ہے یہاں جفائے داس سے

عافیت نیکوں کی صحبت نے مجھے رکھا بچا
ورنہ اُٹھ جاتا میں جوں حرفِ غلط قرطاس سے

مصحفی کے طرز پر اخگر غزل کہتا ہوں میں
کام کچھ ہرگز نہیں مجکو عوام الناس سے

گلبرگِ تر کو رنگ سے ہو جس کے انفعال
ہے ان دنوں میں وہ گلِ داغِ کہن کا رنگ

جوشِ شگوفہ تھا کہ ہوئی تن سے جاں رواں
لے وائے ہم نہ دیکھنے پائے چمن کا رنگ

پہنچی تھی جب خبر اُسے شیریں کے مرگ کی
اُس وقت دیکھنا تھا رُخِ کوہکن کا رنگ

ہم اُس دیار کے ہیں مسافر کہ ہے جہاں
غربت کی شام میں رخِ صبحِ وطن کا رنگ

نہ پوچھو وصفِ حسن اُس میرزا کا
وہاں ہے مرتبہ صلِّ علیٰ کا

کروں کیونکر نہ اُس بت کی پرستش
کہ ہے وہ پرتو انوارِ خدا کا

نہ رہتا دست بر دل اس طرح میں
جو پاتا ایک بوسہ اُس کے پا کا

مرے سر پر رہے وہ سایۂ زلف
کہ اُس کو حکم ہے ظلِّ ہما کا

تمھارے ہاتھ سے دامن درازو
اٹھانا ہاتھ مشکل ہے دعا کا

جو نالہ اُس کی یادِ قد میں کھینچا
وہ ہمسر ہو گیا عرشِ علیٰ کا

میں کہتا تھا مسیحا کیا کرے گا
عبث ہی قصد اُسے میری دوا کا

کوئی ہوتے ہیں چنگے ایسے بیمار
گذارا ہی نہیں یہاں تک شفا کا

زبس نازک ہے اخگر شیشۂ دل
مجھے خطرہ ہی رہتا ہے صبا کا

غمِ دل نے یہ ستایا ہے کہ جی جانے ہے
اتنا دم ناک میں لایا ہے کہ جی جانے ہے

آشنا

میرزین العابدین آشنا تخلص از ہماں دورہ است، از وست :-

گر مجھ سے دِوانے کو تم آزاد کروگے ویرانے میاں! کتنے ہی آباد کروگے

امین

خواجہ امین الدین خاں امین تخلص شعرے از اشعار او پسندیدۂ فقیر آمدہ، اینست :-

صاف اور دُرد کی تکرار سے کیا کام امین جو مجھے دیتا ہو ساقی سو ہی[1] پی جاتا ہوں

اظہر

میر غلام علی اظہر تخلص شعرے از وبہم رسیدہ این ست :-

جب گھر سے وہ مستِ خواب نکلے سو فتنے ہوں ہر کاب نکلے

آگاہ

نور خاں آگاہ تخلص ملازمِ سرکارِ فلک مدار مرزا جہاندار شاہ بود در قصہ خوانی نظیرِ خود نہ داشت وگاہ گاہے بمقتضائے موزونی چیزے موزوں ہم میکرد شعرے از وبہم رسیدہ، از وست :-

منہ دیکھو اپنا سیکھو ابھی رسم چاہ کی باتیں بنا بنا کے نہ کیجے نباہ کی

اعلا

میر اعلا علی اعلا تخلص۔ سیدِ صحیح النسب است اکثرے خود را بمناقب گوئی مصروف

(۱) جو مجھے دیتا ہے ساقی سو میں پی جاتا ہوں (ن)

مستیِ چشم تری دیکھ کے مدہوش ہوں میں لبِ خاموش کی تعریف میں خاموش ہوں میں
توسنِ فکر سے اخگر مری نت چرخ نژند دیکھے کہتا ہو ترا غاشیہ بر دوش ہوں میں

آرزو

سراج الدین علی خاں آرزو تخلص با وصفِ فضل و کمالے کہ داشت در زمانہ ابتدائے شعرائے ایہام گو با وصفِ فارسی دانی و فارسی گوئی و استادی رغبت بہ نظمِ ریختہ کردہ و کلامِ ریختہ گویاں را نیز عزیز داشتہ اما چوں دورِ ایہام بود معنیِ شعرش نیز بطورِ ایہام است۔ دو شعر از وے بہم رسیدہ بطریق ندرت نوشتہ شد اینست:-
رکھے سیپارۂ گل آج آگے عندلیبوں کے چمن کے بیچ گو یا پھول ہیں تیری شہیدوں کے

میخانہ بیچ جا کر شیشے تمام توڑے زاہد نے آج دل کے اپنے پھپھولے پھوڑے

امید

قزلباش خاں امید تخلص شخصے ولایتی، شاعرِ فارسی گو ست دیوانے ضخیم دارد اما چوں دراں ایام زبانِ ریختہ ہم فارسی گویاں را شیریں می نمود ایشاں ہم میل بگفتنِ آں با وصفِ کمالِ فارسی میکردند، از وست:-
یاربن گھر میں عجب صحبت ہے در و دیوار سے اب صحبت ہے

تیری آنکھوں کو دیکھ ڈرتا ہوں الحفیظ الحفیظ کرتا ہوں

مردم ترے جمال پہ جب چشم وا کریں | آنکھیں اٹھا کے پنجۂ مژگاں دعا کریں

آرام و صبر و طاقت و ہوش و تواں چلے | اے وائے بیکسی کہ مرے ہمرہاں چلے

آزاد

حافظ غلام محمد خاں آزاد تخلص ولد حافظ عبدالرسول متوطنِ وزیر آباد من مضافاتِ صوبۂ لاہور مولدش نہ بورست لیکن نشو و نما در شاہجہاں آباد یافتہ در عمر چہاردہ پانزدہ سالگی نواب فیروز جنگ غازی الدین خاں بہادر عزّ امتیاز پیدا کردہ بمقتضائے موزونیٔ طبع با وصفِ پرہیزگاری و اتقا کہ در کمال بودش گاہ گاہے فکرِ شعر ہم می کرد۔ وفاتش در سنہ یکہزار و دو صد و ہشت ہجری۔ مزارش در فرخ آباد است، از وست:-

عشق با زاں طرفی گبر و مسلماں طرفی | کفر و ایماں طرفی مذہبِ رنداں طرفی
داغ پروردۂ عشقیم بہ گلشن نہ رویم | سینۂ ما طرفی روضۂ رضواں طرفی
حیرت آورد تماشائے جگرداریٔ دل | او بہ تنہا طرفی واں صفِ مژگاں طرفی
کہ سبق می برد امروز حریفاں بینم | دیدۂ من طرفی ابرِ بہاراں طرفی
یار با ماست اگر آزاد چہ بیم از اغیار | ما و جاناں طرفی جملہ رقیباں طرفی

دوش دل وصفِ لبِ لعلِ تو انشا می کرد | بے تکلف بہ سخن معجزِ عیسیٰ مے کرد

دمے چو جاں بدلِ پاکِ ما بہ نشیں | برائے ما نشیں از پئے خدا بہ نشیں
بصدقِ دعویٔ الفت زمن دلیل مخواہ | توئی دلیلِ من اے عینِ مدعا بہ نشیں

داشتہ چنانچہ مناقبِ ایشاں مناقب[1] خواناں میرن سبزواری بسیار یاد میدارند و میخوانند شعرے از و بہم رسیدہ این ست :-

تو ڑ بت زاہد نے کیوں مسجد یہ بتخانہ کیا ۔ تب تو اک صورت بھی تھی اب صاف ویرانہ کیا

انتظار

نقی خاں انتظار تخلص ولدِ اکبر علی خاں کہ از ایشاں آگاہی ندارم مگر شعرے از بیاض نوشتہ شد۔ این ست :-

جوں ہیں بہارِ گل کی قفس تک خبر گئی ۔ سنتے ہی بلبل ایسی ہی تڑپی کہ مر گئی

اظہر

شیخ صابر علی اظہر تخلص از قدماست ، از وست :-

یہ خوش آتی نہیں ناصح تری تقریر مجھے ۔ اُس کے ملنے کی بتا دے کوئی تدبیر مجھے

جی نکلتا ہے مرا دیکھے بن اُس شوخ کے ہائے ۔ اس کی لا دیوے بلا سے کوئی تصویر مجھے

خود بخود پڑتی ہے پا میں مرے زنجیر اظہر ۔ یاد آتی ہے جو وہ زلفِ گرہ گیر مجھے

احمدی

شیخ احمد وارث احمدی تخلص نیز از قدماست ۔ از وست :-

کیا مگر اپنی ہی صورت کا ہوا ہے والہ ۔ خیر ہے آئینہ خانہ سے تو حیران نکلا

کہتا ہوں اُسے جان تو کہتا ہے وہ قاتل ۔ چل جان تری کون ہے میں دشمن جاں ہوں

---

(۱) مناقب خواناں مناقبِ ادمی خوانند و مناقب میرن مشہور اند (ن)

ای شورِ جنوں برکشم از گوشۂ عزلت ‏ عمریست زمن کوہ و بیاباں گلہ دارد
بیجا نہ بود شکوہ ام از جورِ رقیباں ‏ ہر آدمی از شیوۂ شیطاں گلہ دارد
دلبستۂ گیسوئے نکویاں چو شد آزاد ‏ بیجاست کہ از حالِ پریشاں گلہ دارد

با ہر رخت ہر کہ سرے داشتہ باشد ‏ البتہ چو من چشم ترے داشتہ باشد

عشق خواہی اگر اے دل جگرے پیدا کن ‏ میہماں می طلبی ماحضرے پیدا کن
سنگ بگداختی اے نالہ ولیکن ایں جا ‏ دلِ یار است ازیں بہ اثرے پیدا کن
می بری گل کند از سر کشیت ہمچوں سرو ‏ سر فرو آر پئے خود ثمرے پیدا کن
گراں می طلبی از سخن بدگویاں ‏ گوش کن گفتۂ من گوش کرے پیدا کن

امداد

نواب امداد علی خاں بہادر امدؔاد تخلص خلفِ نواب قاسم علی خاں مرحوم ابنِ نواب فیض اللہ خاں مغفور رامپوری، جوانیست مجموعۂ قابلیت و اہلیت معدنِ سخاوت وشجاعت از ابتدائے شباب بمقتضائے موزونیِ طبع سر بگفتن شعر فکرش رساست از وست:-

ہے یہ مضمون مرے خطِ جبیں کی تہ میں ‏ وصل سے جاؤگے محروم زمیں کی تہ میں
مت ہو مایوس جو کرتا ہے وہ ملنے سے نہیں ‏ بوئے اقرار ہے امدؔاد نہیں کی تہ میں

شاہد ہے وہی جس میں ذرا عشوہ گری ہو ‏ عاشق کی نشانی ہے کہ آنکھوں میں تری ہو

با اگر بہ نشینی مقامِ حسرت نیست ‏ ولے ز صحبتِ بیگانگاں جدا بہ نشیں
تو در خرامی و ہر نیک و بد ہمی بیند ‏ برائے دفعِ نظر خوانمت دعا بہ نشیں
خوش آمدی تو کہ ما جاں بہ برگ میدادیم ‏ کنوں نثارِ تو سازیم مرحبا بہ نشیں
تو پاک سیرت و او پاکباز باکی نیست ‏ بیا بہ پہلوئے آزاد بر ملا بہ نشیں

بیندار میلِ تو با صحبتِ اغیار چنیں ‏ چوں نہ گرید ز الم دیدۂ خونبار چنیں
دل ز دستِ تو چناں جاں بسلامت نبرد ‏ چشمِ خونخوار چناں طرۂ طرار چنیں
اندک از دردِ دروں چوں بزباں آوردم ‏ گفت دیدیم جگر سوختہ بسیار چنیں
اشک از یادِ رُخِ او بہ صفائی باشد ‏ کہ نہ باشد بصدف گوہرِ شہوار چنیں
گنجِ باقی طلبی کنجِ قناعت بگزیں ‏ چہ فتادت کہ شدی از پئے زر زار چنیں

داند کہ جز تو طرزِ سخن گفتن ایں چنیں ‏ گردِ ملال از دلِ یار رفتن ایں چنیں
لعلِ لبت بخندہ بجنبے کہ وا شود ‏ گاہے ز غنچہ نا مدہ بہ شگفتن ایں چنیں
از غم تمام خوں شد و جاں داد و دم نزد ‏ کارِ دلست راز تو بہ نہفتن ایں چنیں
ہر مصرعت ز عقدِ گہر می برد گرہ ‏ آزاد کارِ تست سخن گفتن ایں چنیں

نیست ممکن کہ ز کویت دلِ ما برخیزد ‏ نہ نشستہ است بداں عزم کہ تا برخیزد
بہرِ تعظیمِ خیالِ تو چو آید در دل ‏ نالہ از دل بہ جہد تا بسما برخیزد

از ہجو سنے آں شہ خوباں گلہ دارد ‏ ایں طرفہ کہ از مور سلیماں گلہ دارد
از شورشِ اشکم مکن اے دیدہ شکایت ‏ دانا نبود آں کہ ز طفلاں گلہ دارد

دیده افگند چو بر نافِ تو اے بحرِ جمال / کشتیٔ صبرِ دلِ خستہ بہ گرداب افتاد
کرد بیتاب تبِ تابِ دگرے جانِ مرا / تا بہانے کہ دراں طرۂ پرتاب افتاد
شکریں لعلِ ترا دوش بخوابی دیدہ است / دیدہ‌ام زاں ہوس امشب بشکرخواب افتاد
دید تا جلوۂ سیمابیٔ ساقینِ ترا / اضطرابی بدلِ سیم چو سیماب افتاد

تویٔ کہ ہر دو جہاں را بہ نیم نازکشی / بعشوہ زندہ نمائی بغمزہ بازکشی
چو تیغ ناز کشی صد ہزار مومن را / چہ کافری تو کہ در خواندنِ نمازکشی
مترس انیسؔ زکشتن چو عشقبازی تو / کہ ہست شیوۂ معشوق عشقبازکشی

تار گیسو چو ادیت سحر از باد فتاد / دلِ دیوانۂ من با زلفِ سر یاد افتاد
بارک اللہ چو بود عظمت و شانِ قدرات / بہر تعظیمِ تو شمشاد چو استاد افتاد
تا دمِ مرگ رہائی نہ بود از دامت / وائے صیدیکہ بدامِ چو تو صیاد افتاد

دوش دل در انتظارت گوش بر آواز ماند / چشم بر در تا سحر چوں حلقۂ در باز ماند
دید تا انداز و نازت را بآں انداز و ناز / ناز از ناز خود و انداز از انداز ماند
پیشِ اعجازِ دمِ جاں بخشِ تو دم زد مسیح / دم فرو بست آندم و اعجازش از اعجاز ماند
صبحِ خورشیدِ رخت چوں جلوہ کرد از روزنے / در ہوایش ذرہ ساں خورشید در پرواز ماند
رفت چوں جولاں کناں صیدافگناں ناوک زناں / حسرتِ تیرے مرا زاں ترکِ تیرانداز ماند

انس

پسرِ میر اعلا علی کہ ذکرِ ایشاں بر صدر گذشت۔ انسؔ تخلص می کند جوانِ شائستہ

اس قدر ہے جو بے قرار اے دل — تجکو کس کا ہے انتظار اے دل

رونے پر جب آگئیں آنکھیں مری — مینھ سا برسا گئیں آنکھیں مری

انیس

لالہ موہن لال انیسؔ تخلص کہ ذکر ایشاں در تذکرۂ فارسی در حرفِ الف گزشت قوم کایتھ متوطن لکھنو است، استفادۂ شعر از میرزا فاخر مکیں کردہ چوں دریں روزہا حسب اتفاق ملاقاتش بیشتر می شد اشعار چند کہ دیگر از زبانِ او ہم رسیدند دگربار ہم دریں جریدہ رونق سواد یافتند۔ قدما را دوست میدارد و بپیروی آنہا میکند می گوید کہ بخدمتِ شیخ ہم رسیدہ ام و نور العین واقف و میر شمس الدین فقیر را مکرر در لکھنو دیدہ ام و با ایشاں ہم طرح بودہ ام پیش ازیں بیتابؔ تخلص میکرد بقولش ایں تخلص عطا کردۂ شیخ است بعدِ ترتیبِ دیوان تذکرہ مسمی بہ انیس الاحبا شعر تلامذۂ مرزا صاحب موصوف نگاشتۂ کلکِ تالیفِ اوست، عمرش بہ ہفتاد رسیدہ و مزۂ شعرش نہ گردیدہ من کلامہ :-

گر بادِ سحر بوے تر ایک سحر آرد — در جانِ من و شدہ جان دگر آرد
پہلوے انیست نہ انیسی نہ جلیسی — بیچارہ چساں ایں شبِ ہجراں بسر آرد۔

غنچہ دہنا سرِ قدِ تازہ بہار را — کن خندہ بخنداں دلِ چوں غنچۂ ما را
گویند بدیں دیدہ خدا را نہ تواں دید — دیدآنکہ ترا دید بدیں دیدہ خدا را

عکسِ رویت شبِ مہتاب چو در آب افتاد — تب و تابے عجبے در دلِ بیتاب افتاد
صبح برخاستہ اے ماہ نشستی لب بام — لرزہ از بیم بخورشیدِ جہاں تاب افتاد

دل مرا اس کے ذقن میں آپ سے ڈوبا نہیں ۔۔۔ کھینچا اپنی طرف معمول ہی گرداب کا
گرد معشوقوں کے ہیں مرکز بھی ہم عاشق مزاج ۔۔۔ جیب غبار اپنا اُڑا ہالہ بنا مہتاب کا
راہ تکتے ہیں جوابِ خط کی ہم آٹھوں پہر ۔۔۔ خط ہمارا تھا پرِ پروازِ گویا خواب کا

نزع کے دن سے کہیں ہجر کی شب بھاری ہی ۔۔۔ نورِ مہتاب میں بھی گور کی اندھیاری ہی
نہ ہوئے مر کے بھی آزاد ترے قیدیٔ زلف ۔۔۔ خاک کو موجِ ہوا دامِ گرفتاری ہی
جب لگی آنکھ ہوئی دولتِ دیدار نصیب ۔۔۔ عالمِ خواب میں یہاں بخت کی بیداری ہی
ہوں میں وہ کشتۂ ہجر کہ میرے غم میں ۔۔۔ دیدۂ جوہرِ شمشیر سے خوں جاری ہی
کاش ہوتے نہ جدا آدم و حوا باہم ۔۔۔ یہ وہی رسم ہے جو آج تلک جاری ہی
ایک جل جلتے ہیں دونوں جو تری محفل میں ۔۔۔ شمع و پروانہ میں آتنی ہی تو بس یاری ہی
لے آتشؔ گور میں ہوتا ہی علیؑ کا دیدار ۔۔۔ زیست سے موت مجھے اس لئے ہی پیاری ہی

نہ ہوگا کارگر میرے بدن پر وارِ دشمن کا ۔۔۔ پڑا ہے گوشہ گوشہ میں تن میں حلقہ میری جوشن کا
گلستانِ رخِ جاناں سے ایسی کی ہے گلچینی ۔۔۔ کہ اپنا دامنِ نظارہ اک تختہ ہے گلشن کا
چھٹا زنجیر سے تو تیغِ قاتل کی طرف دوڑا ۔۔۔ ہوں عاشق میں بھی مقناطیس کے مانند آہن کا
یہ دل سے جوش ہی خونِ تمنا کا پس از مردن ۔۔۔ حبابِ بحرِ خوں گویا ہی گنبد اپنے مدفن کا
لگائے کس طرح جراح میرے زخم کو ٹانکے ۔۔۔ تنِ لاغر مرا تارِ نگہ ہے چشمِ سوزن کا
بلند اپنی لحد سے ہی صدائے وائے محرومی ۔۔۔ زمیں سے جو قدم لگتا نہیں قاتل کے توسن کا
کیا تیرے تغافل نے یہ نقشہ اے شکار افگن ۔۔۔ ہر اک نخچیر کانٹا بن گیا صحرا کے دامن کا

---

(۱) (نوٹ صفحہ ۳۲) ہوں میں کشتہ دو ستو اس ماہ عالمتاب کا۔ (ن)

وہذب الاخلاق است و در روز ہائیکہ فقیر بر روشِ مجلس مشاعرہ را انعقاد دادہ بود اکثر شریکِ غزلِ طرحی می شد، عمرش تخمیناً از سی سال متجاوز خواہد بود، از وست:-

ہووے سبھی طرح سے جو ناچار کیا کرے — گر موت بھی نہ آئے تو بیمار کیا کرے

تاب و توان بھی نہ رہی جسم و جاں میں کچھ — آخر کو دیکھئے کہ یہ آزار کیا کرے

دم توڑے گر نہ کنجِ قفس میں تڑپ تڑپ — صیاد کہہ تو مرغِ گرفتار کیا کرے

کیا جانیئے کہ دیدۂ خونبار کیا کرے

جاتی نہیں کسی ہی طرح کجروئی چرخ — دیکھیں ہمارے حق میں یہ رفتار کیا کرے

جور و جفا و ظلم و ستم اتنی ہر طرح — ہم پر نہ گر کرے وہ ستمگار کیا کرے

اثر

میرزا حسین علی خاں متخلص بہ اثر خلف الصدقِ نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خاں بہادر مرحوم نائب وزیر الممالک ہندوستان یعنی نواب آصف الدولہ بہادر جنت آرام گاہ۔ جوانیست خوش تقریر و مہذب الاخلاق از ابتدائے عمر سر بصاحب کمالانِ ایں فن داشت و دو سہ بار بر مکانِ ایشاں مجلسِ مشاعرہ ہم زیور انعقاد یافتہ تا آخر جذبِ کاملِ شوقش بریں آورد کہ خود ہم چیزے موزوں کردن شروع نمود و آنرا از نظرِ شیخ امام بخش ناسخ کہ در معنی بندیٔ تازہ علمِ استادی برافراشتہ اند و بہ فقیر ہم از تہِ دل دوستی دارند گذرانید و چوں دراں ایام اعتقادش بجنابِ ائمۂ معصومین بیشتر بود و در شیعہ گری غلوے تمام داشت کلامِ شعرا از قسمِ منقبت پسندیدۂ خاطر بود لہذا بعد مشقِ شعرِ نعتیہ و در گفتنِ مرثیہ و سلام سعادتِ ابدی پنداشتہ خود را مصروفِ ایں کار ساخت، عمرش از چہل متجاوز خواہد بود۔ از وست:-

کشتۂ[1] دیدار ہوں اک ماہِ عالم تاب کا — ہے کفن در کار مجکو چادرِ مہتاب کا

اظہر

شیخ امین احمد ساکن رامپور از اولادِ مجددِ الفِ ثانیؒ، جوانیست موزوں طبع اظہر تخلص میکند و شعرِ خود را از نظرِ شیخ محمد بخش واجد تخلص کہ ذکرش در ردیفِ واؤ خواہد آمد می نماید۔ عمرش بست و سہ سالہ است۔ از وست:۔

بام پر وہ شکلِ مہ جس دم عیاں ہوجائیگا
جوں کتاں ہر ایک کا پھر امتحاں ہوجائیگا

تب نشاں پاویگا تو اُس بے نشاں کا جب ترا
صفحۂ ہستی سے گم نام و نشاں ہوجائیگا

شکل اُس آئینہ رو کی دیکھی ناصح نے اگر
محوِ حیرت پیکرِ آئینہ ساں ہوجائیگا

سوزشِ داغِ جگر یونہی رہی گر بعدِ مرگ
شمع ساں روشن میرا ہر استخواں ہوجائیگا

ٹک منہ تو دکھلاؤ صنم پھر ہم کہاں اور تم کہاں
اکدم کے ہیں مہماں ہم پھر ہم کہاں اور تم کہاں

اب پاس تو آؤ مری ہوتے ہیں کوئی آن میں
ہم رہرو ملک عدم پھر ہم کہاں اور تم کہاں

اکبار لگ جاؤ گلے اے جان آکر پیار سے
اتنا کرو ہم پر کرم پھر ہم کہاں اور تم کہاں

اس شب ہے اے جانِ جہاں اظہر تمہارا میہماں
ہے کوچ اپنا صبحدم پھر ہم کہاں اور تم کہاں

افصح

افصح تخلص شاگردِ طالب علی عیشی، جوانِ خوش وضع است، عمرش تخمیناً قریب سی خواہد بود۔ بندہ در مشاعرۂ صدر الدین صدر تخلص او را اکثر دیدہ ام دیگر خبر نیست۔ از وست:۔

لبِ بام آکے دکھاتا ہے وہ جلوہ مجکو
اوجِ اقبال پہ ان روزوں مرا کوکب ہے

تجھ سے خالی ہے مرے یار نہ کعبہ نہ کنشت
جو کوئی جس کا طلب گار ہے تو مطلب ہے

تیرے ہاتھوں سے زمانہ خاک و خوں میں مل گیا
عہد میں تیرے، عدم کو جو گیا بس مل گیا

جتنی کھینچی آہ، اُس نے کھلکھلا کر ہنس دیا
باد کے چلتے ہی گویا غنچۂ گل کھل گیا

کیا مبارک ہے مکاں خالی نہیں رہتا کبھی
داغ آ بیٹھا اگر پہلو سے میرے دل گیا

اس قدر میں گرد تھا اُس کی کہ بعد از قتل بھی
خون میرا اس طرف دوڑا جدھر قاتل گیا

سیرِ دریا میں جو تجھ بن آ گیا رونا مجھے
کوسوں سیلِ اشک میں بہتا ہوا ساحل گیا

نارسائی کیا کہوں اپنی کہ راہِ عشق میں
وہ جرس ہوں جس کا نالہ بھی نہ تا منزل گیا

اعجاز

تخلصِ نواب اصغر علی خاں خلف الرشید نواب نجابت علی خاں بہادر دام اقبالہٗ ولد نواب جنت مکاں وزیرِ اعظمِ ہندوستان شجاع الدولہ مرحوم بہادر، مشورۂ سخن بہ شیخ امام بخش ناسخ دارد۔ از وست ۔

دھڑکوں میں، شب وصل کا کچھ چین نہ پایا
پھرتی رہی آنکھوں میں سحر شام سے تا صبح

یاد آتی رہی رات جو مجکو کمرِ یار
مرنے پہ رہا باندھے کمر شام سے تا صبح

پہنچی کبھی اپنی بھی نہ کانوں تلک آواز
نالے کروں اعجاز اگر شام سے تا صبح

جو شام تک بھی نہ آیا پیام دلبر کا
تو مر ہی جائیں گے ہم لے کے نام دلبر کا

نہ تھا ربطِ چمن مجکو خزاں آئی جو گلشن پر
صبا نے خاک اڑائی خوب سی میرے ہی مدفن پر

چراغِ دل ہمارا بجھ گیا یوں داغِ حرماں سے
کسی نے رکھ دیا سرپوش جیسے شمعِ روشن پر

چمن میں گل جو بن کر خاک سے شعلے نکلتے ہیں
کبھی بجلی گری ہے یاں کسی دہقاں کے خرمن پر

نہیں ڈستے جو مجکو وصل کی شب کاکلِ پیچاں
فسونِ عشق تو نے پڑھ دیا اعجاز ناگن پر

است - در ابتدائے حداثتِ سنِ بلوغ طبعش بہ طرفِ نوشت و خواند میلے تمام داشت ، آخر بمقتضائے شوق در مکتبِ لالہ بینی پرشاد ظریف چندے زانوے ادب پیشِ ادیب تہ کردہ کورسوادی بہم رسانید، چوں موزوں طبع بود ، خود بخود چیزے در زبان ہندی و فارسی موزوں می کرد - مشارٌالیہ[1] طبعش را دیدہ او را پیشِ فقیر آوردہ ، تا آنکہ دو چار ریختۂ ہندیش بہ نوکِ قلم اصلاح آمد و در مشاعرہ بر روش خواند ، ہمہ سامع پسندیدند و آفریں ہا گفتند - بعد یک دو روز محمد علیٰ تنہا تخلص کہ یکے از تلامذۂ فقیر بود ، تقریر در منعِ اصلاحِ نظمِ او بر زبان آورد گفت کہ اے قبلہ ! اگر ہم چنیں ہر کس و ناکس را احباب در محفل قریبِ خویش جا خواہند داد مرتبۂ ما مردم کہ عمرے دریں فن بخدمتِ شریف استخواں شکستہ ایم کجا خواہد ماند ، از استماعِ ایں سخن من ہم متامل شدہ نصیحتِ ناصح را کہ حقِ شاگردی او کثیر بود پذیرا شدم و از و در گذشتم - آں بیچارہ چوں دید کہ ناحق نیش زنی نمودہ دلِ میاں صاحب را از من گردانید مایوس شدہ بہ پیشۂ خود اشتغال ورزیدہ قطعِ آمد و شد نمود ، چوں عرصہ بریں بہ گزشت و یدمش کہ بحالی کہارانِ تامجانِ نواب سعادت علی خاں مشرف گردیدہ ، در قوم خود عز و امتیاز پیدا کردہ ، جواہرِ قابلیتش دراں سرکار جلوہ گر شد ، نواب صاحب بسیار مہربانی بر و می فرمودند و حکمِ شعر خواندن او را می کردند و شاد می گشتند - بعد رحلتِ نواب وزیر بعہدۂ خود بجنابِ فیض مآب نواب رفعت الدولہ رفیع الملک غازی الدین حیدر خاں بہادر شہامت جنگ قائم گردیدہ و قصیدۂ آبدار گفتہ بہ نظرِ مبارک گزرانید و بعطائے دوشالہ و پنج عدد اشرفی سرفرازی یافت ، نواب صاحب ہماں روز بہ نیچ حالی سبکدوش ساختہ بخدمتِ محرری کوٹھہ خزانۂ عامرہ معمور کردند و بعد گزرانیدن عرضی بہ اضافہ مشاہرہ سرفراز گردید - عمرش قریب سی سال خواہد بود ، از وست :-

---

(۱) بینی پرشاد مذکور (ن)

اگلی سی مہر و وفا ہی نہیں تجھ میں ملے شوخ
نہ وہ باتیں نہ وہ اشفاق و محبت اب ہے

اور چندے نہ ہوا وصل اگر جاناں سے
زیست مشکل نظر آتی ہے غم ہجراں سے
فصلِ گل ہم کو تہِ بال ہی گذری صیاد!
فائدہ کیا کہ رہائی ہوئی اب زنداں سے
فکرِ صحت مری کرتے ہو عزیزو! ناحق
مرضِ عشق بھی جاتا ہے کہیں درماں سے
رشتۂ شمع نمط ہر سرِ مو جلتا ہے
جسم میں میری یہ گرمی ہے تپِ ہجراں سے
پاسِ ناموسِ محبت نہ اگر مانع ہو
دوں جلا چرخِ کہن! آہِ شرر افشاں سے
ہر گھڑی کوچۂ قاتل میں لئے جاتا ہے
سخت تنگ آیا ہوں میں اپنے دلِ ناداں سے

افضل

افضل تخلص حسن یار خاں افضل جوانِ مہذب الاخلاق و ذی ذکا است۔
بہ شاگردی خواجہ حیدر علی آتش امتیاز دارد، در مشاعرۂ میر صدر الدین صدر گاہ
گاہ می آید با فقیر ہم آشنا است اما از حسب و نسبش اطلاع ندارم، عمرش تقریباً
از سی متجاوز خواہد بود۔ از وست۔

نمودِ صفحۂ ہستی میں اپنا کام نہیں
نگیں کی شکل سے واقف ہمارا نام نہیں
وہ درد ہوں میں نہیں سود جسکو درماں سے
وہ زخم ہوں جسے مرہم سے التیام نہیں
کبھی ہے شہر میں بستر کبھی ہے صحرا میں
فقیر ہوں میں معین مرا مقام نہیں

ادیب

گور بخش، ادیب تخلص ولد امکنی داس قوم کہار ساکن منشی گنج، جوانِ مہذب الاخلاق

یک ساعت از تصورِ رویش نہ بگذرد | من چوں کنم فتادہ چنیں ہائے ہوئے دل
شاید بسینہ سوخت دلش کامشب اے ادیبؔ | بوئے کبابِ سوختہ آید ز بوئے دل

در دلِ غمزدہ از عشق شرارے دارم | ہمچو گلریز چہ زیبندہ بہارے دارم
باعثِ روشنیِ چشم بصارت مشتاق | سرمۂ خاکِ کفِ پائے نگارے دارم
مئے عیشِ دو جہاں رفعِ ملالم نہ کند | من کہ از مستیِ چشمِ تو خمارے دارم
سویم از ناز اگر ناوکِ مژگاں فگند | آہوئے دل پئے بہرامِ شکارے دارم
گر طوافے کند آں شوخ چہ دور است ادیبؔ | بر سرِ راہِ کسے تازہ مزارے دارم

شورے فگندہ است باہلِ جہاں بسنت | آمد برنگِ جعفری و زعفراں بسنت
گلہائے اشرفی ہمہ آوردہ بہرِ نذر | مانندِ آفتاب بریں آستاں بسنت
مردم ہمہ لباسِ بسنتی نمودہ اند | یعنی نوید دادہ بہ پیر و جواں بسنت
نواب آنکہ غازیِ دین است نامِ او | آمد از و بکشورِ ہندوستاں بسنت
از طبعِ روزگار غبارِ ملال رفت | از بس بناز آمدہ دامن کشاں بسنت
جوشِ بہار صورتِ نرگس نمودہ است | یک گل بزیرِ خاک نہ آرد چناں بسنت
آراستہ شد است خسِ باغ سر بسر | مانند نرگس است در و جاوداں بسنت
از بس کہ کردہ است گلِ زرد او بہار | خیلے شکست دادہ برنگِ خزاں بسنت
ایں طرفہ سیر بیں تو کہ مرغانِ باغ را | از رنگِ لالہ ریختہ آتش بجاں بسنت
یک بجرہ سیام سندر و یک بجرہ فیل چہر | در روئے بنازِ عیش نمودہ مکاں بسنت
بر فیل ہائے جھول بسنتی و زرنگار | بر ہودجِ طلا تو کنی چوں شہاں بسنت
سیرے نگر بدوشِ کہارانِ زرد پوش | آوردہ است پالکی و تامجاں بسنت

از بسکہ تو کسی کا صنم یار کم ہوا
روٹھا تو جس سے تجھ سے وہ بیزار کم ہوا

عقدے سے تیری زلفِ معنبر کی مشک کو
تولا تو وزنِ نافۂ تاتار کم ہوا

صیاد نے مجھی کو قفس میں کیا اسیر
نالہ ترا نہ بلبلِ گلزار کم ہوا

ہم خاک میں ملے تری خاطر ملے میاں
ملنا ترا نہ غیر سے زنہار کم ہوا

لاکھوں ہی قتل گہہ میں گئے جان سے ولے
غصہ ترا نہ لے بتِ خونخوار کم ہوا

شاید کسی نے کان بھرے اسکے ان دنوں
ملنا جو اس کا مجھ سے یہ اکبار کم ہوا

کوچے سے اُس کے اب کہیں اُٹھ جا تو اے ادیب
اس جا علاجِ عاشقِ بیمار کم ہوا

قاصد یہ جا کے کہیو تو میرے حبیب سے
جاتا رہا ہے صبر دلِ ناشکیب سے

آئی ہے اب کے دھوم سے گلشن میں نو بہار
کہہ دیجیو صبا تو یہی عندلیب سے

حیراں کھڑی رہی ہے یہ نرگس کے باغ میں
اٹکی ہے آنکھ کس صنمِ دلفریب سے

جانا کسی نے ہم کو نہ آشنا یہ کون ہے
شہرِ بتاں میں ہم رہے لیکن غریب سے

دل تھا جو اُس کے پاس سو دہ کر چکا نثار
اب کیوں خفا رہو ہو میاں تم ادیب سے

اشعار فارسی

حاصل شود مرا بجہاں آرزوئے دل
گر یک نگاہِ نازِ تو افتد بہ سوئے دل

کردم خموش گر لبِ ظاہر چہ فائدہ
بیروں فتادہ راز من از ہائے ہوئے دل

ہر چند ریخت خونِ جہانے ولے ہنوز
آسودہ نیست غمزہ اش از جستجوئے دل

از گریۂ سحاب چمن سبز می شود
آرے بود ز گریۂ من آبروئے دل

از مے کشاں کسے کہ دریں دہر می رسد
پُر میکند بیادۂ حسرت سبوئے دل

خنجر بہ پہلوئے دلِ شوریدہ می زند
در درد فراقِ او شدہ گویا عدوئے دل

زاں ساعتے کہ سروِ تو دامن کشاں گزشت
ہرگز کسے نہ کرد گذارے بسوئے دل

خط مرا اُس نگار نے نہ پڑھا کیا لکھا تھا کہ یار نے نہ پڑھا
میں[1] تو لکھا تھا اُس کو خط بیرنگ اُس تغافل شعار نے نہ پڑھا

بنیاد

میرزائے بنیاد تخلص از قدماست، از وست :۔

بنیاد! تو چھپا وے سے ہے لیکن یہ عشق ہے مانند بوئے مشک چھپایا نہ جائے گا

بیتاب

سیوک رائے بیتاب تخلص از ہماں دورہ است، از وست :۔

نہ رہے باغ جہاں میں کبھی آرام سے ہم پھنس گئے قید قفس میں جو چھٹے دام سے ہم

جی میں ہے اسکی بات میں اب پھر نہ بولئے لیکن کسی طرح جو یہ کافر زباں رہے

بسمل

میر صابر علی بسمل تخلص از احوالش خبر نہ دارم، از وست :۔

تو ہو مجھ پاس یہ نصیب کہاں تو کہاں اور یہ غریب کہاں

اگر تو ہی نہ ہووے جان! مجھ پاس مجھے پھر زندگی سے کام کیا ہے

بسمل

بسمل تخلص شخصے عمدہ عمرش از سی متجاوز خواہد بود، از وست :۔

---

(۱) میں تو لکھتا تھا اس کو خط پر خط

شوخی نگہ کہ از قلمِ نرگسِ چمن | خوش میزند بدیدۂ دشمن سناں بسنت
رنگے چناں نمود کہ رضواں ز کار رفت | از لالہ ہائے زرد بہ باغِ جہاں بسنت

ب

بیتاب

بیتاب تخلص از احوالش خبر نہ دارم یعنی از قدما معلوم می شود، از وست:۔

چشم بد دور عجب خوش قد و قامت ہوگا | اب تو فتنہ ہے کوئی دن کو قیامت ہوگا

اگر خاموش رہتے ہیں تو کب آرام ہوتا ہے | وگر فریاد کرتے ہیں تو وہ بدنام ہوتا ہے

بہار

ٹیک چند بہار تخلص شاعرِ فارسی گو است صاحب دیوان شاگردِ[1] آرزو است۔
ہندی ہم از وبہم رسیدہ انیست:۔

تڑپتا ہے پڑا جوں نیم بسمل خاک وخوں میں دل
عقوبت ہے جو کچھ اس صید پر صیاد کیا جانے

بیرنگ

دلاور خاں بیرنگ تخلص از احوالش آگاہی نہ دارم از وست:۔

---

(۱) وبسیار شاگرداں او ہستند۔ (ن)

بغایتِ کار نہایت نمودہ اند بایں ہمہ خود را شاعر نمی گیرند ایں ہم از بلند ہمتیِ ایشاں است، مشورہ بہ نواب محمد تقی خاں بہادر عموئے خود نمودہ اند و کم کم بایں عاصی ہم۔

من کلام فارسی :۔

بود پوشیدہ بدل خواہشِ دلدار مرا — کرد رسوائے جہاں دیدۂ خونبار مرا
بر سرِ کوئے تو چوں نقشِ قدم بنشستم — رفت از بسکہ ز پا طاقتِ رفتار مرا
جاں ز تن رفت و ہماں دیدۂ من حیراں ماند — چہ قدر بود بدل حسرتِ دیدار مرا
آہ حالِ دلِ خود باکہ بگویم برباں — دامِ گیسوئے بتاں کرد گرفتار مرا

چوں بر رخِ آں کافر بیدیں نظرم رفت — خواب و خرد و ہوش ہماندم ز سرم رفت
روئے آئینہ میدید و بسویم چو نظر کرد — تیرِ نگہش صاف بروں از جگرم رفت
صد بار دریں طے گشت و بمنزل نہ رسیدم — چوں ریگِ رواں عمر بہ سیر و سفرم رفت
یاراں دلِ من سوخت ازیں غم کہ ز آتش — تا نامۂ خود خشک کنم نامہ برم رفت
بنہفت ز برباں چو رخ آں ماہِ دل افروز — از پشتِ فلک ناوکِ آہِ سحرم رفت

چناں بُرد آں حنائی دستِ او صبر و قرارِ من — کہ خوں ہر لحظہ می آید ز چشمِ اشکبارِ من
صبا از بیقراری نقشِ پائے توسنش بوسید — دراں وادی کہ گردد گرم جولاں شہسوارِ من
خدایا مہرباں کن آں پری رو را کہ از عمرے — براہِ شوقِ او باز است چشمِ انتظارِ من
ز بے پروائیش دیگر چہ گویم آہ اے برباں — ندارد مہر در دل طرفہ بیدردست یارِ من

اشعار ہندی

برباں کی شبِ فرقت میں نوحہ گری دیکھی — ہر نوکِ مژہ اُس کی لوہو سے بھری دیکھی

داغ ہائے دل کو میری مت سمجھ جس تس کے پھول
نخلِ غم بویا ہے دل میں ہیں کھلے یہ جس کے پھول

بن ترے رشکِ بہاراں کیا کریں ہم سیرِ باغ
کس کا سبزہ کس کا گلشن کس کے غنچے کس کے پھول

میں نے تو اُس گلبدن کی سی نہ پائی بو صبا
سارے گلشن میں پھرا ہوں سونگھتا جس تس کے پھول

اس لئے گریہ گلے کا ہار ہے میرے جو تم
دیتے ہو ہر ایک کو حلقے میں اس مجلس کے پھول

تو نے جو مجکو دئے گلہائے رخصت نازنیں!
سونگھتے ہی مرگیا سچ مچ تھے کیا وہ بس کے پھول

اُس[1] شگوفہ زار کی میرے تو دیکھو ٹک بہار
کیا کھلے داغِ جگر سے سینۂ مفلس کے پھول

بریاں

میرزا مظفر علی خاں بریاں تخلص خلف الرشید نواب احمد علی خاں شوکت جنگ سوزاں تخلص کہ ذکرِ ایشاں در تذکرہ ہندی گذشت، ابن نواب مرزا علی خاں مرحوم۔ جوانِ وجیہہ و مہذب الاخلاق است ظاہر و باطنش بہ صلاح وسداد آراستہ و بہ مردم و اخلاقِ کریمانہ و حالاتِ بزرگانہ در ایامِ شباب از ایشاں بلاحظہ در آمد ازبسکہ در فہم و فراستِ طبع و قادِ ایشاں بے نظیر افتادہ گاہ گاہے کہ ارادہ بہ طرفِ نظم کردنِ شعر آوردند در

---

(۱) یہ شگوفہ ہے نیا دیکھو ذرا اس کی بہار۔ (ن)

جھلک اپنے حسن کی پردے سے مجھے رات جو وہ دکھا گئے
مرے داغِ سینہ مٹا گئے مرے بختِ خفتہ جگا گئے
گئے رہروانِ عدم کہاں کہ نشانِ نقشِ قدم نہیں
خبر اپنی بھیجی نہ کچھ کبھی ہمیں دل سے کیا وہ بھلا گئے

برچھی نے نہ خنجر نے نہ تلوار نے مارا
عالم کو ترے ابروئے خمدار نے مارا
دم تو بھی نہ نکلا در و دیوارِ قفس سے
سر اپنا بہت مرغِ گرفتار نے مارا
اے مرغِ چمن قہر کیا تو نے یہ ظالم
نشتر رگِ گل پر تری منقار نے مارا

دیکھا نہیں مجھ سا کوئی ناشاد کسی نے
بھولے سے بھی مجکو نہ کیا یاد کسی نے
چلّائے بہت لیک نہ دی داد کسی نے
افسوس! سنی اپنی نہ فریاد کسی نے
افسوس رہا یہ کہ ہوئی فصلِ گل آخر
ہم کو نہ کیا قید سے آزاد کسی نے
اک جنبشِ مژگاں میں گئے طائرِ دل صید
دیکھا نہیں ایسا کبھی صیاد کسی نے

حُسن کا حور و پری کے نہ یہ عالم دیکھا
ہم نے اس طرز کا انسان بہت کم دیکھا
چمنِ دہر میں جوں بادِ صبا لطفِ بہار
دیکھنے جاتے ہیں سب ہم نے بھی اک دم دیکھا
شعلۂ شمع ہوا مضطرب الحال بہت
رات محفل میں جو اُس شوخ کو برہم دیکھا
تیغِ ابرو سے تری دل نے اٹھایا وہ زخم
جس نے ہرگز نہ رخِ بخیۂ و مرہم دیکھا
مجکو سنبل کے پریشان نظر آتے ہیں حواس
اُس نے شاید کہ ترا طرۂ پر خم دیکھا
فصلِ گل آتے ہی اے وائے ہوئے ہم تو اسیر
ہم نے کب باغ میں لطفِ گل و شبنم دیکھا
ہجر کی شب کا میں کیا حال کہوں اے بسمل
جز دمِ سرد نہ اپنا کوئی ہمدم دیکھا

جلتا ہی رہا قبر میں بھی نت دلِ عاشق — آساں نہ ہوئی مرگ سے بھی مشکلِ عاشق
وہ حسن پہ نازاں ہیں پہ ہو کیا ہی تماشا — گر جذبِ دل اس کو بھی کرے مائلِ عاشق

مت ہم سے چھڑا چرخِ کہن دامنِ صحرا — مدت سے ہمارا ہے وطن دامنِ صحرا
آتے ہیں طرف شہر کے اس زلف کی بو پر — نت چھوڑ کے آہوئے ختن دامنِ صحرا
کر وعدہ وفا اب کی تو اس موسمِ گل میں — سر سبز ہے اے عہد شکن دامنِ صحرا
پوشش نہیں پاتی ہیں سدا لاشیں انھوں کی — ہے عشق کے کشتوں کا کفن دامنِ صحرا
بریاں کے تئیں کام ہے کیا رختِ شہی سے — دیوانوں کا ہے پوششِ تن دامنِ صحرا

ہر گام لچکتی ہے گرانباری مو سے — اللہ ری نزاکت نہیں دیکھی کمر ایسی
دیکھی ہے کسی مست کی بہکی ہوئی رفتار — جو مضطرب الحال ہے بادِ سحر ایسی
گلگشت کی طاقت نہیں بلبل کو صد افسوس — صیاد کے ہاتھوں سے ہوئے بال و پر ایسی
معلوم نہیں باغ میں کس گل کا ہے ماتم — بلبل تو کبھی آتی نہ تھی نوحہ گر ایسی
ساون کی جھڑی لگتی ہے برسات میں جس طرح — ہے قطرہ فشاں آٹھ پہر چشمِ تر ایسی
بریاں مجھے تا صبح ذرا نیند نہ آئی — دل پر مرے اک کوفت رہی رات بھر ایسی

تری زلف کا جو گرفتار ہووے — نہ روز اُس کا کیونکر شبِ تار ہووے
اُسے آوے کس طرح پھر خوابِ راحت — جو بیمار چشموں کا بیمار ہووے
جو تو ہی نہ چاہے ملے تجھ سے کیونکر — ترے وصل کا جو طلبگار ہووے
لکھا تھا نہ قسمت میں بریاں کی یعنی — تری تیغِ ابرو کا افگار ہووے

آہِ سوزاں نے تو پھونکا تھا مرا کشورِ دل
بارے اشکوں نے مدد کی اُسے جلنے نہ دیا

وصل کی شب بھی رہا مجھ سے وہ پابندِ حجاب
اے فلک تو نے یہ ارمان نکلنے نہ دیا

گردشِ چرخ نے جوں سرو مجھے اے بیہوش
باغِ ہستی میں کبھی پھولنے پھلنے نہ دیا

دوستو! رازِ نہاں اپنا عیاں کیا کیجے
اس غم انگیز حکایت کا بیاں کیا کیجے

لاکھ سمجھاؤ نہیں ناصحو! ناچار ہیں ہم
دل سے جاتی ہی نہیں مہر بتاں کیا کیجے

غیرتِ کارِ محبت سے ہوا ہے دم بند
گھٹ کے مر جائیے اب آہ و فغاں کیا کیجے

تو تو اغوا سے رقیبوں کے خفا رہتا ہے
تیرے کوچہ میں جواب رہئے تو یہاں کیا کیجے

چھوڑ کر شہر نکل جائیے صحرا کی طرف
یہ نہ کیجے تو پھر اے آفتِ جاں کیا کیجے

حشر میں بھی جو طرفدار ہوں قاتل ہی کے سب
ہر نہیں سوچ یہ بیہوش کہ واں کیا کیجے(۱)

بہتر

میر اشرف علی بہتر تخلص جوانِ غریب دلچسپ، شاگردِ میاں پیر بخش مسرور راست عمرش بست سالہ خواہد بود، از وست :-

دل کے ہر مجھے دکھلا دے سرے قاتل کو
ہائے کس طرح سے سمجھاؤں میں اس جاہل کو

حسرتِ ذبح ملاتی ہے مجھے خاک میں ہائے
دیکھتا ہوں جو تڑپتے میں کسی بسمل کو

قول و قرار اگلے وہ کیا ہو گئے
ہم سے جو ایک بار خفا ہو گئے

---

(۱) نسخہ رامپور میں یہ دو شعر زیادہ ہیں :-

ترے بیمار کی کیا جا دیں خبر ہم سے لیئے
وہ تو سنتے ہیں کہ اب اُٹھتے لگا دم لینے

عمر بھر بوسۂ رخسار و لبِ یار سے لیئے
پھر جو سچ پوچھو تو ہم ہائے بہت کم لینے

بیہوش

شیخ نبی بخش بیہوش وطنِ[1] بزرگانش اکبرآباد است و اوائلِ جوانی استفادہ شعر از میاں جعفر علی حسرت کردہ برفاقتِ قمرالدین احمد خاں عرف مرزا حاجی امتیاز دارد شخصِ عجیب و مردم آمیز خوش گفتار است با فقیر از تہِ دل بہ اُنس پیش می آید جدش شیخ فیضی (و) ابوالفضل است، عمرش تخمیناً قریب شصت سال خواہد بود، از وست:

بلبل! ترے نالے کا یہ انداز ہے کچھ اور
پانی کرے پتھر کو وہ آواز ہے کچھ اور

آغاز اور انجامِ محبت نہیں یکساں
انجام تو کچھ اور رہے آغاز ہے کچھ اور

بیہوش! غزل سن کے مری بولے یہ منصف
پر شعر و سخن کا ترے انداز ہے کچھ اور

دھواں حقہ کا آتا ہے نظر یوں وقتِ جاں کے
کہ جوں ابرِ سیہ ہلکا سا ہو مہرِ درخشاں پہ

پہنچنا گر یقیں ہو کعبۂ مقصود تک اپنا
برہنہ پا خوشی سے ہم چلیں خارِ مغیلاں پہ

عجب کیا حشر میں ہووے جو دامنگیر یہ اُسکا
خرابی رہتی ہے دستِ جنوں سے نت گریباں پہ

پرستش اُس بتِ بدکیش کی کرتے تھے سب بیہوش
خدا کا قہر ٹوٹا ہے دلِ گبر و مسلماں پہ

صیاد کو قفس میں نہ اُس پاس لائے گل
بلبل کو داغِ دل ہی ہے اپنا بجائے گل

نازاں نہ ہو بہار پہ اپنی تو لے حسین
ہم نے بھی رنگ رنگ کے سینہ کھائے گل

ہے پاس دوستی تو پس از مرگِ عندلیب
مصرف میں اپنے کوئی نہ زنہار لائے گل

تیرِ مژگاں نے ترے مجکو سنبھلنے نہ دیا
آ لگا یوں ہدفِ دل پہ کہ ہلنے نہ دیا

(۱) از اولاد شیخ ابوالفضل۔ (ن)

عود نمودہ جوانِ ظریف الطبع و خندہ رو است در ضلع و جگت و پھبتی چناں حاضر جواب کہ نظیرِ اوکم می برآید، امیرزادہ[1] ہائے ایں دیار او را بسیار دوست میدارند، بمقتضائے موزونیٔ طبع گاہ گاہے بہ گفتنِ شعر ہندی میلے تمام دارد، بہ فقیر از روزِ ملاقات اعتقادِ کلی دارد۔ ہرچہ موزوں کردہ آنرا پیشِ ایں عاصی بتوقعِ اصلاح خواندہ اکثر اشعارش بلا سقط بسمع رسیدہ، عمرش تخمیناً سی سالہ خواہد بود، از وست :۔

سر پٹکتا میں رہا صبح سے لے شام تلک ہاتھ پہنچا نہ تری زلفِ سیہ فام تلک

بھلا بتاؤ تو دل پھر لگے کہاں اپنا جہاں نہ ہوئے کوئی یارِ مہرباں اپنا
بہار آئی ہے گلشن میں دیکھ لے اُس کو ابھی اُجاڑ نہ بلبل تو آشیاں اپنا

بدگو نے تو اُس شوخ کے واں کان بھرے ہیں
یہاں سیکڑوں جی میں مرے ارمان بھرے ہیں
سب تیرِ جفا اُس نے رقیبوں ہی پہ توڑے
دل میں مرے سو شکووں کے پیکان بھرے ہیں

جی سے ہم گذرے جان سے گذرے پر نہ تم اپنی آن سے گذرے
یہ اثر ہے ہمارے نالے میں جائے جب آسمان سے گذرے
گالیاں ہی ہمیں دیا کر تو تیری شیریں زباں سے گذرے

قاتل تو مجھکو قتل کر تقصیر ہوئے یا نہیں کافی ہے ایک تیغِ نگہ شمشیر ہوئے یا نہیں

---

(۱) امیران ۔ (ن)

دیکھ کر اُس جعدِ سیہ رنگ کو — ہم تو گرفتارِ بلا ہو گئے
تیرگیٔ بخت سے بہتر ہم آہ — محوِ سرِ زلفِ دوتا ہو گئے

اس کے کوچہ میں کوئی اس ڈر سے جا سکتا نہیں — گر گیا جیتا وہاں سے پھر وہ آ سکتا نہیں
گہہ مچل جانا کبھی ہونا خفا ہر بات میں — تیرے دیوانے کو کوئی بھی منا سکتا نہیں
ہوں مریضِ عشق جس کا جان کا خواہاں ہو — اس لئے میں نبض عیسیٰ کو دکھا سکتا نہیں

چرخِ نیلی کے نہیں خوش آتے ہیں اختر مجھے — جب سے آتا ہے نظر اُس کان کا گوہر مجھے
جلد آ اے شعلہ رو مجھ تک کہ اب سیماب وار — رات دن بےچین رکھتا ہے دلِ مضطر مجھے
خونِ دل کا گر مرے منظور ہے تجکو علاج — اپنی ہیکل کا پلا تعویذ تو دھو کر مجھے
رات دن رہتا ہے اب بہتر یہی مجکو خیال — کام وہ کیجے کہ جس سے سب کہیں بہتر مجھے

کشتی — کب درِ جاناں سے دور رہوں — کیونکر شہید گنجِ شہیداں سے دور رہوں
خوش ہو کے ایک بار جو لگ جائے تو گلے — داغِ فراق سینۂ سوزاں سے دور رہوں
اس معرکے میں اپنا یہ سر جائے یا رہے — ہم وہ نہیں جو عشق کے میداں سے دور رہوں
بہتر ہم اُس کے ہیں مسی و پاں کے مبتلا — مر جائیں — دور رہوں

بندہ

میر بندہ علی ولد میر حاتم علی بندہ تخلص، سید صحیح النسب است، پیش ازیں در سنِ دہ سالگی مع قبائل[1] و عشایر بہ زیارتِ عتباتِ عالیات مشرف شدہ، دیارِ لکھنؤ

---

(۱) ہمراہ بزرگان خود۔ (ن)

او جلوۂ ظهور نمی دہد موہائے ریشش از رخسا ہاش سپید است چون از چشمانش انداز خواہش حسن از تہ دلش طور عشق آفرینی جمال خوبان پیدا است لہذا بمقتضائے موزونی گاہ گاہے بطرف نظم شعر ہوس میکند عمرش تخمیناً چہل سالہ خواہد بود در مرثیہ خوانی گلوئے خوش دارد یک نوحہ از وبہم رسیدہ این ست :-

اے نور چشم مادر وے قاسمؑ دلاور / گشتی تو روز شادی مہمان تیر و خنجر
این کاتبان ظالم خوش نامہ نوشتند / کز زخم ہائے تیغت بر تن زدند مسطر
در خاک و خون فتادہ چون بنیت و دریغا / این حسنؑ تو بودی چشم و چراغ مادر
در ماتمت پریشان موکرد ہمچو سنبل / مانند گل عروست از سر فگندہ معجر
رخت تو خاک و خون است جامت زتن برون ست / تاج تو سرنگون ست فرزند ابن حیدرؑ
تنہا نہ جامۂ گل شد چاک تا بدامن / در ماتمت صبا ہم افگندہ خاک بر سر
این ست گر عروسی وز مجلس عزایت / از چشم چرخ افتد اشکے شدہ ہر اختر
شد با برادرانت کشتن نصیب ہر ہے / یکسو طپیدہ اصغرؑ یکسو فتادہ اکبرؑ
از خون حنائے شادی زیبد بدست و پایت / چون پردہ برکشائی از رخ بروز محشر
چون تو چراغ روشن ہرگز خموش گردد / فریاد بر نیاید از دودۂ پیمبر
خون می چکد ز دیدہ کلثومؑ و زینبؑ را / کز زخم ہائے کاری شد پیکرت بخون تر
کن قسمت بشارت یک ساغر لبالب / بر تشنگان چو بخشی شربت ز آب کوثر

پاکباز

میر صلاح الدین پاکباز تخلص، از قدماست دو شعر از وبہم رسیدہ اینست

قفس کے در کو وا اے بلبل! اب صیاد کرتا ہے / خدا جانے کرے گا ذبح یا آزاد کرتا ہے

گور کے مردے جسے دیکھ کے جی جاتے ہیں
ایک اُس کے لئے یہاں سیکڑوں جی جاتے ہیں

کچھ نظر آتے ہیں اب مرگ کے آثار ہمیں
جینے دینے کا نہیں عشق کا آزار ہمیں

شبِ ہجر میں جان جاتی نہیں ہے
اجل مانگتا ہوں سو آتی نہیں ہے

مار ڈالا مجکو ناحق آن کے
تم کہاں سے آئے دشمن جان کے
چھپ گئے تم بھیڑ میں تو کیا ہوا
میں گلے لگ جاؤں گا پہچان کے

ہجر میں اُس لالہ رو کے ہم یہ دُکھ پاتے رہے
خونِ دل پیتے رہے اور لختِ دل کھاتے رہے
ایسی تنہائی ہمیں کیوں تو نے دکھلائی فلک
ہم اکیلے رہ گئے اور ہمرہاں جاتے رہے

گر اپنے جنوں کی ہم تصویر کو کھچوا دیں
تو پاؤں کے مجنوں سے زنجیر کو کھچوا دیں
بہزاد سے گر اب کی تصویر کو کھچوا دیں
گردن پہ دھرے اپنے شمشیر کو کھچوا دیں
بیزار ہیں جینے سے بہتر ہے کہ مرجائیں
غصہ اُسے دلوا دیں شمشیر کو کھچوا دیں

بشارت

میاں بشارت خواجہ سرائے اہل حبش قوم انبارہ بشارت تخلص سلیقۂ زبانِ فارسی دانی را در سرکارِ نواب حسن رضا خاں مرحوم بلند شدہ واز آنجا بسرکارِ نواب سعادت علی خاں رسیدہ بہ محلِ نواب جلال الدولہ عزِ امتیاز حاصل کردہ و آخر آخر بخدمتِ داروغگی نشاط باغ علمِ امتیاز برافراختہ جوانِ ملیح رخسار است خواجہ سرائے از بشرۂ

منہ پھیر لیا میری طرف سے دلِ بسمل — اس حسرتِ دیدار کو جلاد نہ سمجھا
بس دیکھ لی تاثیر تری عشق کہ ہم کو — دیوانہ بھی اپنا وہ پریزاد نہ سمجھا

کوئی دن میں اے برشتہ ہوتا ہوں صحرا نورد — آدمی ہوں عشق کے صدمے سے دل گھبرا گیا

بے چین کیا تو نے ہمیں سخت برشتہ — نالوں سے ترے ہم کو شب آرام نہ آیا

عشق میں تیرے ہیں ہوں اے بتِ خسو کام خراب — ناشکیبی نے کیا آہ مرا کام خراب

اٹھتا قدم نہیں ہر کسو گلستاں کی سمت — جاتا ہے دل کھنچا اسی سروِ رواں کی سمت
صبحِ شبِ فراق نہیں پڑتی ہے نظر — پہروں میں دیکھتا ہوں پڑا آسماں کی سمت

نہیں کچھ سوجھتا ہجراں میں ہم کو — کسے کہتے ہیں دن اور ہے کدھر رات

دل جو سنبھلے تو ٹک جگر کی کہوں — کیا میں اس ناوکِ دو سر کی کہوں
قطرہ جو اس کا ہے وہ طوفاں زا — شورشیں کیا میں چشمِ تر کی کہوں
کاٹی مر مر کے ہے شبِ ہجراں — ہوش کس کو جو ٹک سحر کی کہوں
دو گھڑی بھی نہ سن سکو گے تم — گر میں بیتابی رات بھر کی کہوں
مر گیا سر قفس میں ٹکرا کر — کیا خرابی میں اس نگر کی کہوں
دل کی بیتابی یا کہ دردِ جگر — سخت ہوں مضطرب کدھر کی کہوں
صید کے بوجھ سے ہے بل کھاتا — کیا لچک یار کی کمر کی کہوں

فراق کیا ہے بلا وصلِ یار ہیں مریئے   خدا خزاں نہ دکھائے بہار ہیں مریئے

پیام

شرف الدین علی خاں پیام تخلص، دیوانے در زبانِ فارسی وارد و آں از نظر فقیر گذشتہ در ہندی ہم خوب میگوید، از وست:۔

ہائے اس دیوانے دل نے کام ہی ایسا کیا   آپ تو بدنام تھا اور مجکو بھی رسوا کیا

برق

میرزا محمد رضا برق تخلص خلف الصدق مرزا کاظم علی سر آمد صلحاے فرقۂ اثنا عشریہ جوانِ شجاع و مہذب اخلاق و موزون الطبع و شایقِ فن و مداحِ اہلِ سخن و یدش بشاگردیٔ شیخ امام بخش ناسخ عز و امتیاز دارد، عمرش تخمیناً قریب بسی خواہد بود۔ از وست

ایک بستی میں گو کہ بستے ہیں   دیکھنے کو مگر ترستے ہیں
پاک طینت کی خاک قدر نہیں   کس قدر گل جہاں میں سستے ہیں

برشتہ

آغا ... برشتہ تخلص ولد ..... قوم مغل جوانِ وجیہ و مہذب الاخلاق است روزے در مشاعرۂ حکیم سید محمد صاحب بافقیر ملاقات کردہ خود را شاگردِ مرزا رفیع سودا میگوید، واللہ اعلم بالصواب، از وست:۔

جو مدرسۂ عشق میں مجنوں کا سبق تھا   سوا پنے وہ دیوان کا بر آوردہ ورق تھا

کھلا ہی پیچ جوڑے کا کہیں اس مہ کے بالوں کا   الجھتا دل ہی کچھ بے طرح ہم آشفتہ حالوں کا

گمو کاں گیسوے عنبر فشانست | سوادِ اعظمِ ہندوستانست
زتاثیرِ سمومِ آہِ جاں سوز | نسیمِ صبحدم آتش فشانست
رقم در بے ستوں بر صفحۂ سنگ | کہ از فرہاد شیریں داستانست
زہمدردی شریکم گشت بلبل | بہارِ گریہ ہایم در خزانست
ہمیشہ باد روشن دیدہ غول | چراغِ محفلِ دیوانگانست
بہائے بوسہ جاں میخواہد آں شوخ | دلم در فکرِ ایں سود و زیانست
در آبم افگن و در آتشم سوز | گرت در سر ہوائے امتحانست
نفس غلطیدہ در خوں آید امروز | نمی دانم کہ حالِ دل چسانست
حدی خواں ناقہ را آہستہ تر راں | غبارے در پیِ ایں کاروانست
بہ ضبطِ نالہا کوشش لے ترقی | ز فریادِ تو خلقے در فغانست

اشعار ہندی

تمھاری چال میں اس کے سوا کلام نہیں | یہ دل کا پیسنا عاشق کا ہے خرام نہیں
کروں ہلال کو صدقے میں اُس کے ناخن پر | کہ جس کے منہ کے قابل مہِ تمام نہیں
جھلک گلابی کی کیا ہر گھڑی دکھاتا ہے | بھر اس سے جام بھی ساقی مہِ صیام نہیں
لیا جو ترکِ ادب کر کے خواب میں بوسہ | خطا تو ہے یہ سزاوارِ انتقام نہیں
ہے روز مفسدۂ ترکِ چشم و ہندوئے زلف | ہمارے کشورِ دل کا کچھ انتظام نہیں

طالب تو کوئی ہے لبِ دریا شراب کا | ہر دم جو کھینچ لیتا ہے ساغر حباب کا
دریا میں کون مست ہے ایسا شراب کا | ہر دم جو توڑ ڈالے ہے ساغر حباب کا
اے موج لطمہ زا ترا اللہ رے غرور | کیا لطف توڑنا دلِ نازک حباب کا
کرنا نہ تو قصور اگر ہو سکے فلک | آباد تجھ سے گھر کسی خانہ خراب کا

گرمیٔ شوق ہو برشتہ کی سرد گر میں بے مہری اُس قمر کی کہوں

کاہش رہی یوں دل کو جو گلشن کی ہوس میں مر جائیں گے اک روز تڑپ ہی کے قفس میں

کوفت پہنچی ہے یہ جدائی سے پھٹ گیا دل ہے آشنائی سے
اُٹھ سکی جب نہ منتِ صیاد ہاتھ اٹھا بیٹھے ہم رہائی سے
ہائے مل ڈالا ہے ہمارا دل کسی نے پنجۂ حنائی سے
اے برشتہ کہیں بھی نکلا ہے عشق میں کام میرزائی سے

زردی چہرے پہ برشتہ جو ہے چھائی تیرے
دل نے شاید کہ کہیں چوٹ ہے کھائی تیرے



ترقی

اسد الدولہ رستم الملک میرزا محمد تقی خاں بہادر ترقی تخلص عرف آغا صاحب خلفِ میرزا محمد امین نیشاپوری جوانیست باغ و بہار سروِ قامتش بلباسِ موزونی آراستہ و نیچۂ دوشش بحنائے سخاوت پیراستہ عالی دودمانی ایشاں محتاج بشرح و بیان نیست از ابتدائے شوقِ موزونی طبع تا الی الان رجوع ازتہ دل بہ اہلِ کمال و صاحبانِ سخن از عطیہ دست او زر بدست می آرند ہر کس و ناکس را محروم نمیگذارد مین اشعارہٗ اشعار فارسیہ:۔

نہ در شب ہائے تارم کہکشانست پریشاں گشت روزم ایں نشانست

از انتخاب اشعار او ست :-

صورت میں حقیقت میں جو مشہود ہے یارو
اپنا تو وہی ہادی و معبود ہے یارو
رہتا ہی تراب اُس کے ہی کوچہ میں ہمیشہ
اس کی تو وہی منزلِ مقصود ہے یارو

جب وصل ہو ترا وہی ساعت سعید ہے
جس دن گلے لگا لو وہی روزِ عید ہے
رات اُس نے سن کے میری کہانی کہا تراب
یہ داستان تازہ یہ قصہ جدید ہے

وہ کون ہے تو جس پہ نوازش نہیں کرتا
اِک میں ہوں کہ جس سی کبھی سازش نہیں کرتا

دوست دار اس عالمِ اجسام کے
دشمنِ جاں ہیں نہیں کچھ کام کے
لوگ اُن[1] کو کہتے ہیں آرامِ جاں
کھونے والے ہیں وہی آرام کے
نام لیوا ہے قلندر کا تراب
جائیے قربان ایسے نام کے

اُس شوخ سے کوئی میری سفارش نہیں کرتا
قاصد بھی کچھ احوال گذارش نہیں کرتا
وہ خط کو مرے دیکھے تو پانی میں ڈبو دے
میں اس لئے کچھ اُس کو نگارش نہیں کرتا
خاکِ قدمِ یار مجھے چاہیئے کحال
سرمہ ہی ان آنکھوں میں خارش نہیں کرتا
دعویٰ نہ کر اے ابر تو ہم چشمی کا مجھ سے
آنکھوں سے تری خون تو بارش نہیں کرتا

رسیلی آنکھ تیری گرچہ قتلِ عام کرتی ہے
یہ تیسیر[2] میلی چتون اور ہی کچھ کام کرتی ہے
محبت سی میں ہوں ناچار گو اس نے کہا سو بار
تراب الفت تری اُنکو بہت بدنام کرتی ہے

---

(۱) جن۔ دن) (۲) مگر یہ شوخ چتون اور ہی کچھ کام کرتی ہے۔ دن)

مجموعۂ حقائقِ قدرت ہے آدمی — مطلب نہ سمجھے پیرِ خرد اس کتاب کا
صدمے اٹھائے عشق کے ایسے جہاں میں جو — سب خوف دل سے اٹھ گیا روزِ حساب کا
دلچسپ کیا ہے مصرعۂ موزونِ قدِ یار — قائل ترقی میں ہوں ترے انتخاب کا

کاتبِ تقدیر گر نالے سے تاثیر کا — محو ہو کر لوح پر رکھ دے قلم تحریر کا
خوب ڈھونڈا چیر سینہ اُس نے مجھ دلگیر کا — چاک جب دل کو کیا تب نکلا پیکاں تیر کا
صبح تک رہتا ہے اُس مہ کا شب میں خیال — چاندبھی گویا ورق ہے یار کی تصویر کا[1]

تدبیر

میرزا محمد باقر عرف مرزا مغل تدبیر تخلص ولد میرزا علی اصغر بن مرزا علی رضا قوم قزلباش اہل افشار متوطن شیراز در لکھنؤ تولد یافتہ جوانے است بصلاح و تقویٰ آراستہ ہرچہ میگوید از نظرِ شیخ امام بخش ناسخ میگذارند۔ از وست :-

درد ہو روشن دلوں کے کیا کوئی اسباب کا — غیر ممکن ہے چھپانا چادرِ مہتاب کا
وائے محرومی کہ بعد از ذبح بھی مجھ تشنہ کے — حلق پر دا سہ پھرا تو خنجرِ بے آب کا

تراب

شاہ تراب علی تراب تخلص پسرِ شاہ کاظم سکنۂ کاکوری طبعے رسا و ذہنے ذکا دارد

---

(۱) نسخہ رامپور میں یہ شعر زیادہ ہیں۔

دنیا کے جو مزے ہیں ہرگز وہ کم نہ ہوں گے — چرچے یہی رہیں گے افسوس ہم نہ ہوں گے
آغازِ عشق ہی میں شکوہ بتوں کا اے دل — تک صبر کر ابھی تو کیا کیا ستم نہ ہوں گے
بلبل کے دردِ دل کا ممکن نہیں مداوا — گلچیں کے ہاتھ دونوں جب تک قلم نہ ہوں گے
یارانِ رفتگاں پر کیا روئیں ہم ترقی — کیا ہم روانہ سوئے ملکِ عدم نہ ہوں گے

روتے روتے شب فرقت میں بنا ہی یہ حال / کہ کرے چشم کو نم جو کوئی لے نام مرا
تو گرفتار رہوں اتنی تو نہ کر بے رحمی / دم نکل جائے گا صیاد تہِ دام مرا
کہہ تو بھیجوں اُسے حال اپنا پہ ڈرتا ہوں کہیں / حیلہ قاصد کی اجل کا نہ ہو پیغام مرا
کھو(۱)یا سب کام سے کر عشق بتاں اے تسکیںؔ / کام آیا مرے اچھا دلِ ناکام مرا

مکھڑا ترا نہ جس شب اے رشک ماہ دیکھا / سمجھے کہ آج ہم نے روزِ سیاہ دیکھا

جلوہ کس گلگوں قبا کا رونقِ گلشن ہوا / جو ہر ایک گل کا گریباں چاک تا دامن ہوا
وصل کی شب چھا گیا آنکھوں میں اک اندھیر سا / آسماں پر جب ستارا صبح کا روشن ہوا

صلح کرتے ہوئے وہ بر سرِ جنگ آئے کیا / عشق کا نام بھی بد ہے اُسے ننگ آئے کیا

ہو سنگِ سرمہ لوحِ مزار اس قتیل کا / تا جانے(۲) کشتہ ہے کسی چشمِ کحیل کا
واشد کلی کی کیوں نہ کرے منقبض ہیں / گل کی چٹک نمونہ ہے کوسِ رحیل کا
چشم اُس کی مانگے دل تو نہ دوں کس طرح کہ آپ / ہوتا ہے پر ضرور مزاجِ علیل کا
جوں ماہ داغ اٹھا دے تو سنمکھ ہو مہر بھی / آسان مقابلہ نہیں تجھ سے شکیل کا
تسکیںؔ پناہ مانگ غمِ عشق سے کہ یار / انساں کو مار رکھے ہے غم اس قبیل کا

شام اس کا مہر ساں جو گذر بام پر ہوا / اک خلق کو گمانِ سحر شام پر ہوا

---

(۱) نہ کسی کام کا رکھا کہوں کیا اے تسکیںؔ۔ (ن) (۲) سب جانیں۔ (ن)

فارسی

کے ز دنیا نفرت آید مردِ دنیا دار را
سگ ہمیشہ دوست دارد طعمۂ مردار را

تسکین

میر سعادت علی تسکین تخلص، سید صحیح النسب و عمدہ خاندانیست، و و شعرا ایشاں حسبِ اتفاق در تذکرۂ ہندی اول بقلم آمدہ بودند و آں روز ہا ایں قدر نشوو نما نیدا شت حالا کہ صاحب دیوان شدہ شعر را برتبۂ بلند رسانیدہ۔ شاگرد میر قمرالدین منت مرحوم است، از وست :۔

شب اتنا اشکِ خوں اس چشمِ گریاں نے کیا پیدا
کہ رنگِ دامنِ گلچیں گریباں نے کیا پیدا

عیاں شعلے ہیں جوں سروِ چراغاں ہر بنِ مو سے
یہ رتبہ آخر اپنے سوزِ پنہاں نے کیا پیدا

عوض دلگیریوں کے سر بسری اس نے کی ہم سے
اثر الٹا ہماری آہِ سوزاں نے کیا پیدا

یہ ہم سے دشت گردوں کا ہی فیضِ آبلہ پائی
کہ رنگِ گل ہر اک خارِ بیاباں نے کیا پیدا

بلائے جاں ہی خلطہ ان پری رویوں کا اے تسکیں
خوشی مت ہو جو تجھ سے ربط جاناں نے کیا پیدا

لوگوں میں دیکھ اسے کفِ حسرت ملا کیا
میں اپنے ہاتھوں رازِ نہاں پر ملا کیا

جانے سے تیری دل کو تو تھا ہی فشارِ غم
جی کو بھی دیر تک کوئی جیسے ملا کیا

دھیان میں اس کا جو شب کو ناوکِ مژگاں رہا
کچھ کھٹکتا صبح تک پہلو میں جوں پیکاں رہا

وقتِ بیتابی گرا جو قطرۂ خوں چشم سے
دیر تک جوں مرغِ بسمل خاک پر غلطاں رہا

دل نے کر کر کے قلق کھو دیا آرام مرا
کیا وہ کام کہ آخر ہی کیا کام مرا

اُس کا بھبوت سے تنِ عریاں ہو زیرِ خاک یا ہو وہ گنجِ حسن کہ پنہاں ہے زیرِ خاک

نہ پوچھ مجھ سے جنوں پیشگاں کی رسوائی کہ بس انھیں کے لئے ہو جہاں کی رسوائی

میں وہ محرومِ ہوں قاتل جو مرا سر کاٹے دستِ افسوس بھی پھر تا دمِ محشر کاٹے
لب گزاں مرگ کو بھی کر دیا کشتے نے ترے کتنے لب ایسے بہ حسرت تہِ خنجر کاٹے

خیالِ وعدہ میں جو دن تمام ہوتا ہے ظہورِ شب بس اجل کا پیام ہوتا ہے
پناہ تیغِ نگہ اُس کی ہے کہ برق کی طرح جدھر بڑھے ہے اُدھر قتلِ عام ہوتا ہے
مبارک اے دلِ ناکام تجکو حسرتِ عشق کہ فرطِ یاس سے اپنا تو کام ہوتا ہے
رہے نہ ہاتھ مرا کیونکہ دل پہ بے دلبر کہ درد و غم کا یہی تو مقام ہوتا ہے
کروں جبیں کو میں اس وقفِ آستاں تسکیں جو جانوں سجدے سے بارِ سلام ہوتا ہے

مرگ ہاتھ سے اس کے عمرِ جاودانی ہے آبِ خنجرِ قاتل آبِ زندگانی ہے
بسکہ باعثِ گریہ سوزشِ نہانی ہے اشک کو نہ سمجھا میں آگ ہے کہ پانی ہے
بھر رہے ہیں آنکھوں میں یار کے نگاریں پا رات سے کچھ اشکوں کا رنگ ارغوانی ہے
آئی ہے نفس لب تک سو جگہ سے لے لے دم زور کچھ بھرا ان روزوں اپنی ناتوانی ہے
داغِ غم ترے کھا کھا مر گیا ہوں میں اے گل قبر پر مری لازم تجکو گل فشانی ہے
کیوں نہ موم سے پگھلیں اہلِ بزم آہ سن سن سوزِ غم پتنگوں کا شمع کی زبانی ہے
واں علم ہوئی ہے تیغ بہرِ امتحاں تسکیں خم کر اپنی گردن کو وقتِ جانفشانی ہے

نکلا جو وے کے سرمۂ دنبالہ دار وہ — کوڑا سا ایک ابلق ایام پر ہوا

دل کی بیتابی جو میں اُس کو رقم کرنے لگا — لغزشیں ہر حرف پہ سو سو قلم کرنے لگا

دل میرا شکیبا کسی عنواں نہیں ہوتا — سچ کہتے ہیں فن عشق کا آساں نہیں ہوتا
عالم کہوں کیا رونے کی شدت کا میں یارو — عالم میں تعجب ہے کہ طوفاں نہیں ہوتا
رہتا ہے پس از مرگ بھی عاشق کو غم عشق — سچ یوں ہے کہ اس غم کو بھی پایاں نہیں ہوتا
یارب یہ شب ہجر ہے یا حشر کا دن ہے — کیوں صبح کا چاک آج گریباں نہیں ہوتا
ہے کون وہ عالم میں کہ جوں آئینہ پیارے — عالم کو ترے دیکھ کے حیراں نہیں ہوتا
تو وہ ہے جہاں رونقِ محفل ہو ترا حسن — واں شمع پہ پروانہ بھی قرباں نہیں ہوتا
ہے بوجھ بہت عشق کا بھاری متحمل — اس بوجھ کا تسکیں ہر ایک انساں نہیں ہوتا

کیا جانے جز اجل ترے مائل کا اضطراب — مائل ہی اضطراب کا دل، دل کا اضطراب

رفیقِ اہلِ جنوں کون ہے سوا زنجیر — کہ پا ہے یہاں پئے زنجیر و بہرِ پا زنجیر
ہوا ہوں سلسلہ جنبانِ جنوں کا میں ای قیس — اب اپنے طوق کو ٹھنڈا کر اور بڑھا زنجیر
خط ان بتوں کا ہوا دام دل جو کاکل کی — نکالی پاؤں سے کر کے خدا خدا زنجیر

آیا گلشن میں کھلے بندوں جو وہ جانِ بہار — ہو گئی برباد ساری شوکت و شانِ بہار
اُس میں اور گل میں تری ہے فرق اے بلبل بڑا — جان ہے گل کی بہار اور ہے وہ گل جانِ بہار

مشورۂ سخن بمیان محمد عیسیٰ تنہا کہ خدایش بیامرزد میکرد و بعد چندے مشارٌ الیہ ایشاں را در حینِ حیاتِ خود پیشِ فقیر حاضر ساختہ بحلقۂ تلامذہ دیگر در آوردہ باعثِ فزونیٔ اعتبار کردہ چوں سلیقۂ درست داشت شعرِ خود را در عرصۂ قلیل بہ پایۂ پختگی رسانید عمرش تا امروز بست و شش سالہ خواہد بود، از وست :-

سرگرم شبِ ہجر ہے بیدادگری پر — اور آہ نے باندھی ہے کمر بداثری پر
پروانے کو کیا سوزِ دل اُس کے کی خبر ہے — گذرے ہے جو کچھ حال چراغِ سحری پر

یا تو گلگشتِ چمن سے مجھے کر شاد کہیں — یا چھری پھیر گلے پر مرے صیاد کہیں
رکھ قفس دور چمن سے مرا صیاد کہیں — کان میں گل کے نہ پہنچے مری فریاد کہیں
بے ستوں کی تو ہر اک سنگ کی تہ کو کھودا — میں نہ پایا اثرِ تربتِ فرہاد کہیں
سچ تو یہ ہے کہ تمنا کو جہاں میں ہرگز — مصحفی سا نہ ملے گا کوئی استاد کہیں

سمجھائیں کس کو آہ غمِ ہجرِ یار میں — اپنا تو دل ہی اپنے نہیں اختیار میں
میں ہوں وہ نخلِ سوختۂ باغِ روزگار — کاٹے ہے باغباں جسے فصلِ بہار میں
ہووے گا اور اس سے مرا داغِ دل زیادہ — مدفون نہ کیجیو تو مجھے لالہ زار میں
جز محنتِ سفر نہ تمنا ہوا حصول — ملکِ عدم سے آئے عبث اس دیار میں

پہلو میں سرنگوں وہ مرے بے نقاب تھا — شب اختلاط میں اُسے اتنا حجاب تھا
زلفیں سنوارتا تھا وہ شاید کہ رات کو — تارِ حیات پر جو مرے پیچ و تاب تھا
بحرِ جہاں کی سیر میں کس طرح دیکھتا — واں دورِ زندگی تہ دورِ حباب تھا

قابو میں دل تو ہووے جو دلبر نہ ہو سکے		کیا زندگی جو یہ بھی میسر نہ ہو سکے

مت ہوئے دل اُس کی چشمِ فتنہ زا کے سامنے		آپ سے جاتا ہے کوئی بھی بلا کے سامنے
دیکھ میرا حال ہر چتون میں اُس کے لاف زن		آ گئے شوخی کے حیا شوخی حیا کے سامنے

تائب

سید بندہ علی تائب تخلص ولد میر محمدی وطنِ بزرگانش کشمیر و خودش در لکھنؤ تولد یافتہ در عربی و فارسی چیزے بقدرِ حال میداند از مدتے شوقِ موزوں کردن در دل داشت و بیش ازیں چند سال است کہ برائے اصلاح رجوع بفقیر آوردہ بود فقیر او را ازیں کار مانع آمدہ،[1] ایما بہ تحصیل علم کردہ بود بحکم اخلاق ایشاں را نیز بمقتضائے خواہش تائب تخلص گذاشتہ بحلقہ تلامذہ در آوردہ شدہ، از وست:۔

لے گل خیال جب سے ترے رنگ و بو میں ہر		دل جوں نسیمِ صبح تری جستجو میں ہے
اتنا تو کر کہ اشک رواں رخ پہ ہو کوئی		لے ضبطِ گریہ تجھ سے خلل آبرو میں ہے
رکھتے ہیں گرچہ مہرِ خموشی دہن پہ ہم		لیکن زبانِ حال تری گفتگو میں ہے
تائب نہ زخم سینہ سے میرے تو ہاتھ اٹھا		بھائی ابھی تو کام بہت سار فو میں ہے

تمنا

بھیروں داس تمنا تخلص قوم کایستھ ساکن پرگنہ مہوتھ طرفِ اٹیو نجہ قانون گوئی[2] مولدش لکھنؤ بعد از نوزدہ سالگی خیالِ موزوں کردنِ شعرِ ہندی در سرش افتاد اول

---

(۱) ایما بہ تحصیل علم نمودم بہ نصیحت عمل نمود و علم حاصل ساختہ باز پیشم آمدہ، تائب تخلص گذاشتہ
(۲) قانون گوئے آں پرگنہ (ن)
(ن)

(ث)

ثابت

شجاعت خاں ثابت تخلص۔

یہ سچ کہو کہ کیا کن نے بدگماں تم کو ‏ غبار میری طرف سی ہو لے بتاں تم کو[1]

ثابت

اصالت خاں ثابت تخلص۔

بگولے کا کہیں صدمہ کہیں صرصر کی حرمت ہے ‏ ہماری خاک یوں اُڑتی پھری لے ابرِ رحمت ہے

ثابت

میرزا ثابت علی بیگ ثابت تخلص۔ ازوست:۔

عاشقِ زار ترا شب کو جہاں رہتا ہے ‏ روزِ ہنگامہ قیامت کا وہاں رہتا ہے

کیا صنم خانے میں کیا یار حرم میں سب کو ‏ نام تیرا ہی سدا وردِ زباں رہتا ہے

ہی ترے حسن سے بازارِ جہاں یوسفستاں ‏ دل سے خواہاں ترا ہر پیر و جواں رہتا ہے

جو شہیدانِ محبت ہیں کفن سے اُن کے ‏ خوں کا سیلاب تہِ خاک رواں رہتا ہے

وادیٔ نجد میں اب تک بھی غبارِ مجنوں ‏ شوقِ لیلیٰ میں بگولا سا دواں رہتا ہے

---

(۱) ن یہ سچ کہو کہ کیا کس نے بدگماں تم کو ‏ غبار میری طرف سی ہو مہرباں تم کو

نسخہ رامپور میں ایک شعر زیادہ ہے:۔

کیوں نہ ہو مجھ کو عجب دیکھ کے نیرنگیٔ عشق ‏ جس کو دل دیتے ہیں وہ دشمنِ جاں ہوتا ہے

تصویر

جواد علی تصویر تخلص۔

قدّو قامت اس بتِ مغرور کا　　　　ایک جھمکا ہے خدا کے نور کا

تمنا

خواجہ محمد علی تمنا تخلص۔

کہاں جائیں کس سے کہیں حال اپنا　　　　کیا عشق نے تنگ احوال اپنا

تمکین

صلاح الدین تمکین تخلص۔

حسن اور عشق کو جس روز کہ ایجاد کیا　　　　مجکو دیوانہ کیا تجکو پری زاد کیا

تمنا

محمد اسحاق خاں تمنا تخلص۔

جو کوئی تجھ سے ہم کلام ہوا　　　　بات کرتے ہی بس تمام ہوا

مست ہوتا ہے ہر اک فصلِ بہاراں میں غم
کیوں نہ مرغانِ چمن سرگرم ہوں فریاد میں

خاک جو ہم بعدِ فنا ہو گئے
بارِ گراں تجھ پہ صبا ہو گئے

بخیہ گری کا جو ہوا شوق اُسے
لاکھوں گریبان قبا ہو گئے

گردنِ عاشق جو ہوئی خم تری
تیغ تلے سجدے ادا ہو گئے

اُس کے جو رُخسار سے پردہ اُٹھا
شمس و قمر دیکھ فدا ہو گئے

باغ ہیں تاراج خزاں سے غم
سروِ سہی پشت دوتا ہو گئے

(ج)

جوہر

میرزا احمد علی جوہر تخلص ، از دست :-

شاید کہ پہنچے واں تک واماندہ کوئی ہم سا
آوارۂ بیاباں اے گردِ کارواں ہو

جنون

شاہ غلام مرتضیٰ جنون تخلص ، از دست :-

آفتِ جاں ہو گئی آخر یہ بینائی مجھے
جو بلا کہئے سو ان آنکھوں نے دکھلائی مجھے

جنوں کا یہاں تلک تھا گرم بازار
کہ پتھر بھی ہوا اس کا خریدار

ہے تعجب کا مکاں واہ ری نیرنگیِ عشق
جس کو دل دیتے ہیں وہ دیدۂ جاں رہتا ہے

طرفہ صحبت ہے مری اُسکی میں موں اُس سے ٗرکا
اور خفا مجھ سے بھی وہ جانِ جہاں رہتا ہے

دل مرا روزنیِ چشم ہے لیکن ہردم
اُس کے مکھڑے کو بحسرت نگراں رہتا ہے

ثابت اُس شوخ کے جانے سے بہ شکلِ نگیں
مجکو تنہائی میں پہر دل خفقاں رہتا ہے

ثمر

میرزا علی ثمر تخلص بزرگانش از شاہجہاں آباد واند وخودش بہ لکھنؤ تولد یافتہ وجوان شدہ چوں در عربی وفارسی تحصیلِ درستی[1] داشت بمقتضائے موزونیٔ طبع از چند سال شوقِ نظمِ شعر دامنِ دلش بہ سوئے خود کشیدہ مشورۂ آں بہ فقیر آوردہ ، عمرش بست ہفت سالہ خواہد بود ، ازوست ۔

جستجو دل کی عبث گیسوئے دلدار میں ہے
چیزِ گم گشتہ کہیں ملتی شبِ تار میں ہے

ہو دمِ نالہ کشی دیکھئے کیا شعلہ بلند
برگِ گل کو لئے بلبل ابھی منقار میں ہے

موجِ نسیم لطف سے صرصر ہوئی انہیں
جو بارِ گل سے ساعدِ سیمیں لچک گئے

کس کی شمیمِ زلف صبا لائی تھی ثمر
سکانِ شہر و دشت جو سارے مہک گئے

شکلِ وصل آئی نظر آئینۂ فولاد میں
زندگیٔ خضر پائی خنجرِ جلاد نے

آہ موزوں پر ہماری کیوں نہ قمری جان دے
سچ ہے[2] رعنائی کہاں یہ قامتِ شمشاد میں

---

(۱) ن بمایہ درست دارد ۔ (۲) ن ۔ پائے رعنائی

جنون

میرزا علی نقی جنوںؔ خلفِ میرزا محمد تقی ہوسؔ بمقتضائے موزونئ طبع چیزے موزوں میکند، طبعش دریں کار رساست، عمرش از بست تجاوز خواہد بود، از وست۔

ہوگئے نشہ میں گستاخ رخِ جاناں سے — ہائے کیا کفر کیا بے ادبی قرآں سے
ذکر انساں کا تو کیا یار ترے کوچے میں — بھیجئے پیکِ صبا کو تو نہ آوے واں سے
حالِ صحرائے عدم کس سے میں پوچھوں اے دل — جو کہ جاتا ہے وہ پھر کر نہیں آتا واں سے
اپنے یاروں کو وصیت میں کروں گا دمِ مرگ — تم سمجھنا کہ جنوں چھوٹ گیا زنداں سے

جعفر

فخرالدین احمد خاں عرف مرزا جعفر جعفرؔ تخلص امارت و ثروتِ خاندانِ ایشاں چہ در شاہجہاں آباد و چہ در لکھنؤ ضرب المثلِ ساکنانِ ہر شہر و دیار است و تہور و جلادت در معارکِ سلاطینِ اولی العزم جوہرِ ذاتئ بزرگانِ ایں دودمان بر صفحۂ زمانہ یادگار شخصے بود بزیورِ فضل و کمال آراستہ چہ در طبعی و چہ در الٰہی خصوصًا در ریاضی نظیرِ خود نداشت، ہمیشہ ہم نشیں بہ سیرِ کتبِ دینیۂ فریقین مصروف بود و آدمِ ہر کیش و مذہب کہ با دوچار می شد با او بہ تواضع پیش می آمد از نظم و نثر کتاب ہائے بسیار جمع نمودہ و بمطالعۂ اصل ہر دفترے رسیدہ در شعر فہمی چہ ترکی و چہ عربی و چہ فارسی و چہ ہندی چہ در کبت و دوہرہ، از شعر گوئی بیشتر تامل می فرمود، درایامیکہ قمرالدین احمد خاں عرف میرزا حاجی پسرِ کلاں ایں بزرگ مجلسِ مشاعرہ ترتیب دادہ نظمِ ریختہ خود را بسمعِ مبارک ایشاں میرساند فواصلِ چند بہ تبعیتِ ایں بزرگ در محفل می نشستند و از اول تا آخر کلامِ ہمہ را می شنیدند بمقتضائے موزونئ جبلی گاہ گاہے خود ہم بگفتنِ شعرِ فارسی ہمت گماشتہ یک

جرأت

میر شیر علی جرأت تخلص از قدماست ، ازوست :-

نہ اپنے چھوٹنے کی کس طرح تدبیر میں رہئے
بہار آئی ہے کیونکر خانۂ زنجیر میں رہئے

جوشش

میاں محمد روشن جوشش تخلص از قدماست ، ازوست :-

تعلقاتِ جہاں سے خبر نہیں رکھتا
ہزار شکر کہ میں دردِ سر نہیں رکھتا

دل میں ہے اب قرب میں آئینہ ساں پیدا کروں
وہ مجھے دیکھا کرے اور میں اُسے دیکھا کروں

ہم چشم کیوں کہوں میں اُسے لالہ زار کا
عالم ہی کچھ جدا ہے دلِ داغدار کا

جریح

جریح تخلص ، شاگردِ مذنب است ، ازوست :-

ہوا ہوں دیکھ کر کشتہ میں پاں خوردہ دہن اُس کا
مرے مرقد پہ رکھیو جائے گل لعلِ بدخشاں کو

سمجھتا ہی نہیں عاشق کو اپنے جاں فشاں ہرگز
بھلا کس طرح سمجھاوے کوئی اُس طفلِ ناداں کو

کہا مجنوں نے آوے گا ادھر گر ناقۂ لیلےٰ
مژہ سے صاف کر دونگا میں کوسوں تک بیاباں کو

شریکِ حال کیوں میرے نہ ہوویں ہجر میں اکثر
قرابت نالۂ دل سے ہے میری آہِ سوزاں کو

غالباً خوردہ مے الفت | کہ شب و روز در خماری تو
چہ بلا بر سرت رسیدہ ولے | کہ چو جعفر نحیف و زاری تو

جوان

میرزا کاظم علی جوان تخلص سکنۂ شاہجہاں آباد جوانِ بسیار خلیق است در مشاعرہ کمتر قدم گذاشتہ چندے رفیق میرزا سیف علی نیز بود چندے بہ فیض آباد بسر بردہ حالا در کلکتہ رفتہ است ، از وست (۱) :-

وصل کی گر بزم میں خوش طالعی دے رو مجھے | شکل آئینے کی دیکھوں میں تجھے اور تو مجھے
مدعا طوفِ حرم سے ہے نہ گشتِ دیر سے | جستجو اس کی لئے پھرتی ہے ہر اک سو مجھے
کیونکہ کانٹا سا نہ کھٹکوں نظروں میں ہر ایک کی | خار جب پہلو میں اپنے سمجھے وہ گلرو مجھے
دامنِ وصل اس کا کیونکر ہاتھ آوے گا جواں | ناز سے کہتا ہے وہ چل چل پرے مت چھو مجھے
دوست دشمن اپنے بیگانے نظر آتے ہیں سب | کر گئی چشم فسوں ساز اس کا یہ جادو مجھے

ردیف (ح)

حریف

لالہ چنی لال ولد روشن لال حریف تخلص قوم کایتھ موطنش از قدیم لکھنؤ است اجداد و مادر اش متوطنِ شاہجہاں آباد بودہ است از عرصۂ شش سالگی بعضے کتب درسی را از فقیر یاد گرفتہ بمقتضائے موزونی طبع شوقِ نظمِ فارسی و ہندی در سر دارد و مشہور ر

---

(۱) شوق شور مفرط داشت - (ن)

رباعی در صفتِ پسرِ خود میرزا حاجی و یک غزل در عشقِ معشوق از ایشاں بہم رسیده بر حالِ ایں عاصی از قدیم الایام توجه و مہربانی از تہِ دل داشته دگاه گاہے بمؤنتِ احوال ہم پرداخته اند عمرش تخمیناً به شصت متجاوز نه خواہد بود در سال یک ہزار و دو صد وسی رحلت کردند در حویلیٔ نو ساختهٔ خود مدفون گشتند فقیر مولف تاریخ وفات دو یافته بقلم میدہد

مرزا جعفر از جہاں چو گذشت ... عالمے سینه را بحسرت کوفت
مصحفی جست سالِ تاریخش ... ہاتفے گفت کوسِ رحلت کوفت
۱۲۳۰ھ

دوم

جعفر آں فاضلِ ریاضی داں ... کز علومش بدہر بود خلو
چوں بحکمِ خدائے عزّ و جل ... در کفن در نہفت ناگه رو
گفت سبحاں بشانِ آں مغفور ... انتخابِ زمانه و اہلِ کو
۱۲۳۰

از دست :-

اے نورِ بصر قبلهٔ اربابِ کمال ... باشی بکمالِ جاه و عز و اقبال
خواہم که شود بفضلِ دادارِ جہاں ... عمرِ تو زایامِ کبیسه صد سال

جانِ من سخت بیقراری تو ... ہست پیدا که عشق داری تو
دادهٔ دل بدستِ ہیچو خودی ... که چو من واله و نزاری تو
متمتّع شوی گہے به وصال ... یا چو من بخت زشت داری تو
غمگسارے ہست یا چوں من ... بیکس و یارِ غمگساری تو
جانِ من بر دلت چه می گذرد ... که چنیں زار و دلفگاری تو
کشتهٔ خود تسلیِ تیغ کنی ... که سرِ قتلِ من نداری تو

غمِ دوری سے ہی ہمدم نہایت جی ہے تنگ اپنا
نہ کھاویں خونِ دل کیونکر نہ ہو کیوں زرد رنگ اپنا
کریں تھے جس جگر سے سینہ کوبی اُس کے کوچے میں
وہی پھر بعد مرنے کے ہوا چھاتی کا سنگ اپنا

منہ سے نقاب دی جو مرا مہ جبیں اُلٹ
حور و پری کا جاوے دم اے ہمنشیں لٹ
پل مارتے جہاں کا رنگ اور ہو گیا
کیا کیا صفیں فلک نے یہاں پل میں دیں اُلٹ
لکھا ہے جو نصیب کا مٹتا نہیں کبھی
جاوے اگر حریف زمان و زمیں اُلٹ

نہ ہوگی غنچۂ دل کی مرے واشد گلستاں میں
حریف اودھر ہے اب چل جی لگے شاید بیاباں میں
نہ پایا گلشنِ دنیا سے گل جز داغِ محرومی
بجائے لالہ میں لختِ جگر لایا ہوں داماں میں
رفوگر کیا سئے گا اس کو ناصح تو ہی تیلا دے
رہا ہے تار بھی باقی کوئی میرے گریباں میں

آہ سرگرم ہے میری شررافشانی میں
کہیں آوے نہ خلل برق کی جولانی میں
آہ یہ حرف بھی گر صانعِ عالم لکھتا
کیا نہ تھی وصل کی جا گر خطِ پیشانی میں
ہم نے وحشت میں بھی ملبوس کیا خاک کو بھی
یعنی ممنوں نہ ہوے اُس کے بھی عریانی میں
کفر و دیں کی نہیں یکرنگی کا جو یہاں قائل
دیکھے زنار کو تسبیحِ سلیمانی میں
سرِ بالیں سے اٹھاوے کبھی اپنے سر کو
طاقت اتنی بھی نہیں ہے ترے زندانی میں
میری وحشت کا تو عالم ہی نرالا ہے حریف
اتنی شورش تھی کہاں قیسِ بیابانی میں

کبتلک حیا و شرم کا رکھے گا پاس اے نازنیں
اک روز تو بہرِ خدا آ میرے پاس اے نازنیں

بہ تقریر میکند ہمیشہ غائب و حاضر بر جادۂ راسخ الاعتقادی تا الی الآن ثابت قدمش یافتہ ام عمرش قریب بست و ہفت سالہ ، از وست د ۔

چاک کر دست جنوں جیب و گریبانِ مرا | سر بام آ و ببیں حالِ پریشانِ مرا
اندریں وادیٔ پر شور کہ وحشت خیز است | جز مغیلاں کہ کشد گوشۂ دامانِ مرا

جان من از طپشِ دل خبرے نیست ترا | در پرافشانی بسمل خبرے نیست ترا
قیسِ بیچارہ پسِ قافلہ دم می شمرد | حیف اے صاحبِ محمل خبرے نیست ترا

آمد بہار و یار بہ سویم نظر نہ کرد | اے وائے نالہ در دلِ سختش اثر نہ کرد
شد زخمہائے تیغ جفایش نصیبِ غیر | روحِ حریف سینۂ خود را سپر نہ کرد

اشعار ہندی

شب کہ سرگرمِ طپش میرا دلِ بیتاب تھا | اشک جو آنکھوں سے نکلا قطرۂ سیماب تھا

یہ کون غیرتِ حور آج بے نقاب ہوا | کہ جس کے جلوے سے ہر ذرہ آفتاب ہوا
نہیں ہے مجکو دمِ نزع آپ کی حاجت | غمِ فراق سے میرا جگر ہی آب ہوا
حریفِ زار نے جو آج خون تھوکا ہے | وہ شوخ غیر سے شاید کہ ہم شراب ہوا

تجکو منظور اگر زلف کا سلجھانا تھا | کام یہ مجھ سے پریشان کو فرمانا تھا
اپنی آنکھوں سے شبِ وصل کو جاتے دیکھا | روزِ بد ہم کو یہ اے چرخ نہ دکھلانا تھا

کیا کرے شکوہ کوئی اس بتِ ہرجائی کا | دیکھ اُسے بند دہن ہوشے ہے گویائی کا

کرے گا پند تو جو کچھ وہ سب مانونگا اے ناصح — پھر اُس کوچہ کے جانے میں مجھی کو اختیاری ہے

ملا خاک میں بھی میں اے صنم ترے دل میں وہ ہی غبار رہے
وہی ننگ ہے مرے نام سے وہی ملنے سے مرے عار رہے
یہ نسیم قیس سے جاکے کہہ کہ سفر کا رنج ابھی اور سہے
نہ قدم قدم ہی پہ بیٹھ رہ ابھی دور ناقہ سوار رہے

صحرا سے گرچہ باغ کو لے گئی صبا مجھے — آئی نہ راس واں کی بھی آب و ہوا مجھے
ہر چند سبز بخت ہوں پر چرخ سنگدل — پیسا کرے ہے صورت برگِ حنا مجھے
چھڑکا ہے روغن آتش دل پر سرشک نے — یعنی کہ اس نے اور دیا ہے جلا مجھے
مشتاق ہوں کہ لادے کبوتر کسی کا خط — ہرگز نہیں ہے خواہشِ بالِ ہما مجھے
دریا میں جس طرح سے رواں ہوئے برگِ کاہ — یوں موجِ اشک لے گئی یا رو بہا مجھے
احساں اٹھاتا کس لئے میں خضر کا بھلا — وحشت ہی اے حریف ہوئی رہنما مجھے

نہ سمجھو چرخ پہ جلوے ہیں یہ ستاروں کے — نشان ہیں یہ مری آہ کے شراروں کے
ہر ایک کو رہِ ملکِ عدم ہے یہاں درپیش — اُدھر سبھی کو سفر ہی قافلے ہیں یاروں کے

غیر کے گھر میں جلوہ گر جب سے وہ رشکِ ماہ ہے — تب سے مثالِ تیرہ شب روز مرا سیاہ ہے
ذرہ ہر ایک رنگ کا کرتا ہے مہ سے رو کشی — کون ہے جس نے نقاب یہاں کس کا یہ جلوہ گاہ ہے

شب وصل بھی تجھے اے صنم وہی مجھ سے شرم و حجاب ہے

کسی کو دوست اپنا میں جہاں میں کم سمجھتا ہوں
فقط اس آہِ آتشبار کو ہمدم سمجھتا ہوں

بھروسا کب نہیں میرا ہے اس گلزارِ گیتی میں
میں اپنی ہستیٔ موہوم کو شبنم سمجھتا ہوں

وہ چھڑکے ہے نمک زخموں پہ جس دم دستِ نازک سے
حریفِ خستہ میں اس کو بہ از مرہم سمجھتا ہوں

موسمِ گل میں بھی بلبل اگر آزاد نہ ہو
پھر وہ کس طرح بھلا شاکیٔ صیاد نہ ہو

مجھ سے دیوانے کی زنجیرِ گراں تک گھڑنا
رائگاں تا تری محنت کہیں حداد نہ ہو

ضعف سے ہو نہ سکے چاک گریباں مجھ سے
تو گر اے دستِ جنوں بر سرِ امداد نہ ہو

نے کی مانند ہے شورش لب تا نئی سو مرے
وہ جو خاموش ہو تو پھر مجھ سے بھی فریاد نہ ہو

صبح تک شب کو رہا میرا غمِ شادیٔ مرگ
وصل کی شب میں کوئی اتنا بھی دلشاد نہ ہو

مزہ ہے ہر شبِ مہ بر میں وہ طفلِ شرابی ہو
کھلے ہوں غنچۂ گل کے ادھر ہی موسمِ گلابی ہو

نہ روئیں کیوں رقیب اس غم سے جب با محرم میں
پڑھوں میں سوزِ دل کا مرثیہ اور وہ جوابی ہو

طالب جہاں میں کس لئے ہوں جاہ و مال کے
آخر ہیں ہر کمال کو یہاں دن زوال کے

ناخن سے سینہ کاوی یہ کی ہے کہ بن گئے
چھاتی پہ میرے لاکھوں ہی نقشے ہلال کے

واقف نہیں ہے غیب سے یہاں کوئی اسلئے
ہم معتقد نہ قرعہ کے ہیں اور نہ فال کے

اتنا ہے ننگ اُس کو کہ اب تک وہ خوش خرام
گذرے ہے میری خاک سے دامن سنبھال کے

خونِ جگر پئیں گے پہ اک جام کے لئے
ممنون ہم نہ ہوئیں گے ہرگز کلال کے

کب دیکھتے ہیں حورِ بہشتی کو ہم حریف
شیدائی ہیں جو اس بتِ صاحب جمال کے

ہجومِ دردِ دلِ ہجراں سے یہ ضعفِ نقاہت رہی ہے
کہ برگِ کاہ بھی تن پہ مجھے جوں کوہ بھاری ہے

آئینہ چھوڑ کے دیکھو کسی حیراں کی طرف
تم کو فرصت ہی کہاں اتنی خود آرائی سی
کیونکہ منزل پہ میں پہنچوں گا کہ پاؤں میں حیف
آبلے پڑ گئے ہیں بادیہ پیمائی سی

قیس کب صحرا نوردی میں مرا ہم سنگ ہی
اُس سی ویرانہ مرا آگے کئی فرسنگ ہے
کشورِ دل پہ نہ کی گر عشق نے لشکر کشی
کس لئے چہرے پہ میری ہر شکستِ رنگ ہے
غالباً پہنچی چمن میں وہ قفس سے چھوٹ کر
نالۂ بلبل نہایت آج سیر آہنگ ہے
کیوں نہ گھبراوے دلِ شوریدہ جوں مرغِ قفس
عرصۂ کونین ہی وحشت پہ اس کی تنگ ہے
کس طرح سے پھر نہ ہووے شیشۂ دل چور چور
کوہ غم کا اس کی چھاتی پر بھاری سنگ ہے
یار کا شکوہ کروں کب اتنی طاقت ہی مری
اپنے ہی بخت زبوں سی مجکو ہر دم جنگ ہے
تو جو نت سرگشتہ پھرتا ہی بسانِ گردباد
اے دلِ وحشی کوئی یہ زندگی کا ڈھنگ ہے
پھر کروں کیونکر نہ لے ہمدم وداعِ نام و ننگ
عاشقی میں پاسِ نام و ننگ کا بھی ننگ ہے
اُنکی رعنائی کا جس دم سے تصوّر ہی حریف
میرے ہر اک شعر میں اک اور ہی نیرنگ ہے

حسین

غلام حسین خان حسینؔ تخلص، مردِ جہاں دیدہ و پیرِ فرسودہ دیدمش، شعرِ فارسی بسیار برجستگی میگوید، گاہے فکرِ ریختہ ہم میکند انچہ از کلامِ ہندی و فارسیش بہم رسیدہ این ست:۔

بے تو متاعِ صبر را دادہ بآبِ چشمِ تر
خانۂ دل خراب کرد خانہ خراب چشمِ تر
گریۂ زارِ ما دمے فرصتِ دیدنش نداد
بر رخ من ہمی کند کارِ نقابِ چشمِ تر
مستیٔ آن نگاہ را تا کہ حسینؔ دیدہ ام
خرقۂ زہد ساختہ غرقِ شرابِ چشمِ تر

وہی ننگ ہے وہی عار ہے وہی منہ پہ طرفِ نقاب ہے

میں ہوں گو کہ یار سے ہمزباں پہ یقیں مجھے نہیں دوستاں

ہیں نصیب ایسے مرے کہاں یہ ہنوز عالمِ خواب ہے

مجھے روزِ حشر سے مت ڈرا مجھے خوف اُسکا نہیں ذرا

کہ شبِ فراق ہے زاہدا مرے آگے روزِ حساب ہے

دلِ خستہ بہہ گیا خون ہو مرا حالِ زار ہے گو مگو

جو یقین جی کو ترے نہ ہو تو گواہ چشمِ پُر آب ہے

وہ ہوا ہے یار سے بے ادب کہیں مے کے نشہ میں وقتِ شب

یہ حریف رند پہ بے سبب نہیں اتنا قہر و عتاب ہے

مری نظروں سے گو ہمدم نہاں وہ لاابالی ہے — دلے پیشِ نظر نت اُس کی تصویرِ خیالی ہے

دریغ اُس بت نے رکھا جو کبھی ہم سے کہ ان روزوں — نگاہِ قہر نے غصہ ہے، نے جھڑکی نہ گالی ہے

واسطے رہنے کے یہاں کس کو مکاں درکار ہے — جا فقط دل میں ترے اے جانِ جاں درکار ہے

دورِ جامِ مُل ہے گردش سے کوئی دم باز رہ — رحم سے خواروں پہ ٹک اے آسماں درکار ہے

چھوڑ کر صحرا میں تنہا مجکو جاتے ہو کہاں — کچھ تو پاسِ ہمرہی اے ہمرہاں درکار ہے

پھر گلِ اشک آکے میرے زیبِ داماں ہو گئے — وقفِ وحشت پھر مرے تارِ گریباں ہو گئے

پا برہنہ بس کہ کی ہے میں نے نت صحرا دوی — صرفِ پائے خستہ سب خارِ مغیلاں ہو گئے

دل لگاتے نہ اگر اُس بتِ ہرجائی سے — خواریوں پھرتے نہ ہم گلیوں میں سودائی سے

کیا زبانِ تیشہ نے آخر کو افسانہ کہا   خوابِ شیریں میں جو سن کر اب تلک فرہاد ہی

غمِ دل سے آگاہ کیا کیجئے   وہ سنتا نہیں آہ کیا کیجئے
دلِ سخت میں اسکے ہوتی نہیں   کسی حال سے راہ کیا کیجئے
وفادار خوباں نہیں اے حسینؔ   عبث ان کو پھر چاہ کیا کیجئے

آنکھیں تمھاری دیکھتے عمر اپنی کٹ گئی   اس بندگی پہ ہم سے نظر کیوں پلٹ گئی
جیرا جو لٹ پٹا وہ صنم باندھنے لگا   جان اپنی ڈھیلے پیچوں میں آسکے لپٹ گئی
جینا ہے موت سچ ہی جدائی کے درد میں   اپنی بھی زندگی تو اسی غم میں کٹ گئی

بیتابیِ فراق ہمیں ایک آن چھوڑ   دل تو نہیں رہا ہی کسی طرح جان چھوڑ
چاہا تو کچھ ستم نہ ہوا تم نے کس لئے   ہم کو حقیر جان کے دی ہے زبان چھوڑ
کچھ چاہنا تو عیب نہ تھا بگڑے ہم سے کیوں   لو چاہتے نہیں تمہیں وو یہ گمان چھوڑ
ہو جائیں خاک ہی تو رہیں در ہی پر ترے   ممکن نہیں کہ جائیں ہم آستان چھوڑ
آشفتگی سے پہنچا ہے سودے کا مرتبہ   اب تو حسینؔ زلفِ پریشاں کا دھیان چھوڑ

جو ایسا ظلم ہر دم اے ستم ایجاد ہوتا ہی   تو صاحب یہ غلام اب آپ کا آزاد ہوتا ہی
دل و دیں صبر و طاقت لے چکی اک جان باقی ہی   تکلف برطرف اس کو بھی کیا ارشاد ہوتا ہی
عبث ہی ہم نشیں درد و الم کی میری غمخواری   کسی کا دل فراقِ یار میں بھی شاد ہوتا ہی
نہ اُس کی کھینچ سکی تصویر یا آنی آن مانی ہی   کہ اُس ساعد کے دیکھے دست کش بہزاد ہوتا ہی

آزمودیم وزرو مہر و وفا بود نہ بود — لطف او غیر فریب دل ما بود نہ بود

نیست بی وجہ بگو صاف چہ صورت دارد — میل ازیں گونہ بہ آئینہ ترا بود نہ بود

مدعا غیر دل زارم او واشت نہ داشت — ورنہ ہیچ از من بے جرم خطا بود نہ بود

دیدم آخر بہ دوا عم نرسیدی ہیہات — ایں قدر سنگدلی از تو روا بود نہ بود

اے حسین اینہمہ فریاد چہ حاصل گاہی — آں جفا کیش غمت را شنوا بود نہ بود

تیغ کین بامنت کشیدن نیست — از تو جانم سر بریدن نیست

بیقراری بدل قرار گرفت — قسمت جانم آرمیدن نیست

بہ تمنائے بوسۂ لعلش — حاصلم غیر لب گزیدن نیست

سینہ خواہیم چاک کرد دگر — جیب ما قابل دریدن نیست

کن آزاد از قفس صیاد — کہ مرا طاقت پریدن نیست

یکدم از و شوم جدا می شود ایں نمی شود — صبر کجا و من کجا می شود ایں نمی شود

بری ز حرف راست تجربہ کردہ ام دروغ — وعدہ ات اے صنم وفا میشود ایں نمی شود

وصل تو آرزو کنم ایں چہ خیال باطل است — شاہ کجا و کو گدا می شود ایں نمی شود

بخیہ بجیب دل چاکم رفو — ہیچ کہ از تو ناصحا می شود ایں نمی شود

غیر سرشک اے حسین یک شبم از خیال او — خواب بدیدہ آشنا ایں شود ایں نمی شود

اشعار ہندی

کیا کریں گے آہ ہم کو حشر روز داد ہے — ناتوان عشق کو کب طاقت فریاد ہے

نام تو سنتے رہے ہم پر نہ پایا کچھ نشاں — صبر و طاقت کیا ہے اور کیا خبر طبع شاد ہے

کھود کر دل ناخن غم سے نکالی جوئے خوں — ہم سے ہی یہ دستکاری کوہکن ایجاد ہے

حشمت

میر محتشم علیخاں حشمت تخلص کہ ذکر ایشاں در تذکرۂ اول گزشت رباعی خوبی از ایشاں بہم رسیدہ اینست :-

ہر جا حسنے بہ جلوہ موزوں گردید
شد عشق و بلائے جانِ مفتوں گردید
شورِ خلخالِ پائے لیلیٰ آخر
وجہِ خللِ دماغِ مجنوں گردید

حشمت

محمد علی خاں حشمت تخلص از حالِ ایشاں خبر نہ دارم۔

خط نے ترا حسن سب اڑایا
یہ سبز قدم کہاں سے آیا

حدت

نواب علی ابراہیم خاں حدت تخلص شخصِ عمدہ بود و با شعرا از تہ دل دوستی داشت و حتی المقدور انچہ از دستش می بر آید خدمت میکرد و تفویضِ عدالتِ بنارس چندے باو ماندہ چند سال است کہ جہانِ(۱) فانی را پدرود کردہ فقیر او را ندیدہ اما وصفش از زبانِ دوستاں بسیار شنیدہ شعرے کہ ازو بہم رسیدہ برائے یادگار رقم می دہد :-

اڑ گئے کچھ حواس سے میرے
اٹھ گیا کون پاس سے میرے

حاضر

محمد شاہ حاضر تخلص

---

(۱) از جہانِ فانی گذشت دن،

پہلے ہی دین و دل تو پیارے تمھیں دیا ہے | اک نیم جاں ہی باقی تم پر سو یہ فدا ہے
گر ہم نصیحت اتنا ناصح بکا کہ تب کی | ہزیان تھا وہ جو کچھ بے فائدہ بکا ہے
شب کو بگڑ کے جانا پھر معذرت کو آنا | جب دل ہو مہربانی کرنے میں لطف کیا ہے
رونے سوائے تجکو کچھ اور بھی ہی دھندا | سچ کہہ حسینؔ تیرا کیا یار ماجرا ہے

حسام

شیخ ولایت علی حسامؔ تخلص ولد شیخ زین العابدین نبیرۂ حضرت شاہ حسام الدین جوانِ مہذب الاخلاق است عمرش بست و دو سالہ دیدم بحکم موزونیٔ طبع انچہ از ابتدا موزوں می کند بہ نظرِ فقیر میگذارند، از وست :-

تجھ بن جو کبھو مجکو گلستاں نظر آیا | ہر صحنِ چمن گوشۂ زنداں نظر آیا
جاتا ہے دلِ زار وہاں خیر ہو یارب | جس کوچے میں رستم بھی ہراساں نظر آیا
کھولے جو کبھو بندِ قبا باغ میں اُس نے | ہر غنچۂ گل، سر بہ گریباں نظر آیا
مت پوچھ حسامؔ جگر افگار کی حالت | تجھ بن وہ نہایت ہی پریشان نظر آیا

ہجر میں از بس کہ تن اکبار سر پر ہی مجھے | آبِ حیواں کے برابر آبِ خنجر ہے مجھے
دیکھئے طے کس طرح سے ہو رہِ ملکِ عدم | راہ دور اور طاقتِ رفتار کمتر ہے مجھے[1]

---

(۱) نسخہ رامپور میں یہ شعر زیادہ ہیں۔ (ن)

پھر گئی ان کے لئے ساری خدائی ہم سے | لیک ہم اس پہ بھی سودائے بتاں رکھتے ہیں
عجب رسم خریداری یہ دیکھی ہم نے خوباں میں | کہ جب جنس آچکی قابو میں تب تکرار نکلی ہے
مال و زر جاہ و حشم سب رائگاں ہو جائیگا | کاروانِ زندگی جب دم رواں ہو جائیگا
ہم کو یہ روشن ہی بزمِ ہستیٔ موہوم سی | ایک دن اپنا سفر بھی شمع ساں ہو جائیگا

سرنگوں میں ورقِ دل کی جو تحریر میں تھا
رنگ بھرنا قلمِ فکر کی تصویر میں تھا

گردشِ چرخِ ستم گر نے مٹایا آخر
نقشِ بہزاد میں اس چرخ کی تعمیر میں تھا

روشنی چشمِ نکیرین کی دیکھی پسِ مرگ
جلوہ ایسا شررِ نالۂ شبگیر میں تھا

سر اٹھایا جو کسی نے بھی بہ پیشِ قاتل
ملک اللہ کا سب قبضۂ شمشیر میں تھا

آنکھ مانی کی جھپکتی ہے نظارے سے ترے
عالمِ برق یہ آئینۂ تصویر میں تھا

چشمِ مردم سے جو عنقا کی طرح چھپ جاتا
کوئی ایسا نہ مکاں چرخ کی تعمیر میں تھا

عمر گذری کہ میں واقف نہیں مے خواری سے
ہاتھ ساقی نے بھی کھینچا مری ناداری سے

پاؤں پھیلا کے لحدِ تیرہ میں سونا بہتر
دم الٹتا ہے شبِ ہجر کی بیداری سے

جب رہی کچھ نہ سکت ضعفِ بدن کے باعث
سانس آئی تھی اگر لب پہ تو دشواری سے

عاشقِ پردہ نشیں ہے دلِ دیوانہ مرا
انس رکھتا یہ نہیں شاہدِ بازاری سے

نیشِ عقرب ہے ہر اک خار یہاں اے مجنوں
پاؤں رکھنا مرے جنگل میں تو ہشیاری سے

قفسِ تنگ میں کہتے ہیں یہ مرغانِ قفس
کب چھٹیں دیکھئے اس رنجِ گرفتاری سے

تختے مضموں کے سدا چیرتا ہوں اس سے جناب
کم نہیں تیغِ زباں اپنی بھی کچھ آری سے

بم چھوٹے ہیں طوفاں کے مرے دیدۂ تر میں
بہتا ہوں شب و روز سمندر کی لہر میں

صنعت قلمِ صانعِ عالم کی میں دیکھی
ہر نقشۂ نیرنگ سے طاؤس کے پر میں

طے راہِ عدم ہو نہ سکی چلتے ہی چلتے
جوں ریگِ رواں کٹ گئی عمر اپنی سفر میں

یہ خوبیٔ قسمت ہے کہ نسیاں کے سبب سے
قاصد نے بھی رکھا نہ مرے خط کو کمر میں

گر عشقِ بتاں دل میں در آوے تو بجا ہے
بے اذن قدم رکھتے ہیں اللہ کے گھر میں

برسوں سے نہیں منزلِ مقصود کو پہنچا
ہر دم فلکِ پیر جو رہتا ہے سفر میں

صبح اٹھ ظالم قیامت کر گیا ۔۔۔ دور سے صاحب سلامت کر گیا

حباب

لطف علی حباب تخلص ولد میرزا کلو بیگ کہ بسرکار میاں آفریں علی خاں بہ تحویل کوٹھہ عزا امتیاز داشت ، از ابتدائے طفولیت سر موزونی دارد حالا کہ عمرش بست و دو سالہ خواہد بود شعر را بطور معنی بندان میگوید دریں طرز حریص کلام خود را از نظر فقیر میگذارند طبع رسا و ذہن ذکا دارد از دوست : ۔

تصویر خیالی ہی سہی سو ویں گے چمٹ کر ۔۔۔ ارمان نکالیں گے شب وصل لپٹ کر
دعویٰ نہ کرے باد صبا تیز روی کا ۔۔۔ چھو لوں گا میں دیوار سکندر کو جھپٹ کر
پیری تو بری ہوتی ہے پر مجکو یقیں ہے ۔۔۔ آرام دکھاویں گے یہ دن عمر کے گھٹ کر
ہے چشم مری خانۂ تحویل جواہر ۔۔۔ آیا ہے سمندر مرے کوزے میں سمٹ کر
خطرہ ہے یہی مجکو کہ ہوں سنگ سے بھی سخت ۔۔۔ ٹوٹے کہیں تلوار نہ قاتل کی اچٹ کر
پیغام زبانی ملک الموت کا آیا ۔۔۔ بیٹھے مری بالیں سے مسیحا کہیں ہٹ کر
آتا ہے یہی دل میں حباب اپنے کہ اک دن ۔۔۔ دیکھ آؤں میں قاصد کی طرح اُس کو جھپٹ کر

حباب وار جو مٹنے کی آرزو کرتے ۔۔۔ چمن میں ہم بھی سر سیر آبجو کرتے
ہمارے خانۂ دل میں ہے روشنی اس کی ۔۔۔ کہ جس کی دیر و حرم میں ہیں جستجو کرتے
دبا لیا ہمیں قاتل نے اپنے غصے میں ۔۔۔ بہت جو سب سے تھے ہم سخت گفتگو کرتے
جو اپنی تیزیٔ پرواز تیغ بن جاتی ۔۔۔ حلال طائر سدرہ کا ہم گلو کرتے
خزاں کے ہاتھ سے تنگ آگئے ہیں نغمہ سرا ۔۔۔ بہار آوے کہ جس کی ہیں آرزو کرتے
برنگ خضر جو عمر اپنی طول ہو جائے ۔۔۔ درازیٔ شب ہجراں کی جستجو کرتے

روز[1] واں باڑھ دھری جاتی ہے تلواروں پر
کوئی ہوتا ہی نہ تھا اتنا گنہگاروں پر
ذبح کر یا انہیں آزاد کر اس دم صیاد
حالتِ نزع ہے اب تیرے گرفتاروں پر
گرم بازاریٔ خوباں کا خدا خیر کرے
کہیں بجلی نہ گرے اُن کے خریداروں پر

عشق میں جب سے پڑا ہے دلِ ناشاد سے کام
ہے مجھے نے کی طرح نالۂ و فریاد سے کام
مثلِ ماہی جو ہوئے حلق بریدہ پیدا
اُن کی گردن کو ہے کیا خنجرِ جلاد سے کام
میں کسی کے قدِ موزوں کا ہوں عاشق قمری
نہ مجھے سرو سے مطلب ہے نہ شمشاد سے کام
باغباں سے نہیں وابستہ غرض کچھ ان کی
جو گرفتارِ قفس رہتے ہیں صیاد سے کام
سفرِ راہِ عدم کیونکہ نہ ہووے آساں
اس میں کچھ راحلہ و رکار ہے نہ زاد سے کام
ناخنِ فکر نے کی اپنی وہاں کوہ کنی
نہ نکلتا تھا جہاں تیشۂ فرہاد سے کام
سخت مشکل ہے فنِ شعر کا آنا حاذق
چاہیئے نت رہے شاگرد کو اُستاد سے کام

دیویں گے تجکو کشتۂ الفت دُعا نسیم
کوئی تو گل تو ان کی بھی تربت پہ لا نسیم
مجکو پھنسا کے زلف میں جاتی رہی الگ
تو بھی کہیں ہو بستۂ دامِ بلا نسیم[2]

حاجب

حاجب تخلص جوانِ ولایت زادہ جیہہ و خوش گفتار است با وصفِ کم علمی

---

(۱) روز کیوں دن ۔

(۲) نسخہ رامپور میں یہ دو شعر زیادہ ہیں: -

یہ ان دنوں میں عشق نے دیوانہ کر دیا
ہر ایک یگانہ سے مجھے بیگانہ کر دیا
دیکھا جو اپنے عکس کو خوش ہو کے یوں کہا
آئینہ کو بھی ہم نے پری خانہ کر دیا

اللہ ری نزاکت کہ مرا کلکِ تصوّر
کاغذ پہ لچک جاتا ہی تحریر کرمیں

نیرنگیٔ قدرت کے میں قربان کہ جس نے
جاری عمل حسن کیا جن و بشر میں

گلشن میں اگر تخم محبت کو میں بوؤں
اُگنے ہی لگے شعلہ ہر اک شاخ شجر میں

ہے تیغ زباں عالم ایجاد سے اپنی
فرہاد سبق لے گیا تیشے کے ہنر میں

چل جان بہانا سحر و شام کا مت کر
قاصد کو تو دن رات برابر ہی سفر میں

حاذق

حکیم شاہ عالم خاں حاذق تخلص ولد مولوی محمد عالم ابن مولوی محمد عزیز قوم افغان یوسف زئی ساکن شاہجہاں پور، جوانِ دانشمند است در فنِ[1] طبابت بقدر حال استعداد دارد و از چند سال بحکم موزونیٔ طبع خیال بہ گفتنِ شعر ہندی کردہ برائے اصلاح رجوع بہ فقیر آوردہ و اعتقادِ تمام باین عاصی دارد عمرش بست و ہفت سالہ خواہد بود، از وست:

اُٹھ کے میرے پاس سی جسوقت وہ جانے لگا
بیخودی طاری ہوئی ایسی کہ غش آنے لگا

دھیان میں از بس رہا دستِ حنائی یار کا
خونِ دل آخر مری آنکھوں سی برسانے لگا

گور میں بھی اُسکے دھوکے سی فرشتوں کی طرف
کیا خوشی سے اُٹھ کے میں آغوش پھیلانے لگا

آگہی آگے نہ تھی ہرگز اُسے اس چاٹ سے
اب تو مغزِ استخواں میرا ہما کھانے لگا

میں نے گر چشم خریداری سے دیکھا اُس طرف
پھول نرگس کا بھی مجکو آنکھ دکھلانے لگا

اے صبا باغ سے خنداں تجھے آنا کیا تھا
موسم گل میں اسیروں کو ستانا کیا تھا

ہے شبِ وصل، کرو وصل کی باتیں پیارے
شبِ ہجراں کا بھلا یاد دلانا کیا تھا

---

(۱) در فنِ طبابت و صرف و نحو استعداد کلی دارد (ن)

تا جہاں دل در امیدِ لطفِ تو پیوست بست ‌‌‌‌‌‌‌‌ قابلِ اسرارِ تقدیرے زباں از حرفِ ناس

آں چناں دوراں بدورت کردہ خو با آشتی ‌‌‌‌‌‌‌‌ کز رم اکنوں طبعِ وحشی آہواں وارد ہراس

بستہ عدلت در جہاں نظمے کہ اکنوں کردہ اند ‌‌‌‌‌‌‌‌ خاندانِ فتنہ در باہم بگردن ہا پلاس

از کلکت کہ بے چشم است میدارد ہمی ‌‌‌‌‌‌‌‌ عالمے را از گزندِ چشمِ زخمِ فتنہ پاس

خسروا شاید ترا تشریفِ دولت زانکہ ہست ‌‌‌‌‌‌‌‌ بر قدِ موزونِ تو شایستہ ایں زیبا لباس

داد خواہا داورا دیر است کیں دورِ فلک ‌‌‌‌‌‌‌‌ زاضطرابم کرد خود سرگشتہ دارد ہم چو آس

گرچہ قانع تر ز مورم لیک چرخِ واژگوں ‌‌‌‌‌‌‌‌ مور سانم از عنا د افگندہ در لغزندہ طاس

ہر طرف کارم رہِ امید اندر راہِ عزم ‌‌‌‌‌‌‌‌ آیدم از بختِ سرکش پائے بد خر سنگِ یاس

قدردانی کو کہ قدرم جوید و اندر سخن ‌‌‌‌‌‌‌‌ با بیانِ فکرت پس بمیزانِ قیاس

اوج از لطفِ خداوندم بدی شامل شدی ‌‌‌‌‌‌‌‌ نو زبانِ انوری و تازہ عہدِ بو فراس

تو خداوندی والحق شایدت گر پروری ‌‌‌‌‌‌‌‌ بندۂ آنکہ چو بندہ ہم چو بندہ حق شناس

تا زمیں از کاین و فاسد نیرد خالی کند ‌‌‌‌‌‌‌‌ پشت در فرے خویش از انواعِ نقد و جنس پاس

دشمنِ جاہِ ترا خالی ز نقدِ عمر کیش ‌‌‌‌‌‌‌‌ ساقیِ بختِ ترا مشحون ز راہِ عیش کاس

حشمت

حشمت علی خاں حشمت تخلص ساکنِ رامپور خلف الرشید عباس علی خاں، جوانِ خوش فکر است شعرِ خود بہ نظرِ قبلہ گاہی خود میگذارند عمرش تخمیناً بست و ہفت سالہ خواہد بود، از دست؛

ہوئے ہیں تم سے لگا دل رقیب غیروں کے ‌‌‌‌‌‌‌‌ غضب ہے جس پہ نہیں تم حبیب غیروں کے

ستم شعار جفا جو یہ کیا غضب ہے کہ تو ‌‌‌‌‌‌‌‌ بعید مجھ سے ہو بیٹھے قریب غیروں کے

آوارہ کو بکو جو پھرے ہے تو حشمت اب ‌‌‌‌‌‌‌‌ ایسی تجھے ہے کونسے انسان کی تلاش

در گفتن قصائد و مقطعات ید طولیٰ داشت چندے بصیغهٔ شاعری و سپه گری ملازم نواب وزیر بهادر سعادت علیخاں مرحوم بود، از وست:-

قطعه در مدح نواب وزیر

اے خداوندیکه پیش آب و تاب گوهرت
شب چراغ چرخ می لرزد چو آب اندر زجاج

پایهٔ قدرت از اں زانسوئے گردوں پا نهاد
کافرینش را نهد بر سر ز دست فخر تاج

در خم چوگان حکمت متصل دارد سپهر
مهره ساں گرداں دو گوی کز آبنوس و یک ز عاج

خواستم خواهم کفت را کاں که خورشیدم به چشم
گفت کاے کج فهم بیروں کن ز طبع ایں اعوجاج

با کفش کان را چه حاصل زانکه در بازار فیض
پیش وجه اوست نقد سکهٔ من تاراج

اے کشاده همتت بر ساکنان دهر در
وے گرفته حشمتت از خسروان ملک باج

بنده پرور کامگارا بنده را فیض حضور
تا میسر شد میسر شد بساط ابتهاج

تا صفا اندوخت چشمش از جمالت باز رفت
روزگار از چهرهٔ صبحش غبار شام داج

شکر یزداں کش کنوں نشانده فیضان حضور
در چنیں روزیکه خورشیدش به شب باشد سراج

تا به پرباری مثل شد قصهٔ ابر مطیر
تا به بے برگی مثل شد گفتگوے سرو و کاج

طالع بے حاصل خصمت ترا زحمت قرین
شاهد فرخنده بخت ترا بهجت مزاج

ایضاً قطعه دیگر

اے وزیرے کز قیاس عرض و طول حشمتت
عقل را گم گشته از برگشتگی هوش و حواس

در سطرلاب خیال اختر شناس وهم دید
پایهٔ جاه ترا بیروں ز امکان قیاس

کرده از قدرت فراز لامکاں قدرت مکاں
چیده از دست بروں از حد کن جاهت اساس

. . . . حشمتت گر گم کند نبود عجب
چرخ اعظم دست و پا در آں میان ز انبوه ناس

از شهیے کس ساخت بند و تو به دار جاه تو
قبهٔ ترصیع چرخش می سزد کوسے خطاس

تا کجا از دل کشم این ناله ہائے سرد را
با بجاناں جاں رسانؒ یا بدرماں درد را

تا دود ہر جا کہ خواہد در جہاں چوں گرد باؒ
ما بدستِ باد بسپردیم مشتِ گرد را

مرا بہ آں دہنِ تنگ یک سخن باقیست
جہاں بکام رسیداست و کامِ من باقیست

زبے سبب پرِ پروانہ در لگن ماند است
نشانِ سوختنِ شمع انجمن باقیست(۱)

خورشید

لالہ لچھمی رام پنڈت مدرس اہل خطہ ،جوانِ قابل و دانا بود، وخورشید تخلص میکرد
ہفت و ہشت سال است کہ بہ کلکتہ رفتہ بود ، ہمانجا وفات یافتہ عمرش تخمیناً چہل سالہ
خواہد بود ، از دست :-

خون شد از غم جگرِ من خبرے نیست ترا
نالہا کردم و در دل اثرے نیست ترا

بروے اشک برو بر اثرِ خویش ملاف
آزمودیم کہ طفلی جگرے نیست ترا

دعوے عاشقی اے لالہ بہ گلزار مزن
خشک داغیست بدل چشم ترے نیست ترا

خطا

ملا محمد کتاب خواں خطاؔ تخلص شخصِ اہلِ ایران است ، خطبہ و کتابِ جناب سید الشہدا
علیہ السلام بسیار بہ لہجۂ درست میخواند و دریں کار در معاصرینِ خویش نظیر نہ دارد وجمہور
بریں متفق اند وماوراے آں در نثر و نظمِ خود ہم رخشِ طبیعت را بمیدانِ فصاحت بہ آہنگ

---

(۱) نسخہ رامپور میں خرم کا یہ ایک ہندی شعر درج ہے جو اس نسخہ میں نہیں۔

قیس کی طرح نہ کیوں چاک گریباں کرتے
ہم بھی عاشق تھے نہ کیوں خاطرِ یاراں کرتے

حرماں

میر حسن حرماں سید صحیح النسب بقتضائے موزونیٔ طبع چیزے موزوں می کند اصلش از شاہجہاں آباد است بزرگانش نوکریٔ خانۂ بادشاہ کردہ اند بہ سبب ظریف الطبعی گاہ گاہے شعر خندہ آور ہم می گوید عمرش از چہل تجاوز خواہد بود، از وست :-

تم جو مرکب کو صنم نجد میں جولاں کرتے — سیکڑوں قیس سے اُٹھ چاک گریباں کرتے
اشک بدذات وہ ہیں رونے کا گر ہوتا حکم — اک جھڑی باندھتے ایسی ہی کہ طوفاں کرتے
وصل گر ہوتا نصیبوں میں تو کیا ناداں تھے — ہم جو اپنے تئیں مشہور بہ حرماں کرتے

ردیف (خ)

خرّم

امام الدین احمد خرم تخلص خلف الرشید شیخ رضی الدین عرف غلام مرتضٰی سُرری جوانِ صالح ومہذب الاخلاق است ، ازبست سال طبعِ سلیمش استفادۂ نظم فارسی از پدرِ خود کردہ عمرش تا امروز سی و پنج سالہ است درایامیکہ تصدِ گفتنِ شعرِ ہندی نمودہ برائے مشورۂ آں بہ فقیر ہم رجوع آوردہ وماسوائے ایں از مدتِ مدید از تہ دل خیر خواہِ راسخ الاعتقادِ ایں عاصی است ، از کلامِ فارسی و ہندیش ہر دو نوشتہ می شود از وست :-

بیزار گشت کعبہ و دیر از گناہِ من — اکنوں بجز درِ تو نباشد پناہِ من
زاں نیلی است چادرِ گردوں کہ در ازل — عکسے فتادہ بود ز بختِ سیاہِ من

الفت میں جفا کار و پر فن نظر آیا   سمجھے تھے جسے دوست وہ دشمن نظر آیا

نام تیرا ہے گو کہ اشرف خاں   سب سے بد تر جہان میں تو ہے

میں نکل جاؤں کہاں دستِ دلِ ناشاد سے   مردمِ ہمسایہ نالاں ہیں مری فریاد سے

دیوانگی میں بھی مجھے اتنا تو ہوش ہے   تصویر کی پسند تو تیری پسند کی

ہر بات پہ کہتے ہو کہ دیوانہ ہے یہ بھی   ہر بات پہ گالی کوئی یارانہ ہے یہ بھی

کبھی کاٹا گلا خنجر سے گہہ تیغ دو آبی سے   مجھے قاتل نے مارا دیکھنا کس کس خرابی سے

ردیف (د)

دردمند

محمد فقیہہ دردمند تخلص شاگردِ مرزا مظہر جان جاناں در زبانِ فارسی و ہندی فکر میکرد، از دست :۔

کیا ہم کو ڈراتا ہے شمشیر و سپر بستہ   جی دینے کو بیٹھے ہیں اب ہم بھی کمر بستہ

دوست

شیخ غلام احمد دوست تخلص مقطعے خوش دارد :۔

جولاں میدہد۔ امابیشتر درروایاتِ شہادتِ حضرتِ امام حسینؑ ، ازوست :۔

ہمدمِ موئے او شدی مشکِ خطا تو کیستی ۔ محرمِ بوے او شدی بادِ صبا تو کیستی
بود ہمیشہ خونِ من رونقِ پنجہ ہائے او ۔ جانِ مرا کہ سوختی رنگِ حنا تو کیستی
اینکہ ہمیشہ چوں خطا در قدمش فتادہٗ ۔ رشتۂ عمرِ من نۂ زلفِ رسا تو کیستی

خادم

خادم علی خاں خادمؔ تخلص :۔

یار جا پہنچے اپنی منزل کو ۔ ہم ابھی باندھتے ہیں محمل کو
دم کے لینے کی بھی نہ دی فرصت ۔ آفریں ہے ہمارے قاتل کو

خانؔ(۱)

اشرف علی خاں خانؔ تخلص ولد محمد علی خاں وزیرِ دہلی ابنِ محمد روشن خاں مخاطب بہ نواب روشن الدولہ قوم افغان خٹک بزرگانش سکنۂ شاہجہاں آباد خودش بہ لکھنؤ تولد و نشو ونما یافتہ فقیر با والدش از زمانۂ ملازمتِ صاحب عالم مرزا سلیمان شکوہ بہادر از مناسبت کہ مردِ شجاع و خوش تقریر ہمیشہ مقربِ سلاطین بودہ است الحال در سرکارِ جناب عالی ورسوارانِ بنارس عزو امتیاز تامے دارد۔ در فنِ سپاہ گری بہ سواری و در نیزہ بازی یکۂ روزگار ، چوں گفتنِ شعر دلش بہ سوئے خود کشیدہ باشارۂ پدرِ خود در حلقۂ تلامذۂ فقیر در آمدہ ، در مشقِ چہار پنج سال از ہمسرانِ خود گوئے سبقت بردہ حق تعالیٰ زندہ دارد یقین کہ بے مثل خواہد بود عمرش بیست و پنج سالہ است ، ازوست :۔

---

(۱) یہ نسخہ رامپور میں اشرف علی خاں کا ذکر ہے جو اس نسخہ میں نہیں ہے ۔

جو ہوا شیفتہ اُس کا سو بہت خوار ہوا — دل بھی میرا اُسی گیسو میں گرفتار ہوا
تندرستی میں تو مجھ سے تجھے پرہیز رہا — اب توانائی کہاں جب کہ میں بیمار ہوا
زندگانی سے ذکا اپنی میں آیا ہوں تنگ — آہ کیوں مجکو خیالِ دہنِ یار ہوا

مری جانب الٰہی کون خوش رفتار آتا ہے — کہ جس کے پانوں کے کھٹکے میں دل قربان جاتا ہے
میں صدقے اس تری شرم وحیا کے او مرے مرزا — تو کیوں غیروں میں مجکو دیکھ کر ایسا لجاتا ہے
ذرا ہٹ کر مرے پہلو سے بھائی غم اُدھر بیٹھو — تمھاری ہمنشینی سے تو میرا جان جاتا ہے
ڈھٹائی دیکھیو دیدے کی جب میں مانگتا ہوں دل — مکر جاتا ہے اور اُلٹی مجھے گھُڑکی بتاتا ہے
لڑکپن پر نہ جانا اُس کے سرگزرائے دلِ شیدا — وہ لڑکا ہے جو داناؤں کو باتوں میں اڑاتا ہے
ہجوم مردماں ہے اس لئے آج اُسکے کوچہ میں — ذکا سا بے گنہ ہاتھوں سے اُسکے سر کٹاتا ہے

من ردیّہ عام

وائے مایوسیِ قسمت کہ چمن میں ایک دم — سیر ہم کرنے نہ پائے کہ گرفتار ہوئے
اب نہ تو چھوڑیو اے دستِ ہوس دامنِ یار — ایسے جھوٹے تو کئی وصل کے اقرار ہوئے
اُس سے کس منہ سے کروں آہ سوالِ بوسہ — بات کرتا ہوں تو کہتا ہے بہت یار ہوئے
کیوں نہ ہو خدمتِ ناسخ سے شرف مجکو ذکا — شعر میرے بھی زمانے میں نمودار ہوئے

ذوق

منشی آسارام ذوق تخلص :-

دل تو کہے ہے آنکھوں نے مجکو کیا خراب — آنکھیں کہیں ہیں دل ہی نے مجکو ڈبا دیا
بگڑا کسی کا کچھ نہیں اے ذوق مفت میں — دونوں کی ضد نے خاک میں ہم کو ملا دیا

خدا حافظ ترا اے دوست تو اس طرح ڈرتا ہے　　کہ ہوتا ہے جگر فولاد کا بھی دیکھ کر پانی

دانا

فضل علی داناؔ تخلص :-

بہر صورت خدا کو دیکھنا عنوان ہے میرا　　یہی توحید میں مصرع سرِ دیوان ہے میرا

دل

محمد عابد دلؔ تخلص :-

مرتا ہے ابر اس مژۂ اشکبار پر　　کھاتی ہے شمع گل جگرِ داغدار پر

بیزار اس قدر جو ہوئے میرے نام سے　　فرمائیے حضور ہوا کیا غلام سے

ردیف (ذ)

ذکا

میرزا محمد بخش ذکاؔ تخلص جوانِ خوش تقریر و مہذب الاخلاق است و بمقتضائے موزونیٔ طبع چیزے کہ موزوں میکند آنرا بردتیہ میر سوز بہ نظرِ اصلاح مرزا خانی نوازش تخلص گزرانیدہ ، دور ایام مہاجرتِ استادِ خود چندے بہ پیشِ شیخ امام بخش ناسخ ہم کلام خود بردہ بزیورِ اصلاح عروسِ غزل را گلے ساختہ عمرش تخمیناً قریبِ چہل خواہد بود ۔ از انتخابِ بیاضِ اوست من ردیفہ سوز :-

کیفیت اُس کی بیاں کس سے کریں اب اے ذوقؔ ۔۔۔ دیکھتے ہم ہیں تماشائے جہاں کیا کیا کچھ

گور پر جس کے وہ ذرا ہو گئے ۔۔۔ سیکڑوں واں فتنے بپا ہو گئے

عشق میں ہم تیرے صنم جوں ہلال ۔۔۔ خلق میں انگشت نما ہو گئے

بر سرِ رحم آ تو گیا رات یار ۔۔۔ عقدۂ دل سب مرے وا ہو گئے

بہرِ تماشا جو گئے ذوقؔ مفت ۔۔۔ ہم ہدفِ تیرِ بلا ہو گئے

چلنے سے پاؤں جب رہِ الفت میں تھک گئے ۔۔۔ ہمراہی سارے چھوڑ کے مجکو سرک گئے

بیداری کا کریں شبِ ہجراں کی کیا بیاں ۔۔۔ آگے ہمارے دیدۂ انجم جھپک گئے

غیروں سے ہو رہے تھے کھڑے ہم کلام وہ ۔۔۔ دیکھا جو مجکو دور سے آتے سرک گئے

پیچھا چھڑانا ہوگا تجھے اے فلک محال ۔۔۔ دامن میں تیرے خار سے جب ہم اٹک گئے

اُس رشکِ گل کی آن وادا دیکھ باغ میں ۔۔۔ مرغ اسیر کنجِ قفس میں پھڑک گئے

آگے سے اُسکے پاؤں اٹھاؤں میں کس طرح ۔۔۔ خورشید و مہ بھی دیکھ کے جس کو ٹھٹھک گئے

ہوں اُسکے یہاں کا طفلِ دبستاں میں ایک ذوقؔ ۔۔۔ اس فن میں جس سے شیر نیستاں دبک گئے

ذہین

ذہینؔ تخلص قوم کا تیھ طفلِ نو رسیدہ شاگردِ لالہ چھنولال طربؔ کہ حالا دلگیر تخلص می گذارد در مرثیہ و سلام می گوید و نامی در مرثیہ گوئی پیدا کردہ عمرش تخمیناً شانزدہ سالہ خواہد بود، ازوست :-

کوئی نازوادا پر غش ہے کوئی اُسکی چتون پر ۔۔۔ ذہینؔ اک ہم فقط پستے ہیں اُسکے ٹھوڑی پن پر

ذرا پاسِ ادب دیکھو میں وقتِ ذبح گو تڑپا ۔۔۔ نہ میرے خون کی چھینٹیں پڑیں اُسکے دامن پر

ذوق

شیوہ پرشاہ ذوقؔ تخلص پسر چودھری وزن کشاں معرفتِ مولوی مظہر علی بہ حلقۂ شاگردی فقیر در آمدہ و فنِ شعر را فی الجملہ آموختہ و دیوان جمع نمودہ از بسکہ در مزاجِ او شورشے ہست، بعض(۱) مردم ہجو کردہ غرض تخمیناً بست و پنج سالہ خواہد بود، از وست:

کھینچنے پایا نہ وہ میان سے صمصام تمام — ہو گیا جنبشِ ابرو میں مرا کام تمام
سیر ہو سیرِ چمن کرنے نہ پایا میں، جلد — موسمِ گل کے صبا ہو گئے ایام تمام
دیکھنے پایا نہ میں رنجِ اسیری صیاد — ہو گیا مرغِ دل آتے ہی تہِ دام تمام
کیا قیامت کا ہے دن یہ نہیں معلوم مجھے — روزِ ہجراں کی جو ہوتی ہی نہیں شام تمام
دشمنی دیکھیو ٹک اُس بتِ سفاک کی ذوقؔ — قتل اُس نے تو ہمارے کئے ہم نام تمام

ہمارے ہم صفیروں کے پڑے ہیں — پسِ دیوارِ گلشن پر ہزاروں
یہ لاشہ کس کا ہے قاتل کھڑے ہیں — کمر بستہ جو شیون پر ہزاروں
کیا تھا ذبح کس کو قطرۂ خوں — پڑے ہیں تیرے دامن پر ہزاروں
ہے کس گنتی میں تو اے ذوقؔ تجھ سے — فدا اُس شوخِ پُرفن پر ہزاروں

ہم سے محفل میں کیا اُس نے نہاں کیا کیا کچھ — رات بھر ہم نے کئے دل میں گماں کیا کیا کچھ
ایک ہوئے تو اُسے دیویں ہم اے یار جواب — ہم کو کہتا ہے سر اک پیر و جواں کیا کیا کچھ
تھا تنک ظرف میں ایسا نہ مجھے مستی میں — پی کے مے تم نے کہا رات میاں کیا کیا کچھ
رحم آیا نہ اُسے تو بھی مرے حال پہ ٹک — قصۂ ہجر کیا میں نے بیاں کیا کیا کچھ

(۱) بعض مردم را ہجو ہم کردہ (ن)

نورِ مہ اُس کے روبرو کم ہے — چشمِ بد دور کیا ہی عالم ہے

لاتا ہوں نقدِ جاں کو سو یہ واں نہیں قبول — نذرِ گدا بحضرتِ سلطاں نہیں قبول

ناصح جو ہم سے اُلجھے تو اُلجھے وے ہیں — ہونا کسی سے دست و گریباں نہیں قبول

اللہ رے تیرے دستِ حنا بستہ کا خیال — جس کو سلامِ پنجۂ مرجاں نہیں قبول

زبس ہجرِ غم رات تھا شور و شر پر — رہی آستیں صبح تک چشمِ تر پر

نہ آیا وہ بت اور موئے ہجر میں ہم — پڑیں پتھر اے آہ تیرے اثر پر

صبا گل تو آپ ہی قریبِ فنا ہے — نہ مار آستیں اُس چراغِ سحر پر

یہ اکسیرِ حسن اُس کی ہے پرتو افگن — کہ ہے رنگِ شنجرف عقدِ گہر پر

اسی بحر میں کہہ غزل اور رعنا — کہ ہو آفریں جس کے ہر شعرِ تر پر

موا آہ بھر بھر کوئی تیرے در پر — نہ آیا تجھے رحم اُس نوحہ گر پر

اسے یونہیں رہنے دے جراح چندے — نہ خشکی کا مرہم لگا داغِ تر پر

یہ حسرت رہی مجکو نخلِ تمنا — نہ آیا کبھی برگ حسن ثمر پر

گئے بانکپن بھول دلّی کے بانکے — نظر کی جو کافر کی ترچھی نظر پر

اگر اُس شعلہ رو کی دیکھ پائے برق چھل بلیاں — تو جاوے بھول اپنی چرخ پر کرتی وہ اچپلیاں

پریشانی تری زلفِ سیہ کی اے مہِ تاباں — نہ چھانا کون سا کوچہ نہ دیکھیں کونسی گلیاں

شب اُسکے فندقِ پا کا چمن میں ذکر جو آیا — چھپا کر منہ کو پتوں میں وہیں چپ رہ گئیں کلیاں

تصور میں ہمیں اُس گل کے خواب آتا نہیں مطلق — خدا جانے کہ رعنا کیا کریں گی دل کی بے کلیاں

خیالِ خام پر مرنا عبث ہے اے ذہین اب تو عیادت کو نہ آیا جو وہ کب آتا ہے مدفن پر

ذاکر

میاں بشارت اللہ عرف محمد زکریا ذاکر تخلص ولد شیخ ہدایت[1] قوم قدوائی ساکن بسوہ جوانے طالب علم است اکثر کتب عربیہ و فارسی را دیدہ بہ تعلیم و تعلم اوقات بسر بردہ پیش ازیں چند سال پیشِ فقیر ہم برائے خواندنِ قصائدِ عرفی می آید دراں روزہا چیزے کہ از ہندی و فارسی موزوں کردہ بہ نظرِ فقیر گذرانیدہ اعتقادش بہ فقیر زیادہ از شاگردانِ دیگر است و از انجاست کہ گفتہ اند دورانِ بابصر در حضور و حضورانِ بے بصر دور، ازوست :-

دیکھی جو اس کے ابروئے خمدار کی شبیہہ آنکھوں میں اپنی پھر گئی تلوار کی شبیہہ

تری چشمِ شوخ سے کب بشر کوئی چشم اپنی ملا سکے جو نگاہ بھر تو نظر کرے تو پری بھی پر نہ ہلا سکے

ردیف (ر)

رعنا

شیخ عبدالرحیم ولد شیخ عبدالکریم متوطنِ شاہجہاں آباد[2] از سی سال بہ لکھنؤ رسیدہ جوانِ صلاحیت شعار و موزوں طبع است، رعنا تخلص می گذارد و آنچہ گفتہ بہ نظرِ فقیر میگذارد، ازوست :-

زلفیں بکھرا کے کسی نے پھر کیا جادو مجھے جو پریشانی سئے پھرتی ہے ہر اک سو مجھے
ایک تو یاد آ رہا ہے وصل کا اس دم سماں دوسرے تڑپا رہی ہے برق تو یک سو مجھے

---

(۱) شیخ ہدایت اللہ (ن) (۲) بزرگانش اہلِ خطہ - (ن)

آشوبِ رستخیز زند بوسہ بر رکاب | جولاں کند دمے کہ بمیداں سمندِ تو

بر نعشِ منِ خستہ چو آں شوخ گذر کرد | از یک سرِ پا زندہ مرا بارِ دگر کرد

زخونم رنگِ داماں تازہ کردی | دگر داغِ رقیباں تازہ کردی
رہا کردی اسیرانِ بلا را | غم و اندوہِ زنداں تازہ کردی
پس از فرہاد و مجنوں ای دلِ زار | تو طرزِ شور و افغاں تازہ کردی
بخوں خود را کشم لے مایۂ جاں | بدشمن عہد و پیماں تازہ کردی
مرا کشتی تو باشی در جہاں شاد | کہ راہ و رسمِ خوباں تازہ کردی
رسانیدی صبا پیغامِ وصلش | منِ دلدار را جاں تازہ کردی
غزل گفتی کہ در سفتی رشیدا | تو نامِ ہند و ایراں تازہ کردی

راغب

میرزا کریم بیگ راغب تخلص ولد میرزا بابر بیگ ساکن بلدۂ لکھنؤ جوانِ ظریف طبع و شوخ مزاج بود سہ سال کلامِ موزونِ خود را از نظرِ مرزا خانی نوازش گذرانیدہ، پنج سال است کہ بطرفِ حیدرآباد آوردہ شدہ رفتہ، ہیچ احوال او معلوم نیست۔ عمرش تخمیناً بست و ہفت سالہ خواہد بود، از وست:-

وہ لڑکر ہم سے شادی کے بہانے | لگے غیروں کے گھر چھپ چھپ کے جانے
گلے آکر لگا یا دل ربا نے | مجھے یہ دن دکھایا پھر خدا نے
سوئے عشاق آ، او ناوک انداز | یہی ہیں تیر آفت کے نشانے
مرے قصے کے ہوتے آسکے آگے | عزیزو مت کہو پچھلے فسانے

کیوں خال سیہ جاناں! عارض پہ بناتے ہو
اس چاند سے ٹکڑے کو کیوں داغ لگاتے ہو

نے وصل کی خواہش ہے نے بوسہ کے طالب ہیں
اس دور کے ملنے پر کیوں آنکھ چراتے ہو

جب آؤ نظر مجکو بگڑی ہی کہ بنے صاحب
دل کو مرے بھاتے ہو دلکو مرے بھاتے ہو

تم وقت میں اپنے بھی کیا کم ہو مسیحا سے
انداز تبسم میں مردوں کو جلاتے ہو

کس واسطے پہنے ہو یہ بدھی اور ہار لٹنے
کیا پھول سے پنڈے کو پھولوں میں بساتے ہو

یہ چاند نہیں ہر وہ بدلی میں جو چھپ جاوے
کیوں چاند سے ٹکڑے کو بالوں میں چھپاتے ہو

انصاف کرو اس میں ہے کام رفوگر کا
چاک جگر عاشق غیروں سے سلاتے ہو

مرغان چمن ناحق فریاد و فغاں کر کے
وہ نیند کا ماتا ہے کیوں اسکو جگاتے ہو

سنتے ہو میاں رعنا کچھ ہوش گیا ہے کیا
وہ فتنۂ عالم ہے دل کس سے لگاتے ہو

رشید

نواب نصیر الدولہ رشید تخلص خلف الرشید نواب عما د الدولہ عرف غازی الدین خاں مرحوم، جواں مہذب الاخلاق از مدت مدید در کاکیی استقامت دارد بمقتضاے موزونی طبع کہ موزونست نظم اشعار فارسی را بسرانجام می رساند انچہ از و بہم رسیدہ این ست:-

در جہاں شاد آنکہ نبود جان ناشاد من است
ہرچہ دایم از اثر خالی است فریاد من است

اے کہ دارد در کمر تیغ و بکف خنجر رشید
دشمن دین و بلائے جان و جلاد من است

رحم کن بر حال زارم آہ و زاری را ببیں
زلف را بر رخ بفگن بیقراری را ببیں

گشت با جور رشید بے سرو پا را و لے
شکوہ از جور رش نہ دار ر ازداری را ببیں

خوش گر دنے کہ کرد پسندش کمند تو
اے و لے ہر کسے کہ رہا شد ز بند تو

کیا پائی ہے بو لے شہِ گل تیری صبا نے — جو پھرتی ہے ہر صبح گدایانہ چمن میں
کر یاد، ترے قد کی، کل اک سرو کے نیچے — پہروں پڑا رویا ول دیوانہ چمن میں
جب سے وہ بتِ شوخ لگا باغ میں جانے — ہے نامِ خدا رونقِ بت خانہ چمن میں
بے پردہ صبا کھول نہ غنچے کا گریباں — کیا دیدۂ نرگس نہیں بیگانہ چمن میں
لکھ رکھا ہے گن کر ورقِ گل پہ قضا نے — بلبل تری قسمت کا جو ہر دانہ چمن میں
اُس تک نہیں ہونے کی رسا تیری رسائی — جانا نہ جہاں بیٹھا ہے جانانہ چمن میں

جو کام کہ ہم نے رُخِ[1] جاناں سے نکالا — سو خضر نے کب چشمۂ حیواں سے نکالا
اُس شاخ کو پھر صاف قلم کرتا ہے گلچیں — جس شاخ نے سر نخلِ گلستاں سے نکالا[2]

رند

حمزہ علی رندؔ تخلص۔

سینے سے داغِ عشق مٹایا نہ جائے گا — ہم سے تو یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

فائدہ کیا ہم کو گر گلشن میں آتی ہے بہار — بن مے و معشوق کس کافر کو بھاتی ہے بہار

راغب

جعفر خاں راغبؔ تخلص۔

---

(۱) لبِ جاناں (ن)

(۲) نسخہ رامپور میں یہ دو شعر زیادہ ہیں۔ (ن)

مر جائیگا جوں ماہیِ بے آب تڑپ کر — جس نے مجھے قیدِ غمِ ہجراں سے نکالا
رونا مری آنکھوں سے لیا خلقِ خدا نے — ہنسنا تو تمھارے لبِ خنداں سے نکالا

ہو بندہ آج کل ہی قیس و فرہاد | یہی اللہ کے ہیں کارخانے
پرستاں ہے پری رویوں کا کوچہ | نہ اس کو چھوڑ اے راغب دوانے

کہتی آپس میں تھیں ہو بلبلیں نالاں کئی | اے خزاں تونے اجاڑے ہیں گلستان کئی

راحم

میر علی محمد راحم تخلص شاگرد میاں عطا[1] بزرگانش سکنۂ شاہجہاں آباد وخودش در لکھنؤ نشو ونما یافتہ واکثر مشق سلام کردہ از سر رشتۂ شعر و شاعری چنداں واقف نیست روزے در غزلِ طرحیٔ فقیر کہ پیش ازیں بروش تقرر داشت چیزے موزوں کردہ آوردہ بود عمرش بست و چہار سالہ خواہد بود، از وست:-

دیوار کے روزن میں سے جو اس کی پڑی آنکھ | دو چار گھڑی اُس کی مری خوب لڑی آنکھ
پہلے تو لگاوٹ سے کیا پیار بہت سا | پھر بعد کئی دن کے دکھائی یہ کڑی آنکھ
ارمان مرے دل کے نکل جائیں یہ سارے | گر تیری رہے سامنے دو چار گھڑی آنکھ

رسا

میرزا محمد نقی رسا تخلص گویند از نوادہائے مرزا معز فطرت است، طبیعے رسا و ذہنِ ذکا دارد بندہ ہم ہنوز اورا ندیدہ انچہ از کلامش بہم رسیدہ این است، دیگر از احوالش مفصل معلوم نیست :-

ساقی کے لگا منہ سے جو پیمانہ چمن میں | شیشے نے کیا سجدۂ شکرانہ چمن میں

---

(۱) میاں عطا مرثیہ گو بزرگانش سکنہ دہلی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ یافتہ و سلام و مرثیہ می گفت از غزل نابلد بود (ن)

اب تک تجھے رآسنح سرو ہی بیخبری ہر — جا دیکھ شتابی وہ چراغِ سحری ہے
گل برگ کے مانند کروں چاک میں کیونکر — یارب مرے سینے میں یہ کیا آگ بھری ہے

رفعت

مولوی غلام جیلانی رفعتؔ تخلص، ساکن رامپور مردِ جامع الکمالات شاگردِ مولوی قدرت اللہ شوقؔ است، عمرش شصت سالہ خواہد بود، از وست:-

اُٹھ گیا رات جو اُس ماہِ جبیں کا پردہ — ہو گئی چادرِ مہتاب زمیں کا پردہ
نظرِ عشق سے محجوب نہیں جلوۂ دوست — پردۂ چشم ہے اُس پردہ نشیں کا پردہ
شمع کافوریِ ساقینِ مصفا سے تری — پرِ پروانہ بنا دامنِ زیں کا پردہ
دیکھ کر اُس مہِ تاباں کا زمیں پر جلوہ — پھٹ گیا مثلِ کتاں چرخِ بریں کا پردہ

کچھ نہ ہم سے سادہ لوحوں سے ہوا جوں آئینہ — غیر کے رفعتؔ مگر عیب و ہنر دکھا گئے

ٹالتا ہی وصل کے وعدے پہ وہ برسوں مجھے — روز تبلاتا ہے ظالم آج کل پرسوں مجھے

یار نے جب غزلِ تازہ سنائی مجکو — موتِ بلبل دہنِ غنچہ سے آئی مجکو
نکہتِ گل ہوں قفس میں ہے مری خاطر جمع — ہے پریشانیِ دل تجھ سے رہائی مجکو
دشت میں شوخیِ آہو نہ سمجھ کرتا ہے — ادب آموز جنوں چشم نمائی مجکو
منقلب کار دو عالم نظر آیا رفعتؔ — جب سے وہ نرگسِ جادو نظر آئی مجکو

رستم

مرزا امام بخش رستمؔ تخلص گویند کہ بیش ازیں کاتھ بود از چندے بہ حلقۂ اسلام

یہ شب تری فرقت کی نپٹ ہم پہ کڑی ہے
ہر اُس کی گھڑی روز قیامت سی بڑی ہے

غصہ نے ترے دل کے مرے جی کو جلایا
اس سنگ سے کیا آتش جاں سوز جھڑی ہے

دیوانہ کیا آپ سا میں اُس کو بھی راغب
بیٹھا مری صحبت میں کوئی ایک گھڑی ہے

رفعت

شیخ محمد رفیع رفعت تخلص۔

کیا جگر ہے جو ترے در پہ فغاں کرتے ہیں
ہم تو آہستہ قدم رکھتے یہاں ڈرتے ہیں

رستم

احتشام الدولہ رستم علی رستم تخلص۔

اُس کو مجھ سے جدا کیا تو نے
اے فلک ہائے کیا کیا تو نے

راسخ

غلام علی راسخ تخلص، از وست :۔

شب جو اُس ماہ سے روشن مری آغوش ہوئی
شمع یہاں تک ہوئی شرمندہ کہ خاموش ہوئی

نہ رکھو مرے سر پہ تم ہاتھ جاؤ
سمجھتا ہوں میں سب[1] یہ جھوٹی قسم ہے

ہوں ہم آغوش تجھ سے سب کوئی
کس طرح دیکھے یہ غضب کوئی

---

(۱) بھی۔ (ن)

تلامذۂ ذوقی رام حسرت شخصِ مسن و دانا بنیاست۔ شوقِ شعر و نثر نویسی ہر دو بہ شدت دارد عمرش شصت سال رسیدہ ، از وست :۔

نقطۂ صفر ہے اس ماہ کا خالِ گردن
جس نے دو چند کیا حسن و جمالِ گردن

ہم نوایانِ چمن تم تو کرو سیرِ بہار
ہم پھر آئیں گے قفس سے جو رہائی ہوگی

روح

میر شجاع الدین روحؔ تخلص شاگردِ مرزا قاسم علی رقتؔ مرحوم جوانِ مہذب الاخلاق است با فقیر بسیار معتقدانہ پیش می آید از متوسلانِ خواجہ باسط معلوم می شود۔ عمرش از سی متجاوز خواہد بود ، از وست :۔

شیفتہ کس پر ہے تو نکلا ہے تیرا دل کہاں
سچ بتا ہم کو ہوا ہے روح تو مائل کہاں

دار پر کھینچا گیا منصور اپنے ہاتھ سے
حق کے آگے ہو فروغِ دعویٔ باطل کہاں

سروِ گل کو قد و عارض سے نہ کر یارِ رشک
بے گناہوں کا روا ہے خون لے قاتل کہاں

بن مٹے چاہے کہ چھٹکارا ملے دشوار ہے
روحؔ تو آ کر ہوا ہے قیدِ آب و گِل کہاں

نکلے ہو آج گھر سے یہ کس آب و تاب سے
ڈھانکا ہے آفتاب نے منہ کو سحاب سے

بولے فرشتے دیکھ مرا نامۂ عمل
فارغ نہ ہوگا یہ کبھی اپنے حساب سے

لے دل میں غش ہوں صندلی رنگوں کی قید
کیوں درد سر نہ ہو مجھے بوئے گلاب سے

بادہ ہے، ساقی ہے، مینا ہے، صنم ہے، شب ہے
کس قدر آج مساعد نظرِ کوکب ہے

خط ترا سبزہ ہے قطرے ہیں عرق کے شبنم
دہنِ مار ذقن مہرہ ترا غبغب ہے

درآمد بمقتضائے موزونی طبع درابتدا چیزے کہ موزوں می کرد بہ نظر میرزا قاسم رقت مرحوم می گذرانیدہ چوں استادش از چند سال ودیعتِ حیات سپردہ زندگانی را جواب دادہ حالا بطورِ خود راہ میرود عمرش تخمیناً از سی سال تجاوز خواہد بود، از وست :۔

جاتے ہیں حواس اپنے کچھ بھید نہیں کھلتا
اُس پاس سے کیوں قاصد باچشم پُر آب آیا
دن کو دلِ ناداں آرام دے ٹک کرنے
ہمسایوں کو شب تیرے نالوں سے نہ خواب آیا

آتا نہیں وہ کلبۂ احزاں میں ہمارے
اے نالۂ شبگیر ہوا تیرا اثر کیا
کر آئینۂ دل کی مرے دید ذرا تو
اس آئینے میں دیکھ تو آتا ہے نظر کیا
جب آٹھ پہر عشق کرے خانہ خرابی
آباد ہو اے رسم مرے دل کا نگر کیا

نہیں پڑھتا ہے میرا سیمبر خط
لکھا ہمدم میں اس کو بیشتر خط
قیامت پر ہے شاید وعدۂ وصل
جو لایا نزع میں پیغامبر خط
گیا ہے نامہ لے قاصد یہی سوچ
نہ لادے رسم کچھ رنگِ دگر خط

تہلکہ ہوئے نہ کیونکر مرے سب یاروں کو
کل وہ کہتے تھے کروں قتل گنہگاروں کو
کیا یہ انداز خوش آئے ہیں ستم گاروں کو
بے گنہ قتل کریں بخشیں گنہگاروں کو
جی میں ہے مصر کے بازار میں لیجا کے تجھے
خوب سا چھیڑئے یوسف کی خریداروں کو
رند مشرب ہیں ہمیں کام کسی سے کیا رسم
کافروں کو نہ برا سمجھیں نہ دیں داروں کو

رغبت

جلال الدین خاں خلفِ شجاع الدین خاں رغبت تخلص، ساکن مراد آباد، از

کشمیر است، از بست سال بہ لکھنؤ رسیدہ، جوانِ مہذب الاخلاق و غریب و باصلاح وسادہ و دیدمش و خود معاش بہ علاقہ بندی کردہ و می کند و اجدادش تاجرِ پشمینہ بود، بمقتضائے موزونیٔ طبع از دوازدہ سال چیزے موزوں می کند و آنرا بہ نظرِ فقیر می گذارند و باوصف کم علمی، طبعِ رسا و ذہنِ ذکا دارد، از وست :-

فراغت کر چکا مانی جب اُس کے طاقِ ابرو سے ۔ کفک کا اُسکے نقشہ کھینچ دیجو میرے لوہو سے

خدایا ساحلِ مقصود پر تو اُس کو پہنچانا ۔ ہماری کشتیِ دل لطمہ خور ہے موجِ گیسو سے

مردمانِ چشم سے چشمِ تر خالی ہوئے ۔ اب تو آ ظالم کہیں یہ دونوں گھر خالی ہوئے

پھر آپ نے غیروں سے ملاقات نکالی ۔ اچھا، یہ نئی چھیڑ مرے ساتھ نکالی

جس رات نہ تو آیا مرے پاس مری جاں ۔ کیا جانئے کس طرح میں وہ رات نکالی

دل نذر کیا اُس کے جو ہم نے تو کہا بس ۔ دینے کو ہمارے یہی سوغات نکالی

کر قتل مجھے اُس نے ڈبویا تو کسی نے ۔ دریا سے مری لاش نہ یہہ بات نکالی

قایل ہوں میں زیبا تری خوش گوئی کا تو نے ۔ ہر بات میں دیکھا تو نئی بات نکالی

دکھلا کے تری خواب میں تصویر کسی نے ۔ مارا وہیں پھر دل پہ مرے تیر کسی نے

میں ہجر کی شب گرچہ کئے سیکڑوں نالے ۔ پر دل میں نہ کی یار کے تاثیر کسی نے

جوں خالِ سیہ ہے خمِ ابرو میں کسی نے ۔ سجدہ نہ کیا یوں تہِ شمشیر کسی نے

لاشہ مرا افتادہ رہا یار کے در پہ ۔ کی اُس کے اُٹھانیکی نہ تدبیر کسی نے

تڑپا کبھی جو صید ترا تیر کے تلے ۔ ابرو نے رکھ لیا اُسے شمشیر کے تلے

مے پرستی پہ نہ کیوں جان فدا ہوئے روح　　　خاکِ میخانہ سے میرا یہ بنا قالب ہے[1]

رافت

میاں رؤف احمد رافتؔ تخلص، پیرزادہ سرہندی جوانِ غریب و مسکین است پیش ازیں چند سال در زمانِ عہدِ جناب نواب آصف الدولہ از رامپور بہ لکھنؤ گذار افگند بہ ملاقاتِ فقیر آمدہ بود، ارادۂ تلمذ در دل داشت و می خواست، دراں روا روی سفر کہ وقفہ ماندن در شہر چنداں نبودش، کلامِ شکستہ بستۂ خود را بپائے خامۂ اصلاحِ من در آورد، بعد چند روز شاگرد جرأت شدہ پیشِ عاصی برائے رخصت باز آمدہ یک دو جزو از دیوانِ خود بر دست داشت در مزاجش وحشتے و تلونے بود عمرش سی و چہار سال سمع رسیدہ، از وست :-

دمِ وداع یہ کہنا ہی کیا غضب اُس کا　　　کہ ہم تو جاتے ہیں رافتؔ ترا خدا حافظ

جراح مرے زخم کو سینے کے تو سی مت　　　یہ جھانکنے کو دل کے جھروکا ہے غنیمت

ردیف (ز)

زیبا

میاں عبدالرحیم زیباؔ تخلص ولد خواجہ محمد سخی متوطنِ شاہجہان[2] آباد اصلِ بزرگانش

---

(۱) نسخۂ رامپور میں یہ دو شعر زیادہ ہیں۔

گل چاک گریباں ہے تیری گلبدنی سے　　　دل تنگ ہے غنچہ کا تیری کم سخنی سے
گو جرم میرے حد سے زیادہ ہیں پہ لے روح　　　امیدِ شفاعت ہے رسولِ مدنی سے

(۲) دہلی۔ (ن)

واں سے آتی ہے "اناالحق" کی صدا ہر روز و شب — خون سولی سے گرا تھا جس جگہ منصور کا
بات بھی کوئی کسی کی پوچھتا زیبا نہیں — اس زمانے میں خدا حافظ ہے بے مقدور کا

دامن سے ہاتھ اُس کے گو دور رہے ہمارا — پر چاک جیب پر تو مقدور رہے ہمارا

دے بوسہ گر اُس طفلِ پریزاد کے منہ پر — تو رنگ کچھ آوے دلِ ناشاد کے منہ پر
اس مرنے کے صدقے کہ ترا کشتہ پڑا تھا — منہ اپنا رکھے خنجرِ فولاد کے منہ پر
رنگین نشانے تمھیں بتلاؤں میں یارو — چھینٹیں ہیں لہو کی مرے جلاد کے منہ پر
تیشہ جو لگا تھا سرِ فرہاد پہ اُس سے — بہتا تھا لہو زور سے فرہاد کے منہ پر
کس طرح میں دیکھوں کہ دمِ نزع مرا خوں — گل پھینک کے مارے مرے صیاد کے منہ پر
ہے مصحفی استاد ترا شوق سے زیبا — پڑھ اپنی غزل جا کے ہر استاد کے منہ پر

زور

میر احمد علی زور تخلص ولد فیض علی جوانِ مہذب الاخلاق است، بہ سببِ اتحاد و دوستی کہ میاں نور الاسلام منتظر داشت فیضِ صحبتِ ایشاں را دریافتہ بحکم موزونیِ طبع یک ناگاہ چیزے موزوں کردن گرفت و آں در ترازوئے نقادانِ معیارِ معانی درست برآمدہ، با وصفِ بے علمی انچہ موزوں می کند در بافت نظمش خلل بسیار کم یافتہ می شود، عمرش سی و سہ سالہ است، از وست:-

مرتا ہوں میں اُس غیرتِ گلزار سے کہنا — پیغام صبا! تو یہ مرے یار سے کہنا
مر جاؤں گا تو بھی نہیں بھولوں گا پیارے — چل دور دِوانے وہ ترا پیار سے کہنا
جلاد کو گردن کہیں مت ماریو قاتل — کہنا ہو جو کچھ اپنے گنہ گار سے کہنا

دل لے گیا ہی وہ بت خونخوار چھین کر
جان میری اُس کے ابروئے خمدار چھین کر

کی مجھ سے دشمنی جو مرے دوست لے گئے
قاتل کی میرے ہاتھ سے تلوار چھین کر

آنکھیں مری بھر آئیں تو ساقی خجل ہوا
ہاتھوں سے میرے ساغرِ سرشار چھین کر

ہے جائے رشک اُن پہ جو کوچہ میں یار کے
بیٹھے ہیں ہم سے سایۂ دیوار چھین کر

مول لو آئینۂ دل کو کہ ارزاں چیز ہے
مفت سمجھو اس کو خوباں دست گرداں چیز ہی

وہ زلفِ گرہ گیر ہے زنجیر ہماری
وابستۂ افسوں نہیں تسخیر ہماری

تلوار تو قاتل نے لگائی تھی و لیکن
کیا کیجے الٹ جائے جو تقدیر ہماری

مشتاق ہی کس گل کی جو بیتابی کے مارے
کاغذ سے اڑی جاتی ہی تصویر ہماری

میں نے جو کہا میں بھی ذرا دیکھوں تو بولے
ہر ایک کے قابل نہیں شمشیر ہماری

ناحق کو جو یوں روٹھ رہا ہم سے کریں کیا
زیبا نہیں کچھ اس میں تو تقصیر ہماری

پہلے تو ہم کو مارا صورت دکھا دکھا کر
آخر کو لے گئے دل میرا لبھا لبھا کر

کرتا ہے قتل پیارے مجکو گھڑی گھڑی کا
یہ دیکھنا تمھارا چلمن اُٹھا اُٹھا کر

کچھ کھا کے مر رہیں گے ہم تو جو یوں ہی پیارے
راتوں کو تم پھروگے مسّی لگا لگا کر

چرخ و ستارہ باہم کیا سیر کر رہے ہیں
تاریک شب میں لاکھوں فتنے جگا جگا کر

اُن کے بھی دیکھنے کو وہ بام پر نہ آیا
پہنچے جو اُس گلی میں جانیں کھپا کھپا کر

کہتے تھے ہم، نہ دے دل اُس شعلہ رو کو زیبا
آخر نہ اُس نے مارا تجکو جلا جلا کر

صانعِ قدرت نے تن تیرا بنایا نور کا
لگ نہیں سکتا ترے تلووں کو چہرہ حور کا

کہیں کم تھی بازی مری اس سے ہمدم | وہ ہی باتوں میں میں نے جھٹ کی برابر
جو نہیں اُٹھ گیا میرے برسے وہ ظالم | وہیں روح قالب میں بھٹکی برابر
مقابل ہوا جب میں مژگاں کی صف کے | تو پتلی کے بس کو جھٹکی برابر
کوئی زور دیکھے تماشا گر اُس کا | تو ہے اشک مژگاں پہ نٹ کی برابر

اشکوں سے بجھاتا ہوں سدا سوز جگر میں | کرتا ہوں شب ہجر کو رو رو کے سحر میں
گھڑیوں مجھے ہچکی سی لگی رہتی ہے اُس بن | نالے ہی کیا کرتا ہوں بس دو دو پہر میں
اے زور مزا شعر کے کہنے کا تبھی تھا | تھوڑا سا بھی کچھ علم پڑھا ہوتا اگر میں

زلال

میر دوست علی ولد میر محمد ماہ ساکن اٹاوہ پیش ازیں دوست تخلص می کرد بہ نظرِ محمد علی تنہا سر آمد تلامذۂ فقیر کلامِ خود را می گذرانید بعد رحلتِ شیخ موصوف رجوع بہ فقیر آوردہ و آرے کجا می رفت کہ سلسلہ ہمیں جا داشت شعر در زبانِ ہندی و فارسی ہر دو میگوید عمرش سی و پنج سالہ خواہد بود ، فنِ خوشنویسی ارثِ خاندانِ اوست بہ فنِ تعلیم کودکاں ، چہ ہند و چہ مسلمان اکثرے اشتغال داشتہ بسکہ کلامش شیریں بود از بیاعاصی زلال تخلص یافتہ ، ازوست :-

شوخی کہ دی بپائے نگاریں حنا بہ بست | امشب بہ چشم آمد و چشم از حیا بہ بست
نازم بزلفِ یار کہ در یک نظارۂ | زنارِ کفر در کمرِ پارسا بہ بست
چوں قاصدے نبود سزاوارِ کوے او | عاشق فراق نامہ بہ بالِ ہما بہ بست
فریاد ازیں ستم کہ بہ عہدِ جمالِ خویش | دستِ جفا کشادہ دستِ دعا بہ بست
آبِ زلال زندگی ماست وصلِ تو | مجویم رہِ طلب مدعا بہ بست

کیا اپنی بُری خو ہے کہ اُس شوخ سے ہمدم — اک بات کبھی سنئے تو دو چار سے کہنا
آنے نہیں دیتی ہے ہمیں آبلہ پائی — صحرا میں صبا یہ سرِ ہر خار سے کہنا
آئے تو گلستاں میں وہ لے حالِ دلِ زار — ہم بھول گئے مرغِ گرفتار سے کہنا
اب زورؔ غزل کہنے کی طاقت مجھے کب ہے — سیکھا ہوں یہ میں منتظرِ زار سے کہنا

تیشے کو اٹھا سر سے جو فرہاد نے مارا — کیا یاد تھی شیریں کی اُسے یاد نے مارا
میں حشر کو پوچھوں گا یہی بات خدا سے — کس بات پہ گردن مجھے جلاد نے مارا
ایجاد ہے اُس کا یہی ہر بات میں گالی — دل لے کے مرا، اُس ستم ایجاد نے مارا
جب سرد ہوا مرغِ دلِ خستہ قفس میں — اک ہاتھ اٹھا زانوئے صیاد نے مارا
مجنوں کا لہو بند نہیں ہوتا ہے لیلیٰ — کس طرح کا نشتر ترے فصاد نے مارا
ہمسائے یہ کہتے ہیں کہ رویا نہ کر اتنا — اے زورؔ مری روز کی فریاد نے مارا

بوسہ نہ دیا دینے کہا تھا مجھے کب سے — جی چاہے ہے لب اپنے ملا دوں ترے لب سے
تو پیار کرے جان تو بس جان سی کھو دے — اس پیار سے ڈر ہے ترے اور ڈر ہے غضب سے
کہتا ہوں اسے دیکھنا برباد نہ کرنا — آئینۂ دل میں نے منگایا ہے حلب سے
میں پاس لگا بیٹھنے محفل میں تو بولے — بس لگ نہ چلو مجھ سے ذرا بیٹھو ادب سے
تا آخرِ شب شور مرا کم نہیں ہوتا — جلتا ہوں جو مانندِ چراغ اول شب سے
درباں سے وہ کہتا ہے کہ یہاں زورؔ نہ آوے — باتیں مری جا جا کے وہی کہتا ہے سب سے

گیا شب جو میں اُس کے پٹ کے برابر — غضب یہ ہوا کنڈی کھٹکی برابر
نہ ہو کیونکہ دیوانہ تعویذ اُس کے — بندھا لٹ میں لٹکے ہے لٹ کی برابر

جہنم آگ میں اور خلد خاک پر لوٹے | لحد سے حشر کے دن جب یہ زرد رو نہ اٹھا

کبودی ہوگئے جب یار کے عذار کے گل | ہوا میں سخت پشیمان اُن پہ مار کے گل
• زلالؔ آگ ہے سینے میں کیا عجب نکلیں | ہماری آہِ شرر بار سے چنار کے گل

کسی کاتب نے مگر نامہ لکھا تھا اس کو | آج تک روز قلم ہوتے ہیں دو چار کے ہات

رہی ہے آٹھ پہر زلفِ پرشکن میں نسیم | ختن نسیم میں ہے اب نہیں ختن میں نسیم

یاد ہے مستیٔ چشم اُس کی فراموش ہوں میں | سیر ہے یار تو مے نوش ہے بیہوش ہوں میں
رُخ سے اُس گل کی یہ کہتی ہے بیاضِ گردن | گلِ خورشید ہے تو صبح بناگوش ہوں میں
جب غزل جا کے پڑھے باغ میں تو اپنی زلالؔ | گل یہ چاہے ہے کہ سننے کیلئے گوش ہوں میں

آئینہ خانے میں جو گذر ہو کبھی زلالؔ | ہر عکس اُس کو دیکھ کے آغوش کھول دے

انداز سے خوباں کے نکلتی ہے یہی بات | پامالِ دو عالم دمِ رفتار کریں گے

جو دب گئے دمِ خواب اُسکے بال رخ کے تلے | نظر پڑے رگِ گل سے نشاں لکیروں کے

اتنی ہستی پہ کیا گھمنڈ کریں | گل پہ شبنم کا دانہ ہیں ہم لوگ

جانا بہ پیشِ زلفِ تو مشکِ تتار چیست　　جائے کہ شگفتی تو چو گلِ نو بہار چیست

اشعار ہندی

اک چشم کی گردش سے دو عالم کو کیا مست　　کس بادہ سے تھی وہ نگہِ ہوش ربا مست
غم کا نہ انھیں غم ہے نہ شادی کی ہے شادی　　رہتے ہیں سبھی حال میں مردانِ خدا مست
میں ہوش میں اس کو کبھی اک روز نہ دیکھا　　کس مے سے زلالِ جگر افگار رہا مست
وارفتہ ہوں کس چشم خماریں کا جو مجھ کو　　کرتی ہے چمن میں گلِ نرگس کی ادا مست

رکاوٹ کج ادائی ہو چکی بس　　ملو بھی اب جدائی ہو چکی بس
نہ رستم سے پھرا جب اس کا پنجہ　　کہا زور آزمائی ہو چکی بس
ادا کا بھی ادا کرنا ہے لازم　　ستمگر بے ادائی ہو چکی بس

کوئی زلف کی لٹ میں کوئی گیسو میں چھپا ہے　　اک قافلۂ دل ترے ہر مو میں چھپا ہے
چہرہ مرا دیتا ہے جو اس میں سے دکھائی　　کیا آئینہ آئینہ زانو میں چھپا ہے
دیکھا تو زلال اس کے دو ابرو میں نہیں خال　　بے شک یہ زحل آکے ترازو میں چھپا ہے

یادِ فندقِ پا میں اشکہائے خونیں سے　　سالہا چمن میں کی مشقِ لالہ کاری میں

کس صبح کو خورشید لئے تارِ شعاعی　　جاروب کشِ کوچۂ جاناں نہیں ہوتا

ہمارے قتل پہ شمشیر جنگ جو نہ اٹھا　　نگاہِ ناز کفایت ہے بو جھ تو نہ اٹھا
نہ کھو تو ہاتھ سے کیفیتِ شبِ مہتاب　　نقاب چہرۂ زیبا سے ماہرو نہ اٹھا

کیا عجب ہی جو زراکت سی چھلک آئے خوں سنگِ پا سے نہ رگڑ تو یہ پرستارِ قدم

کشتۂ تیغِ ناز تو کر ہی چکا تھا تس پر اور چل گئیں دل یہ برچھیاں عشوۂ چشمِ یار سے

نظر پڑے جو اُسے حسن وہ بھبوکا سا ملے نہ خاک میں کیوں ہو کے منفعل شعلہ

انکار ہی کرے نہ اگر یار کیا کرے منہ سے وہ اپنے وصل کا اقرار کیا کرے

زکی

جعفر علی خاں زکی تخلص۔

عشق میں بلبل کو کیا نسبت ہی پروانے کیا تھ وصل میں مر جاے وہ یہ ہجر میں جیتی رہے

زخمی

کنور جی متخلص بہ زخمی خلف الصدق رائے بالک رام، جوانے وجیہہ و قابل و دانا و مہذب الاخلاق است فقیر او را روزے در مشاعرہ مرزا حاجی صاحب دیدہ بود وضعِ مرزایانہ دارد در خواندنِ شعر ہم تتبعِ مردمِ ولایت می کند عمرش قریب بہ چہل رسیدہ شاگردِ مرزا قتیلِ مرحوم شدہ می گویند از زادہائے طبعِ اوست :-

چہا چہا کہ نہ دیدم من از جفائے فراق مباد روزی کس ہیچو من بلائے فراق

جگر نہند بہ خوں جاں بلب سیدلے وائے منِ ستم زدۂ وایں عذاب ہائے فراق

ازیں بلاست رہائی مرا کجا ممکن فراق بہر منست و منم برائے فراق

منال ایں ہمہ زخمی ز دردِ ہجر منال خدا دہد بتو روز جزا جزائے فراق

ہے طلوعِ مہر ہر ذرے میں خاور سے جدا　　رنگ دکھلاتی ہے یہاں ہر فرد جوہر سے جدا

اگر شبیہ کشی مجکو آتی جوں بہزاد　　تو اپنی آنکھیں بناتا ترے قدم کے تلے

دب جائے دل نہ غم میں بھلا آہ کیا کرے　　جنبش بزیرِ کوہِ گراں کاہ کیا کرے

وعدۂ وصل میں ہر روز یہی ہے نقشہ　　صبح ہاں منہ سے جو کرتا ہے تو پھر شام نہیں

چمک یہ حسن کی گرمی سے اُس کے منہ پر ہے　　کہ جیسے شیشے میں ہووے شراب کا عالم

پڑھتے ہی خط کو مرے طیش میں آیا شاید　　کہ جواب اُس نے لکھا خونِ کبوتر سے مجھے

سر نہیں ہے جو رہِ عشق میں برباد نہ ہو　　دل کہیں لگے نہ اُسے جس میں تری یاد نہ ہو
چاند سورج کے تئیں نور ملے کس جا سے　　چشمۂ فیض جو وہ حسنِ خداداد نہ ہو

نہیں کسی میں یہ طاقت کہ اُس کو روک سکے　　ہوا کے گھوڑے پہ عہدِ شباب جاتا ہے

باغِ ہستی میں نخلِ بید ہیں ہم　　فصل میں بھی ثمر کو رو بیٹھے

ٹھیر لے دستِ جنوں موسمِ گل آنے دے　　تو ابھی سے تو گریباں کو مرے آنے دے

از گلِ عارضِ او سبزہ دمیدہ است و لے | ہم چناں طفلی ازاں چہرہ عیانست کہ بود
رفت عہدے کہ سرے داشت با ہم گاہے | ما ہما یم و لے یار نہ آنست کہ بود

پس از ہر جنگ صلحش گرچہ لذت بیشتر دارد | و لے بر ہر سخن جنگش تماشاے دگر دارد
عجب می آیدم چوں قصد بر مش می کند زخمی | کہ ناداں خواہشِ صلحش باین امانِ تر دارد

بس کہ قربِ مدعی در خاطرش جا کردہ است | بہر قتلم حیلہ ہائے تازہ پیدا کردہ است
خوں چساں بر سر نوشتِ خود بگریم زخمیا | نامہ از بہرِ رقیب آں شوخ انشا کردہ است

سر با راست کجا با منِ دل تنگ او را | کہ پئے صلح رقیب است بمن جنگ او را
گرچہ ہنیر برابرش زد و رفت و لے | ہر پی گرد غبارم دو سہ فرسنگ او را
آنکہ ہرگز نہ زند گوش برا فسونِ کسے | کرد رام آں ہمہ زخمی بچہ نیرنگ او را

زائر

آغا میرزا جان زائر تخلص از اولادِ محمد رفیع باذل مصنفِ حملۂ حیدری جوانِ قابل و دانا است و بزمزمہ خوانیِ حملۂ حیدری امروز در تمام شہر نظیر خود نہ دارد، ماورائے ایں صفتِ موسیقہ و گفتنِ شعرِ فارسی ہم بطورِ تتبعِ ولایت زایان دلفریبی می نماید و در زمینِ اساتذہ قدم می نہد والبتہ کہ از عہدۂ آں می برآید فقیر او را در مشاعرۂ میاں صدر الدین صدر دیدہ و کلامش بہتر شنیدہ بر مزخرفاتِ فارسی خود را ہم بگوشش رسانیدہ عمرش از چہل متجاوز خواہد بود انچہ مراحسب الطلب نوشتہ داد اینست :-

من از جورے ستمگارے نگارے کردہ ام پیدا | ز داغِ لالہ زارے گلعذارے کردہ ام پیدا

اضطرابِ تو و بیتابیٔ بسمل دارم — یا رب این درد چه درد است که در دل دارم
وای ازیں حسرتِ دیدار که در خوں شب و روز — دست و پا می زنم و خوں سوئے قاتل دارم
پیش ازاں دم که بمیرم بر من آرندش — سخنِ چند به آں حور شمائل دارم
یار با غیر بروں رفته و من خانه خراب — نیست معلوم چرا جائے به محفل دارم
جاں بلب دل همه خوں سینه پُر از داغِ جنوں — طرفه حالیست که زخمی منِ بیدل دارم

یا رب آں دم که بر ویش نظرے می کردم — کاش ازیں عالمِ فانی سفرے می کردم

دل بیتاب ہماں دیدۂ خونبار ہماں
رفت آں عیسیٔ بے رحم و منِ زار ہنوز — منتظر بر سرِ رہ با دلِ افگار ہماں
خطِ او گرچه به یاراں خطِ آزادی داد — زخمیؔ نامه سیه ماند گرفتار ہماں

گے گے تو از صبا به کنارِ من آمدی — نا مردم از غم و به مزارِ من آمدی
می کشت رشکِ غیر مرا تا سحر و لے — قربانت اے اجل که به کنارِ من آمدی
زخمی چه بد بلاست که بر دستِ بیکسے — چوں بے خبر به مشتِ غبارِ من آمدی

عتاب آلوده می آئی و در کف خنجرے داری — مرا دل بکش گر قصدِ قتلِ دیگرے داری

ہم چو بسمل می طپد دل در کنارِ من ہنوز — بوئے خوں می آید از مشتِ غبارِ من ہنوز
رفتی از دیدہ و دل بے تو طپانست ہنوز — یادِ شبہائے وصال آفتِ جانست ہنوز

ہم چناں بے تو مرا شعله بجانست که بود — نالۂ زار ہماں برق فشانست که بود

چیز یکہ موزوں می کند آں را بہ نظرِ امام بخش ناسخ می گزراند یا اقیاں گفتہ می دہند والّا کودکاں را در حداثتِ سنِ بلوغ ایں فصاحت و بلاغت کسے حاصل می شود۔ رو یہ بدخش دیگر بود و او بر دیۂ دیگر افتادہ۔ عمرش قریب سی خواہد بود، از وست:۔

وصل منظور ہی فرقت سے کنارہ کب ہی
وہ بھی اولی ہے مجھی یہ بھی مجھے انسب ہی

میرے مرنے سی جو تو خوش ہی تو میں بھی راضی
جو کہ مطلب ہی ترا یہاں بھی وہی مطلب ہی

صحبتِ اہل خرد جبر ہے نادانوں کو
طفل کو خانۂ زنداں سے فزوں مکتب ہی

آتشِ غم سے میں دن رات جلا کرتا ہوں
داغِ فرقت میرے طالع کا مگر کوکب ہی

زلف کے سوز میں روتا ہوں میں جوں ابرِ بہار
روزِ روشن میرا ساون کی اندھیری شب ہی

گرچہ درویش ہوں پر زر نہ لیا سلطاں سے
دامنِ حرص رہا دور کفِ احساں سے

تیری باتیں جو کبھی آئینہ رو یاد آئیں
مدتوں صورتِ تصویر رہے حیراں سے

آب گریہ سے نہ سوزِ دلِ بیتاب مٹا
آتشِ برق کبھی بجھتی نہیں باراں سے

رنگ سو بدلے یہاں پر نہیں ممکن اے زار
وصل کا روز مبدل ہو شبِ ہجراں سے

ردیف (س)

سراج

سراج الدین خاں سراجؔ تخلص

نہ پوچھو آسماں پر تم ستارے
ہماری آہ کی چنگاریاں ہیں

ز دستِ شہسوارے صیدِ دل را او رہانیدہ — بمیدانِ محبت جاں شکارے کردہ ام پیدا

ز نازِ یاسمیں بوئے زبس رنجیدہ ام اکنوں — بہ نازِ یاسمینے شرمسارے کردہ ام پیدا

گر از رعنا نگارے شہریارے کندہ ام دل را — شہِ زریں کلاہے تاجدارے کردہ ام پیدا

زبس از خوش ادائی دیدہ ام من کج ادائی ہا — بجائش سرو لقائے رازدارے کردہ ام پیدا

زبس پامالِ رخشِ شاہ حسنے جان و دل گشتہ — جوانِ یکہ تازے شہسوارے کردہ ام پیدا

ز جورِ عنبریں موئے زبس پیچیدہ ام در دل — سرو کارے بہ زلفِ مشکبارے کردہ ام پیدا

ز داغِ وحشیِ رم خوردۂ از این غزل زارؔ یہ — شکارے چوں غزالِ دشت یارے کردہ ام پیدا

دلا از جورِ یارے غمگسارے کردہ ام پیدا — ز دستِ دلربائے جاں شکارے کردہ ام پیدا

دلم خوں کردہ از بس عشوہ جوئے دشمنِ حسنِ گل — بخاطر الفتِ گلماں شعارے کردہ ام پیدا

چو از شیریں مقالی حرفِ تلخی خوردہ در گوشم — بہ عشقِ خسروِ عالی وقارے کردہ ام پیدا

گسستم از درِ ناسفتۂ سلکِ محبت را — بہ آب و تابِ لعلِ تابدارے کردہ ام پیدا

ز حکمِ تاج بخشے سر گرہ پیچیدہ ام لیکن — یگانہ گوہرے گوہر نثارے کردہ ام پیدا

نہاں دارد گہر دندانی از بس سلکِ گوہر زن — ز بحرِ دیدہ دُرِّ شاہوارے کردہ ام پیدا

صنوبر قامتے بر من قیامت کردہ گر برپا — وگر سروِ چمانے خوش کنارے کردہ ام پیدا

ببر دار اعتبارم بے وفائی از جفا کارے — بعاشق دلدہی کن شہریارے کردہ ام پیدا

بشاہانِ جہاں زیبد مرا کے سر خرد بروت — من اے زارؔ از شہِ دلدل سوارے کردہ ام پیدا

زارؔ[1]

میر حسن عسکری زارؔ تخلص پسرِ میر تقی میرؔ بمقتضائے موروثی موزون الطبع برآمدہ

(۱) نسخہ رامپور میں زارؔ کا ذکر ہے جو اس نسخہ میں نہیں۔

جا سینے میں کس طرح نہ دیں تیرے سناں کو
آرام اسی میں ہے دلِ غمزدگاں کو

پہلوئے دلِ زار تو جاتا ہے کہاں ہائے
تنہائی میں یہاں چھوڑ کے مجھ سوختہ جاں کو

جوں شمع جگر سے ابھی اٹھنے لگیں شعلے
لاؤں کبھی لب تک میں اگر سوزِ نہاں کو

یوں دیکھے تھا یار اپنے کو سید دمِ آخر
جو رو دیا دیکھ اُس کی میں چشمِ نگراں کو

پاس اور کے دیکھوں ہوں جو اُس رشکِ قمر کو
رہ جاتا ہوں میں تھام کے بس اپنے جگر کو

نایاب ہے ایسی ہی کہ پائی نہیں جاتی
کتنا میں شبِ ہجر میں ڈھونڈوں ہوں سحر کو

بے پیچ یہ جاتا نہیں وعدہ ہے کسی سے
آتے ہی شتاب اتنی چلے آج جو گھر کو

میں جی ہی سے جاتا ہوں چلے جایئو تم بھی
دم بھر تو مرے پاس سے اب اور نہ سرکو

سید سے جو پوچھی خبر اُس کوچے کی ہم نے
رو اُس نے دیا دیکھ کے حسرت سے اُدھر کو

کون غم، دوری میں تیری جانِ پرغم کا کرے
لب پہ ہے یہاں بھروسا کیا کوئی دم کا کرے

دیر سے میں منتظر ہوں اے اجل تو ہے کہاں
تیغِ ہجراں سر پہ میرے کب تلک چمکا کرے

دل جگر تو بہہ گئے خوں ہو کے آنکھوں سے آہ
دیکھیں کیا سید ترا رونا یہ ہر دم کا کرے

کبھی بھولے سے بھی اُس نے نہ ادھر دیکھ لیا
ہم نے بیتابیٔ دل تیرا اثر دیکھ لیا

لائی پھر پھر ہمیں بیتابیٔ دل ہم کو آہ
بارہا در سے ترے کر کے سفر دیکھ لیا

ڈرتے ڈرتے گئے تب یار کے کوچے میں ہم
خوب سا جی کے ادھر اور اُدھر دیکھ لیا

کشتۂ رشک ہیں اُس صید کے جس نے تہِ تیغ
رخِ قاتل کی طرف پھر کے اگر دیکھ لیا

نہیں ممکن ہے کہ ٹھہرے کوئی ساعت گھر میں
اب تو سید نے پیارے ترا گھر دیکھ لیا

سلام

نجم الدین علی خاں سلاؔم تخلص۔

حدیثِ زلف چشمِ یار سے پوچھ　　درازی رات کی بیمار سے پوچھ

سیّد

میر یادگار علی سیّدؔ تخلص۔

کیا اب امید کریں وصل کی مرتے مرتے　　عمر تو کٹ گئی دُکھ ہجر کے بھرتے بھرتے

سیّد

میر امجد علی سیّدؔ تخلص جوانِ شیریں گفتار راست کلام خود را از نظرِ مرزا قتیل گذرانیدہ ومیگذرانید بیش ازیں نظمِ مرثیہ وسلام میکرد از چندے بہ ترغیبِ مرزائے موصوف خود را بہ شعر گفتن مصروف داشتہ عمرش تخمیناً از سی سال متجاوز خواہد بود و در ہر غزلِ طرحی مشاعرۂ مرزا حاجی[1] صاحب شریکِ دورۂ یاراں بودہ از وست :۔

جدا وہ جب سے ہوا ہے کنار سے میرے　　گیا ہے دل ہی مرا اختیار سے میرے

ترے نہ آنے سی پیارے جو مجھ پہ گذری رات　　وہ پوچھ اس دلِ امیدوار سے میرے

رکھے ہی دل کو جو اُس زلف و رُخ سی وابستہ　　خبر اُسی کو ہے لیل و نہار سے میرے

دلِ ستم زدہ جلتا ہے قبر میں شاید　　دھواں اٹھے ہی جو اب تک مزار سے میرے

وہ مہرباں رہے غیروں ہی پر سدا سیّدؔ　　نہ بیٹھے آکے کبھی پاس پیار سے میرے

---

(۱) مرزا حاجی قمرؔ (شریک) می شد۔ (ن)

مگر که شرطهٔ توفیق دست یار شود   گذشت کارِ من از سعیِ ناخدا آخر
نبوده است چنیں فتنهٔ قیامت ہم   قدِ تو بر سرم آورده صد بلا آخر
ندیده ایم بدیں رنگ چہرہ ات ہرگز   بگو بگو که ندانیم ماجرا آخر
زفکرِ دہر سروری مباش با دلِ تنگ   که غنچه وا شود از جنبشِ صبا آخر

اے حسنِ تو از حور و ملک خوشتر و بہتر   حرفِ لبِ لعلت ز نمک خوشتر و بہتر
رخسارهٔ تابانِ تو گر نورِ تجلی است   ہست از مه و خورشیدِ فلک خوشتر و بہتر
بیکار نشستن بتو ساقیست چه لازم   در ہر دو کفت جامِ بطک خوشتر و بہتر
بر زعمِ حسوداں مَن آں لطفِ نہانی   گر بیشترک نیست کمک خوشتر و بہتر
اے آنکه ترا علم کمال است و عمل نیست   در مرتبه از تست خرک خوشتر و بہتر
ہر جا که بود ذکرِ معارف ز سروری   مطرب بسرا ایں غزلک خوشتر و بہتر

گل گل شگفت باغ چو نیرنگِ یار را   دیدم بہارِ صلح گلِ جنگِ یار را
در باغ بوسه بر دہنش میزنم که ہست   با غنچه نسبتے دہنِ تنگِ یار را

باشد ز درد و داغِ محبت سرشتِ ما   مہر و وفائے عشق خطِ سرنوشتِ ما
ہر کس مرادِ خویش ز جائے طلب کند   بہتر بود ز کعبهٔ زاہد کنشتِ ما
ایواے چوں کنیم گر از دستِ چپ رسد   در روزِ حشر نامهٔ اعمالِ زشتِ ما
از نعمتِ دو کون سروری بریده ام   خوں خوردنِ دلست نعیمِ بہشتِ ما

چو ہست راه بدل الفتِ نہانی را   چه سود عرض کنم مطلبِ زبانی را

بوقتِ قتل مرا کس عدو نے نام لیا　　پہنچ کے سر پہ جو ہاتھ اُس نے اپنا تھام لیا

مضطرب اتنا تہِ خنجر تو اے بسمل نہ ہو　　دیکھ ٹک آلودہ خوں دامنِ قاتل نہ ہو

حسرت بھرے اس طرح چلے ہم ترے کو سے　　جس طرح کہ چھوٹے وطن ملے والے کسو سے

سروری

شیخ رضی الدین عرف غلام مرتضیٰ سروری تخلص وطنِ بزرگانش ابراہیم آباد سودھرہ من مضافاتِ صوبۂ لاہور است، خودش در شاہجہاں آباد نشو و نما یافتہ۔ شخصِ سن و جہاں دیدہ و کثیر الکلام و شاگردِ نظام خاں معجز است در فارسی دانی و سلیقۂ نظم آں مہارتِ تمام دارد از دوازدہ سال بہ لکھنؤ رسیدہ با فقیر از شاہجہاں آباد از تہ دل آشناست انتخابِ دیوانِ اوست:۔

بدل توقعِ بہبودِ روزگار مدار　　بنائے کار بجز فضلِ کردگار مدار

نداد حکمتِ حق اختیارِ کار بہ کس　　امیدِ مطلق از چرخِ بے مدار مدار

لباسِ عاریتی واگذار و ننگ مکن　　برہنہ باش و زکس در زمانہ عار مدار

خموش باش کہ وضعِ جہانیاں گرداست　　بحرفِ حق سرِ خود برفرازِ دار مدار

بہ چرب و نرمی جا و یدمرہم جاں شو　　دردنِ خستہ دلاں جہاں فگار مدار

قبائے سبز دریداست ہر گلِ چمن　　ہوائے خرقہ دریں موسمِ بہار مدار

دریں بہار سروری بزعمِ زاہدِ خشک　　بغیر بادہ خوری ہیچ کار و بار مدار

فتاد بر سرِ من سایۂ ہما آخر　　نشانِ تیرِ تو شد استخوانِ ما آخر

شب که دل در آرزوئے جلوهٔ فریاد داشت / آشیاں گم کرده صیدے چشم بر صیاد داشت
از چراغِ صبحدم روزِ قیامت روشن است / کاسماں از دل بنائی کار را بر باد داشت
بر سروری منتِ آبِ خضر نبود که او / آب در جوئے حیات از دشنهٔ فولاد داشت

نهالِ قدِّ تو کز بوستانِ جاں برخاست / قیامتے است که با فتنه ہم عناں برخاست

کامے وصلے ز چرخ اگر می تواں گرفت / آساں مداں بخونِ جگر می تواں گرفت
ہرگز بگوشِ سنگدلاں جا نمی کند / از نالهٔ ترجمانِ اثر می تواں گرفت
در خاک و خوں ز حسرتِ دیدار می طپند / از کشتگانِ خویش خبر می تواں گرفت
در راهِ عشق لختِ دل و آبِ دیده بس / زادی اگر برائے سفر می تواں گرفت

صد وعدهٔ ناکرده بیک بار شکستن / تقصیرِ وفا نیست به تجویزِ غرور است
گل کرده بجنت ز دلِ لاله بر آمد / آں داغ که از دستِ تو بر سینهٔ حور است

آں بلبلِ مستم که به گلزارِ محبت / با دام در آویزم و با دانه در افتم

حقوقِ الفتِ دیرینه ام ادا نکند / چه بے وفاست دلم با تو ہم وفا نکند
بشهرِ عشق شهیدانِ بے دیت باشند / بگو به قاتلِ من فکرِ خوں بہا نه کند

گرفتم ایں که مروت شود برابرِ قهر / ولیکن ایں مژه و چشم از کجا آرد
اگر ہزار جفا می کنی سروری را / ہماں شرائطِ عہد و وفا بجا آرد

شد تنگ ترا ز دیدۂ مورے نفسِ ما — دزدیدۂ صیاد برآید نفسِ ما

ہمیں بہ حسرتِ دیدار می کشد مارا — کہ رشکِ صحبتِ اغیار می کشد مارا
دو دل شدیم چو در کفر و دیں نظر کردیم — خلافِ سبحہ و زنار می کشد مارا

نبود بدست اگر ز جہاں ہیچ شے مرا — صد شکر دادہ اند بہ کف جامِ مے مرا
دیوانگی بہ سلطنتِ جم برابر است — داغِ تو بود افسرِ کاؤس و کے مرا
بعد از وفات نالہ ز خاکم تواں شنید — قالب تہی اگرچہ بود ہم چو نے مرا

اے وائے کارِ من ز پیام و خبر گذشت — چشمم ز گریہ سیر شد آہ از اثر گذشت
اے دل دگر بگو بچہ امید زندہ — یار آمد و بسوے تو نادیدہ در گذشت
قربانِ طرزِ وعدہ فراموشیٔ توام — صد وعدہ ہائے شب چو نسیمِ سحر گذشت
عاشق اگرچہ از دل و دیں در گذشت لیک — نتواند از تو اے بتِ بیدادگر گذشت
ہمت روانہ داشت کہ گوید برُے من — حالیکہ از جفائے تو برنامہ بر گذشت

ترکِ چشمِ ... تو دل و جاں من است — ہندوے زلفِ تو غارتگرِ ایمانِ من است
با دبر ذائقہ ام لذتِ عشقِ تو حرام — جز خیالِ تو اگر سر بگریبانِ من است

در علمِ عشق ہر کہ بہ مجنوں برابر است — در کیشِ عقل پیرِ فلاطوں برابر است
از بس کہ در فراقِ توام ریخت خونِ دل — چشمم ز جوشِ گریہ بجیحوں برابر است
شاگردِ معجزم جو سر دری بہ فنِ شعر — مضمونِ من بہ معنیٔ مفتوں برابر است

لکھنؤ است۔ از ہزدہ سالگی بمقتضائے موزونئ طبع چیزے بجائے خود موزوں می کرد
آخر آنرا برائے دریافتِ حسن و قبح روزے بنظرِ فقیر گذرانید در طبعش لطافتے یافتم،
ایما بہ گفتنِ شعر کردم، دو سال است کہ انچہ می گوید باصلاحِ فقیر می رساند کہ بہمیں وتیرہ
چندے مداومت کرد بجائے خواہد رسید، عمرش بست وہشت سالہ خواہد بود، از وست:

منہ نمک سے بھر دو میرے زخم کے ناسُور کا — کون احساں سر پہ لیوے مرہم کافور کا
بسترِ خارِ مغیلاں فرشِ مخمل ہے مجھے — خاکِ صحرا کو سمجھتا ہوں میں دامن حور کا
مر گئے تو پھر قضائے گلشنِ ہستی کہاں — جاں بلب رہنا غنیمت ہے دلِ رنجور کا
توسنِ غمزہ وہاں چلنے میں ہے صرصر سے تیز — اب ہمیں ملکِ عدم رستہ نہیں کچھ دور کا
لاکھ وہ بیزار سا آں ہو ولیکن جیتے جی — چھوڑیو مت دامنِ شوق اُس بتِ مغرور کا

ہم کو مشکل ہی رہا ہجر میں نالاں ہونا — زخمِ دل سیکھ گیا یار سے خنداں ہونا
تیز رفتار ہے گو ناقۂ لیلیٰ لیکن — چشمِ مجنوں سے لازم نہیں پنہاں ہونا
تیغِ ابرو کے تلے سجدہ کرے تو جا تو — اے برہمن بہت آساں ہے مسلماں ہونا
گر صبا گیسوئے لیلیٰ کو نہ جنبش دیتی — بیدِ مجنوں کو نہ آتا کبھی لرزاں ہونا
آستیں اُس نے چڑھائی تو ہوا قتلِ جہاں — تیغِ خونریز کا اچھا نہیں عریاں ہونا
اے شبِ ہجر دکھانا نہ سیاہی اپنی — گور میں نورِ سحر بن کے نمایاں ہونا
یہ بہت دور ہے ہمت سے تری اے سا آں — چھوڑنا مرگ کو اور زیست کا خواہاں ہونا

نوکِ مژگاں تک مرا لختِ جگر گر آئے گا — رشک سے ابرِ بہاری خون ہی برسائیگا
مت اٹھا لے دستِ شوخی رُخ سے حیا آں سے نقاب — میں بہت کم حوصلہ ہوں مجکو غش آجائیگا
تیشہ بھی ہمراہ اُس کے دفن کردیجو کوئی — کوہکن سقفِ لحد سے ورنہ سر ٹکرائیگا

سروش

شیخ مراد علی سروش تخلص شاگردِ شیخ امام بخش ناسخ، جوانِ صلاحیت شعار مہذب الاخلاق است عمرش از سی متجاوز خواہد بود، شعر را سادہ سادہ می گوید۔

از وست:۔

دنیا میں تجھ سا کب کوئی صاحب جمال ہے
خورشید تیرے سامنے ہو کیا مجال ہے

اے رشکِ آفتاب تو اس وقت گھر نہ جا
کہنے کو میرے مان یہ وقتِ زوال ہے

سوزِ دروں سے موسمِ گرما ہے منفعل
بارانِ چشم ترسے خجل برشگال ہے

آنے کا نام بھی نہیں لیتا وہ اور یہیں
اک آن اُس کے ہجر میں جینا محال ہے

کیوں روزِ ہجر کو نہ قیامت کا دن کہوں
مجکو تو ایک گھڑی تری فرقت میں سال ہے

ہر دم فراقِ یار میں ہے آرزوئے مرگ
کب ہم کو اے سروش امیدِ وصال ہے

بچ گئے اب کی اگر عشق کے آزار سے ہم
دل لگا دیں گے نہ پھر ایسے ستم گار سے ہم

عشق میں آپ کو قمری کے برابر نہ کریں
سرو کو دیویں نہ تشبیہہ قدِ یار سے ہم

تیر کیوں مارتا ہے تیغ سے کر قتل ہمیں
عشق رکھتے ہیں فقط ابروئے خمدار سے ہم

ٹھنڈی سانسیں نہ بھریں ہر گھڑی کیونکر ای دائے
سخت جلتے ہیں تری گرمیٔ بازار سے ہم

ہم سے ٹوٹا نہ دلِ بلبلِ نالاں ہرگز
ایک بھی پھول نہ لائے کبھی گلزار سے ہم

دل دیا جس کو سروش اپنا وہی دشمن ہے
رکھیں امیدِ وفا کیا کسی دلدار سے ہم

سامان

خواجہ محمد حسین سامان تخلص خلفِ خواجہ ترس سکنہ شاہجہاں آباد، مولدش

شبنم نہیں پڑتی ہے تو من افعیٔ صحرا
آتے ہیں مرے سبزۂ تربت پہ اُگلنے

اے دیدۂ گریاں نہ کر و قطرہ فشانی
موتی ہیں اگر حشر کے دن تم کو اگلنے

لکھتے ہی تری ساقِ بلوریں کی صفائی
کاغذ پہ لگا خامۂ بہزاد پھسلنے

نظارہ کہاں جلوۂ دیدارِ صنم کا
فردائے قیامت پہ رکھا لیت و لعل نے

رنگت گلِ رخسارۂ خوباں میں بھری ہے
کیا کیا قلمِ صنع نقاشِ ازل نے

وا چشم نہ ہو گی طرفِ چہرۂ قاتل
شرمندہ کیا ہے مجھے تاخیرِ اجل نے

ساماں ہے اسیرِ سرِ ہر مو دلِ غمگیں
پاتا ہے کوئی حلقۂ کاکل سے نکلنے

سجاد

میر سجاد سجادؔ تخلص از ہندوستان زایانِ قدیم[۱] است ، شعرِ ایہام را بطورِ ریختہ گویانِ ہندی گو گفتہ معاصرِ میاں آبرو مضمون و ناجی وغیرہ بود ، از وست :-

دل ہو گیا پھپولا پیارے تمام جل کے
کیا تجھ نہال سے ہوں امیدوارِ پھل کے

کیا دل کی بیقراری کیا آہ اور زاری
سجادؔ تجکو ہیں گے انداز سب اجل کے

ایسے سے کیونکہ پہنچے کوئی دل کے کام کو
عاشق کا نام جو کہ نہ لیتا ہو نام کو

وہ زلف ہم سے رہتی ہے اینٹھی ہوئی ہمیش
وحشت ہماری صید سے رہتی ہے دام کو

چشم نے نرگس کی پھر شوخی نہ کی
ہو دو چار دس پانچ سر ایسی جھکی

گرچہ پہلے تم سے کرتے تھے سخن
تو بھی تم نے ہم سے کیچی کی یہ کی

---

(۱) ریختہ گو از قدما است (ن)

آتشِ الفت سے میں تو جیتے جی ہی خاک ہوں — استخواں میرے پس از مردن ہما کیا کھائیگا
یاد جب آجائیگی اُس گُل کے چہرے کی بہار — ہے یقیں ساماں چمن میں بھی مرا گھبرائیگا

مقابل اپنے جب وہ رشکِ گُل آئینہ رکھتا تھا — تو عکسِ رخ کو اپنے آپ ہی حیرت سے تکتا تھا
الٰہی تشنہ لب تھی روح کس رندِ شرابی کی — مئے گلگوں کا ساغر دستِ ساقی میں چھلکتا تھا
عدم تک پہنچنا ہم کو ہوا تھا کس قدر تشکل — سمندِ عمر جو ہر گام چلنے میں جھجکتا تھا
چمن میں رات کو... شمیمِ زلفِ جاناں کا — مثالِ بوئے گُل جس سمت جاتا تھا مہکتا تھا
ہمارے نالۂ شبگیر کی شہرت تھی جب ساماں — تو پھر مرغِ سحر بھی باغ میں چہلا نہ سکتا تھا

اس قدر ایذا نہ دے اے دردِ مہجوری مجھے — گو رگِ تو نزدیک ہے گر اُس سے ہے دوری مجھے
بن چکا جسمِ گلی اب مرضیِ ربِ جلیل — بندۂ خاکی کرے یا عالمِ نوری مجھے
خوابِ مرقد میں جو آزادی سے ہیں راحت طلب — جانتے ہیں قیدیِ زندانِ مہجوری مجھے
چاندنی چھٹکی چھپا خورشید اے ساقی شتاب — جامِ نرگس میں پلا صہبائے انگوری مجھے

صحنِ گلشن میں گھٹا دیکھ کے کالی کالی — چہچہے مرغِ چمن کرتے ہیں ڈالی ڈالی
بارِ گوہر نہیں کانوں سے جو اٹھتا تو یہ شوخ — پھول لالے کے پرو لیتے ہیں بالی بالی

تاثیر نہ کی جذبۂ الفت کی عمل نے — محروم رکھا وصل سے قسمت کے خلل نے
شدت سے لگا خونِ بدن جبکہ ابلنے — لبریز کیا گور کو ناسورِ بغل نے
پہنچا تو درِ گلشنِ جنت پہ میں لیکن — آگے نہیں دیتے ہیں ملایک مجھے چلنے
عالم نظر آتا اگر اُس شعلۂ رخ کا — جاتے نہ پتنگے سرِ شمع پہ جلنے

تجکو اے سجاد غیر از خنجر بیداد کے | اور بھی کچھ ظالموں کی دوستی نے ہیں دیا

جب ہم آغوشِ یار ہوتے ہیں | سب مزے در کنار ہوتے ہیں
ناخدائی ٹک ایک کر ساقی | ایک کشتی میں پار ہوتے ہیں
زلف کے کھونے میں اے صیاد | صید سارے شکار ہوتے ہیں

یوں میں کس واسطے منت یہ عبث خامی کی | دل کے قاصد کو کچھ حاجت ہی نہیں نامی کی
پیرہن دیکھ لیا خوب طرح یوسف کا | چھب نہیں اُس میں سجن تیری کہیں جامی کی

عاشقی میں جو قدم کہہ کر رکھے | دشت میں مجنوں قدم کہہ کر رکھے
یار کا جامہ ہمیں ہے گا عزیز | یوسف اپنا پیرہن تہہ کر رکھے

تجھے جب غیر سے ملنا سنے ہے | کیا اب اس بات سو کیا کیا بھنے ہے
ہمارے رنگ کا ہی کہربا دیکھ | دِوانا ہو کر اب تنکا چنے ہے

یہ گلہ میرا کہے کوئی جا کے اُس خونخوار سے | میں جدا نشا کی ہوں تجھ سے سر جدا تلوار سے

سفیر

غلام نبی خاں سفیر تخلص کہ از پیشِ والیٔ ایران بہ رسمِ رسالت بہ کلکتہ آمدہ د صاحب کلانِ کلکتہ رسمِ استقبالش بجا آوردہ او را بسیار عزت و توقیر کردہ وا زیں جہ قومِ خود مجلسِ رقص ترتیب دادہ از آنجملہ حور نژادے بہ تیغ غمزۂ خونریز قتیلِ خنجرِ عشقش

دیکھ لی نرگس تری ہم نے حیا   شرم کی آنکھوں کو رہنے دے ڈھکی

جام وحدت سے گرچہ مستی ہے   بت پرستی بھی حق پرستی ہے

کھلے بندوں نشے کے بیچ آتا ہے چلا ہنستا   گلابی ہاتھ میں دارو پیے سرشار وارستا
سب اہل گلشن اسکی بات سنتے باغ ہوتے ہیں   معطر زلف اپنی کھول کر پھولوں میں کرستا
بہار آئی سبھی غنچے ہیں خواہاں آج تو دل کے   شتابی سے نہ دیکھ بلبل ارزاں اسکو ٹک ستا
تجھے لائق نہیں گل توڑ کر کر ہاتھ میں رکھنا   تری یہ انگلیاں مہدی لگی پھولوں کا ہی دستا

نرگس تری کب آنکھ سے آنکھیں سکے ملا   خون جگر نہ باغ میں غنچے کے تئیں کھلا
اکسیر اس کا دیکھنا عالم کے بیچ ہے   جن تجھ قدم کی خاک کو منہ پر کیا طلا
اس کی صفا کے عکس سے آئینہ مر گیا   جیب دل کی آرسی کے تئیں ہم دیا جلا
مرہم سے دل کے زخم کو ہوتی ہے بے کلی   ٹانکا اڑے ہے سینے پہ پتھر کی جوں سلا
ساقی بغیر جام کے دل کا بچاؤ نہیں   جوں فیل مست آوے ہے ابر سیہ پلا
پامال بے طرح کئے ڈالے ہیں یہ صنم   یارب انھوں کے ہاتھ سے پھر پھیر دل دلا
کیوں مشت گل ہی دل کے نہ رونے میں بہ گئی   سجاد مجکو چشموں سے باقی ہے یہ گلا

جن نے تجھ آنکھوں کو لئے آرام جاں چھل بل دیا   عاشق بیتاب کو اُن نے دل بے کل دیا
غم نہیں گر گم ہوا بالوں میں تیرے جا کے دل   پیچ پر تجھ زلف کے گویا کہ اُس کو بل دیا
رات اندھیری کاٹنی ہجرت کی ہوتی مشکل مجھکو   دیر مت کر سن کے اب لے شمع و ٹک جلدی آ
آخر ہم اس درد سے رنگ زرد ہو کر مر گئے   عشق تھا حق میں ہمارے زہر گویا مل دیا

آں بطورِ استادانِ سلف خوب می برآمد بایائے فقیر خیال موزوں کردنِ شعرِ فارسی درویش گذشت دانچہ موزوں کرد در مشاعرہ ہا خواند وآنرا از نظرِ فقیر گذرانید بطورِ شیخ علی حزیں علیہ الرحمۃ دریں بیابانِ دشوارگذار پا می گذارد ومورد تحسین وآفریں می شود اگر زمانہ فرصت داد دریں کوچۂ تنگ و تارکہ ہر تا اہل را قدم گذاشتن بسیار دشوار است یکے از بے نظیرانِ روزگار خواہد شد عمرش بست و پنج سالہ خواہد بود، از دست:-

زبس شرارِ غم از استخوانِ من برخاست — چہ شعلہا کہ پس از مرگ از کفن برخاست
بذوقِ غربت کوئے تو ہر کہ داشت دلے — غبارِ غم شد واز کوچۂ وطن برخاست
مگر در آتشِ گل سوخت بلبلِ شیدا — کہ بوئے مرغِ کباب امشب از چمن برخاست
زبسکہ از تفِ دل اشک گرم از مژہ ریخت — ہزار شعلہ ز ہر تارِ پیرہن برخاست
بہ گلشنے کہ چو ساحر ردیم نالۂ گرم — شرر ز مغزِ دلِ مرغِ نغمہ زن برخاست

نمی پایم دریں محفل حریف ہمزبانِ خود — برنگِ شمع خود گریم بسوزِ داستانِ خود
بہ سودائے شکنجِ دامِ صیادے کہ من دارم — زد آتش بلبلِ باغِ جناں در آشیانِ خود
خوشا بے بال و پر مرغے کہ در فصلِ خزاں چوں من — بخارِ آشیاں زد شعلہ از برقِ فغانِ خود
تو بے پروا خیالت اینکہ بر حالم دلے سوزی — اگر صد رہ زداغِ غم گدازم مغزِ جانِ خود
ازاں بوئے کبابِ دل پس از مردن زخاک آید — کہ آتش خانہ دارم بہ مشتِ استخوانِ خود
دراں وادی کہ گم شد ہر قدم صد خضرِ رہ پیما — کجا جویم نشانِ نقشِ پا از کاروانِ خود
جوابِ آں غزل ساحر کہ شیخ خوش سخن گوید — منِ آتش نفس در زیرِ تیغم از زبانِ خود

نہ دیدم جنس از الفت ببازارے کہ من رفتم — نہ چیدم جز گلِ حسرت بہ گلزارے کہ من رفتم
نکردا نہاں گموں کردم بہ داغِ سینۂ بلبل — بایں افغانِ دلکش در چمن زارے کہ من رفتم

ساختہ و بہ نظرہائے پنہانیِ آں مہاں ..... حسن و ناز را نواختہ مشارٌ الیہ ایں غزل
حسبِ حالِ خود در شانِ او گفتہ و غلغلۂ فصاحت در علما و فضلا انداختہ و بعضے از دوستاں
آں را نوشتہ در لکھنؤ کہ مخزنِ شعرا و فصحا است فرستادہ تا ہمہ موزوں طبعانِ ایں دیار در
جوابِ غزلش غزلہا تصنیف کردند و بہ کلکتہ نویسانیدہ فرستادہ، غزل این ست :۔

امشب جمالِ یارِ من دارد تماشائے دگر — یا آنکہ من می بینمش بہتر ز شبہائے دگر
گلہا ہمہ رنگین و خوش اما گلِ رخسارِ او — در باغِ حسن است از صفا خوشتر ز گلہائے دگر
در پیشِ مرآتِ رخش محو اند یوسف طلعتاں — بہر عزیزے دیگرے آمد زلیخائے دگر
بر دعوے اعجازِ او لعلش گواہی می دہد — از مرہمِ دیگر بہ بیں کارِ مسیحائے دگر
از گوشۂ ابرو ہمی با خندہائے زیرِ لب — دارد بہ قصدِ جانِ من نشترہائے دگر
در کشورِ جاں اے پری شد خانۂ دل جائے تو — دلدار را جز دل بلے حیف است ماوائے دگر
از ایں ہمہ گل چہرگاں من بر تو نگزیدم کسے — رحمی کہ نبود جز توام جاناں دلارائے دگر
یا تو بدینِ احمدی بہرِ وصالِ من بیا — یا کن مرا عیسیٰ نسب نبود جز ایں رائے دگر
تا کے تغافل آخر از روزِ شمار اندیشہ کن — کامروز را باشد ز پے البتہ فردائے دگر
تاثیرِ عشقِ پاک بیں گر وصلِ تو اے نازنیں — جز دیدنِ رویت مرا نبود تمنائے دگر
خوش آنکہ در بزمِ طرب من با تو باہم روز و شب — تو سرخوش از ماء العنب من مست صہبائے دگر
از حرفِ وصلت کامِ جاں شیریں شدست امشب بہم — دارم تمنا از لبت حرفِ شکرخائے دگر
شد از سفارت حاصلم در عشقِ تو نام آوری — زیں رہ بروں کرد از سرم عشقِ تو سودائے دگر

ساحر

شیخ فضلِ حق عرف غلام مینا ساحر تخلص ولد شیخ فضلِ امام متوطن کاکوری
جوانے صلاحیت شعار است پیش ازیں خود را مصروفِ نثر نویسی می داشت و از عہدۂ

آشوب دل و آفت جاں فتنۂ دوراں ‌ ‌ اینہا ہمہ از سرو خراماں تو یابند
آنانکہ بخونناب طپانند چو بسمل ‌ ‌ لذت بدل از کاوش مژگان تو یابند
تا حشر بکوثر نفروشند شہیداں ‌ ‌ جاں بخش زلالے کہ بہ پیکان تو یابند
ہر جا شود از سینہ دل تشنہ لباں کم ‌ ‌ بر گرد سر چاہ زنخدان تو یابند
سرمایۂ شور دل و آشوب قیامت ‌ ‌ بوئے است کہ از زلف پریشان تو یابند
ساحر ہمہ جا زد نفساں گرم بیاناں ‌ ‌ طرز سخن عشق ز دیوان تو یابند

چہ نالہ در قفس اے مرغ گلستاں زدۂ ‌ ‌ کہ پہلوئے من خونیں جگر سناں زدۂ
ز جام مے کہ شب از چشم من نہاں زدۂ ‌ ‌ ہزار شعلہ ز شکم بہ مغز جاں زدۂ
فتد بجان تو برق اے ادب کہ وقت سخن ‌ ‌ بہ بزم وصل مرا قفل بر دہاں زدۂ
ہماں بروئے تو ہنگامۂ نظر گرم است ‌ ‌ بہ تیغ گردن من گرچہ شمع ساں زدۂ
کباب آتش رشک تو گشتم اے لب جام ‌ ‌ کہ بوسہ بر لب آں مست سرگراں زدۂ

نہ بیم حشر نہ اندیشۂ جزائے ہست ‌ ‌ تو جور پیشہ نہ دانستہ خدائے ہست
زبیم خوئے تو قاتل بحشر نتواں گفت ‌ ‌ کہ خصم جان کسے خنجر آزمائے ہست
اسیر حلقۂ دامم دلے ببوئے چمن ‌ ‌ نگاہ من برہ آمد صبائے ہست
جواب آں غزل است ایں کہ گفتہ است قتیل ‌ ‌ نہ دشمنے سر نعشم نہ آشنائے ہست

اے باد رسی آخر تا دامن یار من ‌ ‌ و دشت چہ گراں گردد از مشت غبار من
پروانہ صفت گردد گرد تو غبار من ‌ ‌ اے گل شبکے باشی گر شمع مزار من
وقتیکہ دریں صحرا ترکانہ بہ صید آئی ‌ ‌ ظلم است اگر پوشی چشمے ز شکار من

آں شمع کہ شب رہ بہ شبستانِ من انداخت | برقیست کہ آتش بہزار انجمن انداخت
مہری زدہ بودم بہ لبِ نکتہ سرائے | وصفِ خط وخالِ تو مرا در سخن انداخت
آں تیشہ کہ برکوہ جگرمی زنم امروز | صد شعلۂ غیرت بدلِ کوہکن انداخت
نازم بخمِ زلف رسائی تو کہ دل را | از دام رہا کردہ بچاہِ ذقن انداخت
فریادِ منِ خستہ زدستِ دگرے نیست | عشق است کہ کارم بتو پیمان شکن انداخت
زندانِ غمِ تست کہ یوسف صفتاں را | چوں ساحرِ غربت زدہ دُور از وطن انداخت

کے از جوہرِ تیغِ گل انداماں خبر دارد | کہ در دستے دلِ خوں گشتہ دریکدست سر دارد
بہ پیشِ چشمِ آں کافر بہ بیدرداں نظر دارد | کہ میگوید فغانِ عاشقِ شیدا اثر دارد

تا کارِ پائے شوق زسر می تواں گرفت | راہِ عدم چو شمعِ سحر می تواں گرفت
سرگشتہ ماند پیکِ قضا عمرہا وگفت | حاشا سراغِ ساحر اگر می تواں گرفت

مارنجہ زبے رحمئ صیاد نہ گردیم | از دام اگر سر دہد آزاد نہ گردیم
شاید بہ لبِ تشنہ زند آبِ بقائے | آزردہ دل از خنجرِ فولاد نہ گردیم
ایں آں غزلِ دلکشِ نوری است کہ فرمود | آں نیست کہ از عذرِ ستم شاد نہ گردیم

تا شمع صفت سوختن تمنائے تو مارا | چشمے است سراپا بہ تماشائے تو مارا
عمریست کہ چوں ساحرِ بے نام ونشانت | از خویش بروں کرد تمنائے تو مارا

جاں سوختگاں را چو بمیدانِ تو یابند | عمرِ ابد از شیوۂ جولانِ تو یابند

خواہد بود فقیر اورا در مشاعرۂ مرزا حاجی دیدہ، صاحبِ دیوان است ، از وست :-

اے بت خوں بجگر کردہ بدخشانی را
رشک فرما شدہ روے تو گلستانی را

آہ ازیں چرخ جفا پیشہ کہ در فصلِ بہار
می کند جا بہ قفس مرغِ خوش الحانی را

سرورا مشب چو حزیں آہ و فغانے داری
عشقت آمیخت بدل دردِ فراوانی را

سپند

میرزا لطیف بیگ سپند تخلص ولد مرزا دایم بیگ ابنِ منعم بیگ رسالدارِ صیدر وزارت از عہدِ نواب شجاع الدولہ جنت آشیاں تا ایں زماں جوانِ مہذب الاخلاق و با اعتقاد است چوں بمقتضائے موزونئ طبع چیزے کم کم موزوں می کرد شوقِ ولش اورا بسوئے من رہ برد بمعرفتِ میاں قسیم بحلقۂ شاگردیِ فقیر درآمدہ و قدرت بر غزل گفتن پیدا کردہ عمرش تخمیناً بست و دو سالہ خواہد بود ، از وست :-

میں اسیرِ غم کہاں اور کوچۂ قاتل کہاں
یہ نہیں معلوم جا کر دل ہوا گھائل کہاں

بیٹھ کر مجھ سے اٹھا جاتا نہیں اے ہمرہاں
مجھ نحیف و زار سے طے ہو سکے منزل کہاں

یار سے اُس سے زمین و آسماں کا فرق ہے
چاند سا مکھڑا کہاں اور وہ مہِ کامل کہاں

چاک کر سینے کو میرے یار تو پچھتائے گا
زخمِ غم رکھتا ہوں میں پہلو میں میرے دل کہاں

جامِ مے پہنچے وہاں پر تیری باعث اے کلال
ورنہ لب اسکے کہاں تھے اور میری گل کہاں

کشتیِ صد پارہ کی تختے پہ ہوں میں جاں بلب
دیکھئے لیجائے یہ دریائے بے ساحل کہاں

یار کا خالِ زنخداں ہو گیا ہے اے سپند
دیکھیو اٹکا ہے جا پتلی کا میرے تل کہاں

جانتے تھے ترے ہاتھوں سے ہیں نالاں کتنے
دل دیا ہم نے تجھے ہم بھی تھے ناداں کتنے

بن چکی زلف کہیں ہاتھ سے رکھو شانہ
ورنہ ہو جائیں گے دل اور پریشاں کتنے

دل رفته ز کف بیروں جا کرد بسر سودا — تا بر سر کوے او افتاد گذارِ من
زیں رشک چساں آتش در دل نه فتد ساحر — شد بزمِ کساں روشن از شعلهٔ عذارِ من

ما را به قیدِ جسم و غمِ جاں گداختند — ایں شمع را به تیرِ شبستاں گداختند
آتش دلانِ دشتِ فراقِ تو کوهِ سنگ — سیماب ساں ز گرمیِ افغاں گداختند
از غیرتِ نواے نئے کلک هندیم — آتش دمانِ خاکِ صفاهاں گداختند
در عشقِ برق روئے بتے از ازل مرا — سر تا قدم چو ساحرِ نالاں گداختند

حرفے نه میانست میانے که تو داری — رمزے بزبانست دهانے که تو داری
زاں تیرِ تو از تیرِ قضا پیشتر افتد — کز حلقهٔ چشم است کمانے که تو داری
ساحر همه عاشق سخناں رفته ز خویشند — در پیشِ لبِ سحر بیانے که تو داری

نگه به گوشهٔ چشمت بدل چناں افتد — که تیر بر هدف از حلقهٔ کماں افتد
کشاده ام بدعا دست و دل کشیدم پیش — که گر خدنگِ تو افتد بریں نشاں افتد
فغانِ بلبلِ زارے زند بجاں ناخن — که در هجومِ گل از چشمِ باغباں افتد
خروشِ مرغِ چمن آں زماں خراشد دل — که کارِ باغ بتاراجیِ خزاں افتد
بجانِ ساحرِ شیدا فتد ز رشک آتش — حدیثِ شوقِ تو هر جا که بر زباں افتد


سرور

لاله لچهمی رام پنڈت متخلص به سرور وطنِ آبائیِ ایشاں کشمیر است از یک دو پشت در هندوستان استقامت گرفته شعر را به صفائی تمام میگوید عمرش متجاوز از شصت

ایک پل تو مہ و خورشید برابر ہو جائے — آئینہ کاش دو چار رخِ دلبر ہو جائے

پیشِ نظر جب اپنے وہ گل پیرہن نہ ہو — کس طرح خار آنکھوں میں سیرِ چمن نہ ہو
ہم بھی جواب رکھتے ہیں دشنامِ تلخ کا — باتیں تو وہ سنے جو کسی کے دہن نہ ہو
یہ جانیو کہ عاشقِ زلفِ بتاں نہ تھا — مرنے کے بعد پاؤں میں جسکے رسن نہ ہو
سختی سے جاں لبوں پہ گر آوے فراق میں — تو بھی تو نرم وہ بتِ پیماں شکن نہ ہو
منزل پہنچ رہوں گا میں نازک دماغ ہوں — تو اے جرس برائے خدا نعرہ زن نہ ہو

پنہاں مری آنکھوں سے وہ صورت نہ ہوئی تھی — برگشتہ کبھی ایسی تو قسمت نہ ہوئی تھی
مائل کہیں جبتک کہ طبیعت نہ ہوئی تھی — اے ہم نفساں اپنی یہ حالت نہ ہوئی تھی



شعلہ

شیخ محمد سلیمان شعلہ تخلص ولد شیخ محمد علیٰ مفتی قصبۂ دیوا شیخ قریشی جوانِ شوریدہ مزاج است در ہمانجا مولد و نشو و نمائے اوست(۱) از چندے در لکھنؤ استقامت دارد و پیش ازیں کم کم فکرِ شعرِ فارسی می کرد حالا دریں ایام فکرِ شعرِ ہندی می کند و آنرا بقلمِ اصلاحِ نوازش حسین می رساند، عمرش بست و پنج سالہ خواہد بود، ازوست:

سنتے ہیں ترا یار ملا اور کسی سے — دل تو بھی چل اب جی کو لگا اور کسی سے

---

(۱) یافتہ۔ (ن)

عیدِ قرباں کو بھی اُس شوخ نے دروا نہ کیا | مر گئے سر کو ٹپک قیدیٔ زنداں کتنے
مرضِ مرگ سے آخر کو وہ ناچار ہوا | گو فلاطوں کے تئیں یاد تھے درماں کتنے
گھر سے میرے ترا جانے کو نہیں جی کرتا | پاؤں پھیلائے ہیں تو نے شبِ ہجراں کتنے

مریضِ عشق ہو جو اس کو کیا شفا ہووے | الٰہی کوئی کسی کا نہ مبتلا ہووے
جدائی عاشق و معشوق کی قیامت ہے | کسی سے یار کسی کا نہ یوں جدا ہووے
جرس کرے ہے فغاں یوں جو ہمرہاں ہر دم | نہ ناتواں تو کوئی پیچھے رہ گیا ہووے
ملا کرے ہے وہ ہاتھوں میں خونِ دل میرا | نہ اس قدر بھی کوئی مائلِ حنا ہووے
بہت سا مشکِ ختن تو نے سر اٹھا لیا ہے | خدا کرے کہ کہیں زلفِ یار وا ہووے
سپند اب تو دیا ہم نے اپنا دل اُس کو | ہمارے حق میں برا ہووے یا بھلا ہووے

جاں لبوں پر ہے دم شماری ہے | آج کی رات ہم پہ بھاری ہے
چین دل کو نہیں کسی کروٹ | بیقراری سی بیقراری ہے
قبر میں بھی نہ دیگا چین مجھے | گر یہی دل کی بیقراری ہے
سامنے واں رکھا ہے آئینہ | اور یہاں آہ دم شماری ہے
نہیں بچنے کا میں کسی عنواں | زخمِ تیغِ فراق کاری ہے
حرف شکوے کا لب پہ لا نہ سپند | کام عاشق کا جاں نثاری ہے

کٹ گئی وصل کی شب باتیں ہی کرتے کرتے | دل کے دل ہی میں رہے اپنے تو ارماں کتنے
ذرۂ ریگ بھی مامور ہے اب منہ ان سے | یا نگوں تھے مرے زخموں پہ نمکداں کتنے

خندہ زن مستی لگا جب وہ بتِ پُرفن ہوا ۔۔۔ لوگ یہ سمجھے شگفتہ غنچۂ سوسن ہوا

یہ وسیلہ مغفرت کا میری سمجھو روزِ حشر ۔۔۔ کوچہ اُس رشکِ بتاں کا جو مرا مدفن ہوا

بعد مرنے کے کیا قسمت نے اتنا تو سلوک ۔۔۔ کاسۂ سر اپنا پامالِ سمِ توسن ہوا

تیرہ بختی کے سبب اُس چہرۂ پُر نور سے ۔۔۔ کلبۂ احزاں نہ اپنا ایک شب روشن ہوا

گردشِ قسمت سے یہ مجکو گلا ہے اے شمیمؔ ۔۔۔ کوچۂ دلدار میں اغیار کا مسکن ہوا

چشم نرگس کی کھلے پر بھی تو بیدار ہے کب ۔۔۔ سچ ہے حیرت زدہ کو لذتِ دیدار ہے کب

بلبلِ گلشنِ تصویر ہوں میں ہم نفساں ۔۔۔ قابلِ نالہ کشیدن مری منقار ہے کب

کس لئے جھاڑے تو صحنِ چمن بادِ بہار ۔۔۔ اُس کو میلانِ طبیعت سوئے گلزار ہے کب

مدعی رشک سے کرتا ہے یہ تہمت مجھ پر ۔۔۔ اُس کے اور میرے بھلا وصل کا اقرار ہے کب

مت خوں سے اپنے چوبِ قفس رنگ عندلیب ۔۔۔ ہوتا نہیں پھڑکنے کا یہ ڈھنگ عندلیب

گا ہے خزاں ہے اس میں کبھی موسمِ بہار ۔۔۔ باغِ جہاں کا ہے یہی رنگ عندلیب

دریغ! لیلیٰ! تو سوئے عدم سدھاری آج ۔۔۔ کرے گا قیس کی پھر کون غمگساری آج

امید زیست کی اپنی مجھے نہیں ہرگز ۔۔۔ لگا ہے دل پہ مری زور زخمِ کاری آج

حنا لگا کے کیا خونِ دل کو عاشق کے ۔۔۔ نظر پڑی ترے ہاتھوں کی دستکاری آج

شمیمؔ ہی نہیں کچھ مصحفیؔ سے فیض اندوز ۔۔۔ ہے خار و گل پہ بہم فیض اسکا جاری آج

تدبیر کوئی اب نہیں بن آتی ہے مجکو ۔۔۔ وہ دیکھوں ہوں تقدیر جو دکھلاتی ہے مجکو

یہاں تک غمِ فرقت سے بدن ہو گیا لاغر ۔۔۔ بستر پہ اجل ڈھونڈھ کے پھر جاتی ہے مجکو

ہم وہ ہیں کہ مرجائیں پر اے رشکِ مسیحا | تجھ بن کبھی پوچھیں نہ دوا اور کسی سے

نہ کرو شیفتہ زلف کو زنجیر عبث | خود گرفتار رہی یہ اس کی ہی تدبیر عبث
تیرے دیوانے کی ہی قید سے نالاں اک | غل مچاتا نہیں ہر حلقۂ زنجیر عبث
جل ہی جاؤں تو مرے حال پہ شاید وہ جلے | شعلہ آب اُس کے سوا اور ہی تدبیر عبث

شمیم

شیخ محمد صابر شمیم تخلص ولد شیخ عبداللہ جوانِ مہذب الاخلاق و دلچسپ و مِش عمرش سی سالہ خواہد بود، از سہ سال شوقِ نظمِ(۱) شعرِ ہندی دامنِ دلش بسوئے خود کشیدہ ہر چہ گفت آنرا بہ نظرِ فقیر در آوردہ، از وست :-

دل مرا جس بتِ پرفن کا طلب گار رہا | اُس کو صورت سے مری زیست تک انکار رہا
مفت وہ جنسِ گراں ہاتھ لگی ہے اپنے | سالہا شہر سبھی جس کا خریدار رہا
ڈر سے قاتل کے اٹھایا نہ کسی نے ہرگز | لاشہ افتادہ مرا برسرِ بازار رہا
رازِ دل کس سے کہوں جا کے بتا تو ہی شمیم | نہ شفیق اپنا کوئی اور نہ غمخوار رہا

مت کھولنا تو کاکلِ پیچیدہ دیکھنا | ظالم نہ کھل پڑے دلِ شوریدہ دیکھنا
مانی نے اُس کی دی مجھے تصویر یوں کہا | رکھیو چھپا کے یہ ورقِ چیدہ دیکھنا
لاتا ہے میرے دیدۂ خونبار پر بلا | مستی کو لب سے یار کے چسپیدہ دیکھنا
باغِ جہاں میں آہ نہ روزی ہوا ہمیں | نخلِ امید کا کبھی بالیدہ دیکھنا
نالے سے تیرے چونک نہ اٹھیں کہیں دلا | کنجِ لحد میں مردمِ خوابیدہ دیکھنا

---

(۱) شوقِ شعر گوئی (ن)

آپ سے کیا میں پھنسا زلفِ گرہ گیر میں تھا — کیا کروں دامِ بلا تو مری(۱) تقدیر میں تھا
وائے ناکامیٔ مرا ٹوٹ گیا شیشۂ دل — اس پری رو کے میں تسخیر کی تدبیر میں تھا

یارب پھر ایک بار تو اُس سے ملا مجھے — جاتا رہا جو وصل کی شب پھر دکھا مجھے
درکار کیا ہے میرے لئے تیغ آب دار — کرتی ہے قتل تیری یہ سادی ادا مجھے
صورت دکھا کے خواب میں اپنی وہ دلفریب — اک تازہ داغ از سرِ نو دے گیا مجھے
راہِ ختن سے میں تو نہ واقف تھا اے شمیم — اُس کا خیالِ زلف ہوا رہنما مجھے

دل یارِ جفا جو سے گرفتار نہ ہووے — الفت کا کسی شخص کو آزار نہ ہووے
کر قتل نگاہوں سے مجھے اے بتِ خونخوار — آغشتہ بخوں تا تری تلوار نہ ہووے
بیدار نہ ہوویں کبھی ہم خوابِ عدم سے — محشر یہ اگر وعدۂ دیدار نہ ہووے
کس واسطے وہ جا کے پھنسے دامِ بلا میں — بلبل کو اگر خواہشِ گلزار نہ ہووے
مانگیں ہیں دعا حق میں مرے یہ مرے دشمن — چنگا کسی صورت سے یہ بیمار نہ ہووے
میں گلشنِ فردوس میں جاتا ہوں ولیکن — مشکل ہے جو واں سایۂ دیوار نہ ہووے
اے گل یہ روا ہے کہ تری بزمِ طرب میں — سب ہوویں شمیمِ جگر افگار نہ ہووے

لیلےٰ تو چل کے دیکھ تماشا ہے بن میں زور — مجنوں نے سج نکالی ہے دیوانپن میں زور
ابرِ تنک میں جوں ہو عیاں ماہِ چاردہ — جھلکے ہے اُس بدن کی صفا پیرہن میں زور
بعد از فنا بھی دیدۂ خونبار نے شمیم — ہم کو بہار اپنی دکھائی کفن میں زور (۲)

---

(۱) ہی۔ (ن)
(۲) نسخہ رام پور میں شمیم کے یہ شعر زیادہ ہیں :- (ملاحظہ ہو صفحہ ۱۴۴)

نقشے کے ترے روبرو اے مایۂ خوبی
یوسف کی بھی تصویر نہیں بھاتی ہے مجکو

ملتا نہیں گر یار کا قسمت میں تو اے مرگ
کیوں گور کی آغوش کو ترساتی ہے مجکو

پھرتا ہوں میں کب بندگیٔ پیر مغاں سے
اے بنت عنب کس لئے بہکاتی ہے مجکو

ملتا ہی نہیں محمل لیلیٰ کا ٹھکانا
بانگ جرس اس دشت میں دوڑاتی ہے مجکو

چتون میں مصور نے یہ انداز رکھا ہے
تصویر تری دیکھ کے شرماتی ہے مجکو

آ جلد کہیں اے بت بے رحم کہیں جلد
بیتابیٔ دل رات کو تڑپاتی ہے مجکو

اس وقت چمن سے تو شمیم آیا ہے شاید
تجھ سے جو چلی پھولوں کی بو آتی ہے مجکو

رہے وہ زینت گیسوئے مشکبو کرتے
تمام رات گئی ہم کو ہائے ہو کرتے

ملا پتہ نہ کہیں شاہد وفا کا ہمیں
عدم سے یہاں تلک آئے تھے جستجو کرتے

غضب تو یہ ہے نہیں نیند رات کو آتی
وگرنہ خواب ہی میں اس سے گفتگو کرتے

ادھر کو چاک کیا سینہ پنجۂ غم نے
ادھر کو جیب رہے بخیہ گر رفو کرتے

ملی نہ دیدۂ خونبار سے ذرا فرصت
نت آستیں کو رہے ہم تو شست و شو کرتے

مہندی نہ آسکے پاؤں کی ہاں رات بھر کھلی
یہاں چشم انتظار رہی رات بھر کھلی

بستر سے ضعف تن نے نہ ہلنے دیا ہمیں
سنتے ہیں رات واں رہی زنجیر در کھلی

کرتا رہا میں شانہ صفت موشگافیاں
لیکن نہ کچھ حقیقت موئے کمر کھلی

نت قتل عاشقاں پہ رہا مستعد وہ شوخ
دوش و کمر سے اس کے نہ تیغ و سپر کھلی

میں تیغ انتظار کا کشتہ ہوں اے شمیم
تربت میں بھی رہے گی مری چشم تر کھلی

بھنور سے نکلی کہ طوفاں سے پھر دوچار ہوئی
ہماری کشتی نہ ساحل سے ہم کنار ہوئی

دیوانِ ضخیم در زبانِ ریختہ ترتیب دادہ اند، چوں کلامِ ایشاں دراں روزہا کہ تذکرۂ اول
می نوشتم بہم نرسید لہذا مرفوع القلم ماند حالا از جائے شعری بہم رسیدہ برائے یادگار
بہ طریقِ ندرت نوشتہ شد، از وست :-

گریباں پھاڑ کر کیدھر نکل جاویں ہم اے وحشت ہوئی ہے زندگی ناحق گلے کا ہار کیا کیجے

شرف

میر محمدی شرف تخلص کہ حال[1] درویشی بر خود درست داشت شخصِ سنجیدہ و فہمیدہ
دیدمش دوبارہ بنائے مشاعرہ در شاہجہاں آباد گذاشتہ و یارانِ موزوں طبع را خواندہ
بندہ ہم در مشاعرۂ ایشاں رفتہ بود۔ شعرے از ایشاں بہم رسیدہ۔ اینست :-

صاف دل کا مرتبہ ہے عرش و کرسی سے بلند جلوہ گر ہے آسماں زیرِ زمینِ آستر

شور

خواجہ عاصم خاں شور تخلص، از احوالِ ایشاں آگاہی ندارم دو شعر از بیاضے
نوشتہ شد اینست :-

آرزو یہ ہے کہ اس طرح دن اور رات کٹے جتنی باقی ہے مری عمر ترے سات کٹے

آہ و فریاد ترے خوف سے کم کرتے ہیں پر میاں دل ہی سمجھتا ہے جو ہم کرتے ہیں

شورش

میر غلام حسین شورش تخلص، از قدماست :-

---

(۱) حالا لباس درویشی آراستہ است۔ (ن)

شاد

رجب بیگ خاں شاد تخلص برادر زادۂ حیدر بیگ خاں جوانِ موزون الطبع از قدیم سرے بہ صاحبانِ سخن دارد اکثر کلامِ خود را بہ نظرِ قلندر بخش جرأت گذرانیدہ۔

از وست :-

بن اس کے ہیں چمن دِل میں اپنے داغ بھرے — کہ جوں بہ موسمِ گل ہوں گلوں سے باغ بھرے

یہ نالۂ دلِ سوزاں نے شعلہ بازی کی — کہ جتنے خالی تھے مطبخ کے سب اوجاغ بھرے

سبھو گلوں پہ نہ شبنم تو اے بتِ مے نوش — بہار نے یہ مئے ناب سے ایاغ بھرے

صبا چمن میں جو لیجائے نکہتِ جاناں — تو بوئے عطر سے گل کا نہ کیوں دماغ بھرے

وہ گل ہو کیوں نہ بھلا لے دماغ بھر لے شاد — جو عاشقی کا دم اُسکی ہر ایک زاغ بھرے

شاعر

میر کلو شاعر تخلص خویشِ خواجہ میر درد مرحوم مردِ بزرگ و سنجیدہ و فہمیدہ بود ہمیشہ آنرا بخدمتِ ایشاں از حاضرانِ وقت می یافتم، کمال کسرِ نفسی در خود داشتند،

کہیں تو خوں پڑا ہے اور کہیں پر اڑتے پھرتے ہیں — مزا بلبل نے پایا باغ میں دھومیں مچانے کا

چمن میں ہر طرف کو آتشِ گل شعلہ افگن ہے — خدا حافظ ہے اے بلبل ترے اب آشیانے کا

شمیم ناتواں ایک دن نہ ایک دن قتل ہوئیگا — اسے لپکا پڑا ہے کوچۂ قاتل میں جانے کا

زلفِ جاناں کا بنا شانہ نہ ایک دن دستِ شوق — پیچ ہے اے ہم نشیں یہ بھی مری تقدیر کا

سلاسل جعدِ سنبل کو میں دیوانہ سمجھتا ہوں — چمن اے غیرتِ گلزار تجھ بن مجکو زنداں ہے

بختِ خفتہ نے نہ پل بھر آنکھ لگنے دی مری
یار نے جس شب کیا آنے کا وعدہ خواب میں

ہر حبابِ بحر بن جاتا ہے نافہ مشک کا
کھول کر زلفیں نہاتا ہے وہ جس دم آب میں

رحم اب سلے شدتِ گریہ بحالِ بیکساں
گھر غریبوں کے بہے جاتے ہیں یہاں سیلاب میں

ابلہی ہے ڈھونڈنا زیرِ فلک آسودگی
گاؤ کو فربہ نہ دیکھا خانۂ قصاب میں

اُسکی نورانی جبیں پر داغ چیچک کے نہیں
موتیا کے پھول پھولے ہیں شبِ مہتاب میں

در بدر ہم ٹھوکریں کھاتے نہ رسوائی کیساتھ
دوستی کرتے نہ گر اُس طفلِ ہرجائی کیساتھ

عالمِ وحشت میں یاد آیا جو سروِ قدِ یار
خوب رویا میں لپٹ کر نخلِ صحرائی کیساتھ

وہ فراغت سے رہا ہم زندگانی سے ہیں تنگ
خضر کو نسبت نہیں کچھ اپنی تنہائی کیساتھ

تخمِ الفت بو کے پامالِ حسیناں ہو گئے
مل گئے مٹی میں شایق اپنی دانائی کیساتھ

لگا جاتا ہے برچھی آتے جاتے گور پر میری
ملا یہ پھل مجھے اُس جنگجو سے دل لگانے کا

وقارِ انساں کا کھو دیتا ہے آخر خندۂ بیجا
دہن ہونا کشادہ عیب ہے موتی کے دانے کا

سبزیٔ عالم مرے اشکوں کی طغیانی سے ہے
زندگانی جملہ مخلوقات کی پانی سے ہے

کس طرح دھوکا نہ ہو اس پر جبینِ یار کا
صبح کا تارا مشابہ خالِ پیشانی سے ہے

چار دن بھی رنگِ گل ہرگز وفا کرتا نہیں
اس لئے مجکو گریز اس گلشنِ فانی سے ہے

میری دھونی پر پری زادوں کا رہتا ہے ہجوم
بوریا بہتر مرا تختِ سلیمانی سے ہے

گو ہزاروں ہیں یہاں مرغِ خوش الحاں نغمہ سنج
رونقِ گلشن تری شایق غزل خوانی سے ہے

قیدِ ہستی میں نہایت تنگ دل کا حال ہے
مرغِ جاں کو سلسلہ تارِ نفس کا جال ہے

کیا چشم ہے وہ چشم کہ جو چشم تر نہ ہو
وہ آہ کیا بلا ہے کہ جس میں اثر نہ ہو

شاداں

قطب علی شاداں تخلص۔

میں جو اک عاشقِ بیمار ہوں کن کا ان کا
کشتۂ ابروئے خمدار ہوں کن کا اِن کا

جمع عشاق ہیں شاداں کی طرف کر کے خطاب
بول اٹھا یار کہ میں یار ہوں کن کا اِن کا

شایق

رائے امر سنگھ شایق تخلص۔

ایک دل تھا مرے اسبابِ جہاں میں باقی
سو بھی وہ سوختۂ آتشِ ہجراں نکلا

شایق

لالہ سیوارام شایق تخلص جوانِ شوریدہ سر است بمقتضائے موزونیِ طبع چیزے بجائے خود موزوں می کرد و آنرا بہ مشورۂ مرزا علی نظیر می رسانید چوں فی الجملہ طاقتے دریں فن پیدا کرد کارِ مشورہ را بہ فقیر سپرد و شعر را بطور معنی بندانہ گفتن عادتِ خود ساخت بعد چندے پیشِ خواجہ حیدر علی آتش رفت و کلامِ خود را بایشاں می نماید عمرش قریب سی سالہ خواہد بود از وست :۔

یوں مرے لختِ جگر ہیں دیدۂ پر آب میں
جیسے لہراتی ہیں گلگوں مچھلیاں تالاب میں

بام ہو ساقی خوش رو ہو بغل میں یار ہو
بادہ نوشی کا مزہ جب ہے شبِ مہتاب میں

کاٹتا ہوں میں تڑپ کر جس طرح سے روزِ ہجر
یہ قلق ہوتا نہیں شب کو دلِ سرخاب میں

دیکھ وہ آئینہ ہنستا ہے تو یوں جھڑتے ہیں پھول
پھلجھڑی کو جس طرح سی چھوڑتے ہیں آب میں

آن کر تیرے چمن میں دل بھی اپنا دے چلے — باغباں ہم نے یہ پایا خوب ہی پھل باغ میں

ایک تو ہم بے کلی سے مر رہے ہیں آپ آج — دوسرے ناصح نے مارا کر کے کل کل باغ میں

گو کہ خوش ہوتا ہی سب کا سیر سے دل باغ میں — پر ہمیں روتے ہیں گل سی خوب پل پل باغ میں

مر گئے ہیں ہم کسی گلرو کی دوری میں صبا — کر کسی صورت سی میری خاک داخل باغ میں

سیر کو جس دم گیا وہ با تجمل باغ میں — کیا ہی شرمندہ ہوئے سب غنچہ و گل باغ میں

آہ کیسی خاک اڑائی ہی خزاں نے باغباں — نام کو بھی اب نظر پڑتا نہیں گل باغ میں

سرو کو سکتہ ہوا اس کے قد و قامت کو دیکھ — قمریاں جو کر رہی ہیں شور اور غل باغ میں

کیا تعجب ہے اگر ہو جائے سائے ششدر کباب — سن کے میرا نالۂ دل سوز بلبل باغ میں

لے کے دل پوچھتے ہو نام مرا — اس تجاہل کو ہے سلام مرا

جلد آ تا کہ چھوٹیں اس غم سے — نامہ بر کہیو یہ پیام مرا

اس کی ترچھی نگاہ نے یارو — کر دیا ایک پل میں کام مرا

تیری شرم و حیا نے اے جانی — کھو دیا ننگ اور نام مرا

اب تو غفلت کے صدقے سی ششدر — سب پہ بالا ہوا کلام مرا

ہم نے جس طرف کر نظر دیکھا — وہی محبوب جلوہ گر دیکھا

صورتِ دوست کے سوا ہم کو — کچھ نہ آیا نظر جدھر دیکھا

لوگ کہتے ہیں ہم نے دیکھا یار — کس طرف تھا کہاں کدھر دیکھا

آہ کچھ بھی نہیں وفا اس میں — کوئی ایسا نہ یہاں بشر دیکھا

کوئی ہمدم ملا نہ یہاں ششدر — خوب ہم نے تلاش کر دیکھا

پاؤں کے نیچے سے نکلی جاتی ہے وہاں کی زمیں | میرے نالوں سے یہ کوئے یار میں بھونچال ہے
سلسلہ مجنوں سے جا ملتا ہے مجھ آزاد کا | چرم آہو بید کی ٹہنی چھڑی رومال ہے
رک سکا حلقے سے چشم تر کے کب سیلاب اشک | آگے تیغ موج کے گرداب سے کیا ڈھال ہے
چلتی ہے تلوار روز اُس سیمبر کے واسطے | اہل دنیا میں سبب جنگ و جدل کا مال ہے
مجکو گھایل کرکے رحم آیا اُسے تو دیکھنا | پٹی اپنے زخم کی تلوار کا رومال ہے
کیوں نہ ہو اُس پر بھلا مجکو ہزار ... کا یقیں | دیدۂ گریاں مشبک صورت غربال ہے
اس قدر سودا ہے کس کی زلف کا شایق تجھے | نوک نشتر کی طلب کرتی رگ قیفال ہے

شافی

امین الدین شافی تخلص

ست زخم دل کو میرے کوئی التیام دو | ظالم کو بلکہ زخم دگر سے پیام دو

ششدر

میر شرف الدین ششدر تخلص ولد میر غیاث الدین ساکن رامپور شاگرد احمد خاں
غفلت است از کلامش نو مشقی معلوم می شود عمرش بست و چہار سالہ خواہد بود، از وست:-

کیوں کھسے ہے باغ سے مجکو نکل اے باغباں | پڑ گیا کیا میرے آنے سے خلل اے باغباں
کیا مزے سے چہچہے کرتی تھی بلبل گل کے پاس | تو نے ناحق آن کر ڈالا خلل اے باغباں

ٹک جو آنکھوں سے ہوا میرے وہ اجھل باغ میں | کیا ہی بے کل سا میں پھرتا تھا ٹہل کل باغ میں
رشک سے ہووے گی نرگس خاک جل جل باغ میں | شوخ مت جا تو لگا آنکھوں میں کاجل باغ میں
کیا گلوں کو کر دیا باد خزاں نے پائمال | باغباں روتا ہے تو جو ہاتھ مل مل باغ میں

بہکی بہکی ہم سے باتیں آج جو کرتا ہی شوخ
کچھ نہیں معلوم کس کا ہی وہ بہکایا ہوا

آتش غم سے نہ ہو کیوں چشم میری اشکبار
کہتے ہیں برسے ہی بادل خوب گرمایا ہوا

کہتے ہیں اس کو نزاکت چہرہ اُسکا پھول سا
گرمی نظارہ سے رہتا ہے کمھلایا ہوا

رال منہ سی خام طبعوں کے چوئی ہی جوں ثمر
جب سے دیکھا ہی بدن اُسکا وہ گدرایا ہوا

جانئے کیا ضد ہے میری ساتھ اُسکو ہمدو
دیکھ کر محفل میں مجکو پھر گیا آیا ہوا

گو نگاہوں سے وہ عالم کی نہاں رہتا ہی
پر ہر اک شان میں تت جلوہ کناں رہتا ہی

دل میں کس طرح مری غیر کے ہووے جاگہ
اس مکاں میں تو وہی مالکِ جاں رہتا ہی

جوں نگیں منہ کیا کالا ہیں سیہ کاری کر
رو سیاہی میں بھی اک نام و نشاں رہتا ہی

یہ ادا دیکھ کے کیوں گل نہ گریباں پھاڑیں
مسکراتا ہی مرا غنچہ دہاں رہتا ہی

کوچے میں اپنے وہ مظلوموں کی سن کر فریاد
پوچھتا ہی کہ یہ کیا شور فغاں رہتا ہی

میرے مرقد پہ وہ اب آکے زراہِ اخلاص
کیا کروں ہر دن تلک فاتحہ خواں رہتا ہی

مردمِ چشم مرا مردمِ دریائی ہے
سیل میں اشک کے جو غوطہ زناں رہتا ہی

شوق پھر کہہ غزل اک تا کہ یہ سمجھیں سب لوگ
رامپور میں کوئی استادِ زماں رہتا ہی

گو کہ وہ جانِ جہاں مجھ سے نہاں رہتا ہی
رکھیو خوش اس کو تو یارب کہ جہاں رہتا ہی

گو کہ اب دل سے مجھی تو نے بھلایا ظالم
پر ترا ذکر مجھے وردِ زباں رہتا ہی

ابر ساں میں تو سدا گریہ کناں رہتا ہوں
برق سا مجھ پہ وہ نت خندہ زناں رہتا ہی

جب سی دل اپنا دیا شوق نے اُس قاتل کو
درپئے جاں ہی وہ سفاکِ زماں رہتا ہی

جب سے پہلو سے ہوا ہے(۱) وہ دلِ زار جدا | تن سے ہی جان جدا جاں سے تنِ زار جدا
اینٹھ لیتی ہے مرے دل کے تئیں لے ہمدم | زلف بل دار جدا ابروئے خمدار جدا

آج تک اس شکل کی دیکھی نہیں تصویر ایک | خامۂ قدرت سے گویا یہ ہوئی تحریر ایک
شمع ساں سب تن بدن جل کر ہوا ہمنت آہ | سوزِ دل سے جب میں کھینچا نالۂ شبگیر ایک
مجھ سے وحشی کے تئیں پابند کرنے کیلئے | ہمدمو بس ہے کفایت زلف کی زنجیر ایک
کیوں دلا رنج و مصیبت تو اٹھاتا ہے عبث | ترک کر ملنا بتوں سے یہ ہی ہے تدبیر ایک
کیا ہمارے حال پر تھی مہربانی آپ کی | کل جو مدت میں کیا نامہ ہمیں تحریر ایک
بخش دے بوسہ لیا ہے خواب میں ششدر نے رات | بس یہی مدت میں کی ہے آپ کی تقصیر ایک

کیا تڑپوں ہوں ہر شب ترے ایوان کے نیچے | تو دیکھ تو کوٹھے پہ ذرا آن کے نیچے
تھمتے جو نہیں اشک اب ان آنکھوں سے اک پل | ہے ابر مگر دامنِ مژگان کے نیچے
کیا اُس نے کیا ہے تہ و بالا مرے دل کو | بالا جو لٹکتا ہے ترے کان کے نیچے
مانند بگولے کے مری خاک بھی ششدر | گردش میں ہے اس گردشِ دوران کے نیچے

شوق

مولوی قدرت اللہ مرحوم شوقؔ تخلص ساکن رامپور فاضل تبحر بود بمقتضائے موزونیٔ طبیعت فکر شعر ہم می نمود و آنجا نظیرِ خود نہ داشت، اکثر مردمِ آں نواح بہ حلقۂ شاگردیش آمدند، از وست :-

بال بال اُس زلف کا رہتا ہے لہرایا ہوا | جس طرح چلتا ہے کالا ناگ کمڑایا ہوا

(۱) یہ دل

گو شام شبِ ہجر میں رو رو کے سحر کی
تو بھی نہ مرے حال پہ کچھ اُس نے نظر کی
طے کر گئے اک آن میں ہم عشق کی منزل
ہر چند کہ تھی راہ بڑے خوف و خطر کی
صد شکر کہ رخصت کا کلام آنے نہ پایا
بس مر گئے سنتے ہی خبر ہم تو سفر کی

اک اشارے ہی میں اغیار کے اٹھ جاتے ہو
لاکھ منت سے کبھی گھر جو مرے آتے ہو
خوں بہا تا تمھیں شاید ہے کسی کا منظور
ہاتھ میں تب تو حنا غیر سے لگواتے ہو
میں تمھیں ذبح کے دم دیکھوں ہوں کس حسرت سے
قہر ہے اس پہ بھی تم رحم نہیں کھاتے ہو

جدا جو رخ سے کسی کی نقاب ہوتا ہے
تو آب شرم میں غرق آفتاب ہوتا ہے
جو صبر و شکر سے کاٹی ہیں ہجر کی راتیں
اُسی کو وصل میسر شتاب ہوتا ہے
عدول کر کے میں ناصح کا حکم پچھتایا
کہ خود پسند ہی سچ ہے خراب ہوتا ہے
جہاں کہ ہووے ہے پوشیدہ ربط اے ہمدم
دلوں میں دوستی کا وہاں حساب ہوتا ہے
ہم اپنے عہدِ جوانی کو یاد کرتے ہیں
کہیں جو ذکرِ شراب و کباب ہوتا ہے
بچے ہے آتشِ دوزخ سے وہ ہی اے شاداںؔ
کہ جس کے دل میں غمِ بو تراب ہوتا ہے

ظاہر ہر ایک پر مرا رازِ نہاں نہ کر
اے دل شبِ فراق تو آہ و فغاں نہ کر
کیا فائدہ جو جان سے جاوے کوئی غریب
کہنے سے غیر کے تو مرا امتحاں نہ کر
بزمِ بتاں کی سیر سے محروم میں ہوں
اے عشق اس قدر بھی مجھے ناتواں نہ کر
قاتل نے ناتوان مجھے جان کر کہا
زخمِ دگر سے تو ہوس اے نیم جاں نہ کر
لیلےٰ نے جا کے وادیِ مجنوں میں یوں کہا
یہاں سے ارادہ چلنے کا اے سارباں نہ کر
غم نے گھلا دیا انھیں پہلے ہی اے ہما
تو جسم میں تلاش مری استخواں نہ کر

شفق

میاں بندعلی شفقؔ تخلص جوانِ مہذب الاخلاق است پیش ازیں چند سال فقیر در روز ہائے کہ بنائے مشاعرہ بتجدید بر روش انداختم بحلقۂ شاگردی من درآمدہ وچند غزل را باصلاح رسانیدہ، عمرش تخمیناً از سی متجاوز خواہد بود، ازوست:-

اس لاغری پہ رنج دہ دوستاں ہوں میں
ہر چند ہوں سبک پہ لوں پر گراں ہوں میں

اے اضطرابِ دل نہ تصدق چمن کا کر
رہنے دے مجکو باغ میں بے آشیاں ہوں میں

بیخود کیا ہی عشق نے ایسا کہ ان دنوں
معلوم کچھ نہیں ہے مجھے یار و کہاں ہوں میں

ناقہ کہے ہے دوڑیو مجنوں ادھر شتاب
آیا ہوں آج نجد میں بے ساربان ہوں میں

اس دیکھنے کے واسطے مجکو برا بھلا
جو جی میں آوے کہہ تو میاں بے زباں ہوں میں

رہتا ہی دھیان اُس کا شب و روز اے شفقؔ
جاتا ہوں جس مکان میں رہتا جہاں ہوں میں

یہی لکھا تھا خدا نے مری تقدیر کے بیچ
دل پھنسے جا کے تری زلفِ گرہ گیر کے بیچ

موئے ابرو کا ترے اُس میں پڑا ہی سایہ
اے غلط فہم یہ جوہر نہیں شمشیر کے بیچ

آکے دنیا میں ملوث نہ ہو خاکی پتلے
شستگی شرط ہی انسان کی تعمیر کے بیچ

تیری چاہت میں شفقؔ کا ہی میاں حال تباہ
نہ وہ تحریر میں آتا ہے نہ تقریر کے بیچ

شاداں

شیخ نبی بخش شاداںؔ تخلص از تلامذۂ میاں پیر بخش مسرورؔ جوانِ مہذب الاخلاق است از ابتدائے شباب سرے بگفتنِ شعر داشت آخر ایں کار را سزاوار شدہ عمرش سی و پنج سالہ خواہد بود، ازوست:-

شگفتہ

مرزا سیف علی خاں بہادر شگفتہ تخلص خلفِ نواب شجاع الدولہ مرحوم مغفور کہ ذکرِ ایشاں در تذکرۂ اول گذشت، شخصِ جامع الکمالات است، در فنِ موسیقی و تیراندازی و شناوری و تصویر کشی و کشتی گرفتن و خطِ نسخ نوشتن دستے تام دارد[1] و بمقتضائے موزونیِ طبع کہ از طفولیت بود خود را ہمیشہ مصروفِ غزل گوئی داشتند و در سرکار ایشاں از موزونانِ شہر یعنی مرزا کاظم علی جوان تخلص و منتظر و شاہ ملول الہام آمد و شد می کردند۔ رفتہ رفتہ مرتبۂ سخن را بجائے رسانیدند و دیوانے ضخیم مرتب ساختند از قضا آں دیوان در آتش گرفت خانہ مع اثاث البیت سوختہ درستے ازاں نماند دل افسردہ شدہ چند سال فکرِ شعر نکردند آخر چوں ایں ناسور شفا می پذیرد توجہ بہ گفتنِ غزل گماشتند و در عرصۂ قلیل ہماں ضخامت دیوانِ دوم تیار کردند در کثیر الکلامی جناب را صائب ریختہ گفتن مناسب حال است در فصاحت و بلاغت و معنی بندی و سادہ گوئی و امثالِ زنانہ و مردانہ نظیر خود ندارند فقیر در مشورۂ ایں دیوان شریک از اول تا آخر است سنِ شریف از شصت متجاوز خواہد بود من انتخابہ نظم۔

کل ترے بیمار کی کچھ تھی طبیعت اَمنی ۔۔۔ آج جو دیکھا تو منہ پہ پھر گئی ہے مردنی

اس قدر مرغوب خاطر ہے مرا وہ نوجواں ۔۔۔ دوڑتی ہے جس کے چہرے سے بدن پر سنی

کب کسی پر غیر دل اُس کا کل جانا کھلا ۔۔۔ شب گیا یوں منہ پہ دامن کی لگا گلدامنی

اے شگفتہ تم سے جب کیجے دریغ اک فلس داغ ۔۔۔ کیونکہ کچھ دیتا کسی کو ہوگا یہ چرخِ دنی

باغباں جب کہ نظر پھولوں پہ کرتا گذرا ۔۔۔ دل پہ بلبل کے سبھی رنگ کا کھٹکا گذرا

---

(۱) استادِ وقت اند (ن)

جھوٹی خبر نہ ہو کہیں قاصد کے مرگ کی — شاداں ابھی تو آنکھوں سے آنسو رواں نہ کر

کچھ اُس کی فنِ عشق میں توقیر نہیں ہے — جس شخص کی گردن تہِ شمشیر نہیں ہے

اک بوسہ پہ جلاد کے کرتے ہو حوالے — اتنے سے گنہ کی تو یہ تعذیر نہیں ہے

آجائے جو بھولے سے کبھی اُس کا تصور — اتنی بھی مری آہ میں تاثیر نہیں ہے

کیا خاک خوش آوے مجھے عالم کا مرقع — پیشِ نظر اُس شوخ کی تصویر نہیں ہے

سمجھوں ہوں جسے دوست وہ ہو جائے ہے دشمن — میری سی کسی شخص کی تقدیر نہیں ہے

زندگانی کا مزہ وصل کے اقرار میں ہے — موت اپنی تو صنم بس ترے انکار میں ہے

گور کے مردوں کو دیتا ہے تو ٹھوکر سے جلا — معجزہ عیسیٰ کا ظالم تری رفتار میں ہے

داروئے وصل ملے تو اُسے ہوتی ہے شفا — یک رمق جان ابھی ہجر کے بیمار میں ہے

خنجرِ عشق سے کاٹوں میں ابھی اپنا گلا — غیر کا خون لگا کیوں تری تلوار میں ہے

وصل سے اُسکے تو مایوس نہ ہووے شاداں — ایک دن باقی ابھی وعدۂ دیدار میں ہے

کیا ہی قتل اُس نے اس لئے تلوار سے مجکو — محبت تھی نہایت ابروئے خمدار سے مجکو [1]

---

(۱) نسخہ رامپور میں یہ شعر زیادہ ہیں :-

رواں گلے پہ میرے کاش وہ چھری کرتا — یہ غیر سے نہ میرے سامنے ہنسی کرتا

تیرے دیوانو کو کیا منتِ فصاد سے کام — نوک نشتر کا مزہ دشت کے ہر خار میں ہے

یقیں ہے مجکو شاداں صدمۂ محشر نہ ہووے گا — وسیلہ ہے جہاں میں حیدر کرار سے مجکو

دل کے دینے میں اضطراب کیا　　دیر کے کام کو شتاب کیا
چشم سے گوں دکھا کے غیروں کو　　دل مرا نرگسی کباب کیا

ذرا تو جس میں تجسس ہو باغباں کو مرے　　چھپا دو پھولوں کے جھنڈ میں آشیاں کو مرے

شوق

در مشاعرۂ میر صدر الدین صدر آمدہ خواندہ بود، دیگر از احوالش خبر ندارم
از وست :-

یہ دہن یہ منہ اور یہ آنکھ اور یہ تل کہاں　　ہو ترے چہرے سے ہم چہرہ مہ کامل کہاں
بحر الفت میں بہہ جاتے ہیں لاکھوں آشنا　　عشق کے قلزم کا دیکھا اے دل کہیں ساحل کہاں
شوق ہے صحرا نشیں اب عشق میں تیری میاں　　قیس دل خستہ کہاں وہ صاحب محمل کہاں

گل چاک گریباں ہے تری گلبدنی سے　　بلبل ہے جگر خستہ مری نعرہ زنی سے
دندان ولب لعل صنم کا ہے یہی وصف　　وہ دُر ثمیں ہیں یہ عقیق یمنی سے
اک خار سا رہتا ہوں پڑا بستر غم پر　　اے شوق یہ کاہیدہ ہوں ضعف بدنی سے

شوق

میرزا جوہر ولد میرزا وارث علی جوان موزون الطبع شوق تخلص می کند از چندے سرے بگفتن شعر پیدا کردہ چیزے بجائے خود موزوں می کرد آخر بر رہنمائی دانش رجوع بمشورۂ آں بفقیر آوردہ شعر درست بستہ می گوید امایہ سبب لکنت قلیل از خواندن در مشاعرہ متعذر راست عمرش از سی متجاوز خواہد بود، از وست :-

ڈر تھا اس عشق کا سو عشق کیا ہے .... | سامنا اُس نے کیا دل پہ یہ خطرا گذرا

بارہا آندھی اٹھی ابر برستا گذرا | سر پہ انساں کے جو پوچھو تو نہ کیا کیا گذرا

پرزے کرنے کا ہوا حکم اُسے نامہ سمیت | داخلے کا مرے قاصد کے جو پرچا گذرا

ہر کسی کی نہیں طاقت جو قدم مار سکے | وادیٔ عشق سے قاصد کوئی پرلا گذرا

اس پہ سر تن پہ رہے یا کہ شگفتہ نہ رہے | دل پہ مضبوط مزاجوں کے جو گذرا گذرا

مری جاں دردِ دل سے شب کہاں تھی | زمیں اک چیخ تھی اک آسماں تھی

نہ سونگھا سگ نے نِز تھوکا ہما نے | جلی سی بسکہ بوئے استخواں تھی

بسکہ کھایا ہے زخم سر گہرا | خوں کا دریا ہے تا کمر گہرا

صاف کاجل کی کوٹھری ہے جہاں | سرمہ اتنا دیا نہ کر گہرا

بسانِ نقشِ قدم جو کہ خاکسار ہوا | اُسی سے دل میں تمہارے بھی اک غبار ہوا

بگولا گور سے اٹھا جو خاکساروں کی | وہی بلند ہو، اک گنبدِ مزار ہوا

نہ رویا عاشقِ بےکس کی گور پہ کوئی | مگر سحابِ کرم گستر اشکبار ہوا

دن کو تو خیر جا بجا جہاں تم وہاں رہے | جب رات کو کہیں رہے پھر ہم کہاں رہے

گالی گلوچ مار کٹائی نہ ہو سو کیوں | جیب اُس کا ہاتھ اور نہ میری زباں رہے

دنبالہ ہے سرمے کا اور چشم وہ کالی ہے | اس برۂ آہو نے اک شاخ نکالی ہے

چھنگلی مری چھنگا کی پنجہ سے نرالی ہے | مرجان نے یہ پیوندی اک شاخ نکالی ہے

اپنے بیمار کو کہتا ہے وہ عیار بہ طنز
کیوں مسیحا نے ترے درد کا چارا نہ کیا
قد پہ کر تیرے نظر سرو کو بھولی قمری
دیکھ بلبل نے تجھے گل کا نظارا نہ کیا
سیکڑوں قتل کیے اس نے کسی دن بھی شکیبؔ
تو نے نظارۂ مژگانِ صف آرا نہ کیا

رو چکا جان کو میرے دلِ نالاں میرا
ہو چکا آہ مسیحا سے بھی درماں میرا
آنکھیں اُلجھی ہوئی رہتی ہیں تری زلفوں میں
کیونکہ ہو اُن سے جدا شانۂ مژگاں میرا
نہیں ممکن کہ خبر دل کی نہ دل کو ہووے
آشکارا ہے بتاں پر غمِ پنہاں میرا
جب سے دیکھا ہے میں اُس شوخ کے مژگاں کو شکیبؔ
ہے صدا پنجۂ وحشت میں گریباں میرا

کل ہنستے ہنستے اُس نے جو منہ کو پھرا دیا
رجعت کا آفتاب کے عالم دکھا دیا
یارانِ رفتہ کا مجھے ملتا نہیں پتہ
گو جستجو میں جان کو میں نے کھپا دیا
اک تیغ میں تمام ہوئے شیخ و برہمن
دم میں صنم نے دونوں کا جھگڑا چکا دیا

غریب بے وطن ہوں گردِ راہ کارواں ہوں میں
مریضِ عشق ہوں افسردہ جان و ناتواں ہوں میں
تو اے صیاد کیوں کرتا ہے مجھکو ذبح ٹک رہ جا
کہ دل میں اپنے اس دم سوچتا طرزِ فغاں ہوں میں
کوئی پروانے کو کہہ دے نہ یہ منہ پر چڑھے میرے
مثالِ شمع سوزاں اے شکیبؔ آتش بجاں ہوں میں

در پردہ ستم ہوتے ہیں سو جانِ حزیں پہ
عاشق ہوئے جس دن سے ہم اک پردہ نشیں پہ
ہم اُس کے تصور میں جہاں بیٹھ گئے ہیں
نقشے ہی بنا پائے ہیں روئے زمیں پہ
کیا تیغِ ملاحت نے تری کاٹ کیا کم
آتی ہے ہنسی خندۂ زخمِ نمکیں پہ
دیکھا ہے شکیبؔ جگر افگار نے کس کو
شادی سے جو رکھتا ہی نہیں پاؤں زمیں پہ

فائدہ کیا جو لئے جاتی ہے بستاں کی طرف | لے چل اے وحشتِ دل مجکو بیاباں کی طرف
مہر و مہ کو جو کیا حسن سے تیرے ہم سنگ | حسن تیرا تھا فزوں پلۂ میزاں کی طرف
اُس پری رو کی اگر وصل کی خواہش ہے تجھے | شوق سے جا تو چلا ملکِ سلیماں کی طرف

تجھ بن قلق سے بسترِ غم پر تمام رات | تڑپا کیا مرا دلِ مضطر تمام رات

حاصل[1] یہ عشق میں نہیں جاہ و حشم ہوا | آنسو تو فوجِ غم ہوئے نالہ علم ہوا

شکیب

نواب اصغر علی خاں شکیبؔ تخلص خلف الصدق نواب عنایت علی خاں خلفِ نواب شجاع الدولہ بہادر مرحوم مغفور، جوانِ مہذب الاخلاق و فہمیدہ و دانا ست بمقتضائے موزونی طبع از چندے سرے بگفتنِ شعر داشت و نظم خود را بہ کسے نمی نمود آخر حوالۂ ایں افکارِ خود را بشاگردی خامۂ اصلاحِ فقیر رسانید و را بتدائے کار انتہا کرد و فکرش بلیغ است و ذہنش رسا عمرش تخمیناً از سی متجاوز خواہد بود، از وست:-

تاب[2] لاوے اسکی کیا دل کس قدر نخچیر کا | توڑ جاتا ہے توے پیکاں تمہارے تیر کا
کیوں ملاتا ہے مجھے تو خاک میں چرخ کہن | میں ورق ہوں عاشقانِ رفتہ کی تصویر کا
آب داری اس کو کہتے ہیں زہے اندازِ قتل | مانگتا پانی نہیں کشتہ تری شمشیر کا

قیس کب دورسے دیکھ اُس کو پکارا نہ کیا | سارباں نے طرفِ نجد گذارا نہ کیا

---

(۱) حاصل یہ تیرے عشق میں جاہ و حشم ہوا (ن)
(۲) لاسکے کیا تاب اس کی دل کسی نخچیر کا (ن)

دامِ الفت میں پھنسی ہیں اب تو اے صیاد ہم
دیکھیے اس دام سے ہوتے ہیں کب آزاد ہم

کھینچی پڑتی نہ ہم کو آفتِ نیرنگِ حسن
خوب تھا پیدا جو ہوتے کورِ مادر زاد ہم

ہر بنِ مو پر ہمارے زخم اک تیشے کا ہے
یہ تماشا تجھکو دکھلائیں گے لے فرہاد ہم

ہم سے حیرانوں کا نقشہ کھینچنا ہے کیا ضرور
خود برنگِ صورتِ تصویر ہیں بہزاد ہم

باغ میں یاد آئی جب اُس گل کی مسی کی دھڑی
برگِ سوسن کو ہی سمجھے خنجرِ فولاد ہم

کارواں نے حالِ زار اپنا نہ پوچھا یا نصیب
جوں جرس کرتے رہے گو نالہ و فریاد ہم

یک دگر فرہاد و مجنوں ہم سے لیتے تھے سبق
تھے فنونِ عشق بازی میں کبھی استاد ہم

بزمِ عشرت ہم نے جانا قیدِ زنداں کو شکیب
نالۂ زنجیر کو سمجھے مبارکباد ہم

شعور

شیخ عبدالرؤف شعور تخلص ولد شیخ حسن رضا عرف بستی میاں ابن شیخ وجیہ الدین جوانِ مہذب الاخلاق است، بزرگانش متوطن بلگرام و خودش در لکھنؤ تولد و نشو و نما یافتہ۔ مشارٌ الیہ و منشی ظہور محمد ظہور تخلص کہ ذکرش در حرف الظا خواہد آمد، برادر عم زادہ بودہ بمقتضائے موزونی طبع بنائے گفتنِ شعرِ ہندی را در سر جا دادہ بعد از شاگرد شدنِ برادرِ بزرگِ او ہم بحلقۂ تلامذۂ فقیر در آمدہ۔ ذہنے رسا و طبعے ممیزہ دارد، اگر چندے مشق نمود دریں فن از بے نظیرانِ روزگار خواہد شد، عمرش تخمیناً بست و یک سالہ است از وست:۔

حق تعالیٰ نے تجھے رشکِ قمر پیدا کیا
کم ترا اِس انداز کا کوئی بشر پیدا کیا

ہو گیا سطحِ فلک جوں کاغذِ آتش زدہ
آہِ سوزاں نے ہماری یہ اثر پیدا کیا

---

(۱) عمواد منشی ظہور محمد ظہور کہ ذکرش خواہد آمد، در ۱۳۲ھ نزدم آوردہ است۔

عجب طرح کی کشاکش تھی مہ جبینوں میں — گیا جو آئینہ اک روز ان حسینوں میں
نہ پاس بیٹھے نہ بولے چلے گئے منہ پھیر — کھڑے کھڑے جو کبھی آئے بھی ہنیلیں میں
بہارِ لالہ دکھاؤں گا باغباں تجکو — بھرے ہیں لختِ جگر میں نے آستینوں میں

برا ہوتا ہے آزارِ محبت — کوئی بچتا ہے بیمارِ محبت
کبھی جس پر نہ اک سیدھی نظر کی — وہ میں ہی ہوں گنہگارِ محبت
چھپا دیں گے تری الفت تو لیکن — نہ ہوگا ہم سے انکارِ محبت

جی ہی جی میں تری باتیں جو کیا کرتے ہیں — دل کی ہم اپنے تسلی تو ذرا کرتے ہیں
کس کی طاقت ہے کہ کچھ منہ پہ تمہارے بولے — ہے بھلا وہ بھی اگر آپ برا کرتے ہیں
ہر کسی سے نہیں ہوتا ہے محبت میں شکیب — وہ جو صابر ہیں کوئی شور و بکا کرتے ہیں

آپ کو خاک میں ملاؤں گا — خاکساروں میں جب کہاؤں گا
دل یہ کہتا ہے اُس کے کوچے میں — گر گیا اب کی پھر نہ آؤں گا
کتنی ہی وہ جفا کرے گا شکیب — میں زباں پر نہ شکوہ لاؤں گا

رنگِ ثبات سی نہیں اس گلستاں کی طرح — ڈالیں کس اعتماد پہ یہاں آشیاں کی طرح
شاگرد کچھ جرس ہی نہیں دستِ شوق میں — سیکھی ہے ہم سے نے نے بھی آہ و فغاں کی طرح
تیغِ ستم کو تیز لگا کرنے اور بھی — سرگشتہ یا فلک مجھے سنگِ فساں کی طرح
تیرِ دعا ہدف پہ لگے گا کبھی ترا — چندے شکیب چلہ نشیں ہو کماں کی طرح

خوشی سے دوڑے جو آتے ہیں آہوانِ حرم
مگر کہ طبع تری مائلِ شکار ہوئی

شعورؔ ہو گئے صحرا میں خار تک بھی ہرے
جو مثلِ ابر مری چشم اشکبار ہوئی

جو شانہ گیسوئے جاناں میں ہم کبھو کرتے
تو تیری اے دلِ گم گشتہ جستجو کرتے

ہمارے دل پہ یہ آفت نہ آتی اک سرِ مو
پسند ہم جو نہ وہ زلفِ مشکبو کرتے

سیاہ بختیِ ازل ہوں کہاں یہ میری نصیب
کہ قتل کر کے مجھے آپ سرخرو کرتے

یہ آرزو ہی رہی دل میں اپنے تا دمِ نزع
جو آتا یار تو کچھ اُس سے گفتگو کرتے

جو پڑتی بے کسیِ عاشقاں پہ اُن کی نگاہ
کسی کا خون جہاں میں نہ خوبرو کرتے

ہمارے نامے کا ہو جاتا زعفرانی رنگ
جو ہم رقم تمھیں کچھ حالِ رنگِ رو کرتے

اُسی کا سجدہ بجا لاتے شیخ وقتِ نماز
بآبِ دیدۂ عشاق گر وضو کرتے

ہمارا خون نہ چھوٹے گا تیغِ قاتل سے
زمانہ گرچہ گذر جائے شست و شو کرتے

شعورؔ یاد جو آئی وہ بادہ پیمائی
تو ہوش جاتے رہے بس سبو سبو کرتے

گلشن میں تیری زلف جو لے سیم بر کھلی
ہر غنچہ مشتری ہوا اور مشتِ زر کھلی

نکلا نہ کام ناخنِ تدبیر سے ذرا
دل کی گرہ مری نہ کبھی عمر بھر کھلی

میں اُس کی یاد میں جو رہا محوِ انتظار
تو بعدِ مرگ کے بھی رہی چشمِ تر کھلی

کیونکر نہ خونِ دل مرے سینے میں جوش کھائے
رنگت حنا کی خوب کفِ یار پر کھلی

پرواز کر ہی جائے گا صیاد مرغِ روح
کھڑکی نہ فصلِ گل میں قفس کی اگر کھلی

مہرِ سکوت لب پہ جو وہ رکھ کے رہ گیا
کیا خط پہ میرے مہر نہ تھی نامہ بر کھلی

جانا عدم کو گلشنِ ہستی سے ہے ضرور
ہر ایک کے لئے ہے یہ راہِ سفر کھلی

اتنا شعورؔ خوابِ فراغت نہ چاہیے
تیری نہ آنکھ اب تلک اے بے خبر کھلی

شور سر میں درد دل میں آبلے پاؤں میں ہیں
ہم نے یہ نخلِ محبت کا اثر پیدا کیا

کیوں نہ سمجھیں تجکو یکتا سارے خوبانِ جہاں
مادرِ گیتی نے کب ایسا پسر پیدا کیا

شیشہ بازی آنسوؤں سے نت یہ کرتے ہیں شعور
دیدۂ گریاں نے اپنے کیا ہنر پیدا کیا

قتل کرنے کو جو قاتل نے بٹھایا تہِ تیغ
کشتۂ تیغ نے بس سر نہ اٹھایا تہِ تیغ

پہنچے صدمہ نہ کہیں بازوئے قاتل کو مرے
دلِ عاشق میں یہی خوف سمایا تہِ تیغ

خون سے تاکہ نہ ہو دامنِ قاتل افشاں
ہم ہوے سرو ولے سر نہ اٹھایا تہِ تیغ

ہمدم ایسا ہے مرا کون کہے جو اُس سے
بےگنہ ہے اسے کیوں تم نے بٹھایا تہِ تیغ

آن کر جمع ہوئی خلق تماشے کے لئے
سب نے بے بس ترے کشتے کو جو پایا تہِ تیغ

سر کو زانو پہ دھرے اپنے میں بیٹھا ہوں شعور
کشتنی مجھ سا تو مقتل میں نہ آیا تہِ تیغ

تا مرا خوں سے دمِ قتل نہ ہو تر دامن
باندھ لیتا ہے کمر سے وہ ستم گر دامن

رشکِ گلزار بھلا ہووے نہ کیونکر دامن
اشکِ خونیں سے مرے تر ہے سراسر دامن

اپنے عاشق کو سناتا ہے وہ کہہ کر دمِ ذبح
خون سے بھر نہ مرا تو تو تڑپ کر دامن

پوچھا کرتا ہوں جو اُس سے میں سدا دیدۂ تر
چھوٹتا ہاتھ سے میرے نہیں دم بھر دامن

قتل پر کس کے کمر باندھی ہے سچ کہیو میاں
باندھے رہتے ہو کمر سے جو تم اکثر دامن

کرے کس طرح نہ پامال دلِ عالم کو
چلنا اُس سروِ خراماں کا اٹھا کر دامن

دعوئے خون سے محشر کے یہی مطلب ہے
ہاتھ میں ہووے مرے تیرا ستم گر دامن

جو دشتِ نجد کو لیلےٰ کبھی سوار ہوئی
تو روحِ قیس رواں پیچھے جوں غبار ہوئی

جب آیا گورِ غریباں کی سیر کو وہ شوخ
بگولا بن کے مری خاک بھی نثار ہوئی

یہ خوبیٔ انصاف کہ دشنام تو دینا
اور کہنا کہ کیا میں نے کہا یہ مجھے بتلا

مہندی ترے ہاتھوں کی ملی ڈالے ہے دل کو
یہ خون ہے یا رنگِ حنا یہ مجھے بتلا

کیا تجھکو گرفتاریٔ بلبل سے ہے حاصل
صیادِ جفا پیشہ بھلا یہ مجھے بتلا

بیجا نہ تھا اُٹھ بیٹھنا بے چینی سے میرا
شب سامنے آنکھوں کے وہ تصویر کھڑی تھی

اک ہاتھ دھرا دل پہ اک انگشت دہن میں
یوں کشتۂ الفت کی تری لاش پڑی تھی

اُس گوہرِ یکتا کی جو میں یاد میں رویا
ہر اشکِ مسلسل مرا موتی کی لڑی تھی

صدمے سے شبِ ہجر کے جیتا جو بچا تو
بیمارِ تپِ ہجر تری عمر بڑی تھی

کی اُس نے ہی آسان دمِ تیغ سے ورنہ
منزل یہ شعور اپنے لئے سخت کڑی تھی

خاک برسر ہم پھریں صحرا میں سوائی کیساتھ
یار ہو آئینہ اُس محوِ خود آرائی کے ساتھ

عشق میں اس شوخ کے پہنچے قریبِ مرگ ہم
ناتوانی بھی گئی اپنی توانائی کے ساتھ

چھوڑ کر مجکو چلے تم خیر اب اے مہرباں
ساتھ تنہائی مری ہے میں ہوں تنہائی کے ساتھ

مدعی ہم کو بصد افسوس جو شب گھر لیگئے
ہم بھی اک عیار تھے ساتھ اپنے خنجر لے گئے

حور و غلماں کے تئیں جو آرزوئے سیر تھی
جب ملایک خاک کوئے یار آکر لے گئے

پائے دیوار اُس کو بس اُس شوخ نے پھکوا دیا
سامنے اُس کے مرا جلاد جب سر لے گئے

زیست ہی تک ہے فقط اے دل خیالِ تخت و تاج
کچھ ہی ساتھ اپنے سلیمان و سکندر لے گئے

حاصلِ عشقِ بتانِ سنگدل ہم کیا کہیں
غم کا ایک چھاتی پہ اپنی دھر کے پتھر لے گئے

آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھا اُس بتِ مغرور نے
نذر کو اُس کی جو یہ اشکوں کے گوہر لے گئے

ناتوانی مانعِ چاکِ گریباں ہو گئی
ہاتھ اپنا ہم گریباں تک کبھی گر لے گئے

بے سبب وہ نہ مُوئے قتل کی تدبیر میں تھا — اُس کے ہاتھوں ہی سے ٹھنا مری تقدیر میں تھا
مضطرب بس کہ ہوئے تھے وہ مُوئے بعد از قتل — موجِ دریا کا سماں جوہرِ شمشیر میں تھا
منتظر تھا ترا دیوانۂ گیسو جس رات — عالمِ چشم ہر اک حلقۂ زنجیر میں تھا
جنبشِ لب کا گماں ہوتا تھا عاشق کو ترے — اس قدر لطفِ خموشی تری تصویر میں تھا
پائے قاتل پہ دمِ ذبح گیا سجدہ میں بھول — دھیان اپنا جو لگا نعرۂ تکبیر میں تھا
او کماں ابرو جو اک تیر لگایا تو کیا — اشتیاق اس سے زیادہ دلِ نخچیر میں تھا
مرغِ بسمل سا تڑپتا تھا ہر اک مرغِ سحر — اثرِ تیر مرے نالۂ شبگیر میں تھا

مکھڑا جو کھلے صبحِ تمنا نظر آوے — گر زلف ہو وا تو شبِ یلدا نظر آوے
دو چار قدم ساتھ تمھیں چلنا تھا لازم — گر کشتۂ الفت کا جنازہ نظر آوے
وحشی کا ترے حال یہ ہے کوسوں ہی بھاگے — اپنا بھی کبھی اُس کو جو سایا نظر آوے
سر اپنا تو کٹوا کے ہیں یوں خون میں تڑپوں — کیا قہر ہے یہ اُس کو تماشا نظر آوے
ہر دم جو نہ ہو سامنے تصویر کھنچا لی — تو صبر ترا اے دلِ شیدا نظر آوے
ہر لحظہ چپاں رہتی ہے یہاں آہ کی بجلی — کس طرح مری گور پہ سبزا نظر آوے

کیوں مجھ سے تو رہتا ہی خفا یہ مجھے بتلا — کیا یار گنہ مجھ سے ہوا یہ مجھے بتلا
سوگند سرِ عاشق مذبوح کی تجھ کو — کیونکر ہوے رنگین کف پا یہ مجھے بتلا
اُس شوخ کا زیبا گل رخسار ہے یا گل — گلشن کی قسم تجکو صبا یہ مجھے بتلا
گر شکوۂ بے مہری کیا تو وہ یہ بولا — کہتے ہیں کسے مہر و وفا یہ مجھے بتلا
زلف اُس کی یہ کہتی تھی مرے دل کو پھنسا کر — کس طرح تو اب ہو گا رہا یہ مجھے بتلا
دل عشوہ و انداز و ادا سے تو لیا چھین — پھر کس لئے ہے ناز و ادا یہ مجھے بتلا

ہر بات تری سحر ہے ہر حرف ہی تصویر
تقریر کا نقشہ دہ، یہ تحریر کا نقشہ
بل کھاتا ہوا سانپ جو چلتا ہی زمیں پر
کھینچے ہی کسی زلفِ گرہ گیر کا نقشہ
پوچھا نہ شعورِ جگر افگار کو اُس نے
بس دیکھ لیا آہ کی تاثیر کا نقشہ

اس واسطے کہ گل کو دکھاوے بہارِ گل
آئینہ آب جو نے رکھا ہے دوچارِ گل
عارض سے کس کے ہی یہ شتابہ جو ہر سحر
کرتا ہے آسماں دُرِ شبنم نثارِ گل
فصلِ بہار آکے چمن سے چلی گئی
مرغِ اسیر کرتے رہے انتظارِ گل
پامال یہ خزاں نے کئے گلشنِ جہاں
باقی رہا نہ خار تلک یادگارِ گل
اُس کے زوالِ حسن کے جب آئے دن قریب
بادِ صبا بھی ہو نہ سکی غمگسارِ گل
آتش سی دوں ہی پھونک دے بلبل کا آشیاں
پھر کیا کرے کہ اُس میں نہیں اختیارِ گل
آآکے کس طرح سے نہ ہوں ذبح بلبلیں
ہر شاخِ گل ہے نیمچۂ آبدارِ گل
گل اپنے زیبِ گوش وہ گل کس طرح کرے
ہووے عرق عرق جو پڑے اُس پہ بارِ گل
اے عندلیب! شیفتۂ رنگ و بو نہ ہو
ناداں اس چمن میں نہیں اعتبارِ گل
جھونکوں سے جو ہوا کے اُسے اضطراب ہی
بلبل کے ہاتھ لگ نہیں سکتا شکارِ گل
داغوں سی تن ہوا ہی مرا نخلِ گل کی شکل
باور نہیں تو کرلے تو لے گل شکارِ گل

کرے صبا اور نسیم جب وصف یار کی زلفِ پُر شکن کا
خطا ہی اُس وقت فکر کرنا کسی کو پھر نافۂ ختن کا
گلِ مرادِ وصالِ جاناں سی مِسرا کرکے دے امن دل
نہ شیفتہ ہوں میں گل کا یارب نہ آرزو مند یاسمن کا
نقاب چہرے سی گر اٹھاوے یقین مہ جابہ دِہ کاہووے
جو زلف بکھرا دے اپنے رخ پر خیال ہو خلق کو گہن کا
جواب نامے کا لاوے قاصد جو بعد مُردن ہاں سہی یارو
یہ ہی وصیت اسی کو کرنا جواب نامہ مرے کفن کا
مزا اٹھایا یہ خارِ صحرا کا میرے پاؤں کے آبلوں نے
خیال آیا نہ خواب میں بھی دلِ حزیں کو کبھی وطن کا

کی کشش جوں سنگِ مقناطیس جانِ سخت نے
جب مری گردن تلک وہ اپنا خنجر لے گئے

اپنی تربت پہ گلِ نرگس سی اُگتے ہیں شعور
گور میں بھی حسرتِ دیدار دل پر لے گئے

زنبور کہوں عشق کو میں یا کہوں عقرب
سینہ میں عجب طرح کی ایک نیش زنی ہے

کرنے کے نہیں ہم تو صنم ترکِ محبت
جو ہووے سو ہو اب تو یہی دل میں ٹھنی ہے

ناداں میں کہا تجھ سے مرے لختِ جگر کی
کر قدر کہ یہ رشکِ عقیقِ یمنی ہے

ہر موئے بدن ہے اُسے پیکاں کے برابر
نازک بدنی سی کوئی نازک بدنی ہے

مر جاؤں گا اک روز یونہیں ہجر میں تیرے
دانتوں کا تصور مجھے ہیرے کی کنی ہے

ہر نوکِ مژہ اُس کی شعور اپنے توحق میں
نشتر ہے کبھی اور کبھی برچھی کی انی ہے

ترے دستِ حنائی میں ادا کیا ہی نکلتی ہے
نہ میں ہی جان دیتا ہوں قضا بھی ہاتھ ملتی ہے

شفق میں کوند جانا برق کا بس یاد آتا ہے
نیامِ سرخ سے تلوار اُس کے جب نکلتی ہے

تری رفتار پر کبکِ دری ہی نے فقط غش کی
نسیمِ صبح بھی اے گل روش پر تیری چلتی ہے

گرانباری کے باعث کاہ مثلِ کوہ ہے جسکو
بھلا شمشیر کب اُس دستِ نازک سے سنبھلتی ہے

بجا ہے جاں کنی میں جس قدر صدمہ ہو اعضا کو
دمِ آخر یہ حسرت روح قالب میں مچلتی ہے

شعور اُس نے کہا یہ دل میں اپنے دیکھ کر مجھکو
جو اُس کو مار ڈالوں تو بلا کچھ سر سے ٹلتی ہے

کچھ عجب ہے یہ ہمارے دلِ دلگیر کا نقشہ
جس طرح سے ہو بلبلِ تصویر کا نقشہ

چشمِ مہ و خورشید بھی ہے جس سے جھپکتی
کچھ ہے یہ ترے حسنِ جہانگیر کا نقشہ

لازم ہے کہ پیکانِ دلِ عاشق کا بناوے
نقاش اگر کھینچے ترے تیر کا نقشہ

ساتھ اُس کے سرِ عاشقِ مذبوح بھی ہووے
کھینچے جو مصور تری شمشیر کا نقشہ

امیر خاں انجام متقربِ فردوس آرام گاہ جوانے بود باغ و بہار، طبعِ رنگینش بگفتنِ شعرِ ہندی و فارسی مہارتے کمال داشت چنانچہ در ہر دو زبان مثنوی و دیوانِ مختصرے از وے یادگار است، از انتخابِ بیاضِ اوست:-

مدام نشہ چو خم می تراود از دلِ ما
مگر زیادہ سرشتند در ازل گلِ ما

بقتلِ ما چہ فسوں کردہ است قاتلِ ما
کہ رفتہ است طپش از خیالِ بسملِ ما

چو بلبلے کہ گذارند در چمن قفسش
بوصل ہم نہ رود داغِ ہجر از دلِ ما

چو عمر قافلۂ ما ہمیشہ در سفر است
مگر بدوشِ نفس بستہ اند محملِ ما

زمیں چو چشمۂ سیماب در طپش آید
اگر بخاک بریزند خونِ بسملِ ما

چو نقشِ پائے زوا ماندگانِ تسلیم
ہر زمیں کہ فتادیم گشت منزلِ ما

زموج کم نہ شود بے قراریِ دریا
چہ غم ز سلسلہ دارد جنونِ کاملِ ما

فلک کبود شد از دودِ آہِ ما صادق
چگونہ آئینہ گردد دمے مقابلِ ما

تا کنم حرز دلِ صد چاک داغِ خویش را
روز و شب چوں لالہ می سوزم دماغِ خویش را

در دلِ تنگم خیالت دست و پا گم کردہ است
باد و بینائی نمی یابد سراغِ خویش را

ہم چو آں شمعے کہ در قندیل روشن می کند
می فروزم در دل از شوقِ تو داغِ خویش را

خواجہ بر خود بسکہ می بالد بزنگِ گردباد
می برد بر آسماں ہر دم دماغِ خویش را

در بیاباں ہا کجا رہ گم کند مجنونِ ما
گر ز چشمِ آہواں گیرد سراغِ خویش را

ہمچو آں نقدیکہ در زیرِ زمیں دفنش کنند
می برم با خود بزیرِ خاک داغِ خویش را

شورِ بلبل بسکہ صادق بے دماغم کردہ است
پاک می سازم ز گلہا صحنِ باغِ خویش را

زجوشِ دل سرشک از چشمِ گریاں می شود پیدا
ہوا چوں گرم تر گردد باراں می شود پیدا

نہیں تعریف ہو سکتی تری شکل و شمائل کی
فروغِ حسن سے تشبیہہ کیا دوں ماہِ کامل کی

حجابِ عشق دیکھو پھر گیا رُخ خود بخود دوں ہی
مری تصویر سے تصویر اُس کی جو مقابل کی

فغان و گریۂ بلبل ہی ساماں برق و باراں کا
رکھے ہی عالمِ برقِ طپاں شمشیر قاتل کی

سرِ رہ جھاڑتا تھا روز مجنوں اپنی پلکوں سے
نہ ہوئے تا کوئی شے سدِّ رہ لیلیٰ کی محمل کی

برنگِ نقطۂ موہوم پایا ہم نے ہستی کو
حقیقت کھل گئی آنکھوں میں اپنی فرطِ باطل کی

شعورؔ اس باغ سے جانا تھا مثلِ بوئے گل ہمکو
ٹہر کر راہ میں کیوں ہم نے کھوٹی اپنی منزل کی

ردیف (ص)

صواب

شیخ محمد اشرف صوابؔ تخلص

کب کوئی دل کی کدورت مرے دھو دیتا ہے
جس سے کہتا ہوں میں احوال سو رو دیتا ہے

صوفی

شاہ علی اکبر صوفی تخلص کہ در آوہ قیام داشت ، از وست :-

یا زوہ غازہ برخسار بہار است بہار
دیدۂ لختِ جگر بار بہار است بہار

شبلی و نعرۂ مستانہ تماشا است عجب
نعشِ منصور و سر دار بہار است بہار

صادق

نواب جعفر علی خاں صادقؔ تخلص ولد محمد مومن خاں نیشاپوری عموی کلاں نواب

تیرے ہمسایہ بھی رہنے کی خوشی کچھ نہ ہوئی　　سخت عاجز رہے اس بیچ کی دیوار سے ہم
چین دل کو جو زمانے سے نہیں ہے صادقؔ　　آپ بیزار ہیں اب اپنے ہی اشعار سے ہم

غیر کے ہوتے ہمیں گھر میں بلایا نہ کرو　　دل جلے جو ہوں انھیں اور جلایا نہ کرو
دیکھو شوخی کہ مجھے دیکھ کے غمگیں بولا　　گھٹ کے مر جاؤ گے تم رنج اٹھایا نہ کرو
یہ ستم کس سے کہوں جس پہ کہ دل آیا ہے　　وہ یہ کہتا ہے کہ گھر میں مرے آیا نہ کرو
گر یہ کہتا ہوں کہ بندہ ہوں تمھارا صاحب　ق　دیکھو ہر بات پہ تم مجکو ستایا نہ کرو
تو وہ کہتے ہیں کہ میں اور ستاؤں گا تمھیں　　آہ ہر اک شخص سے دل اپنا لگایا نہ کرو
ہر گھڑی حالتِ دل کر کے بیاں اے صادقؔ　　آپ رویا نہ کرو ہم کو رُلایا نہ کرو

رکھے ہے قدر بھلا تیرے روبرو کوئی　　کہاں ہے منہ کہ جو ہو تجھ سے دوبدو کوئی

چین دے اب تو کہیں نالۂ شبگیر مجھے　　آہ معلوم ہوئی بس تری تاثیر مجھے

وہ مستِ ناز جو غیروں کے اختیار میں ہے　　تو ایک شعلۂ آتش مرے مزار میں ہے

کس سے کہوں آہ جا کے حالت دل کی　　گھٹتی جاتی ہے روز طاقت دل کی
وہ جان نہ آیا اور یہاں جان چلی　　افسوس رہی دل ہی میں حسرت دل کی

جب عشق میں ذلت اور خواری کھینچے　　دل کیونکہ نہ اپنا شرمساری کھینچے
یارو یہ غضب کہیں سنا ہے تم نے　　بوسہ مانگوں تو وہ کٹاری کھینچے

زبس افتادهٔ دل چوں دانہ ہائے اشکِ در راہش بجائے سبزہ از خاکِ درش جاں می شود پیدا

صادق

صادق علی خاں عرف میاں مستیا صادق تخلص ولد فتح علی خاں جوانِ خوش گفتار و نیکو اطوار است، بشاگردی قلندر بخش جرأت امتیاز دارد و در روئیہ شعر گفتن کسی را بعد او بخوبی بجا می آرد، عمرش بست و پنج سالہ خواہد بود، از دست او:-

میں نہیں مطلق تری اس ظلم رانی سی خفا پھر کروں کیا ہوں میں اپنی سخت جانی سی خفا
سو جگہ گرتا ہوں اٹھتا ہوں جو بستر سے ذرا مرگ مجھ سے ہے خفا میں ناتوانی سی خفا
دیکھ کر صادق کو کل افسوس کیا آیا ہمیں وہ جواں پھرتا تھا اپنی نوجوانی سی خفا

سن کے وہ کہنے لگا رات کو شیون میرا میری رسوائی کے درپے ہے یہ دشمن میرا
کس نے موقوف کیا جھانکنا جو کرتا ہے ٹکڑے دل ہائے وہ دیوار کا روزن میرا

یہ جیتوں میں کہے ہے کہ خیر سے گھر جا ملاؤں آنکھ جو اس چشم شرمگیں سی میں

پھر کیا کریں جو ہاتھ نہ تم سے اٹھائیں ہم دانستہ اپنی جان کو کیونکر گنوائیں ہم
لو اب تو بس رکھائیاں چھوڑو کہ وصل میں تم پاؤں کھینچو ہاتھ کہاں تک بڑھائیں ہم
تم آپ سا سمجھتے ہو جھوٹا ہمیں بھی خیر بس کیا ضرور ہے کہ پھر اب قسمیں کھائیں ہم
کیا کیا نہ یاد آئی ہے گھر میں ہمارے آہ ان کا پکار کر کے وہ آنا کہ "آئیں ہم؟"

جب ہم دیکھتے ہیں یار کو اغیار سے ہم تک کے منہ اس کا بھی رہ جاتے ہیں ناچار سے ہم

ناخنِ فکر نے کی اپنی وہاں کوہ کنی — نہ نکلتا تھا جہاں تیشۂ فرہاد سے کام
باغباں سے نہیں وابستہ غرض کچھ اُن کی — جو گرفتارِ قفس رکھتے ہیں صیاد سے کام
میں کسی کے قدِ موزوں کا ہوں عاشق قمری — نہ تو کچھ سروِ سہی مطلب ہے نہ شمشاد سے کام
میں ہوں دیوانہ نزاکت کا تری ہی اے گل — مجکو ہرگز نہیں طفلانِ پری زاد سے کام
سخت مشکل ہے فنِ شعر کا آنا صادق — چاہیئے نت رہے شاگرد کو استاد سے کام

صابر

منشی میر حسن صابر تخلص کہ بخدمتِ منشی گری(۱) نواب ملک سعادت علی خاں بہادر غفر اللہ عنہ عزِ امتیاز داشت اکثر مرثیہ و سلام از قدیم گفتہ آمدہ گاہ گاہے فکرِ شعر ہم می کند بہ بندہ ارتباطے کمال دارد مطلعِ خوبی از زبانش بہ سمعِ فقیر رسیدہ عمرش سی و پنج سالہ خواہد بود، از وست:-

شروعِ عشق ہے اور چشم تر ابھی سے ہے — طپیدنِ دل و سوزِ جگر ابھی سے ہے

صفدر

میر صفدر علی صفدر تخلص شاگرد میاں(۲) نصیر کہ از شاہجہاں آباد بہ گوالیار رسیدہ ہمراہ ایشاں آمدہ بود جوانِ صلاحیت شعار و مہذب الاخلاق است ایں چند شعر از نتائج طبع او بہم رسیدہ بہ تحریر آمد از وست:-

جب کہ آتش کدہ یہ سینۂ سوزاں بن جائے — جلوۂ برق نہ کیوں چاکِ گریباں بن جائے
خاکساری کے ہیں صدقے ہوں کہ جسکی دولت — زیرِ پا نقشِ قدم تختِ سلیماں بن جائے

---

(۱) کچہری (ن)
(۲) شاگرد میاں نصیر دہلوی ہمراہ میاں مذکور اول بہ گوالیار بعدہ بہ لکھنؤ آمدہ بود (ن)

جو بات میں چاہتا ہوں اُسے منظور نہیں
ہر بات پہ کرتا ہے وہ مغرور نہیں
گر آنکھ ملاؤں تو وہ چتون میں سے کہے
کم بخت تو اُس طرح مجھے گھور نہیں

خط کو نہ پڑھے اگر وہ جانی قاصد
کہہ دیجیو حالِ دل زبانی قاصد
جس طرح بنے کمال ہوگا احساں
لانا اس کی کوئی نشانی قاصد

خواہش میں بتوں کی روز و شب گذرے ہے
نت کھنچتے ہی رنج و تعب گذرے ہے
اک روز نہ پایا عاشقی میں آرام
اوقات ہماری بھی عجب گذرے ہے

صادق

پسر انور علی بیگ صادق تخلص گذاشتہ رجوع[۱] بہ مرزا قتیل آوردہ جوانِ عنایت عمرش بست و دو سالہ خواہد بود از دوست :-

جو کہتا ہی یوں مجکو ترے آنے سی کیا حاصل
تو اُس کے پاس پھر یارو مجھی جانے سی کیا حاصل

مناسب کیا ہی پردے میں تجھے اے ماہ رو رہنا
ملا ہو جس سی جی پھر اُس سی شرمانے سی کیا حاصل

خدا جانے وصال اُس کا میسر کب تلک ہووے
دلا بیہودہ تجکو اتنا غم کھانے سے کیا حاصل

محبت چیز کیا ہی سخت اس میں ہیں تو حیراں ہوں
پتنگوں کو بھلا اے شمع جل جانے سی کیا حاصل

جو تیرے پاؤں کی آہٹ سی در کو بند کر لیوے
تو صادق اُس کے در پہ سر کو ٹکرانے سی کیا حاصل

عشق میں جب سی پڑا اس دلِ ناشاد سی کام
ہی مجھے نے کی طرح نالہ و فریاد سے کام

نہیں سرکارِ زمانہ سے فراغت ملتی
روز نکلے ہی نیا عالمِ ایجاد سے کام

---

(۱) شاگرد مرزا قتیل۔ (ن)

کبھی ناشاد کبھی شاد ہوئے آخر ہیچ — گو تعلق سے بھی آزاد ہوئے آخر ہیچ

خونِ دل ٹپکے ہے ان آنکھوں سے پانی کی طرح — اب نظر آتی نہیں کچھ زندگانی کی طرح
اُس ستمگر بے وفا کو آہ دونوں یاد ہیں — مہربانی کی طرح، نامہربانی کی طرح

تا نہ مٹ جائے رسم و راہِ وفا — لکھتے رہتے ہیں آشنا کاغذ
صنعتِ کارساز لکھنے کو — ہوا پیدا قلم بنا کاغذ

ہے اگر لکھنا رسالہ زلف کا — پہلے کاغذ پر کرو شانے سے خط

دود ہے سنبلِ عذارِ شمع — گلِ عارض سے ہے بہارِ شمع

سیاہ بختوں کے دل میں نہیں ہوائے چراغ — جلے ہے داغِ جگر کا وہاں بجائے چراغ
تو رشک اس پہ نہ صاحبقراں کہیں کھانا — جو گل فراق میں اُس شمع رو کے کھائے چراغ

وجود اس جہاں کا عدم دیکھتے ہیں — عجب خواب ہے یہ جو ہم دیکھتے ہیں

دل پر کھنچی ہے ابروے خمدار کی شبیہہ — پھرتی ہے اپنی آنکھ میں تلوار کی شبیہہ
ہوتے ہیں ہاتھ مانی و بہزاد کے قلم — ہے آبدار کیا تری تلوار کی شبیہہ
وہ بے وفا طبیب تو آنکھیں چرا گیا — دیکھی جو اپنی چشم کی بیمار کی شبیہہ

گُلِ مقصد مرے دامن کے گر ہوں زینت — تار دامن کا ہر اک خارِ مغیلاں بن جائے
تو اگر گھر سے نہ نکلے تو مجھے ہے یہ یقیں — دیدۂ حلقۂ در دیدۂ گریاں بن جائے
یہ جو صفدر رہے دل وجاں سوں تمھارا بندہ — کام[1] اُس کا بھی بھلا یا شہِ مرداں ہو جائے

کھول دیتی گرۂ زلف صبا کیوں نہ ہوے — تیرے پاؤں سے لگی رہتی حنا کیوں نہ ہوے
یا الٰہی مرے ناخن ہیں جو یہ سینہ خراش — غنچۂ دل کی مرے عقدہ کشا کیوں نہ ہوے
خونِ دل پیتے ہیں اپنا اسی غم میں غنچہ — یعنی اس کی گرہ بندِ قبا کیوں نہ ہوے

صاحبقران

صاحبقران تخلص ساکنِ بلگرام شخصے[2] ہاجی زنانِ طوایف بود فی الحقیقت دریں فن نظیرِ خود نہ داشت ومعنی ہائے تازہ درہجو ایں قوم می بست چوں نوشتن آں کلام در تذکرۂ بزرگان روا نبود چند شعر سادہ اش بہ طریقِ ندرت بہ قلم آوردہ، مشارٌالیہ بعمرِ ہفتاد سالگی ازیں جہاں درگذشت، از وست :-

سخن اُس لعلِ لب کے وصف میں موزوں ہوئیگا — برنگِ لالہ جب تک دل ہمارا خوں ہووئیگا
ادا و ناز و انداز جفا پر تیرے اے ظالم — نہ ہووے گا کوئی عالم میں جو مفتوں نہ ہووے گا
نہ ہو صاحبقراں گو ہر بار وہ جبہ سائی پر — ولے جو اس کا سنگِ آستاں چھو وے تو ہوئیگا

اس شجر کا نہ کچھ ثمر پایا — آہ کو آہ ! بے اثر پایا

---

(۱) کام اس کا بھی کہیں یا شہِ مرداں بن جائے۔ (ن)

(۲) ہاجی فرقہ لولیان بود و نظیرِ خود نداشت بلکہ موجدِ ایں طرز گردید۔ (ن)

قریب چہل و پنج سال خواہد بود، از وست :-

نہ مونس نہ ہمدم نہ ہم یار ٹھہرے — فقط غم ہی کھانے کے غمخوار ٹھہرے
یہ مانا کہ ہیں آپ دلبر ولیکن — ہمارا ہی دل لے کے دلدار ٹھہرے
کہیں کیا نصیبوں کی خوبی ہیں کو — طرح دے کے اب تم طرحدار ٹھہرے
یہی چاہئے مرحبا، تم ہماری — مٹا کر نمود، اب نمودار ٹھہرے
یہیں خونِ دل ہم غم اُسکے ہیں ہردم — وہ دمباز دم دے کے خونخوار ٹھہرے
سنا جبکہ حاضر ہے صنعت تو بولے — کہ کہدو اُسے زیرِ دیوار ٹھہرے

صدر

میر صدر الدین صدر تخلص از اولادِ خواجہ باسط صاحب، جوانِ صلاحیت شعار و مہذب الاخلاق از چندے شوقِ موزونیٔ اشعار بہم رسانیدہ خود را بہ شاگردیٔ خواجہ حیدر علی آتش کشیدہ زمزمۂ سخن را بہ سمع دوستاں و عزیزاں خواندن گرفت تا آنکہ بہ عرصۂ قلیل بلدِ ایں کوچہ شدہ معرفت ہمہ موزونان پیدا کردہ بنائے مشاعرۂ تازہ برسیلہ مکان خود گذاشت و فقیر را میرِ آں مجلس بہ سببِ زیادتیٔ عمر قرار داد - آخر چوں فلکِ تفرقہ انداز خواہندۂ ایں چنیں مجالس از قدیم نیست و بے وجہ او را سفرے یک دو منزل در پیش آمد ازیں جہت ایں صحبتِ منعقدہ را سلسلہ بگسیخت فقیر در سرِ چہار مشاعرہ اش مع شاگرداں حاضر بود، عمرش بست و پنج سالہ خواہد بود، از وست :-

تیری بہارِ حسن کا عالم نہ پائے گل — ہنس کر ہزار اپنی خجالت مٹائے گل
بلبل نے اُس کو تنگ بغل میں لیا نہ ہو — سو سو جگہ سے نکلی ہوئی ہے قبائے گل
جس طرح میرے زخمِ جگر ہنس رہے ہیں صدر — اس خوبصورتی سے نہیں خندہائے گل

کیا دل گھٹا ہے تیرا ہم سے جو آنکھ بدلی
اوروں کو صاف ساقی ہم کو شراب گدلی
کل دیکھنا کہ ایراں تسخیر وہ کرے گا
صاحبقراں نے جا کر کابل کی آج حد لی

گدازِ دل سے کچھ بہتر نہیں دنیا میں اے غافل
نہ لینا گر کوئی دیوے تجھے اکسیر سونے کی
ڈرامت کر تو آن سیمیں بدوں کی تیغ....
نہ کاٹے مو برابر بھی کہیں شمشیر سونے کی

دیدۂ آبلہ میں کھٹکے ہے
مژہ ہے نوکِ خار ہی کیا ہے

تقدیر کرے ہے یوں تدبیر کے سو ٹکڑے
پر زور کماں سی ہوں جوں تیر کے سو ٹکڑے
اس فصلِ بہاراں میں زنجیر نہ کر ناصح
ہوویں گے کوئی دم میں زنجیر کے سو ٹکڑے

باریک گرچہ موسے نازک خیال باندھی
مضمون تری کمر کا کس کی مجال باندھے
ہوتا وہی ہے حاصل جو اُس نے لکھ دیا ہے
گو دم میں سو طرح کے ہم نے خیال باندھے[1]

صنعت

کریم الدین صنعت تخلص ساکنِ مراد آباد شاگردِ مولوی قدرت اللہ شوق عمر ش

---

(۱) نسخہ رامپور میں یہ شعر زیادہ ہیں :-

جب کہ جلوا ہوا مجلس میں تیرے آنے کا
رات کو بھر گیا دل شمع سے پروانے کا

دلِ مضطر کی تسلی سے ہوا یہ معلوم
ہو گیا اُس سے مگر رات قرار آنکھوں میں
ہم نہ کہتے تھے نہ کر اتنا تصور رخ کا
اب بلا سی میری آیا جو غبار آنکھوں میں

حیرانِ کار ہیں خطِ سبز بتاں میں ہم — پاتے ہیں یہاں بہار کا عالم خزاں میں ہم

تنہا روی قبول نہیں درد سر قبول — خاموش ہو جرس تو رہیں کارواں میں ہم

اُس سے بھی پیش آتی نہیں غیر دوستی — دشمن سمجھتے ہیں جسے اپنے گماں میں ہم

دردِ فراقِ یار و تمنائے وصلِ یار — یہ یادگار چھوڑ چلے ہیں جہاں میں ہم

منظور قتل ہے کسی منکر کا اس کو صدرؔ — کیا کاٹ پاتے ہیں تری تیغِ زباں میں ہم

مختصر دردِ غمِ ہجر کا دفتر ہو جائے — وعدۂ وصل مری جان مقرر ہو جائے

سلسلہ ہے یہی جمعیتِ خاطر کا صبا — نہ پریشان کہیں وہ زلفِ معنبر ہو جائے

ہے یقیں سختیٔ ایام سے اپنے مجھکو — موم کو ہاتھ لگاؤں گا تو وہ پتھر ہو جائے

حیف ہے ہنس کے نہ بولے کبھی یار اور مجھو — روتے روتے شبِ ہجراں سحر اکثر ہو جائے

قہر ہے الفت دلا خوبانِ ہرجائی کے ساتھ — عاشقوں کو قتل کرتے ہیں یہ رسوائی کے ساتھ

دشتِ وحشت میں ہزاروں ٹھوکریں کھاتا ہے وہ — چل نہیں سکتا ہے مجنوں تیرے سودائی کے ساتھ

اس لئے مشہور ہے افسانہ میرا کو بکو — مجکو الفت تھی کسی محبوبِ ہرجائی کے ساتھ

چشمِ بینا پر ہے روشن فرق اصل و نقل کا — دیدۂ تصویر کو کیا ربط بینائی کے ساتھ

رات بھر کرتی بیانِ سوزِ دل پروانے سے — رکھتی گر نسبت زبانِ شمع گویائی کے ساتھ

ہو کے پیدا دوسرے کی شکل دیکھی ہی نہیں — عمر کی ہم نے بسر اے صدرؔ تنہائی کے ساتھ

حرمان و یاس و غم کا شگفتہ چمن نہ ہو — جب تک کہ تازہ سینے کا داغ کہن نہ ہو

ممکن نہیں کشادہ جبیں سے تری جبیں — تیرے دہن سے تنگ یقیں ہے دہن نہ ہو

شالِ سیاہ لپیٹی ہے کانوں سے یار نے — اندیشہ ہے مجھے کہیں سورج گہن نہ ہو

کشتۂ سحرِ فسوں سازِ مسیحا ہووے
گل ترے آگے چراغِ یدِ بیضا ہووے

حور کو تو نظر آجائے تو شیدا ہووے
اے پری تجکو پری دیکھے تو سودا ہووے

اس سی کر یادِ خدا اُس سے نظارہ بت کا
دل جو کعبہ ہو تو پھر چشمِ کلیسا ہووے

بے زبانی سے ہے مجبور وگرنہ قاتل
دہنِ زخم ترے شکر میں گویا ہووے

مذہبِ اہلِ کرم میں ہے تکلف ممنوع
یہ نہ دیکھا کہ حنائی کفِ دریا ہووے

چشمِ مے گوں کو تری ہوش ربائی منظور
زلفِ پر پیچ کو مقصود کہ سودا ہووے

دست رس واں ہی جنوں کو کہ نہیں عقل کو دخل
پاؤں واں رکھتی ہی وحشت نہ جہاں جا ہووے

شبِ مہتاب میں بھی آ کبھی اے مہر لقا
مہ و خورشید ہوں اک جا تو تماشا ہووے

داغ منظور نہیں ہے مجھے مرہم کے لئے
دردِ سر واسطے صندل کے نہ پیدا ہووے

کوہ کن سے کہوں حال اپنا تو سر کو پھوڑے
سنے مجنوں یہی افسانہ تو سودا ہووے

محفلِ یار میں اے صدرؔ نہ ہو غیر کا دخل
باغ میں سبزۂ بیگانہ نہ پیدا ہووے

پڑے رہتے ہیں ہم خاموش تصویرِ نہالی سے

عدم کی سیر کی ہستی میں ہیں نے شعرِ حالی سی
بندھی مضموں کمر کے بیشتر نازک خیالی سے

وہ کشتِ سیر حاصل سر زمینِ عشق میں ہوں میں
ملے گا ہاتھ دہقاں خوب میری پائمالی سے

قد اپنا ضعفِ پیری سی نہ خم اے سرکشو سمجھو
تواضع کی رہی ہے مشق ہم کو خورد سالی سے

چمن میں کونسا محبوبِ شوخ و شنگ آیا تھا
ہوا ہے سرخ گوشِ گل یہ کس کی گوشمالی سے

نہ بھولی ترکِ دنیا سی حلاوت عشق بازی کی
فقیری میں بھی ہم کو شوق ہے اسمِ جمالی سے

خدا محفوظ رکھے برق سی خرمن کو دہقاں کے
پہنچ لے مجھ تلک دانہ مری قسمت کا بالی سے

پسینے کی ترے آتی ہے اُن میں سی بہت خوشبو
رہے گا بلبلوں کو خار گلہائے نہالی سے

سرِ بازار جب ہونے لگا سودائے حسن اُس کا
خجالت ہم نے کھینچی صدرؔ اپنے دست خالی سے

گلشن میں خزاں آئی تو بلبل یہ پکاری
اب فصلِ بہاری گلِ داغِ جگر آئی
تربت پہ چڑھانے کو ترے سوختگاں کے
لے کر یہ پروانہ نسیمِ سحر آئی
ہر تارِ نہانی ہی کو سمجھا میں رگِ گل
یاد اس گلِ نازک کی جو مجکو مگر آئی
پوچھو تو ضمیرِ جگر افگار کہاں ہے
جس دن سے گیا وہ نہ پھر اس کی خبر آئی

حالت مری جب اس کو دگرگوں نظر آئی
اوروں کو تو کیا چشمِ مسیحا کی بھر آئی
کاہیدہ کیا آہ جنوں نے مجھے یہاں تک
زنجیر مرے پاؤں کی آخر اتر آئی
کس وقت پھنسی تھی کہ رہا ہوکے چمن تک
لے دانے نہ پھر بلبلِ بے بال و پر آئی

حسرت کا داغ لے کے چلے ہم بجائے گل
سب کہیں کہ ہم بھی گلستاں سے لائے گل
آیا ہوں سننے نالۂ مرغِ چمن ضمیر
لائی نہیں ہے مجکو چمن میں ہوائے گل

جب تک کہ تو جلوہ گر نہ ہووے
میری شبِ غم سحر نہ ہووے
افسوس کہ جی سے ہم گذر جائیں
اور تیرا ادھر گذر نہ ہووے
عاشق ترا اپنی جان کھووے
پر حیف تجھے خبر نہ ہووے
مر جائیں ہم آہ کرتے کرتے
اور دل میں ترے اثر نہ ہووے
صد حیف ضمیر ہم تو روئیں
اس کی کبھو چشم تر نہ ہووے

ضبط

نوازش علی خاں ضبط تخلص خلفِ مقصود علی خاں تیر انداز ولد عارف اللہ خاں[1]

---

(۱) عارف خاں (ن)

ردیف (ض)

ضاحک

میر غلام حسین ضاحک تخلص پدرِ میر حسن شخصے قابل و ظریف الطبع بود مزاجش بطرف
ہزل گوئی بیشتر راغب و با مرزا رفیع او را مکابرہ ہم در پیش آمدہ چیزے او و چیزے او در حق
یکدیگر از قسیم ہجویات جا دیدند۔ شعرے بطریق ندرت نوشتہ۔

در پیش اگر روزِ اجل آہ نہ ہوتا   قصہ تھا محبت کا کہ کوتاہ نہ ہوتا

ضمیر

میر مظفر حسین ضمیر تخلص خلفِ قادر حسین خاں سر آمدِ صلحائے عالی مقدار جوانِ
متخنی و ذو فنون است عمرش سی سالہ خواہد بود ہمراہِ شیخ محمد بخش کہ واجد تخلص دارد شیرینی
تقسیم کردہ بود و بحلقۂ شاگردی فقیر درآمدہ بود، ارادہ آں داشت کہ ہر گاہ نظم کردنِ شعر
را بیا موزم مرثیہ و سلامِ جناب سید الشہدا علیہ السلام گفتہ باشم آخر چوں بغایت رسید نامی
در مرثیہ گوئی برآورد[1]۔ از دست:۔

صدمے سے شبِ ہجر کے کب جان بر آئی   یہ شام نہیں آئی قضا ہی نکل آئی
دیکھا مرا بستر جو کل اس شوخ نے خالی   ہر چند کیا ضبط مگر آنکھ بھر آئی
کرتا ہے کئی دن سے مرے قتل کی تدبیر   صد شکر کہ اس بت کی طبیعت ادھر آئی
آتے ہی ترے آ گئی ایک جان سی تن میں   اے نکہتِ گیسوئے معنبر کدھر آئی
تصویرِ خیالی کی تری کیا کہوں شوخی   گہہ چھپ گئی نظروں سے تو گاہے نظر آئی

(۱) برآورد و گوئے سبقت ربودہ۔ (ن)

برافراخته دراں قصبه توطن اختیار کردند وخودش در باگرمؤ نجانهٔ جدِ مادرِ خود تولد ونشوونما یافته ودر آسیوآن بسنِ تمیز رسیده جوان شوریده مزاج است، درسنه ١٢٢٣ھ از موطنِ خود برائے تلاشِ معاش واردِ لکھنؤ گردیده چوں قوتِ علمی داشت خودرا بمقتضائے موزونیِ طبع بگفتنِ شعرِ فارسی وہندی ونثرنویسیِ سلیس وعاشقانه وغیره مصروف ساخت ورجوع برائے اصلاح بفقیر آورده ودر مدتِ ہفت(١) سال ہردو زبان فارسی وہندی را بلد شده بالفعل درمشاعرہ ہا کلامش رونقِ تمام پیدا می کند وموردِ تحسین وآفرینِ ہمسراں می گردد مختصر وعاشقانه گوئی پسندِ اوست، عمرش بست و پنج ساله خواہد بود ازوست :-

بے زبانم بسوالے لبِ خود وا نکنم   جاں بحسرت دہم وعرضِ تمنا نکنم
اے طپاں سوے ارم گر ببرندم ز درِ او   چشم پوشم ز رخِ حور تماشا نکنم

سرے با تیغ ابرو داشت با مژگانِ او لب ہم   گلویم شب تہِ شمشیر بود و زیرِ خنجر ہم
نه دانم ایں قدر من در شبِ ہجراں چه بتیابم   که خواہم بر زمیں می تابد و بر روئے بستر ہم
طپاں صاحب علم گویند وہم صاحب قلم مارا   فرو آرد بپا سر مردِ میدان وسخنور ہم

رفت از برِ من آفتِ جانی که داشتم   دادم ز دست سروِ روانے که داشتم
دل پاره پاره گشت ز تابِ جمالِ دوست   شد نذرِ ماہتاب کتانے که داشتم
بر باد شد ز دستِ فلک آں ہم اے طپاں   در کوئیش از مزار نشانے که داشتم

خواہم گریم گہے به پیشش   آگاه کنم ز حالِ خویشش

---

(١) در ہفت سال چنیں مشقِ سخن نموده که از ہمه سر بر آورده است. (ن)

ازخواصانِ جناب فردوس آرام گاہ خاتمِ سلطنتِ ہندوستان محمد شاہ بادشاہ غازی کہ از عرب[1] آمدہ بودند دریں جا ثروت حاصل کردہ مشارٌالیہ جوانیست بزہد وصلاح آراستہ وبزیورِ اخلاق پیراستہ بمقتضاے موزونیٔ طبع کلامِ موزون خودرا بہ شیخ امام بخش ناسخ می نمایداازوست :-

چرخ کیا تونے یہ اے گنبدِ گردوں مارا | کہ ہمیں ہجر میں کر خستہ و محزوں مارا
لختِ دل آنے لگے ہمرہِ اشک اب ہوائے | تم نے رو رو کے مجھے دیدۂ پرخوں مارا
وہ بلا ہی مرضِ عشق عزیزو جس نے | کوہکن کوہ میں اور دشت میں مجنوں مارا
منزلِ عشق تھی گو ضبط بہت دور دراز | ہم نے اس میں بھی قدم حد سی کچھ افزوں مارا

کس کس جفا پہ ضبط کیا تونے آہ ضبط | اللہ رے تیرا ضبطِ سخن اور خموشیاں

ردیف (ط)

طپاں

میرزا رمضان بیگ طپاں تخلص ولدِ مرزا رجب بیگ ابنِ مرزا مدار بیگ قوم مغل چغتہ ساکنِ قصبۂ آسیون من مضافاتِ صوبہ اودھ سرکار لکھنؤ کہ بزرگانش در عہدِ سلاطینِ ماضیہ ازسرودر ہندوستانِ جنت نشان شاہجہاں آباد آمدہ شرفِ آستاں بوس بادشاہی دریافتہ بخدمتِ چکلہ داری پرگنہ قصبۂ مذکور ومعافیٔ بعضے قریاتِ متعلقۂ آں سرمباہات

---

[1] کہ جدش از عرب دہلی آمدہ وازاں جا بہ لکھنؤ نشو ونمایا ؛ وازجانب والدہ سید - (ن)

زراہِ لطف اگر سوئے من نگہ دلدار م اندازد | ہزاراں رخنہ چرخ کینہ ور در کارم اندازد
نقاب افگندہ بر رخ می رسد آں شوخ در محشر | کہ آں جا ہم بدرد حسرت دیدارم اندازد
علاج ایں طبیباں سازوارم چوں نمی آید | اجل کوتہ نقابے بر رخ بیمارم اندازد
کند دام اے طبیباں از ہمت من پائے رفتارے | جناب خضر اگر خود را بدست خارم اندازد

رشکم زبدل خوردن پیکانِ تو آید | برگشتہ نازے کہ زمیدانِ تو آید
آں پنجہ کجا کاں سرِ دامانِ تو آید | کو دست کہ او تا بہ گریبانِ تو آید
باشد کہ دلا یار بدرد رسد اکنوں | غالب کہ مسیحے پئے درمانِ تو آید
حاشا کہ دمے بے تو من آسودہ نشینم | مشکل کہ قرارم شبِ ہجرانِ تو آید
در سینہ نگہدار طبیباں ایں دمِ آخر | تا بر سرِ بالینِ تو جانانِ تو آید

باکہ گویم اے طبیباں غمِ دل | نابد از دوست غمگساری ما

چہ آتشے کہ نیفتاد در دلِ شیریں | ازاں چراغ کہ بر گورِ کوہ کن می سوخت

جاں نمی رود از تن ہجر جاں گزائے ہست | اے اجل اگر آئی یا تو مدعائے ہست

اشعار ہندی

مدت سے میاں نقاہت گھر کر گئی ہے تن میں | وہ دن گئے جو طاقت پاتے تھے ہم بدن میں
دستِ حنائی سے جو کفنا گیا ہے قاتل | مہدی کی بو ہے میرے لوہو بھرے کفن میں
شیریں عبث ہے رونا، نادان لکھ دیا تھا | کلکِ قضا نے یونہی تقدیر کو ہکن میں
عاشق تھی گل کی بلبل، دیوانہ یار کا میں | کوئے صنم میں مجکو گاڑا اُسے چمن میں

مجروحِ نگاہ می دہد جاں | مرہم ننہی چرا بریشش
عقرب کہ بود تہ قبایم | اے کاش خوری تو نیز نیشش

در پسِ پشت ببیں گوش برآوازے ہست | سخن آہستہ بزن گر بنتا ازے ہست
بے سبب نیستی از دردِ غریباں منکر | می نماید کہ بہ بزمِ تو سخن سازے ہست
ساختم مونسِ جاں چوں تو پری رخسارے | ہاں بدانست خود البتہ مرا نازے ہست
مفلسم گرچہ ولے حوصلہ عالیست طپاں | بال فرسودہ ہنوزم سرِ پروازے ہست

مُردم بہ غمت صبا خدا را | گوے آں یارِ بے وفا را
اے وائے بحالِ ما غریباں | لطفے نہ بود اگر شما را
انکار مکن ز بوسہ در وصل | از یاد ببر دمے حیا را
مردیم ز دردِ ہجر مردیم | رہ نیست بکوے یار ما را
ہمراہِ جنازہ کاش آئی | از کوے تو می برند ما را
یارب بہ شبِ فراق شاید | تاثیر نداد دعا را
دل دادہ طپاں بپادشاہے | کو کشت ز جور صد گدا را

بر دل بہ کنیم جبر تا چند | اے وعدہ خلاف صبر تا چند

تا چند طپم بے اداے مرگ نے آئی تو | مردم بغمِ جاناں بے رحم کجائی تو
زیں خندہ کہ خواہی کشت امروز یقیں دارم | فردا بسرِ خاکم با چشمِ تر آئی تو
جاں بر شدن از دستت معلوم نمی دانم | اے عشق چہ خوانندت ظالم چہ بلائی تو

کون اٹھاوے گا ترے جور و جفا میرے بعد
دخل کیا ہے جو کوئی نام وفا میرے بعد
اے طپاںؔ کاش موئے پر تو بھی مجھے یاد کرے
اتنی توفیق اسے دیوے خدا میرے بعد

دور یارانِ رفتہ بستے ہیں
اُن کی شکلوں کو ہم ترستے ہیں
میری حالت سے کاش ہوں آگاہ
میرے رونے پہ جو کہ ہنستے ہیں
ہے مشبک دل و جگر اپنا
جان نکلے تو لاکھ رستے ہیں
سیکھ ہم سے طریق رونے کا
دیکھ اے ابر یوں برستے ہیں
یک طرف آیئے طپاںؔ ہم تو
اُن کی صورت کو بھی ترستے ہیں

سوزِ غمِ جاناں میں جلتا تھا طپاںؔ شاید
شب ہم نے کسی گھر میں دیکھا تھا دھواں ہوتا

یار آتا ہے شبِ ہجر نہ تو آتی ہے
رحم لازم ہے اجل کس لئے ترساتی ہے
رو کے غیر سے ملنے کو تو ہو آزردہ
بات وہ آپ کی چڑھی جو مجھے بھاتی ہے

جن کو گل کرنا نہ بھاتا تھا دمِ خفتن چراغ
حیف ہے اُن کے نہ ہووے گر سرِ مدفن چراغ

بزم میں روشن کرے گر عارضِ جانانہ شمع
رشک سے جل جائے مانندِ پر پروانہ شمع
دل پتنگے کا جلا شب دیکھ جانسوزی مری
رات بھر روتی رہی سن کر مرا افسانہ شمع

طالع

شمس الدین تخلص طالعؔ۔

بہ فیضِ مصحفی ہے انصاف کیجئے گر — اعزاز ہے طپاں کا جو مجلسِ سخن میں

ہاں کیجیے ایک بار رو یا پھر ہاں نہیں — ہم کو نہیں پسند یہ ہر دم کی ہاں نہیں
وہ بولتے نہیں تو نہ بولیں گے یار بھی — گر وہاں دہن نہیں ہی تو یہاں بھی زباں نہیں

ہم آزما چکے ہیں بہت گرم و سردِ عشق — دیکھے اُسے فریب جو ناکردہ کار ہو

ہووے بیتاب مری طرح سے فریاد کرے — وہ بھی دن ہو کہ کبھی وہ بھی مجھے یاد کرے

ہم ہیں مجروحِ نگہ اک پردگی کے اے طپاں — زخمِ دل جراح نامحرم کو کیا دکھلائیے

اے طپاں عشق تھا اک پردہ نشیں سی مجکو — جان دی میں نے پہ ظاہر نہ مرا راز ہوا

جفائیں جھیلیاں پر دم نہ مارا — طپاں قائل ہوں میں تیری جگر کا

اس کو کہتے ہیں بیقراریٔ عشق — گو رہیں بھی ہمیں قرار نہیں
کس کے غم میں گھل گیا ہے ان دنوں — اے طپاں تیرا تو وہ عالم نہیں

رنج جھیلوں کب تک اُس بن دم نکل جاوے کہیں — وہ نہیں آتا نہ آوے موت ہی آوے کہیں
دیر کیوں قاصد نے کی ہے بھید کچھ کھلتا نہیں — ہم جواب خط سے گذرے نامہ بر آوے کہیں
اے طپاں وہ تو نہ آیا چین کیونکر آئے گا — دھیان ہی اُسکا کرو تا رات کٹ جاوے کہیں

سدا شبنم کو اپنی چشم تر پر رشک آتا ہے
گل تر کو گل زخم جگر پر رشک آتا ہے

ہماری آہ نے ایسا اثر پیدا کیا ہے اب
دعائے خلق کو جس کے اثر پر رشک آتا ہے

قدم بوسی جاناں ہر گھڑی اُس کو میسر ہے
مرے ہونٹوں کو اسکے سنگِ در پر رشک آتا ہے

یہ رخسارِ صنم پر کیا ہی گستاخانہ پھرتی ہے
ہمیں تو ہر گھڑی اپنی نظر پر رشک آتا ہے

نہ جس کو دین کی خواہش ہے نے کچھ کام دنیا سے
طرب ہم کو بس ایسے ہی بشر پر رشک آتا ہے

یہ کس کی جستجو میں اس قدر بیتاب پھرتا ہے
جو یوں آٹھوں پہر خورشیدِ عالم تاب پھرتا ہے

زبس میں گرد پھرنے کی ہوس میں اُسکے روتا ہوں
تو اشک آنکھوں سے گر کر صورتِ گرداب پھرتا ہے

طالب

پنڈت کشمیری کہ طالب تخلص می کند پیش ازیں در حینِ حیاتش شاگردِ جرأت بودہ دور ایامیکہ میاں نصیر بارِ دوم از شاہجہاں آباد بہ لکھنؤ گذر کردند بہ حلقۂ تلامذہ ایشاں در آید عمرش تخمیناً سی و پنج سالہ خواہد بود، ازوست :-

دل[1] یہ بے وجہ نہیں کاکلِ دلدار میں ہے
دیکھئے کیونکہ ہو جانبر دہنِ یار میں ہے

جوں ترے خال تہِ زلف ہیں تاباں اے ماہ
یوں چمک کاہے کو تاروں کی شبِ تار میں ہے

دیکھنے کا ترے ہے مجکو تعشق اتنا
رات دن تارِ نظر رخنۂ دیوار میں ہے

علمِ آہ لئے کچھ نہ فقط فوجِ سرشک
صف ضعف آ کے کھڑی کوچۂ دلدار میں ہے

ہمدموں لختِ جگر کے مرے ٹک دیکھو تو
لال پلٹن ہی جمی دیدۂ خونبار میں ہے

عشق میں کیا ہوئے انگشت نما ہم طالب
ذکر اپنا ہی ہر اِک کوچہ و بازار میں ہے

---

(۱) دل تو بے وجہ پھنسا کاکل دلدار میں ہے (ن)

جفائے یار کو ہم التفاتِ یار کہتے ہیں
شفا و عافیت کو اپنی ہم آزار کہتے ہیں

طرب

چھنولال طرب تخلص ولد منشی رسوا رام قوم کایتھ سکسینہ وطنِ بزرگانش شمس آباد و بعضے از بزرگانش چندے در شاہجہاں آباد ہم استقامت داشتہ خودش در لکھنؤ تولد شدہ و ہم اینجا نشو و نما یافتہ و بہ سنِ تمیز رسیدہ چوں از عالمِ مکتب نشینی در صغرِ سن موزوں طبع داشت از ہفتدہ سالگی چیزے موزوں می کرد آخر از نظرِ نوازش حسین عرف مرزا خانی می گذارند حالا چوں کلامش از فیضِ صحبت بزرگاں بپایۂ پختگی رسیدہ از استادِ خود پائے کم نمی آرد عمرش تخمیناً بست و سہ سالہ خواہد بود ، از وست :-

کس کو دکھاؤں میں یہ بھلا ماجرائے چشم
ناسور پڑ گئے ہیں عزیز و بجائے چشم

ان دونوں پر ہے عشق میں ایک حادثہ بڑا
روتی ہے چشم بہرِ دل و دل برائے چشم

مجکو کسی سے خلق میں چشمِ وفا نہیں
رویا نہ میرے حال پہ کوئی سوائے چشم

باتیں تری سنا کریں اور دیکھیں تیری شکل
وہ مدعائے گوش ہے یہ مدعائے چشم

آوے طرب جو تیرا وہ خوش چشم باغ میں
نرگس کے دستے کیجیو تو بھی فدائے چشم

کام اپنا خیالِ رُخِ جاناں سے نکالا
کارِ شبِ عشرت شبِ ہجراں سے نکالا

یہ ساری پریشانیاں کیں ہم نے گوارا
لیکن نہ دل اُس زلفِ پریشاں سے نکالا

ہم سہہ نہ سکے طعنۂ ابنائے زمانہ
غیرت نے ہمیں محفلِ یاراں سے نکالا

یہ طالبِ ایذا ہیں کہ جو پاس لگا خار
ہم نے جو نکالا اُسے پیکاں سے نکالا

دل کو شطِ الفت میں طرب آپ ڈبایا
دانستہ اُسے ہم نے نہ طوفاں سے نکالا

جی سے جاتا ہوں مجھے تھام کسی صوت سی　　کام دل ٹے بت ناکام کسی صوت سے
قاصدا روز ہی وعدے کا بہانہ مت کر　　لے پہنچ آج تو پیغام کسی صوت سے
نیک نامی میں تو حاصل نہ کیا کچھ میں نے　　عشق اب کر مجھے بدنام کسی صوت سے
میں تو غش ہوں کسی صوت پہ نہ بیا طبیب　　ہم کو ہوتا نہیں آرام کسی صوت سے
شکل ہی خوب کسی کی تو مجھے کیا طالب　　میں تو رکھتا نہیں کچھ کام کسی صوت سے

دل سے لے نالہ ہوئی صبح بدر ہوں وقت　　نور کا وقت ہی شاید کہ اثر ہو اس وقت
ایک بھی تم نہیں دیتے مری باتوں کا جواب　　کس طرف دھیان ہی فرماؤ کدھر ہوں وقت
ایک بوسہ سے نہ تبدیل ہوا منہ کا مزہ　　کیا مزا ہی جو کرم بارِ دگر ہو اس وقت
بزم اغیار میں دیکھو ہو تماشا بیٹھے　　کیا تماشا ہے جو طالب کو خبر ہو اس وقت

ردیف (ظ)

ظاہر

خواجہ محمد خاں ظاہر تخلص

لے آہ اس قدر تو گر بے اثر نہ ہوتی　　ممکن نہ تھا کہ اُس کے دل کو خبر نہ ہوتی

ظہور

شیو سنگھ ظہور تخلص از سابقین است

چمن میں باندھنے مجکو نہ آشیاں دیتا　　گلوں سے ملنے کی رخصت تو باغباں دیتا

کس لئے تم ہم سے خفا ہو گئے
طور جو اگلے تھے سو کیا ہو گئے

کھل گئی جوں گل مرے دل کی کلی
وا جو ترے بندِ قبا ہو گئے

مُوٗر تری چال پہ مرتے ہیں اب
کبکِ دری کب کے فدا ہو گئے

شب کی نہ کچھ پوچھو کہ ہم کس لئے
جان سے بھی تنگ دلا ہو گئے

خواب میں دلبر سے ہم آغوش تھے
آنکھ کے کھلتے ہی جدا ہو گئے

ہے جوں رخِ گلنار ترا ماہ جبیں سرخ
یوں صبح کو خورشید بھی ہوتا ہی کہیں سرخ

نام اس کا جو کھدوائے تو ہی لختِ جگر بس
ایسا نہیں ملنے کا دلا کوئی نگیں سرخ

وہ رنگ تو آتش میں بھی اے شوخ نہ دیکھا
غصے میں جو دیکھا ہی ترا روئے حسیں سرخ

ہے آمدِ لختِ جگر اب سینے سے اُسکے
آنکھیں ترے طالب کی یہ بیوجہ نہیں سرخ

تو جو کہتا ہی کہ میں کل ترے گھر آؤں گا
ہی بھروسا یہ مجھے بختِ بدانجام سی کب

فصلِ گل آئی ہی اور نغمہ سرا ہے بلبل
دیکھیں ہم چھوٹیں گے صیاد کے اس دام سی کب

دلِ غم دیدہ تو ہے تشنۂ دیدار ترا
اس کو تسکین ہو بھلا نالہ و پیغام سی کب

طالب

مولوی اللہ داد عرف حافظ شبراتی طالب تخلص شاگردِ مولوی قدرت اللہ شوق چشمش در ایامِ طفلی از چیچک رفتہ باوجودِ نابینائی تحصیلِ علومِ عربیہ نمودہ فاضلے است متبحر و عالمے است ملاس (؟) مسکنش رامپور است۔ عمرش چہل سالہ خواہد بود۔ از وست:

---

(۱) کون تیری چال پر مرتا نہیں (ن)

بلگرامی جوانے حلیم وسلیم وخوبیں ومہذب الاخلاق است از ابتدائے شباب شوقِ شعر ہندی داشتہ کلامِ اکثر اساتذہ نزدِ خود فراہم نمودہ وبمطالعہ استفادہ حاصل ساختہ و بمقتضائے شوخ مزاجی اول بہ طریقِ ہجو موزوں می کرد بعد وفاتِ والدِ خود بایائے مولوی کرم محمد کرمؔ تخلص کہ سلام و مرثیہ گاہ گاہے گفتہ اند وخیلے ذی اخلاق و فاضل وتبحر اند ازاں مکروہات باز ماندہ مدتے سلام و مرثیہ گفتہ بہ نظرِ اصلاحِ شاں گذرانیدہ بعد چندے کہ مولوی مذکور بہ طرفِ کالپی رفتند گفتۂ ایشاں از کار بند شدہ ورسنہ یک ہزار و دوصد و سی ہجری در حلقۂ شاگردیٔ فقیر آمدہ قوتِ نظمی پیدا ساختہ کلامش عاشقانہ است وطبعش در روانی چوں آبِ رواں و در زود خوانیٔ قرآن و زود نویسیٔ کتب سوائے منشی گری بے نظیرِ روزگار عمرش از سی متجاوز خواہد بود، از وست:

شب دیکھ کے احوال مری نوحہ گری کا ۔۔۔ دم آرہا منقار بہ مرغِ سحری کا

ملتا ہے جوابِ خطِ عشاق بہ شمشیر ۔۔۔ کیونکر کرے وہاں عزم کوئی نامہ بری کا

مگر کہ شب کو خیالِ رخِ نگار رہا ۔۔۔ بندھا جو صبح تلک آنسوؤں کا تار رہا

کبھی وہ فرش پہ لوٹا کبھی وہ اٹھ بیٹھا ۔۔۔ ترے مریض کو شب ایسا اضطرار رہا

ہزار حیف کہ ہم خاک ہوگئے مرکر ۔۔۔ اور اب تلک ترے دل میں وہی غبار رہا

خیال کس کے رخ و زلف کا تھا تجکو ظہورؔ ۔۔۔ سحر سے شام تلک تو جو اشکبار رہا

(بہ سلسلہ گذشتہ) بہ طرفِ کالپی رفتند بایائے شاں کہ نہایت منصف اند در سنہ ۱۲۳۰ھ در حلقۂ شاگردیٔ فقیر آمدہ و مائل بہ غزل گوئی گردید در کمتر مدت دیوانے ترتیب دادہ اکنوں دیوانِ دوم ترتیب می دہد، وارادہ دارد کہ دیوانِ خمسہ ہم ترتیب دہد و دو کتاب نثر و ریختہ یکے بہ انیسِ ظہور و دگر بہ نامِ سلیمان نیز تحریر ساختہ است و ایں ہمہ از اصلاحِ فقیر درست شدہ است۔ (ن)

جی نکلتا ہے مرا اُس بے وفا کے واسطے　　اُس کو لے آؤ کوئی مجھ تک خدا کے واسطے

ظہور

میرزا ظہور علی ظہور تخلص از قدماست

اک نگہ میں غلام ہوتا ہے　　ٹک ادھر بھی میاں نظر کرنا
راہ حق کی ظہور ہے درپیش　　اس مکاں میں نہیں ہے گھر کرنا

فغان و آہ و نالہ سے نہیں آرام ٹک جی کو　　یہ دل ہے یا جرس ہے یا کوئی بیمار پہلو میں

کہے کوئی جا کر مری داستاں کو　　کہاں لے چھپا یا دلِ ناتواں کو

مکانِ سیر ہے پیارے نہ یہاں سے رم کیجے　　یہ گھر فقیر کا ہے بیٹھے کرم کیجے

ہم صفیرو رہو خوش ہم سے چمن چھوٹے ہے　　رخصتِ عیش و طرب ہے کہ وطن چھوٹے ہے

ظہور

منشی ظہور محمد ظہور تخلص قوم شیخ متعلقِ محمد اسمٰعیل صاحب عرف منشی نہال[1] مرحوم

---

(۱) عرف منشی نہال بن حافظ محمد صالح قوم شیخ ساکن بلگرام ...... موزوں طبع آبا و اجدادش ہمہ حافظ قرآن بودہ اند و ایں حافظ نیست مگر مہارت در ناظرہ خوانی چنیں دارد کہ در دو نیم پاس ختم قرآن شریف می نماید و در فارسی استعداد بقدر احتیاج دارد و بسیار زود نویس و خوشنویس است و در آں آوان مثنوی ظہور عشق منظوم نمودہ و ہرگاہ کہ مولوی مذکور (بقیہ صفحہ ۱۹۳ پر)

آب و دانہ کی بھی صیاد کو جب ہو نہ خبر | سمجھے کیا خواہشِ مرغانِ گرفتار ہی کیا
رات دن تجکو جو روتے ہی گذرتا ہی ظہور | تجھ سے کچھ یار ترا ناخوش و بیزار ہی کیا

گھر سے باہر نہ کبھی اس کو نکلتے دیکھا | سیکڑوں کو کفِ افسوس ہی ملتے دیکھا
نخلِ مومی کی طرح سے چمنِ دہر میں آہ | کس نے اے یار و مجھے پھولتے پھلتے دیکھا

عجائب رنگ کل اس چشمِ گریاں نے دکھایا تھا | نہیں گر تھامتا آنسو تو پھر طوفان آیا تھا
نہ غم رکھتے تھے ہم کچھ سایۂ خورشیدِ محشر کا | تری دیوار کا جب تک ہمارے سر پہ سایا تھا
بُرا ہو دستِ وحشت کا کہ اُس نے کر دئے پرزے | ابھی اپنا گریباں میں نے ناصح سے سلایا تھا
پسے جاتے ہیں غنچے سب دہانِ تنگ سے اُس کے | کچھ اس انداز سے وہ گل چمن میں مسکرایا تھا
بھلا مر کر تو فرصت گردشِ ایام سے پائی | کہ جیتے جی تو ہم کو خوب سا اس نے پھرایا تھا
بڑا احساں ہی تیرا ہم پہ جو اے ابر برسا تو | صبا نے ورنہ اُس کو سی غبار اپنا اڑایا تھا
ظہور اب تجکو وہ منہ بھی لگانے کا نہیں گاہ ہر | بھلا کس واسطے ایسی سی تو نے دل لگایا تھا

اس قدر شوقِ جراحت دلِ نخچیر میں تھا | زخم کھائے تھی دلے دھیان ترے تیر میں تھا
جوہرِ تیغ سے آتی تھی مجھے نکہتِ گل | خونِ بلبل کا لگا کیا تری شمشیر میں تھا
دفعِ آفات کی کیں میں نے بہت تدبیریں | پیش آیا وہی جو کچھ مری تقدیر میں تھا
کھول کر پٹ میں کھڑا سنتا رہا دیر تلک | کچھ عجب ناز کا کھٹکا تری زنجیر میں تھا
مجکو مانی نے جو دکھلائی شبیہِ قاتل | بانکپن صاف عیاں نقشۂ تصویر میں تھا

نت پھاڑنے ہی دامان نسیمِ سحری کا | یہ شوق ہے وحشی کو تری جامہ دری کا

باغِ جنت میں بہت یہ دلِ دلگیر لگا — دی جو رضواں نے ترے سامنے تصویر لگا
جس کی زلفوں کا گرفتار ہوں میں کیا کہئے — سو رہے ہے وہ سرِ شام سے زنجیر لگا
ہر لبِ زخمِ جگر وا ہے تمنا میں ہنوز — او کماں ابرو مرے اور بھی اک تیر لگا

حال پوچھے تھا وہ زیں پیش تو اکثر میرا — کیا سبب اب جو خفا ہو گیا دلبر میرا
رات بھر نالۂ و فریاد کیا کرتا ہے — ایک دم چپ نہیں رہتا دلِ مضطر میرا
کانپ اٹھتا ہے ترے کوچہ سے جو آتی ہے نسیم — صورتِ بید کبھو یہ تنِ لاغر میرا
شوقِ دیدار یہی ہے تو ظہور اس کو میں — پیشتر مجھ سے نہ پہنچے گا کبوتر میرا

کیوں یارِ بے وفا پہ دلا مبتلا ہوا — رسوا ہوا ذلیل ہوا تو بھلا ہوا
پہنچائی میری خاک نہ کوچے میں یار کے — اتنا بھی کام تجھ سے نہ بادِ صبا ہوا
سنیو کہ کتنے چاک گریباں ہوئے ظہور — وحشت کا میری شور اگر جا بجا ہوا

جب تلک حسن سے اپنے وہ خبردار نہ تھا — کوئی اس شوخ ستم گر کا خریدار نہ تھا
اس بیاباں میں گذر تھا مرا یارو جس جا — محرمِ آبلہ پایانِ جنوں خار نہ تھا
اس کے دروازے پہ کیوں تو نے فغاں کی اے دل — خیر گذری یہ کہ گھر میں وہ ستم گار نہ تھا
رات کو جا کے جو دیکھا ترے بیمار کے پاس — آہ و نالہ کے سوا ایک بھی غمخوار نہ تھا
ملتے ہی یار کے بس تو نے شفا پائی ظہور — جز تپِ ہجر تجھے دوسرا آزار نہ تھا

کیوں کراہے ہے دلا کچھ تجھے آزار ہے کیا — تو کسی نرگسِ بیمار کا بیمار ہے کیا
دیکھ کر نبض مری رو رو طبیبوں نے کہا — کچھ نہیں ہم پہ یہ کھلتا ترا آزار ہے کیا

کفِ افسوس ملے روح نے میری اُس دم — لگتے ہی تن پہ گئی جب تری تلوار الٹ
مارے بیتابی کے کل کنجِ قفس میں صیاد — اتنا تڑپا کہ گیا مرغِ گرفتار الٹ

دھوتے ہو دامن سے تم آج مرا خوں عبث — باندھتے ہو دل میں یار اپنے یہ مضموں عبث
ناقہ چلاو ہاں سے جب غیب سے آئی ندا — دشت میں اب نجد کے بیٹھے ہو مجنوں عبث

یارو کیا آیا ہی مقتل کی طرف قاتل آج — لئے جاتا ہے ادھر کھینچے مجھے جو دل آج
رنگ گریہ کا نکالا ہے ہمارے آخر — قطرۂ اشک میں ہی خون بھی کچھ شامل آج
کس کا لاشہ ہوا مدفون ترے کوچے میں — آسماں پر سے جو ہوتے ہیں ملک نازل آج
تیرہ بختی میں تری نذر کروں کیا کیا کچھ — میرے گھر میں اگر آوے وہ مہِ کامل آج
غمِ جاناں میں کوئی ڈوب موا کیا جو ظہور — مثلِ تصویر ہے خاموش لبِ ساحل آج

تھی گرچہ جائے رحم دلِ نازنیں کے بیچ — پر ہم تو مر چلے نگہِ خشمگیں کے بیچ
تصویر ارمغاں جو کوئی یاں سے لے گیا — خاکے کھنچا کرینگے ترے ملکِ چیں کے بیچ
وحشت نے گر دکھایا اثر اپنا ہر کن — ٹھہرے گا میرا نام نہ ہرگز نگیں کے بیچ

اک نظر آ کے جو دیکھے ترا بیمار مسیح — آہ بے ساختہ کھینچے وہیں اک بار مسیح
اُس کا کس واسطے احسان اٹھاؤں یارو — کام عیسیٰ سے مجھے کیا ہی مرے یار مسیح
بھول جاوے وہیں اعجاز کو اپنے وہ بھی — گر کبھی خواب میں دیکھے لبِ دلدار مسیح

دلِ وحشت زدہ کیونکر کرے گلزار پسند — کہ اُسے آتے ہیں جنگل کے خس و خار پسند

دیوانہ ہوں میں ایک پری چہرہ کا مجکو — آسیب نہیں جن کا نہ سایا ہے پری کا
پوشاک یہ بھاتی ہے مرے سیم بدن کو — چپکن جو ہو سادی تو کمر بند زری کا
اک روز ترے لب کا لیا تھا کہیں بوسہ — اب تک ہی مرے منہ میں مزا گل شکری کا
نے ہوش ذرا سر کا نہ پاؤں کی خبر کچھ — ان روزوں یہ عالم ہی مری بے خبری کا
کر باغِ محبت کی ذرا سیر کہ اُس میں — ہر نخل نے پایا ہے ثمر بے ثمری کا

نہ طاقت ہی گھر آنیکی نہ واں مقدور جانے کا — مزہ ہم نے اٹھایا خوب اس دل کے لگانے کا
کوئی کہدے امیروں سی نہ بھولو اپنی دولت پر — بدل جاتا ہی نقشہ ایک ساعت میں زمانے کا
قفس سی چھوٹ کر آیا ہوں گلشن میں نہ ہوں کیونکر — لئے جاتا ہی کھینچے مجکو جذبہ آب و دانے کا
ہوائے دید جاناں ہی بھری سر میں بہت یارو — کھلا رکھنا ہماری گور میں تختہ سرہانے کا
ظہور اس کو تو دیکھو ذبح کے دم اپنے بسمل سی — نکالا ہی نیا انداز اُس نے منہ چھپانے کا

گو قتل ہزاروں کو وہ جلاد کرے گا — پر وضع تڑپنے کی مری یاد کرے گا
اے آہ اسیروں کا قفس تو ہی جلادے — کس کس کو رہا دام سے صیاد کرے گا

ان دنوں آپ کی ہی گرمئ بازار بہت — جنس کمیاب یہ کرتے ہیں خریدار بہت
دیکھ لینے دے دمِ ذبح مجھے جانبِ یار — اتنا احساں ہی ترا خنجرِ خوں خوار بہت
کس کے احوال کی صیاد نے کی ہی پرسش — ہم سے ہیں دامِ تغافل میں گرفتار بہت
خوں لگا ہی مرے قاتل کے جو داماں میں ظہور — کوئی چھٹتا ہی کرے دھونے میں اصرار بہت

منہ سے برقع کو صنم اپنے نہ زنہار الٹ — ورنہ کتنوں ہی کا دم جائے گا اے یار الٹ

آتے ہی فصلِ دے کی گلستانِ عشق میں
دل کی کلی کچھ ایسی ہوئی مضمحل کہ بس

بجلی بھی جس کو دیکھ کے آنکھیں چرا گئی
شب آہ سے یہ شعلہ ہوا مشتعل کہ بس

بہرِ طوافِ کعبہ نہ پھر جا سکے دریغ
عشقِ بتاں میں ایسے ہوئے پا بگل کہ بس

دق یہاں تلک کیا مرضِ سل ہوا مجھے
اتنا ہے اے ظہور وہ بت سنگدل کہ بس

کیا بھری تھی تری تلوار میں قاتل آتش
زخم کے لگتے ہی جو بن گیا بسمل آتش

دمبدم موج سے دریا کی دھواں نکلے ہے
کس نے سلگائی تھی جا کر لبِ ساحل آتش

نہ لگانے سے کسی کے لگی آتش تن میں
شعلہ رو جان یقیں خود ہے مرا دل آتش

سرد مہری سے تری ظلم تھا اُس پر کیا دوں
عوضِ آب جو مانگے ترا گھائل آتش

رہے چمن میں ہوا کچھ نہ باغباں سے فیض
ہمارے بعد ہیں تو اُٹھ ہی گیا جہاں سے فیض

بچارے قیس پہ یوں خوار سی برستی ہے
ہے اسقدر تو اُسے سنگِ کودکاں سے فیض

سگانِ کوئے بتاں کی تو ڈاڑھ گرم ہوئی
نہ گو ہما کو ہوا میرے استخواں سے فیض

کون لیجاوے بھلا اُس پاس مجھ مضطر کا خط
کھینچتا ہو حلق پر قاصد کے جو خنجر کا خط

سبزۂ گلزار اُس کے آگے ہوتا ہے خجل
خوشنما کتنا ہے اے یارو مرے دلبر کا خط

کس طرح اُس سنگدل کے دل سے .....
آجتک مٹتے نہیں دیکھا کبھو پتھر کا خط

ساقیا کچھ ایک میں نے ہی نئی مے پی نہیں
ہے پیندے سے کتاں بغداد تک ساغر کا خط

یاروں کا آہ دور گیا کارواں دریغ
اور ضعف سے نہیں ہے بسر ہم ناتواں دریغ

بلبل کہے تھی کیونکہ میں بے بال و پر اڑوں
آتش نے گل کی پھونک دیا آشیاں دریغ

کشتی بیٹھے ہیں زانو پہ دھرے سب سر کو
دیکھئے کس کو کرے یار کی تلوار پسند

بال و پر جب نہ رہا ایک بھی اُس کا باقی
کیوں قفس کو نہ کرے مرغِ گرفتار پسند

ایک دو چن کے وہ صیدوں میں سے کرتا ہے اسیر
ہے طبیعت مرے صیاد کی دشوار پسند

سب سے انداز جدا ہے ترے کہنے کا ظہور
اہلِ دانش نہ کریں کیوں ترے اشعار پسند

گو لکھے سادہ اُسے عاشقِ گریاں کاغذ
اشکِ خونیں سے وہ ہو جائیگا افشاں کاغذ

شوقِ وصل اُس کو میں لکھتا ہوں تعجب کیا ہے
ہووے خامے سے اگر دست و گریباں کاغذ

خون میں وہ کیسا تڑپتا ہے ابھی دل کھول کر
دیکھ قاتل سیرِ دست و پائے قاتل کھول کر

اور بھی آہستہ وہ اپنے اٹھاتا ہے قدم
میں نے دیکھا ترے وحشی کو سلاسل کھول کر

جلوہ گر ہے ذرے ذرے میں یہاں اُسکا ظہور
ایک ذرا تو دیکھ تو آنکھ اپنی غافل کھول کر

سر کو ٹکرا کے نہ سنگِ درو دیوار کو توڑ
جوشِ وحشت ہے دلا تجکو تو کہسار کو توڑ

کس کا دیوانہ ہے وہ جس کے لئے عیسائی
آج تک بیڑیاں بنواتے ہیں تلوار کو توڑ

جب صنم خانۂ ہستی سے ہوا دل بیزار
رکھ دیا شعلۂ آتش پہ میں زنار کو توڑ

کس طرح نہ بھاوے مجھے جلاد کا انداز
ہے سب سے الگ اُس ستم ایجاد کا انداز

اک دن جو گیا سیرِ گلستاں کو اُڑایا
بلبل نے مرے نالہ و فریاد کا انداز

چل کر رگِ گردن پہ ذرا سا وہ رہا تھم
بھایا یہ مجھے خنجرِ فولاد کا انداز

آنکھوں سے رات اتنا بہا خونِ دل کہ بس
بولے وہ لوگ بیٹھے تھے جو متصل کہ بس

واں سے قاصد مرا با چشم پر آب آتا ہے — چشم بد دور یہ نامے کا جواب آتا ہے
کس طرح خواب میں آوے رخِ دلدار نظر — دو گھڑی بھی تو نہیں آنکھوں میں خواب آتا ہے
دور سے دیکھ مجھے یوں کہا اغیاروں سے — دیکھو کس شوق سے وہ خانہ خراب آتا ہے
موت کو یاد رکھے تا کہ ہر اک اہلِ نظر — بحر میں چشم نمائی کو حباب آتا ہے

چمن میں آنے سے اُس کے عجب بہار ہوئی — کلی ہر ایک ہمارے گلے کا ہار ہوئی
حجابِ حسن نے شب اُس کو یہاں تلک گھیرا — کہ آئینے سے بھی اس کی نہ چشم چار ہوئی

غنچے کی گلچھڑی تو نسیمِ سحر کھلی — دل کی گرہ ہماری نہ تجھ سے مگر کھلی
لے آہ پھر جہان میں کیا منہ دکھاؤں گا — گنڈی درِ اثر کی نہ تجھ سے اگر کھلی
جوشِ جنوں کا ہاتھ گریباں پہ شیر ہے — لیکن کبھو نہ یار کی اُس سے کمر کھلی

اب تو صبا نکال اُس کو قفس سے باہر — دیکھ تو دم بھی کہیں مرغِ گرفتار میں ہے
رشک سے غنچہ کا دل خوں ہے جگر گل کا ہے چاک — رنگ مہندی کا کچھ ایسا کفِ دلدار میں ہے
دل مرا یار کے کاکل میں رہے ہے اکثر — سچ ہے یہ چور کی بن آئی شبِ تار میں ہے
شاہیِ ملکِ جنوں ملتی ہے سایہ سے ترے — استخواں کس کا ہما یہ تری منقار میں ہے

جو دوستوں سے ملاقات ہم کبھو کرتے — مغائرت کی وہ کاہے کو گفتگو کرتے
الٰہی کیا ہوا جراح کو نہیں معلوم — جو رو یا چاکِ جگر کو مرے رفو کرتے
کبھو نہ ہم کو میسر ہوا یہ اے مہ رو — لپٹ کے باتیں جو شب کو ہم اور تو کرتے
سیاہ بختی نے پہنچایا زلف تک نہ ہمیں — کہ شرحِ حالِ دلِ خستہ مو بہ مو کرتے

ازبسکہ ناقبولِ سگِ کوئے یار تھے
کھائے ہُمانے بھی نہ مرے استخواں دریغ
یہ کون مر گیا نہیں معلوم اے ظہورؔ
کرتا ہی جس کا ہر کوئی پیر و جواں دریغ

آیا نہ میرے پاس وہ دلبر ہزار حیف
اور آن پہنچا دم مرا سب پر ہزار حیف
چھٹ کر قفس سے مرغِ گرفتار نے کہا
تب چھوٹے جب رہا نہ کوئی پر ہزار حیف

احتیاج اب تو طبیبوں کے بلانے کی نہیں
کہ رہیں تاب ذرا نبض دکھانے کی نہیں
ملک الموت سے کہدو ابھی پھر جا میری
جان بن دیکھے روئے یار کے جانے کی نہیں
ہر لبِ زخمِ جگر سے یہی نکلے ہے صدا
کچھ تمنا ہمیں مرہم کے لگانے کی نہیں

کروں ہوں ٹکڑے ٹکڑے اسلئے جیب و گریباں کو
کہ مجکو کاش لیجاوے پکڑ کر کوئے زنداں کو
کرے ہے منع جو اے باغباں سیرِ گلستاں کو
تجھے گلشن مبارک ہو چلے اب ہم بیاباں کو
ذرا دریا دلی دیکھو مرے پاؤں کے چھالوں کی
بیاباں میں کیا سیراب ، ہر خار مغیلاں کو

نکلے نہ اُس کے رہتے تھی دیوانہ بن میں ہاتھ
وحشی کے تیرے اسلئے باندھی کفن میں ہاتھ
کی جستجو جو آخرِ شب اُن کی بزم میں
کتنے پتنگ سوختہ آئے لگن میں ہاتھ
شیریں نے اُس کی زیست میں خاطر نہ کی ولا
اب مارتی ہی سر پہ غمِ کوہ کن میں ہاتھ
مصروف اپنے کام میں تھے بعدِ مرگ بھی
وحشی کے تیرے کھول کے دیکھی کفن میں ہاتھ
لیلےٰ نے لوگ بھیجے جو اس کی تلاش کو
مدت کے بعد قیس لگا ایک بن میں ہاتھ
سچ کہہ بغیرِ حسرت و حرمان و یاس و غم
کچھ بھی لگا ظہورؔ محبت کے فن میں ہاتھ

ہم کہ از خامۂ فکرش ریختہ درست بستہ بہ نظر در آمد عمرش تا الی الیوم بست و یک سالہ خواہد بود، ہر چہ گفتہ و می گوید بہ فقیر نمودہ و می نماید، از وست ؎

غارت گرِ صبرِ من سے گرم فغانے — شد عشوہ گری کم سخنی آفتِ جانے
نازک کمرے فتنہ گرے ہوش ربائے — شمشاد قدے گلبدنے غنچہ دہانے
رنگیں چمنے سبز خطے تازہ بہارے — گلبرگ ترے لالہ رخے سروِ روانے
خنجر مژہ سخت دلے تند مزاجے — عشاق کشے کینہ ورے گرم عنانے
خوش چشم بتے سیم تنے زہرہ فریبے — جادو نگہے حور وشے برقِ جہانے
دارم ظریف از غم و اندوہِ فراقش — ہر لحظہ بلب نعرہ و آہے و فغانے

اے آنکہ نبود در جہاں مثل تو رعنائے دگر — حاشا اگر جز دیدنت دارم تمنائے دگر
بہرِ خدا اے کج کلہ بر حالِ زارم کن نظر — کامشب بود افزوں تبہ حالم ز شبہائے دگر
بر حسنِ رویت مائلم از تیغِ نازت بسملم — ہرگز نمی گردد دلم محوِ دل آرائے دگر
لطفے بحالم می کنی چپسند در رنج و عنا — نبود کہ چشمم افتد مرا بر ماہ سیمائے دگر
عیشی ظریفِ خستہ را بیخود نمود ایں مصرعات — بنگر کہ ملکِ بیخودی دارد تماشائے دگر

اے کہ در حسن و صفا رشکِ زلیخا گشتۂ — باعثِ رسوائی ہر پیر و برنا گشتۂ
کشتگانِ تیغ خود را از دمِ جاں بخشِ خویش — زندہ سازِ رسم و اعجازِ مسیحا گشتۂ
بر جالِ خود تو اے غارت گرِ صبر و شکیب — پردہ را وا کردۂ محوِ تماشا گشتۂ
چوں تو ہم رسوا گدا نیست در عالم ظریف — گردِ صد میخانہ بہرِ جامِ صہبا گشتۂ

اشعارِ ہندی

کس کی طاقت سدِ رہ ہو قتِ رفتن آپ کا — آپ شعلہ اور رشکِ برق توسن آپ کا

کرے گا کوئی نمازی نہ ہمسری ہم سے | کہ آب زر سے ہیں ان کا ات ہم وضو کرتے
ظہور گوشۂ عزلت میں بیٹھ رہ اب تو | کہ لوگ پھرتے ہیں سب تیری جستجو کرتے

زخمی نگاہِ بتِ محبوب ہوں جرّاح | ٹانکا نہ مرے زخم جگر کا نظر آوے
اے جوشِ جنوں چاہئے یاں کی برس میں | ثابت نہ کہیں دامنِ صحرا نظر آوے
اُٹھ جائے ظہور آنکھ سے غفلت کا جو پردہ | اس پردۂ ہستی ہی میں کیا کیا نظر آوے

نظر آئی جو مجکو خواب میں شکل اپنے قاتل کی | خوشی سی کیا کہوں اُس دم جو حالت تھی مرے دل کی
نہ جاتی جانِ شیریں کوہکن کی ایک تیشے سے | حقیقت میں نہ ہوتی اُسکو بیماری اگر سل کی
نہ پائی طاقتِ رفتار تب ناچار ہو آخر | نکل کر ہم نے گھر سے اپنے دروازہ پہ منزل کی

میں اک نازک بدن گلرو کا دیوانہ ہوں اے یارو | پنہاؤ پاؤں میں زنجیر میرے پھول سی ہلکی
ملایم ہو گئے ریشم سے وہ جس وقت ہم اینٹھے | حقیقت کھل گئی ہم پر تمھارے زلف کے بل کی
مٹی ہرگز نہ اُس مہ کی کدورت اک ذرا ہم سے | بہت آئینۂ خاطر پہ اُس کے گرچہ صیقل کی
ظہور اُس مہ کے توسن کی یہی حالت ہی کا وے میں | اشارہ کرنے سے پھرتی ہی تیلی جس طرح کل کی

ظریف

لالہ بینی پرشاد ظریف تخلص برادرِ خورد لالہ چنی لال حریف از عمر دوازدہ سالگی موزوں طبع افتادہ در ابتدا بزبانِ ریختہ چیزے کم کم موزوں می کرد حالا کہ طبیعت او وسعت و ترقی پیدا کردہ شعر بیتانت و فصاحت می گوید و مسدس و مخمسِ عاشقانہ و آب دار کہ بسلکِ نظم کشیدہ ناخن بدل می زنند و با وجودِ فرطِ میلانِ طبیعت بہ طرفِ ریختہ چند غزلِ فارسی

جو اٹھاوے گا اسکے مزے کے تئیں وہ چمن کو نہ آوے گا بن سے نکل

ترے عشق میں اے بتِ ماہ لقا گئی مفت ہی ساری مشقتِ دل
رہا موردِ رنج و الم ہی سدا ہوئی شاد کبھی نہ طبیعتِ دل
یہ فریفتہ چشم سیاہ کا ہے اسے عشق بتاں ہی کی چاہ کا ہے
یہ شہید تمہاری نگاہ کا ہے کبھی آئیے بہرِ زیارتِ دل
نہیں شاد کیا کسی دل کو کبھو نہ کیا سوئے مہر و کرم کبھی رو
تو ہی ایسا ہے ظالم عربدہ جو تجھے بھاتی ہے دل سی اذیتِ دل
کوئی مہر سے بیٹھا نہ پاس کبھو ہوتے جمع نہ اپنے حواس کبھو
گئی جی سے ہمارے نہ یاس کبھو مٹی دل سے ہمارے نہ حسرتِ دل
وہی ہجر کا دن وہی ہجر کی شب وہی دردو الم وہی رنج و تعب
وہی آہ و فغاں وہی شور و شغب غم و غصہ ہی، وہی حالتِ دل
ہے ظریف تجھ سے ہی چشمِ وفا کوئی اور بھی اُس کا ہے تیرے سوا
مری جان جو تو نہ سنے تو بھلا کہے جاکے وہ کس سے مصیبتِ دل

ذرا آپ کو آپ کے گھر میں اگر کبھی جاتے ہیں اور نہیں پاتے ہیں ہم
تو یہ ہووے ہی حال ہمارا کہ پھر نہیں پہروں ہی آپ میں آتے ہیں ہم
نہیں لوگوں کو اس سے ہی بھاتے ہیں ہم کبھی نالوں سی آگ لگاتی ہیں ہم
کوئی کچھ کہے دم ہی بتاتے ہو تم کوئی کچھ کہے صاف سناتے ہیں ہم
مجھے غیروں کے آگے بہر وفا نہ پکارو کہ اس میں خلل ہی پڑا
نہ فریب میں غیروں کے آتے ہو تم نہ رقیب کی بات پہ جاتے ہیں ہم

سامنے ہر ایک کے بیجا ہے مجھ سے اختلاط — کیا کہوں صاحب نہیں جاتا لڑکپن آپ کا
پاس سونے میں بھی حاصل مدعا ہوتا نہیں — سیم تن ہو لیک ہے دل سنگ آہن آپ کا
سرکشی ہے اُن کی صاحب کیوں کشیدہ جی میں ہو — بندۂ آزاد ہے ہر سروِ گلشن آپ کا
کرکے ملنا ترک غم سے سخت کی حالت تباہ؟ — سوچئے جی میں ذرا کیا تھا میں دشمن آپ کا
اب نہیں اُٹھنے کی طاقت لیک روزِ بعث و نشر — ہاتھ اس رنجور کا ہے اور دامن آپ کا
کیوں نہ پھر پروانہ آسا ہو فدا جی سے ظریف — روئے نورانی ہے رشکِ شمعِ روشن آپ کا

نہ ہووے کس طرح دونی بہارِ سبزۂ صحرا — کہ دھویا اشکِ مجنوں نے غبارِ سبزۂ صحرا
مقیمانِ چمن تم خوش ہوؤ اں اپنی نظروں میں — رگِ گل سے بھی نازک تر ہیں خارِ سبزۂ صحرا
ظریف اک دن خزاں دونوں کو آبرباد کردے گی — بھروسا گل کا ہے نے اعتبارِ سبزۂ صحرا

باغ سے گھر کو جو ہو تیری سواری تیار — کیوں نہ گل ہوویں پئے سینہ فگاری تیار
مہرِ رخشاں سے فلک تارِ شعاعی لے کر — کر رہا ہے ترے دامن کی کناری تیار
جس طرف جائے تو گلشن سے ہر اے توسنِ ناز — ساتھ چلنے کو ترے بادِ بہاری تیار
سیرِ دریا کو مرا گوہرِ تر آوے گا — رکھیو تو آج حباب اپنی عماری تیار
نذر کو کس مہِ شمشیر نگہ کی یا رب — چرخ نے کی ہے مہِ نو سے کٹاری تیار
کر تو اے زہرہ جبیں کوٹھے پہ آ اپنا بناؤ — ماہِ تاباں ہے پئے آئینہ داری تیار

ترے واسطے اے بتِ رشکِ قمر کوئی آیا ہے اپنے وطن سے نکل
کبھی تو بھی تو اُس کے لیے اسے منا ذرا خانۂ رشکِ چمن سے نکل
جو ہے لطف وہاں سو نہیں ہے کہیں ترے دل کو تو اُسکا ہے خوب یقیں

دیکھ شبنم نے کیا ہے طفلِ غنچہ کے لئے
صفحہ اوراقِ گل پر کیا ہی افشاں باغ میں

کھلے ہیں گل گھرا ہی ابر سے پر گلابی ہی
نہ کرلے گل حجاب اس دم کہ وقتِ بیحجابی ہی

جو تو ہی ثانیٔ لیلیٰ تو میں ہمتائے مجنوں ہوں
ترا چہرہ جو مہ ہے تو مرا رنگ آفتابی ہی

میں اک دن سوؤں گا ایسا جو پھر اٹھوں گا محشر کو
یہی ملے بختِ خوابیدہ جو تیری دیرخوابی ہی

ظریف اس سی ہمیشہ شعر تر سننے میں آتے ہیں
ترا دیوانہ بھی گویا کہ دیوانِ سحابی ہی

گو قید سے تھی ناخوش ہنگامِ گرفتاری
یاد آتے ہیں اب لیکن ایامِ گرفتاری

جو چوبِ قفس ہے وہ محرابِ عبادت ہی
جس دن سے میں لایا ہوں سلامِ گرفتاری

آزاد رہوں کیونکر دیتے ہیں ظریف اب پھر
بیتابیٔ دل مجکو پیغامِ گرفتاری

ردیف (ع)

عاشق

شیخ مظفر علی عاشق تخلص برادرِ خورد منشی ظہور محمد ظہور۔ جوانیست مہذب الاخلاق ازچندے بمقتضائے موزونیٔ طبع بطورِ خود موزوں میکند از آنجاکہ در بنارس کسے از استادانِ ایں فن نیست ہنوز در حلقۂ شاگردی کسے نیامدہ کلامش شستہ و رفتہ می نماید عمرش بست وچہار سالہ خواہد بود از وست :-

کب تلک آنکھوں سے یا رب خوں فشانی کیجئے
وہ نہیں ہی پاس کیونکر زندگانی کیجئے

آتشِ ہجراں سی جس کی دل جگر سب جل گیا
اس پہ ظاہر کس طرح سوزِ نہانی کیجئے

لبِ یار کا ہم نے جو بوسہ لیا سو یہ شوق نے کام خراب کیا
ابھی لڑکے ہو تم تو سمجھتے ہو کیا یہ سمجھ کے یہ تم کو سمجھاتے ہیں ہم
ترے ہجر میں اے بتِ رشکِ قمر یونہی جائیگا جی سے وہ اپنی گذر
وہ تھا فتنہ کہ سوتے سے چونک اٹھا یہ نہ سمجھے کہ کس کو جگاتے ہیں ہم

. . . .

اسے دیکھ کے رحم تو کر کہ نہ کر ترے آگے ظریف کو لاتے ہیں ہم

دمِ عرضِ حالِ دلِ حزیں وہ زباں پہ میری نہ آئیاں
ترے عشق میں بتِ سنگدل جو مصیبتیں ہیں اٹھائیاں
ذرا اپنے سینہ فگار سے کبھی ہنس کے بولیے پیار سے
نہیں خوب عاشقِ زار سے مری جان اتنی رکھائیاں
کوئی فکرِ موت و حیات میں ہیں لگا ہوں ایسی گھات میں
نہیں آتیں یہ مرے ہاتھ میں تری پیاری پیاری کلائیاں
رخِ ماہ پر نہ نگاہ کی صنا ستاروں نے آہ کی
ترے روئے غیرتِ ماہ کی شبِ مہ میں دیکھ صفائیاں

اے جنوں نالہ و فریاد کروں یا نہ کروں
خانۂ عشق کو آباد کروں یا نہ کروں
جا پھنسوں دام میں یا دام سے بھاگوں یہ دل
تو ہی کہہ خاطرِ صیاد کروں یا نہ کروں
حالتِ وصل کا اک شب جو سماں دیکھا تھا
کیوں شبِ ہجر اسے یاد کروں یا نہ کروں

اس کے حالِ زار پر ہر گل ہے خنداں باغ میں
لاوے آبِ اشکِ بلبل کیوں نہ طوفاں باغ میں
روئے گل پر قطرۂ شبنم نے خجلت بنی
صبحدم آیا جو وہ رشکِ گلستاں باغ میں
ہو گلِ بے بو میں پیدا بو بہ تحریکِ صبا
گر پریشاں ہو تری زلفِ پریشاں باغ میں
کس طرح تجھ بن میں اُن جاؤں کہ نظروں میں مری
ہر رگِ گل صورتِ خارِ مغیلاں باغ میں
کل ہے یومِ جمعہ فرصت ہے تجھے بھی میرے ساتھ
صبح کو اٹھ کر چل اے طفلِ دبستاں باغ میں

بیمارِ عشق کو ترے ہرگز شفا نہیں ہو جس کو یہ مرض کہیں اس کی دوا نہیں

عاشق

سعد اللہ خاں عاشقؔ از قدماست شعرے از دہم رسیدہ :-

نہ من قامت آں صنم دیدہ ام قیامت بیک حرف کم دیدہ ام

عاشق

سید غیاث الدین عاشقؔ تخلص خلف سید قطب الدین رضوی ساکن رامپور عمرش پنجاہ سالہ خواہد بود، از وست :-

جگر میں زخم نگہ کے لگے جو کاری رات کٹی تڑپتے ہی بسمل کی طرح ساری رات
برنگِ شمع سر اُس نے قلم کیا سو بار ہوئی نہ تسپہ بھی کم آہ اشکباری رات
گلی میں سنگ دلوں کے قدم نہ رکھیو دلا وگرنہ ہجر کی گذرے گی تجھ پہ بھاری رات
موا جو عاشقؔ بیدل ترے فراق میں یار تو اُس کے بالیں پہ کی سب نے آہ و زاری رات

ہمارے ملنے سو تم نے قسم جو کھائی رات یہ بے کلی رہی جو تک بھی کل نہ آئی رات

ہاتھ میں جام لئے یار نظر آتا ہے آج کیا بیخود و سرشار نظر آتا ہے
سینے میں دردِ جدائی سو ترے اے پیارے دل تڑپتا مجھے ہر بار نظر آتا ہے
یہاں تلک روئے ترے غم میں کہ دامن کا پاٹ خون سے تختۂ گلزار نظر آتا ہے
رنگ ہو جائے ہی فق رشک سے ہر اک گل کا باغ میں جب وہ طرحدار نظر آتا ہے
کیا رقیبوں نے کہیں جا کے کہا کچھ اُس سے آج ہم سے جو وہ بیزار نظر آتا ہے

ہم نے گر چاہا تمھیں تو کون سی تقصیر کی | مہربانی کی عوض مت ظلم رانی کیجئے
لکھئے گر احوال خوں ہونے کا دل کے یار کو | کاغذ مکتوب رو رو ارغوانی کیجئے
اک بسنتی پوش کی الفت میں ہم جی سے گئے | چادر تربت ہماری زعفرانی کیجئے
دوستو گر ہو سکے تو حسبتاً للہ یوں | جا[1] کے اُس سے عرض اب میری زبانی کیجئے
جاں بلب ہے آپ کا عاشق غم فرقت سے آہ | چل کے اُس کے حال پر ٹک مہربانی کیجئے

درد نے فرقت کی یہ صورت بنائی ہے کہ آہ | بے کلی سے دم ہے آنکھوں میں ترے بیمار کا
گرچہ تیغ اصفہاں میں جوہر برش ہیں پر | سامنا کب کر سکے اُس ابروئے خمدار کا
آخر اک دن ہووے گا ہنگامۂ محشر بپا | گر یہی انداز ہے اُس شوخ کی رفتار کا
دیکھ کر آ کر ہمارے سینۂ پر داغ کی | دیکھنا منظور ہے تجکو اگر گلزار کا
سن کے لے عاشق ہمارے دیدۂ گریاں کا شور | سرد ہنگامہ ہوا ہے ابر دریا بار کا

عاشق

خواجہ اعظم خاں عاشق تخلص از قدماست :-

کوئی سید رو ظالم ہم کو اس دم یاد کرتا ہے | کلیجہ ہچکیاں لیتا ہے دل فریاد کرتا ہے

عاشق

سید ہدایت علی خاں عاشق تخلص از سابقین است ۔

روتی ہیں ترے ہجر میں نت متصل آنکھیں | کس دکھ میں گرفتار ہوئیں تجھ سے مل آنکھیں

---

(۱) جا کے اس کے حال پر ٹک مہربانی کیجئے (ن)

بہادر مرحوم برادرِ کلانش بود وہست۔ مشارٌ الیہ تغیرِ لباس کردہ عزلت اختیار نمودہ عمرش تخمیناً سی سالہ خواہد بود۔ ازوست:۔

شکوے کی زباں سے جو میں تقریر نکالی
نادان نے مرے قتل پہ شمشیر نکالی

یوسف کے مرقع پہ جو حیراں ہوا مانی
تب میں نے بغل سے تری تصویر نکالی

آتا تھا کبھی خواب میں سو بھی ہوا موقوف
اُلٹی یہ مری آہ نے تاثیر نکالی

جب فصلِ گل آخر ہوئی کیسا فائدہ صبا
پھر پائے اسیراں سے جو زنجیر نکالی

قاتل نے مجھے جرمِ محبت پہ کیا قتل
عشاق نئی اُس نے یہ تعزیر نکالی

جانِ غم میں قدِ موزوں کے جو برباد نہ ہو
سبزہ تربت کا مری روکشِ شمشاد نہ ہو

ادبِ عشق سے تڑپا نہ میں خنجر کے تلے
تر لہو سے مرے تا دامنِ جلاد نہ ہو

دفترِ عشق میں لے بادشہِ کشورِ حسن
فردِ باطل ہے وہ جس پر کہ ترا صاد نہ ہو

بے ستوں مرتبہ میرا ابھی ذرا سمجھے رہ
بازوئے ضعف ہے یہ بازوئے فرہاد نہ ہو

صفحۂ دل پہ میں کھینچوں ہوں تری آپ شبیہ
روبروئے قلمِ صنعتِ بہزاد نہ ہو

میں کبھی منزلِ معنی کو نہ پہنچوں عشاق
رہنما میری اگر شفقتِ استاد نہ ہو

فیضِ مستی ہے سدا ساقیٔ کوثر سے مجھے
کام ہرگز نہیں کچھ بادۂ احمر سے مجھے

پیچ کاکل سے نہ نکلا تھا کہ پھر زلف نے ہائے
پا بہ زنجیر کیا جعدِ معنبر سے مجھے

طالعِ بد نے دکھایا نہ کبھی وصل کا دن
چین اک شب نہ ملا گردشِ اختر سے مجھے

گر رہا وصل میں محروم گلا کیا اس کا
دیکھنا تھا یہ ستم اپنے مقدر سے مجھے

کھینچتا اس کا میں دامن تو شبِ وصل وُلے
ناتوانی نے نہ اٹھنے دیا بستر سے مجھے

نیم جاں کر کے مجھے پھینک دیا خاک پہ ہائے
شکوہ قاتل کی ہے یہ برشِ خنجر سے مجھے

یونہی گر آنکھوں سے سیلاب رہے گا جاری ۔۔۔ ڈوبتا بس مجھے گھر بار نظر آتا ہے
مت لگا اُس سے تو زنہار دل اپنا عاشقؔ ۔۔۔ سخت وہ شوخ دل آزار نظر آتا ہے

عاشق

آغا محمد عاشقؔ تخلص کہ در صفاہان بہ پیشۂ خیاطی بسر می برد خیلے خوش فکر گذشتہ مطلعے ازو در تذکرۂ فارسی نوشتہ ام۔ غزلے دریں روزہا ہم بہم رسیدہ بنوکِ قلم دادم اینست:-

یار ت آمدے عاشق دین و دل ہیا کن ۔۔۔ تن بعشوہ مرہوں ساز جاں بہ بوسہ سودا کن
سیلِ گریہ اے عاشق شہر می کند ویراں ۔۔۔ وقتِ رشک ریز یہا رو بکوہ و صحرا کن
غنچۂ دہانِ یار آبِ زندگی دارد ۔۔۔ گر حیاتِ جان خواہی بوسۂ تمنا کن
چوں بکاوی از مژگاں خانۂ دلِ ما را ۔۔۔ جز خیالِ تو جاناں ہر چہ ہست یغما کن
اَیُّنَمَا تُوَلُّوا را اگر تو خواندۂ زاہد! ۔۔۔ کعبہ را چو در بستند سجدہ بر کلیسا کن
شوخِ عیسوی مذہب ماہِ ارمنی ملت ۔۔۔ یا خود ت مسلماں شو یا مرا نصارا کن
با ذبیح خود جاناں جور و کیں مبر از حد ۔۔۔ تازہ عاشق است آخر با دلش مدارا کن

عشاق

شاہ مظہر حق کہ عشاقؔ تخلص می کند با وصفِ درویشی سرے بحسیناں (۱) دارد ازیں جہت بحلقۂ شاگردیٔ فقیر بے ترغیبِ غیرے در آمدہ آموختنِ شعرِ ہندی را آنچہ می دانست زیادہ براں قصد کردہ قریب سہ چہار سال گذشتہ باشد کہ شعر گفتنِ ریختہ را بمرتبۂ غزلیت رسانیدہ از حسب نسبش اطلاع ندارم مگر ایں قدر دانم کہ از ملازمانِ قدیم آصف الدولہ

---

(۱) سرے بحسن پرستی دارد (ن)

خودش در لکھنؤ نشو و نما یافتہ، بزرگانش متوطن شاہجہاں آباد و ہمیشہ نوکری خانۂ بادشاہ کردہ اند چوں از ابتدائے جوانی بحکم موزونیٔ طبع شوقِ شعر گفتن در سر داشت و ملاقات اساتذہ و صحبتِ ایشاں غنیمت می شمرد چنانچہ اکثر بخدمتِ میر محمد تقی صاحب فائدہ صحبت بردا شتہ و شعرِ خود را در اوائل بمیر سوز مرحوم و در اوسط بمیر قمرالدین منتؔ مغفور مسرور نمودہ و دریں ایام او اخرِ مشق بہ فقیر رجوع مشورہ آوردہ است۔ غزل درست بستہ می گوید در کلامش چنداں جائے اصلاح یافتہ نمی شود، مگر گاہے کم کم عمرش از چہل متجاوز خواہد بود، از دست ہٖ۔

اللہ ری تیرہ بختی کہ مرنے کے بعد یار | سوسن کے پھول قبر پہ میری چڑھا گیا
قدرت خدا کی دیکھو مرے دل کے زخم کو | چھڑکے تھا جو نمک وہی مرہم لگا گیا
تھا شہرہ بدگمانی کا عیاشؔ جس کی کل | دو چار گالیاں وہ مجھے بھی سنا گیا

دل بھر آئے ہے جوں جوں لے خالی کیجے | فکر اس درد کی کیا لے مُرے والی کیجے
ایک پرواز بھی گلشن میں نہ کرنے پائے | کیا ترے ہاتھ سے لے بے پروبالی کیجے
ہوں سیہ بخت ازل میں تو عزیزاں میرے | بعد مرنے کے ٹک اک قبر بھی کالی کیجے
عشق دیکھو تو ٹپکتا ہے لہو بلبل کا | گر قلم باغ میں گل کی کوئی ڈالی کیجے
آئے مدفن پہ تو اُس شوخ کے نظارے کو | کھود کر پلکوں سے اک قبر میں جالی کیجے
گولی بھر کر وہ طپنچہ میں کہے ہے اس کو | دل میں آتا ہے کہ عیاشؔ پہ خالی کیجے

سایہ کرے گر ہما میں کسی خاک نشیں پر | وہ نخل کہاں ہے ترے کوچے کی زمیں پر
گھوڑے پہ چڑھا وہ تو ہر اک کو نظر آیا | تھا نہ جبیں کا سا سماں خانۂ زیں پر
سجدہ کروں ہر بت کو میں اے کاتب قدرت | لکھا یہی تھا تو نے مگر میرے جبیں پر
وہ سوختہ دل ہوں کہ مری آہ کی بجلی | گرتی ہے سدا کنگرۂ عرشِ بریں پر

رات دربان نہ اٹھا دیوے جو اُس در پہ مجھ | میں تو پہنچا ہی تھا واں بھیس بدل کر عشاق

عاشق

میرزا احجوی عاشق تخلص برادر آغا تقی صاحب جوانِ موزوں طبع و خوش گفتار است غزلے کہ در اجماعِ مشاعرہ مرزا تقی ہوس خواندہ شدہ بود او ہم در آں فکر کردہ بیشتر طبعش مائل مرثیہ و سلام است۔ تر و تنش معروف۔ عمرش تخمیناً چہل سالہ خواہد بود، از وست:۔

نہ کھولو سنبلِ مشکیں کو روئے رشکِ گلشن پہ | شبِ دیجور کو ترجیح ہو گی روزِ روشن پر

ہی جب سے کسوتِ خاکستری آراستہ تن پہ | نہ منت کش ہوں دامن کا نہ بارِ جیب گردن پر

گلو لب تشنۂ آبِ دمِ شمشیرِ قاتل ہے | ہی تسکینِ عطش موقوف اپنے آبِ آہن پر

ہیں کب معشوق سنتے عاشقوں کی نالہ و زاری | نہ دیکھا گوشِ گل ہووے کبھی بلبل کے شیون پر

کہاں بھرتا ہی نظارے سے دل عاشق مزاجوں کا | نہیں بلبل کو سیری گو بٹھا ویں گل کے خرمن پہ

عشق

میر زین الدین عشق تخلص از وست:۔

منظور گر خرابیٔ دل ہے تو ایک بار | ایسا خراب کر کہ نہ تعمیر کر سکیں

عیش

مرزا علی عیش تخلص

بات اب امتحان پر آئی | قصہ کوتاہ جان پر آئی

عیاش

میر محمد یعقوب عیاش تخلص ولد میر محمد انور جوانِ مہذب الاخلاق و صلاحیت شعار است

دل به خاکِ سرِ طرهٔ جاناں دارد | سبزهٔ تربتِ من خواب پریشاں دارد
مائلِ گشتِ چمن مردمِ چشم نه شود | گر خیالِ رخِ او گل به گریباں دارد
وقفِ تاراجِ نگه جلوهٔ رنگینِ کو شد | که تماشاگلِ خورشید بداماں دارد
رخ ز آشفتنِ زلف.... بے خبر است | صبحِ عشرت چه غمِ شامِ غریباں دارد
اندراں بزم که از شوخیِ او حرف زنند | شمع نورِ نگهِ چشمِ غزالاں دارد
پائے شوقم گردِ حلقهٔ گرداب مباد | کشتیم چشمِ طلب بر رهِ طوفاں دارد
عیشِ کامل نه شود روزیِ کس زیرِ فلک | حسرتِ آب بر و مهر اگر ناں دارد
سرسری از سرِ ما خاک نشیناں مگذر | شبنمِ ما به بغل ترکِ گلستاں دارد
بس که در عهدِ خمِ زلفِ تو سودا عام است | عقلِ کل جامه سیه خانهٔ زنداں دارد
نے همیں نازو ادا حلقه بگوشِ ابروست | فتنه هم چشم بآں جنبشِ مژگاں دارد
خالِ مشکینِ تو در بندِ کمندِ گیسوست | نظرِ چشمِ سیاهِ تو بمژگاں دارد
بلبلِ ما به قفس بال و پرش بشکستند | کے سر و برگِ تماشائے گلستاں دارد

نصیبِ من بجز اندوهِ جاودانی نیست | بکشوریکه منم رسمِ شادمانی نیست
حبابِ بحرِ فنائیست عقدهٔ کارم | رهینِ ناخنِ تائیدِ آسمانی نیست
تلخ کامی مردن که در دمِ تیغت | حلاوتیست که در آبِ زندگانی نیست
کدام چشم براهِ نظاره ات باز است | که برق حاصلِ او شورِ لن ترانی نیست

پائے جنوں ز دامنِ صحرا گذشته است | سیلاب جوشِ گریه ز دریا گذشته است
هر نقشِ پا نمودهٔ خورشیدِ محشر است | یارب که گرم صید ز صحرا گذشته است
تا ریخت چشمِ ساقیِ ما رنگِ وحشتے | مستی ز نشه نشه ز صهبا گذشته است

پڑھتا ہوں دل اپنے کا جہاں مرثیہ عیاشؔ　　روتی ہے سب ہی خلق مری موت حزیں پر

نہ کہئے دردِ دل ہرگز کسی سے　　اگر کہئے تو کہئے اپنے جی سے
کٹے گی کیونکہ ساری رات اُس بن　　کرے ہے دل تو بیتابی ابھی سے
جدائی میں جیوں کب تک میں عیاشؔ　　بھلی ہے موت ایسی زندگی سے

عیشی

میاں طالب علی عیشی تخلص خلف الرشید میاں علی بخش از متوسلانِ الماس علی خاں مرحوم کہ کشتِ امیدِ عالمے را از اقطارِ امطارِ سحابِ مکرمت و فیضِ خویش سرسبز و شاداب می داشت جوانِ صلاحیت شعار است شعرِ فارسی و ہندی را بمتانت و رزانتِ تمام میگوید و در نثر نویسی ہم بطورِ منشیانِ سابق دستے تمام دارد بہ فقیر از ابتدائے ملاقات تا الی الآن نیک وضع اتحاد بودہ آمدہ خوشہ چینی از فیضِ صحبتِ انشا اللہ خاں و مرزا قتیل وغیرہ ہمہ کردہ اقرار بشاگردی یک کس نمی کند بالفعل خود استادِ وقتِ خود است عمرش تخمیناً از سی متجاوز خواہد بود از وست :-

خود بباد نیستی دادم غبارِ خویش را　　ہمتِ من بر فلک نگذاشت کارِ خویش را
بسکہ از دل نالہائے آتش افشاں می کنم　　صبحِ محشر کردہ ام شبہائے تارِ خویش را
جلوۂ صبح از افق جوشِ بہارِ عنبر است　　دادہ بر باد زلفِ مشکبارِ خویش را
چرخ گرداں جلوہ گاہے گرد بادِ فتنہ است　　تا کجا یارب برم مشتِ غبارِ خویش را
آرزوئے بوسہ ہا برخویش می بالد زشوق　　تا تو برافروختی از مےِ عذارِ خویش را
از رگِ تا رِنفس ناتواں تنم را فرق کرد　　بسکہ کردم وقفِ کاہش جسمِ زارِ خویش را
عیشیا چوں نیکِ خود ناتوانی از بد فرق کرد　　در کفش بسپر عنانِ اختیارِ خویش را

جہاں بر خوبیت ملے لعبت طناز می نازد — ز حسنت حسن می بالد ز نازت ناز می نازد
تو آں نقشے کہ تا بر لوحۂ ایجاد بستندت — بکلک صنعت خود دست صورت ساز می نازد
کدامی صید در خوں می طپید یارب نمی دانم — کہ بر گمراہی خود چنبہ شہباز می نازد

داغہائے تن زارم بنگر — بے تو گل کرد بہارم بنگر
سرمہ کش روز سیاہم را بیں — زلف بکشا شب تارم بنگر
وعدہ را جان جہاں طول مدہ — دل بے صبر و قرارم بنگر
رمم لے بادیہ پیمائے شوق — قدم آبلہ دارم بنگر
ہمہ شب بے تو نفس می شمرم — شب چوں روز شمارم بنگر

مرا آتش زدی در جان چہ کردی — بدشمن ساختی جاناں چہ کردی
وقار خانماں برباد دادی — چہ کردی خانہ آباداں چہ کردی
نمودی خاطر جمعے پریشان — شمیم زلف مشک افشاں چہ کردی
دل بے طاقتم را بردی از جا — نوائے مرغ خوش الحاں چہ کردی
سخن زاں زلف و خط راندی بگلشن — صبا با سنبل و ریحاں چہ کردی
سپردی دل بہ آں بیباک عشقیؔ — چہ کردی آہ لے ناداں چہ کردی

ہمہ افسانہ ام از گوش شنیدن داری — ہمہ آئینہ ام از دیدۂ دیدن داری
درخور ظرف نگاہت نبود جلوۂ دوست — چشم بربند اگر حسرت دیدن داری
تہمت آلودۂ تلخی مکن از حرف ترش — لب شیریں کہ سزاوار گلیدن داری
کوکب سوختہ داری بہ شب تیرہ بہ ساز — چشم بیجا برہ صبح دمیدن داری

دریا گریست حسرتِ محسراں بخوں طپید | در خاطرِ یکہ حرفِ تمنا گذشتہ است
می کرد آبِ رحم بہ چشمِ طبیبِ من | دردا کہ دردِ دل ز مداوا گذشتہ است
خود باش محوِ جلوۂ عالم فریبِ خویش | کار ز تماشا گذشتہ است
ناصح ز عقل و صبر و شکیبائیم مگوے | بگذر ز من کہ کارم ازیں ہا گذشتہ است
عیشیؔ کہ در دلت زدہ خنجر کہ نالہ ات | چوں برقِ خاطفا ز دلِ خارا گذشتہ است

سوختن گرمئ ہنگامۂ آوازِ من است | رقصِ بسمل اثر از زمزمۂ سازِ من است

خورشید رُخ از پردۂ نیرنگ بر آورد | ہر ذرہ بہ رنگِ دگرے رنگ بر آورد
روشن دلیم در گروِ جلوۂ او بود | عکسِ رخش آئینہ ام از زنگ بر آورد
راز دلِ من مایۂ آشوبِ جہاں است | آساں نتواں آتشم از سنگ بر آورد
آں نغمہ کہ در پردۂ قانونِ ازل بود | مطرب بہ چہ بے پردہ اش از چنگ بر آورد
شوق است کہ آذر شد و صدبت بترا شید | عشق است کہ مانی شد و ارژنگ بر آورد
اغیار مرا گر سینہ بہ خنجر بشگافند | رازش نتوانم ز دلِ تنگ بر آورد
تا برقِ اثر زد بہ چمن نالۂ عیشیؔ | شور از دلِ مرغانِ خوش آہنگ بر آورد

تلخ کامانِ وفا درد بدرماں نہ دہند | کاسۂ زہر بسر چشمۂ حیواں نہ دہند
ابر می بارد و گل تازہ بہارے دارد | آہ امروز اگر رہ بہ گلستاں نہ دہند
نوح در بحرِ محبت نہ رساند بہ کنار | کشتیؔ را کہ عناں در کفِ طوفاں نہ دہند
عیشیؔ از یار بنا کامئ دل خورسندم | کاش جز من بہ کسے حسرتِ حرماں نہ دہند

دلم چه قبله‌نما فارغ از طپیدن نیست   بعالمے کہ منم بختِ آرمیدن نیست
برنگِ آئینه سرتاپائے من چشم است   ولے زحیرتِ حسنش مجالِ دیدن نیست
ادب نگاہِ مرا دوخت بر قدم ورنہ   کدام جلوهٔ رنگیں کہ وقفِ دیدن نیست
زمینِ مزرعِ ما برق زارِ حرماں است   نصیبِ سبزهٔ امید ما دمیدن نیست
تو خود ز لذتِ درد آشنائۂ ورنہ   کدام خار کہ آمادۂ خلیدن نیست
بریده باد زبانِ تو سوختم عیشیؔ   فسانۂ تو باندازۂ شنیدن نیست

سرمایۂ پابندئ من خلق تمام است   مذ نگہ لطفِ مرا رشتۂ دام است
از ہمتِ عالی نرود تیرہ گئ بخت   روشن نہ شود خانہ ز شمعے کہ بہ بام است
از بسکہ سیہ کرد غمِ ہجرِ تو روزم   نورِ سحرم سرمہ کشِ دیدۂ شام است
از بادہ مگوئید کہ در مشربِ عشاق   گر آبحیات است کہ بے یار حرام است
از دردِ فراقِ تو نہ نالم کہ خیالت   سرمایۂ عیش و سببِ وصلِ دوام است
باز آئی کہ بے روئے دل افروزِ تو ما را   آتش بہ جگر می زند آبے کہ بجام است
عیشیؔ ز نظیری دلِ ما نالہ بیاموخت   امروز بما منزلتِ عشق تمام است

بہارِ صد چمن دارد ہوائے بزمِ رنگینش   چکد آبِ گل افشاند گر گلہائے قالینش
فلک صد خار را گر بشکست در چشم چہ غم دارد   گراں خوابی کہ باشد از رگِ گل تار بالینش
امیدِ زندگی نبود مریضِ دردِ دوری را   اگر صد مرده را عیشیؔ دہد جاں بہر تسکینش

اشعارِ ہندی

کون پابندِ جنوں فصلِ بہاراں میں نہ تھا   اس برس ننگِ جوانی تھا جو زنداں میں نہ تھا
بس کہ ہیں درد کا جویا ہوں مرے تلووں کا   آبلہ کب طلبِ خارِ مغیلاں میں نہ تھا

همت از دستِ جنوں خواہ کہ در فصلِ بہار — جامہ در بر چو گل از بہرِ دریدن داری
در فضائے کہ زمیں دام و سپہرش قفس است — وائے بر جانت اگر میلِ پریدن داری
اے خوش آندم کہ زنی تکیہ بدوشم از ناز — بر سرم منتِ خمیازہ کشیدن داری
ذوقِ پروازِ سرِ سدرہ چہ دانی عشقی — تو کہ در کنجِ قفس مشقِ طپیدن داری

جفا پیشہ بے مہر جور آفریں — سرت گردم از بہرِ من ایں چنینی
ستم گار نا آشنا بیوفائی — بلائے شکیب آفتِ صبر و دینی
ندیدم کسے را بدیں دلفریبی — بگردِ تو گردم مگر حور عینی
ز گل دلرباتر ز مہ جاں فزاتر — عجب دل فریبی عجب نازنینی
نہ زیبد سخن ہائے تلخِ دہانت — تو اے جانِ عشقی بلب انگبینی

بے نورِ رخت بسکہ سیہ شد سحرِ ما — خور چو کرۂ دود بود در نظرِ ما
ہر قطرۂ خوں در رگِ ما آبحیات است — پیکانِ خدنگِ کہ گذشت از جگرِ ما

دادم بہ برق کشتِ تمنائے خویش را — یک سو نمودہ ام غمِ فردائے خویش را
یک گام طے نکرد ز صحرائے وحشتم — تا زانو از چہ سود فلک پائے خویش را

نالۂ درد و غم ترانۂ ما — قصۂ سوز دل فسانۂ ما
چوں گہر از متاعِ دنیا نیست — یارِ ما غیر آب و دانۂ ما
بے سر و برگِ کشورِ عشقیم — بے متاعی متاعِ خانۂ ما
نہ کشیدیم منتِ برقے — برنگِ گل سوخت آشیانۂ ما

آبِ آئینہ یہاں طینت دل کا ہے خمیر
میں صفا پیشہ بد و نیک کو یکساں سمجھا
ہوں وہ دیوانۂ وحشی کہ مرا جوشِ جنوں
آسماں کو بھی سیہ خانۂ زنداں سمجھا

حالِ دل مجھ سخت جاں کا ہر نفس بدتر ہوا
آخرش احباب کے سینے کا میں پتھر ہوا
وحشت پیمائی مری عہدِ جنوں میں دیکھئے
موئے سر سے ہر سرِ خار قدم ہمسر ہوا
غیر نے صندل لگایا واں جبینِ یار میں
رشک سے بیساختہ پیدا یہ دردِ سر ہوا

کس آگ سے مرا دلِ اندوہ گیں جلا
جوں شمع ساں میں تا نفسِ واپسیں جلا
ہے آگ میرے دل میں نہاں داغِ عشق کی
گر اُف کروں تو دوں ابھی چرخِ بریں جلا

پھر کیا چشم نے شوقِ لبِ جاناں پیدا
پھر ہوئے اشک کی جا لعلِ بدخشاں پیدا
بیڑیاں کاٹنے کی میری خبر ہے یا رب
ہوئے حداد کا زنہار نہ سوہاں پیدا
کشتۂ حسنِ ملیحاں ہوں مرے سینے کو
چیریں تو دل کی جگہ ہووے نمکداں پیدا
تب ملے آبلہ پائی کا مزا جب ہووے
ساتھ ہر آبلہ کے خارِ مغیلاں پیدا

تنہا میں اس جہان کی منزل میں رہ گیا
اور داغ ہمرہان سفر دل میں رہ گیا
دعوائے خوں میں اُس سے کرونگا بروزِ حشر
گر کچھ بھی رنگ دامنِ قاتل میں رہ گیا

داغِ حسرت نے تماشائے چمن دکھلایا
رنجِ فرقت نے ہمیں لطفِ وطن دکھلایا
سرو کی بے ثمری کا جو میں لکھا مضمون
ایک خوش قد نے مجھے سیبِ ذقن دکھلایا

چشم پوشی ہے عبث مجھ سے کہ مانند سرشک — دیکھنا مجکو کہ اک جنبش مژگاں میں نہ تھا
تہمتِ جیب عبث مثل سحر ہے مجھ پر — نام کو تار کبھی میرے گریباں میں نہ تھا
لے چلے ہم کفِ پا آبلہ وار آخر کار — خار بھی اپنے نصیبوں کا بیاباں میں نہ تھا

دل گرفتہ ہوں کروں گا ہوکے میں آزاد کیا — مجکو یکساں ہے چمن کیا خانہ کیا صیاد کیا
زخم کاری جسم پر کشتوں کے جانِ تازہ ہے — آب حیواں میں بجھا تھا خنجر فولاد کیا
نقش حیرت ہوں مرا شق خموشی کام ہے — بلبل تصویر جانے نالۂ و فریاد کیا

دشمن و دوست سے الفت ہے زبس کام اپنا — محتسب تھامے جو ساقی سے گرے جام اپنا
بس کہ گمنام کیا ہم کو سیہ بختی نے — گر کریں مہر یقیں ہے نہ کھلے نام اپنا
شعلہ رویوں کا رہا بس کہ تصور ہم کو — جل گیا سینے میں خونِ دل ناکام اپنا
نگہ چشم تصور ہے مرا شوق درست — لاکھ پردوں میں ہو دلبر تو کروں کام اپنا
دیکھ کر عیشیؔ آوارہ کی سرگردانی — بھول جاوے یہ چلن گردش ایام اپنا

وفورِ کاہشِ غم سے مرا یہ حال ہوا — کہ چشم مور میں میں پیکرِ خیال ہوا
ہوئی ہدایتِ وحشت سے میری منزل طے — چراغِ راہ مرا دیدۂ غزال ہوا
بنا نہ کاسۂ دریوزہ نے سبوئے شراب — ہزار بار میں خاک درِ کلال ہوا
دوا پذیر نہ ہو درد طبعِ نازک کا — نصیبِ زخم کو گل کے کب اندمال ہوا
میں وہ شہیدِ وفا ہوں کہ خوں مرا عیشیؔ — برنگِ خون حنا بے دیت حلال ہوا

بے بقایں کہ بہارِ چمنستاں سمجھا — زلفِ سنبل کو میں اک خوابِ پریشاں سمجھا

رات نہاتا تھا وہ لعبتِ سنگ آب میں | کش مکش ہو جسے ماہ تھا سنگ آب میں
طینتِ بد کو نہیں مرشدِ کامل سے سود | چل نہ سکے خضر سے کشتیِ سنگ آب میں

بہکا کدھر کدھر کو پھرا میں کہاں کہاں | افسوس مجکو چھوڑ گیا کارواں کہاں
جو تنگ دل ہیں فیض کا اُن میں اثر کہاں | پایا گدا نے غنچہ کی مٹھی سے زر کہاں

یہ بھی رونا ہے کہ جس میں سرِ مژگاں تر ہو | شکلِ گل خوں سے نہ جبتک کہ گریباں تر ہو

عاصی

حافظ قاسم علی متوطن قصبہ ردولی ولایتِ شاہ احمد عبدالحق عاصی تخلص جوانِ غریب و نابینا است بمقتضائے موزونیِ طبع چیزے شکستہ بستہ موزوں می کند دو سہ غزل ریختہ خود را بنظرِ فقیر گذرانیدہ اگرچہ زبانش درست است اما از محاورۂ ریختہ بلد نیست حسبِ اتفاق قلیلے از کلامِ او ہم بہ تحریر آمد عمرش از سی متجاوز خواہد بود، از وست:-

شب پاس جو ہم اُس مہِ تاباں کے سوئے | بولا کہ پھرے سر کو کہاں آن کے سوئے
وہ رشکِ پری خواب میں شاید نظر آوے | کل رات کو ہم جی میں یہی ٹھان کے سوئے
پہلے تو عجب طرح سے بگڑے کہ نہ پوچھو | جو میں نے کہا پھر تو اُسے مان کے سوئے

ہر چند کہ ہر شوخ کا اک ناز جدا ہے | پر نامِ خدا آپ کا انداز جدا ہے

شاید کوئی بے درد مجھے یاد کرے ہے | جو مثلِ جرس دل مرا فریاد کرے ہے

سیرِ گلشن گر دلِ پرجوشِ وحشت مانگتا | پہلے میں درد آشنا بلبل سے رخصت مانگتا
خوں یہ رویا ہوں کہ ہے ہر شاخِ مرجاں سے مرا | پنجۂ مژگانِ خون آلود بیعت مانگتا
جستجو لائی ہے اُس صحرا میں مجکو تشنہ کام | غول سے ہے خضر جس وادی میں شربت مانگتا
رنج کا مجکو مزا تھا گر کھلی ہوتی زباں | نزع میں جامِ ہلاہل جائے شربت مانگتا
توڑتا صیادِ قدرت پر مرے گر میں اسیر | تا بدیوارِ قفس اڑنے کی طاقت مانگتا

ہوا رشکِ رگِ گل آستیں کا تار تار آخر | دکھائی دیدۂ خونبار نے میری بہار آخر
یہ قسمت دیکھئے صیاد جب آزاد کرنے کو | لگا پر کھولنے میرے ہوئی فصلِ بہار آخر

کیا ہوئی بہرِ سفر تن سے مری جاں تیار | ہم نشیں کرتے ہیں جو اور ہی ساماں تیار
دیکھئے جرمِ محبت کسے مقتل میں لائے | پھر وہ کرتا ہے دمِ خنجر برّاں تیار
کیا گناہ آبلہ پایانِ جنوں کا کہ ہوا | پے کاوش سرِ ہر خارِ مغیلاں تیار
پاسِ جاناں ہے فقط مانعِ گریہ ورنہ | اپنی ہر چشم میں ہے نوح کا طوفاں تیار
میں غزل خواں سوئے گلزار جو گذرا عشقی | زہر کھانیکو ہوئے مرغِ خوش الحاں تیار

ہیں زلفِ تابدار کے زندانیوں میں ہم | رہتے ہیں اُلجھے سخت پریشانیوں میں ہم
نے سر بزیرِ تیغ ہلایا نہ دست و پا | تھے کتنے با ادب تری قربانیوں میں ہم
خوں اُس کے ہاتھ میں دمِ تکبیر بھر گیا | محشر تلک رہیں گے پریشانیوں میں ہم

میں بہلاتا تھا اگلی وحشتوں میں دل گلستاں میں | ہوا ابکی ٹھہرنا ایک دم مشکل گلستاں میں
نسیمِ صبح ٹھنڈی سانس بھرتی جونہی آنکلی | لگا یکبار غنچوں کا دھڑکنے دل گلستاں میں

عسکر

عسکر علی خاں عسکرؔ تخلص

روتے روتے نہ رہا نام کو نم چشموں میں — آبرو کیونکہ رہے گی مری ہم چشموں میں

عارف

میر عارف علی عارفؔ تخلص متوطنِ قصبۂ امروہہ جوانِ غریب وضع و مسکین مزاج دیدمش معرفتِ بینی پر شاد ظریف بحلقۂ شاگردئ فقیر در آمدہ عرائسِ افکارِ خود را بزیورِ اصلاح محلے ساخت و در عرصۂ قلیل ہم سلکِ تلامذۂ عالی طبیعتِ ایں خاکسار گردید ذو الفقار زبان را بجوہرِ نظمِ ہندی و فارسی بیار است عرش تخمیناً سی و پنج سالہ خواہد بود، اینست:-

ناوکِ نازِ تو تا بر جگرِ من بہ نشست — شد جگر روزن و دل در پسِ روزن بہ نشست

نعرہ زد بلبل و در ماتمِ گلشن بہ نشست

شد رواں فوجِ قضا و قدر او را در پیش — آں جفا کیش و وفا کُش چو بتوسن بہ نشست

سوخت صد طور ز آہِ دلِ سودائے او — تا طلب گارِ تو در وادئ ایمن بہ نشست

خاست چوں از کمرِ کوہ غبارِ فرہاد — ہیچ گہہ جائے بنودش سر از من بہ نشست

منہزم در صفِ مژگاں چو شدم در چشم — سرِ نوکِ مژہ چوں سرِ سوزن بہ نشست

رتبہ ام . . . کہ پس از من مجنوں — ماتمی گشت مرا بر سرِ مدفن بہ نشست

چوں نگہ وار د از و آہوئے دل را عاشق — شیر گیری بہ مگس بر زدہ دامن بہ نشست

بہ یکے ضربتِ خود کرد سکا ہن او را — تیرِ بیدادِ تو در دل آہن بہ نشست

نازِ او بیں کہ چو مالید مسی بر لبِ خویش — رفتہ در باغ و بہ پیشِ گلِ سوسن بہ نشست

کرد دلِ شوریدۂ من در شبِ ہجر — آنقدر شور کہ ہمسایہ بہ شیون بہ نشست

خواب میں بھی نہ اگر صورتِ یار آئی نظر — دلِ بیتاب کو کب شکل قرار آئے نظر
خواہشِ سیرِ چمن کب اُسے ہووے جس کو — آپ سینے ہی میں داغوں کی بہار آئے نظر
چین پڑتا ہی نہیں اُس کے بغیر اے عاصی — کاش یک بار تصور ہی میں یار آئے نظر

تو ہی نہ اگر پاس مرے آن رہے گا — کس طرح سے پھر جان مرا جان رہے گا
واقف وہ ابھی گرچہ نہیں نام سے میرے — پھر دل کو تسلی ہے کہ پہچان رہے گا

عدل

شیخ فضلِ رحمٰن عدلؔ تخلص ساکن بدائوں جوانِ غریب و طالبِ علم بود کلامِ خود را بہ نظرِ حقیری گذرانید در روز ہائیکہ فقیر بر مکانِ میاں غلام اشرف مشاعرہ می نمود دو غزلِ طرح می کرد شریکِ مجلس می شد از مدتے مفقود الاحوال است شعرے ازو در غزلِ طرح بیاد ماندہ اینست :-

دل میں آتا ہے کہ اب محتسب و قاضی کو — جمعہ کے روز لڑا دیجئے پالی کیجے

عاجز

عارف علی خاں عاجزؔ تخلص

بھلا جی بے وفائی یاد رکھیو — یہی ہے آشنائی یاد رکھیو

عزیز

رائے بھکاری داس عزیزؔ تخلص

کرے نہ یار اگر صاف دل کو کینے سے — عزیزؔ موت بھلی پھر تو ایسے جینے سے

چپکے چپکے میں کھڑا ہوتا ہوں پیچھے جا کر
دیکھے شاید وہ مرے زخم بدن آئینہ میں
عسکر آتا ہے نظر سبزۂ جوہر سیراب
منعکس ہوئے ہی جب جلوہ ذقن آئینہ میں

عالم

شاہ عالم خاں عالم تخلص خلف الرشید نواب محبت خاں کہ ذکر ایشاں در تذکرۂ ہندی گذشت، جوان نورسیدہ قریب بہ تضیلت است بمقتضائے موزونیٔ طبع کہ موروثی است رخش طبیعت را بمیدانِ فکرِ اشعارِ فارسی گاہ گاہے جولاں می دہد از براقیٔ ذہنش معلوم شود کہ رفتہ رفتہ بجائے خواہد رسید، عمرش نوزدہ سالہ خواہد بود مشورۂ سخنش بہ پدرِ بزرگوارِ خود است، از وست:-

نیست خود کامی کہ کامِ خود بہ تیغ کیں دہد
آتشِ مارا آبِ تیغ کیں تسکیں دہد
جاں بناکامی سپردم تا بود خودکامِ من
از لبِ جاں پرورش کامِ من مسکیں دہد
گر وہم جاں از غمِ جانانِ خود عیبم مکن
جانِ شیریں کوہکن از حسرتِ شیریں دہد
عالما آسودہ از دنیا و مافیہا شدیم
طالبِ دیدارِ او کے دل بآن و ایں دہد

نہاد لالہ عذارے بہ سینہ داغ مرا
ز لالہ زارِ جہاں زیں بود فراغ مرا
نہ سوخت تا شبِ غم خانہ ام ز آتشِ آہ
ز شمعِ روئے تو روشن نہ شد چراغ مرا

نہ شویم از و نفسے جدا بروش اگر سرِ ما رود
سرِ ما و خاکِ درش کسے ز جفائے او بہ کجا رود
کشم آہ اگر منِ ناتواں نہ منِ بقدرِ جفائے تو
نہ بود عجب کہ بیک نفس دو جہاں بباد فنا رود
نہ رود بآں سرِ کوئے کسے کہ بود عنانِ دلش بکف
برضائے خود مبری گمان کہ کسی بکوے بلا رود
بجفائے کوئے توکے روم کہ دم از وفائے تو میزنم
بمرادِ دل نہ رسد کسے کہ ز کوئے تو بجفا رود

آنکه یک غمزه به کف تیغ ستم رانی داشت دیدۂ بسمل او صورتِ حیرانی داشت

از نگاہِ غضبت منتظرِ زخمِ دگر شد سبک دوش که او بارِ گرانِ جانی داشت

عاقبت دشمنِ جانی شده خوش الحانی بلبلے را که به گلزار غزل خوانی داشت

دوش در سینه نیاسود دلِ حیرانم به خیالِ سرِ زلف که پریشانی داشت

شمع شاں شب چو برد گریۂ من شد ظاہر با رقیباں تہِ لب خندۂ پنہانی داشت

بتہ سبز خطش در دِلم گشت ہماں زیرِ لب خالِ سیاہی که نگہبانی داشت

دلِ دیوانه به ملبوسِ شہاں میں نه کرد بسکه چسپاں به بغل جامۂ عریانی داشت

پا چو در بادیۂ عشق نہادم پیشم خارِ صحرا ہمه نشتر پئے مہمانی داشت

عسکر امروز نکوبت چو گدا افتاده است گرچه وے بر سرِ خود افسرِ سلطانی داشت

کدامی کشتۂ شمشیرِ ابروئے تو می آید که بانگِ شورِ محشر از سرِ کوئے تو می آید

به افغاں دست بر دل از درت محروم میگردد دل افگارے بامیدے اگر سوئے تو می آید

بگلشن باکه پیوندم کرا گویم کجا جویم نسیمے را نمی یابم کز و بوئے تو می آید

فتد بر چشم و ابروئے تو موئے عنبرینِ تو کمند از آسماں بر شاخِ آہوئے تو می آید

اشعار ہندی

گلِ رخسار سے پھولا ہے چمن آئینہ میں عکس نے اس کے کیا جب سے وطن آئینہ میں

ابرِ سادہ میں نظر آئے ہے بجلی کی سی کوند یہ تری موجِ تبسم کی شکن آئینہ میں

آج پھبتی ہے جو ہو گردنِ اسکندراں عکس نے زلف کے ڈالی ہے رسن آئینہ میں

ہو جو تیرے خط و عارض کے مقابل طوطی عکس سے اپنے کرے پھر نہ سخن آئینہ میں

رہ گیا آئینہ جوں دیدۂ عاشق حیراں ہنس پڑا دیکھ جو وہ غنچہ دہن آئینہ میں

شرم یہاں تک ہے جو ہر لحظہ چراتا ہے نظر اپنے ہی عکس سے وہ سیم بدن آئینہ میں

طبع انچہ موزوں کردہ بنظرِ اصلاحِ جعفر علی حسرت آوردہ عمرش کم از شصت سال نخواہد بود از وست :۔

اُس نے عالم جدا انکا لا ہے ایک عالم کو مار ڈالا ہے

اُسے پھر دیکھ لوں یکبار مرنا تو مسلم ہے اجل یہ آرزو برآئے جبتک تن میں دم رکھنا
قدم بوسی کی تیری آرزو میں جی جلا بارے کبھی تربت پہ تو آ کر مرے ظالم قدم رکھنا
جوابِ خط لکھا ہر اک کو اُس نے اپنے ہاتھوں سے مرے خط کے ہی پڑھتے ہاتھ سر کیا تھا قلم رکھنا
نصیبوں سے ترے آوے جو عظمت وہ کبھو گھر میں نہ جانے دیجیو ہرگز اسے دے کر قسم رکھنا

مار ڈالا غم میں تیری آہ و زاری نے مجھے سخت گھبرایا ہے دل کی بیقراری نے مجھے
اب تو اپنا تو سمجھ ظالم کہ سارے خلق کا کر دیا دشمن تری اس دوستداری نے مجھے
کچھ میں کہہ سکتا نہیں اسکو دلا اب کیا کہوں کھو دیا ہے آہ اُس کی پاسداری نے مجھے

پوچھو مت میرا حال کیا کچھ ہے دل نپٹ بیقرار سا کچھ ہے
تو جو کرتا ہے بے مزہ مجکو اس میں بھی یار کیا مزا کچھ ہے
ہجر میں کیا جئیں گے اے عظمت باقی اب ہم میں کیا رہا کچھ ہے

تصویر تیری آنکھوں کی اپنے حضور ہے نزدیک ہے تو دل سے مرے گو کہ دور ہے

جا کے کل بیٹھے جو اُس در پہ سرِ شام سے ہم تا دمِ صبح نہ واقف ہوئے آرام سے ہم

سور خواب دیده ام رخِ آں آفتاب را   دانستہ ام عبادتِ سہ روزہ خواب را
گفتم ز جاں غلامِ توام گفت عالما   ما بہ نگیریم بندۂ حاضر جواب را

عشرت

میر غلام علی عشرت تخلص ساکنِ صوبۂ بریلی[1] جوانِ کثیر الکلام است دیوان ہا و مثنوی ہائے متعددہ دارد عمرش تخمیناً قریب چہل سالہ خواہد بود   از وبہم رسیدہ اینست۔

تمہارے زعم میں خادم جو ہم یہیں کے نہیں   تو سمجھو بندۂ درگاہ پھر کہیں کے نہیں
کئے ہیں سجدے ترے در پہ یہاں تلک ہم نے   کہ داغ مٹتے قیامت تلک جبیں کے نہیں

عاصم

عاصم تخلصِ جوانے کہ از فیض آباد آمدہ دو یک غزلِ خود بمن داوہ شعرے[2] از و انتخاب افتادہ :-

عاشق ہوئے ہیں جب سے ہم اس گلعذار کے   لاکھوں ہی زخم کھائے ہر اک نوکِ خار کے

عظمت

میر علی اکبر رضوی عظمت تخلص متوطنِ مراد آباد وطنِ بزرگانش مشہدِ مقدس خودش در مراد آباد تولد و نشو و نما یافتہ قریب چہل سال شدہ کہ بہ لکھنؤ استقامت دارد از موزونی

---

(۱) ساکن بریلی (ن)
(۲) دو شعر ازاں انتخاب کردہ شد۔ (ن)
دوسرا شعر یہ ہے :-

کر قتل مجکو بول اٹھا وہ پکار کے   کیا خوش ہوا ہے جی میرا عاصم کو مار کے

حسن اور عشق ازل میں ہوئے جس دم پیدا
جان دینے کے لئے تم یہ ہوئے ہم پیدا

قطرۂ اشک دکھاویں گے اثر اب اپنا
گل کیا چاہتے ہیں دانۂ شبنم پیدا

لذتِ خنجرِ قاتل سے یہ جی چاہے ہے
تازہ سر شمع کے مانند ہو ہر دم پیدا

دے کے دل رحم کی رکھتا ہوں توقع اس سے
اس کا جویا ہوں کہ جو شے ہو بہت کم پیدا

ہر دم اس بادشہِ حسن سے سرگوشی ہے
اور بل کیوں نہ کرے گیسوئے پرخم پیدا

عشرتیؔ کو غمِ کونین نہ ہووے یا رب
اور جو ہو بھی تو ترے عشق کا ہو غم پیدا

جلد آ اے مرگ تو آوارہ پھرتی ہے کدھر
یار مجھ سے پھر گیا برگشتہ دوراں ہو گیا

سادگی سے اس نے تو بندِ قبا وا کر دئے
صبر کا یہاں چاک دامن تا گریباں ہو گیا

مار ڈالا یار کی شیریں زبانی نے مجھے
عشرتیؔ سم میرے حق میں آبِ حیواں ہو گیا

گر دکھاتے کو مرے غیر سے بیزاری ہے
ترکِ الفت، جو یہی رسم و رہ یاری ہے

ذوقِ آرائشِ دلدار خرابی لایا
رات دن دیدۂ آئینہ میں بیداری ہے

اس لئے ذوق نہیں پان و مسی سے اس کو
رنگ ان کا لبِ نازک پہ بہت بھاری ہے

رخصتِ ہستی دمِ مرگ اس لئے کرتا ہوں دور
کوچ کا عزم ہے سامانِ سبکباری ہے

عشرتیؔ شام سے کیوں مضطرب اتنے ہو آج
کاٹنی تم کو شبِ ہجر ابھی ساری ہے

درد کی شدت میں فرصت ہو گئی
ہم کو غش آتے ہی راحت ہو گئی

گر مرا اس کا ہوا محشر میں عدل
دیکھنا مجھ پر قیامت ہو گئی

خاک میں میں مل گیا تو کیا ہوا
اس کی تو رفعِ کدورت ہو گئی

جاں بلب تھا غم کے میں ہاتھوں تیرے آہ
جان کیا نکلی فراغت ہو گئی

نا آشنا ہوئے ہیں دل لے کے آشنا کا　　کیا کہیے ان بتوں کو کچھ ڈر نہیں خدا کا

عشرتی و مضطرب

میرزا علی اکبر بیگ کہ پیش ازیں مضطرب تخلص و حالا کہ بخدمتِ نواب معتمد الدولہ بہادر مستفید گشتہ بارشادِ نواب ندبور عشرتی تخلص گذاشتہ و ہر دو تخلص می کند از ابتدائے عمر بمقتضائے موزونی طبع چیزے کہ موزوں می کرد مشورۂ آں تا حینِ حیاتِ او بہ قلندر بخش جرأت داشت و حالا ہم بہ فیضِ طبیعت شاہدِ سخن را بخوبی آرائش می دہد عمرش تخمیناً سی سال خواہد بود، از وست :-

اس میں ہوتی ہے جو ہُو اس شمع رو کو دیکھ کر　　عشرتی[1] اب میں لپٹ جاؤں نگار پروانے کی طرح

ہم سری ابروئے دلدار سے کیا کرتا ہے　　خود ہلال آپ کو انگشت نما کرتا ہے

کچھ دلِ صد پارہ شکوہ یار کا کرتا نہیں　　ٹوٹ کر بھی یہ مرا شیشہ صدا کرتا نہیں

وصالِ یار سے دونا ہوا عشق　　مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

لے کے قاصد عوض نامہ عتاب آتا ہے　　جب جواب آتا ہے تب صاف جواب آتا ہے
زخمیٔ تیغ نگاہِ بتِ محبوب جو ہوں　　میرے زخموں کو بھی ملنے سے حجاب آتا ہے

منزلِ دنیا میں خطرہ رہزنوں کا ہے بہت　　عشرتی یہاں سے قدم جلدی اٹھایا چاہیے

---

(۱) مضطرب۔

عقدۂ زیست اجل سے جو مرا وا ہووے
مرگِ بیمارِ جدائی کا مداوا ہووے

اُس گھڑی خلعتِ وحشت مجھے زیبا ہووے
جامہ وار اپنا اگر دامنِ صحرا ہووے

اُس کے گر چہرۂ پر نور کی کھینچے تصویر
دستِ نقاش یقیں ہے یدِ بیضا ہووے

چشمِ محبوب کے پردے میں جو فتنہ ہے یہاں
وہ ہی دیکھے جو تری چشم کا بینا ہووے

ذلتیں عشق میں جتنی ہوں وہی ہے عزت
ہے وہ رسوا کنِ الفت جو نہ رسوا ہووے

اس لئے پہنی ہے زنجیرِ طلائی اُس نے
کہ جنوں کا مرے یہ سلسلہ برپا ہووے

عریاں

بابا طاہر عریاںؔ تخلص قوم گبر ہمیشہ عریاں می ماند و در زبانِ گبری خود اکثر رباعیات را موزوں می کرد، از وست :-

الالا کوہ ساراں ہفتہ بے
بنوشہ جو کنا راں ہفتہ بے

منادی میں کروں شہر و بہ شہرو
وفائے گلعذاراں ہفتہ بے

بود ایم بخنگی اے دل اے دل
نگر شیر و پلنگی اے دل اے دل

اگر دستم نفتے خونت بریزم
بہ بینم تا چہ رنگی اے دل اے دل

ردیف (غ)

غافل

منور خاں غافلؔ تخلص ولد صلابت خاں افغان یوسف زئی بزرگانش سکنۂ فیض آباد بودند و بہ سرکارِ فیض آباد نواب شجاع الدولہ بہادر بہ فرقۂ سواران عزِ امتیاز

پرتوِ مہ سے پسینا آگیا
ختم بس اُس پر نزاکت ہوگئی

واہ نقاشِ ازل کی صنعتیں
جس نے دیکھا اُسکو حیرت ہوگئی

بزم میں آیا جو ذکرِ حسنِ یار
شمع انگشتِ شہادت ہوگئی

اُسکے جاتے ہی سحرائے عشرتی
صبح جوں صبحِ قیامت ہوگئی

بہارِ حسنِ مہ رویاں جہاں ہے
یہ شعلہ شمع کا برگِ خزاں ہے

نہیں بیگانگی کچھ زلف و خط میں
کہ ان دونوں کا اک ہی دودماں ہے

ہدف دل ہے کماں ابرو نگہ تیر
مرے جینے سے اب خاطر نشاں ہے

خدا کرتا ہے خود کارِ غریباں
مرے مرقد پہ گنبد آسماں ہے

بوقتِ گریہ مجھ سے کر نہ پردا
کہ منہ پر چادرِ آبِ رواں ہے

بہارِ حسن کھو دے گا خطِ یار
نمود و سبزہ پیغامِ خزاں ہے

نہ کیونکر عشرتی سے شعر تر ہوں
کہ وہ رطب اللساں عذب البیاں ہے

خوف اک پردہ نشیں کی ہے جو رسوائی کا
ہوں نگہبان میں ناموسِ شکیبائی کا

چشمِ شوخِ بتِ پرفن پہ ہوا ہوں مائل
ہے مجھے ذوقِ شکارِ آہوئے صحرائی کا

گھر یہ گھر اب مری رسوائی کے افسانے ہیں
خانہ آباد ہو عشقِ بتِ ہرجائی کا

ہجر میں موت کے آنے سے تو ہوں شادیٔ مرگ
غم ہے لیکن غمِ دلدار کی تنہائی کا

یہ تمنا ہے کہ ہوں دفن درِ جاناں پر
تا ارادہ نہ کرے کوئی جبیں سائی کا

شبِ ہجراں کی سیاہی ہے ترا پرتوِ زلف
حشر سایہ تری قامت کی ہے رعنائی کا

دیکھ لے آپ کو آئینہ میں باتیں کرتی
جو کہ قایل نہ ہو تصویر کی گویائی کا

عشرتی لشکرِ غم آتے ہی یہاں کوچ ہوا
صبر و ہوش و خرد و تاب و توانائی کا

نہیں ڈرتا ضعیفوں کی توانائی سے اے ظالم
کہ کھاجاتا ہے اکثر مور چہ شمشیر براں کو
وہ نخلِ یاس ہوں اس مزرعہ ہستی میں اے غافل
نہیں ہے ہوس پھولنے پھلنے کی جس کی فکر دہقاں کو

صدمہ ہجر مری جان اٹھانے کی نہیں
تو نہ آوے گا تو کیا موت بھی آنے کی نہیں
گو ہوئے عاشق و معشوق مقابل تو کیا
آنکھ تصویر سے تصویر ملانے کی نہیں
تیری پازیب کی جھنکار یہی کہتی ہے
بختِ خوابیدۂ عاشق میں جگانے کی نہیں
اپنے مجنوں کی ذرا دیکھ تو بے پروائی
پیرہن چاک ہے اور فکر سلانے کی نہیں

بسملِ تیغ خونچکاں ہوں میں
یعنی اک دم کا مہماں ہوں میں
مجھ میں اور یار میں ہے اتنا فرق
بے دہن وہ ہے بے زباں ہوں میں
مثلِ تصویرِ لیلےٰ و مجنوں
یار بھی ساتھ ہے جہاں ہوں میں
ساتھ والوں نے ساتھ چھوڑ دیا
کس قدر ننگِ کارواں ہوں میں
جو بلا ہے مجھی پہ آتی ہے
تیرِ بیداد کا نشاں ہوں میں
کون یہاں ہم صفیر ہے میرا
طائرِ عرش آشیاں ہوں میں
ابھی کاہیدہ اور کر غمِ ہجر
خاطرِ یار پہ گراں ہوں میں

پھر صدمہ ہوا کوئی دلِ زار کے اوپر
آنسو جو ڈھلے آتے ہیں رخسار کے اوپر
اللہ ری یوسف کی مرے گرمیٔ بازار
گرتا ہے خریدار خریدار کے اوپر
گر خامۂ بہزاد مرے ہاتھ میں ہوتا
سراپا بنا تا قدمِ یار کے اوپر
یک زخم کی بھی جا نہیں یہاں تن پہ ہمارے
واں سان دھری جاتی ہے تلوار کے اوپر
کیا بول اٹھی تھی کہیں قمری بھی "اناالحق"
جو سرو نے کھینچا ہے اُسے دار کے اوپر

داشتند خود ش در لکھنؤ تولد یافتہ نشو و نمائے پیدا کردہ جوانِ صلاحیت شعار و مہذب الاخلاق است از ابتدائے موزونیٔ طبع در عالمِ مکتب نشینی چیزے بجائے موزوں می کرد و آخر شاہ مظہر حق عشاق تخلص کہ ذکر ایشاں در حرف العین است تحریر یافتہ بہ حلقۂ شاگردانِ جدید در آمد چندے رنگِ طرحِ مجلس مشاعرہ ہم ریختہ بود شعر بطور سادہ و پُرکار می گوید و معنیٔ تازہ نیز اگر می خواہد می یابد و در غزل سلامتِ کلامش مثلِ سلکِ گوہر است و ہر روز برائے استفادہ دریافتِ اصلاحِ شعر از حضارانِ مجلسِ فقیر می باشد و بہ فقیر نسبتِ دیگر شاگردان بسیار اعتقاد داشتہ بودہ است عمرش بست و پنج سالہ خواہد بود، از دست:۔

جب آیا رحم عریانی پہ مرے دیدۂ تر کو
پنہایا پیرہن آبِ رواں کا جسمِ لاغر کو

درِ دنداں کا تیرے وصف جب تحریر کرتا ہوں
بنا دیتا ہوں موتی کی لڑی ہر نقشِ مسطر کو

پیا کتنوں کا خون اور تشنگی اسکی نہیں جاتی
بجھایا تھا مگر آبِ نمک میں تونے خنجر کو

بہانے میں گذر جاتے ہیں جی سے بسملِ الفت
کہ صدمہ ہاتھ کا بھی تیغ ہے لوٹن کبوتر کو

دل کو بوسے کی طلب گیسوئے دلدار میں ہے
ہے یہ وہ دزد کہ محرم شبِ تار میں ہے

کیا زیاں ہے ترے گلشن کا بنالے گر میں
آشیاں اپنا تو اک رخنۂ دیوار میں ہے

طوفِ کعبہ کو جو دل کھینچے ہے گاہے گاہے
کوئی تسبیح کا رشتہ مری زنار میں ہے

برگِ گل کیا کوئی لائی تھی صبا گلشن سے
اک قیامت قفسِ مرغِ گرفتار میں ہے

نہیں درکار زیبِ ظاہری خوش چہرہ انساں کو
کہ ہووے احتیاجِ سرمۂ کب چشمِ غزالاں کو

شکوہِ سلطنت کے آگے کیا ہے حسن کا رتبہ
لئے پھرتی ہیں پریاں دوش پر تختِ سلیماں کو

بہادے عاشقِ بیتاب کے لاشے کو دریا میں
تہہ و بالا کرے گا ورنہ یہ گورِ غریباں کو

سبک ساروں کو خطرہ کچھ نہیں قہر الٰہی سے
خس و خاشاکِ کشتی جانتے ہیں موجِ طوفاں کو

شعر کہنا آپ سے غافلؔ کبھی آتا نہیں
عمر اک جبتک نہ کھوئے خدمتِ استاد میں

جذبِ دل ہی میں کیا خونِ دلِ بسمل کو
تا لہو دیکھ کے آجائے نہ غش قاتل کو

سیرِ دریا کی خوش آتی ہی کسے یار بغیر
ہم لبِ گور سمجھتے ہیں لبِ ساحل کو

ساربان جی کی طرف کھینچے ہی مجنوں سوئے نجد
ناقہ حیراں ہی کہ لے جاؤں کدھر محمل کو

قتلِ عاشق سے کجی ابرو میں تیرے آگئی
کیا نہ تھی یہ تیغ فولادی جو یوں بل کھا گئی

انتظارِ یار میں تن سے نہ نکلی جان اور
موت بیٹھے بیٹھے بالیں پر مرے اکتا گئی

ابتدا ہی میں دکھائی عشق نے کیا انتہا
مُردنی منہ پر ہمارے جو ابھی سی چھا گئی

کون دریائے محبت سے اتر سکتا ہی پار
کشتئ فرہاد آخر کوہ سے ٹکرا گئی

لگ گئے جیتے ہی جی ہم تو کنارے گور کے
ناتوانی تا سرِ منزل ہمیں پہنچا گئی

فرقتِ قاتل نے ازبس کر دیا لاغر مجھے
ڈھونڈتے ہیں زیرِ خنجر دیدہ جوہر مجھے

گلشنِ دنیا میں ہوں میں طائرِ آفت نصیب
حلقہ ہائے دام ہیں نقشِ فنگارِ پر مجھے

اے فرشتو دفترِ عصیاں ابھی رکھیو پرے
کھولنے دو پہلے اپنے خون کا محضر مجھے

میرے تن میں اور ہی دو چار داغوں کی جگہ
اپنے بھی تو داغ دے اے لالۂ احمر مجھے

چاہیئے اب ہجر کے صدموں سی خوگر ہو رہوں
دیکھنا ہے ایک دن ہنگامۂ محشر مجھے

دور سے جھمکے سے مثلِ ماہ تو دکھلا گئے
کشتۂ دیدار کو تم اور بھی ترپا گئے

زیرِ خنجر جب ترے مذبوح نے نالہ کیا
کانپ کانپ اُٹھیں زمینیں آسماں تھرا گئے

گلشنِ ہستی تماشا گاہ سے کچھ کم نہ تھا
ہم بھی یاں ملکِ عدم سی آکے جی بہلا گئے

یہ کون سا پروانہ موا جل کے لگن میں
حیرت سی جو ہے شمع کی انگشت دہن میں

کہتے ہیں اُسے چاہِ زنخداں غلطی سے
بوسے کا نشاں ہے یہ ترے سیبِ ذقن میں

وہ آئینہ تن، آئینہ، پھر کس لئے دیکھے
جو دیکھ لے منہ اپنا ہر اک عضوِ بدن میں

وہ صبح کو اس ڈر سے نہیں بام پہ آتا
نامہ نہ کوئی باندھ دے سورج کی کرن میں

مضموں نہیں لکھتے ہم اُسے داغِ جگر کا
رکھ دیتے ہیں لالے کی کلی خطِ شکن میں

یہ گردِ کدورت سی پس از مرگ تھا دل صاف
دھبّا نہ لگا خاک کا بھی میرے کفن میں

گو لگی ہو ہچکی اور ہے آنکھ پتھرائی ہوئی
تم جو یاں آؤ تو پھر جاوے قضا آئی ہوئی

عالمِ وحشت میں بھی اتنا تصور تھا ہمیں
وہ نہ رسوا ہو بلا سے اپنی رسوائی ہوئی

پائے مجنوں میں پڑے ہوویں گے چھالے ایک دو
پشتِ پا تک یہاں تو صرفِ آبلہ پائی ہوئی

آب ہو جاتا ہے تیرے روبرو پتھر کا دل
آرسی کیونکر ترے رُخ کی تماشائی ہوئی

دعوے باطل کیا تھا ساقِ سیمیں سے ترے
شمع اب تک ہے سرِ بازار لٹکائی ہوئی

وصلِ شیریں تو رہا موقوف روزِ حشر پہ
گور میں فرہاد کو کیونکر شکیبائی ہوئی

وہ کون سی شب تھی جو نہ گردوں نے سحر کی
پر زلفِ سیہ چہرۂ جاناں سے نہ سر کی

دامن کا بھلا بوجھ کہاں یار سے سنبھلا
اُٹھتی نہیں اس سے تو نزاکت بھی کمر کی

میں وہ ہوں سیہ بخت کہ مرقد پہ بھی جس کے
بتی عوضِ شمع جلاتے ہیں اگر کی

کس طرح نالے کرے بلبل چمن کی یاد میں
گھس گئی اُس کی زباں تو شکوۂ صیاد میں

دادخواہوں کی اگر پرسش ہوئی روزِ جزا
سب سے پہلے آئیں گے ہم عرصۂ فریاد میں

دامنِ دل اے نسیمِ گلشنِ جنت نہ کھینچ
لگ گیا ہے جی ہمارا اس خرابِ آباد میں

دکھائی دیتا نہیں کسی کو زمیں پہ سایہ مرے بدن کا
یہ ماہِ تاباں ہی ہے کہ اُس سے ہر ایک آنکھیں ملا سکے ہے
اٹھا دے چہرے سے گر وہ پردہ تو دم الٹ جائے انجمن کا
رہائی میں بھی اسیر ہوں میں عجب طرح کا یہ ماجرا ہے
گلے سے مٹتا نہیں ہے میرے نشان اُس زلف کی رسن کا
خبر لے شیریں تو جلد اُس کی کہیں نہ کر بیٹھے خون اپنا
کہ سنگِ خارا پہ آج تیشہ بہکتا پھرتا ہے کوہ کن کا

شب ہوئی یہ محوِ دیدار اس سیم بر کی چاندنی
ہوگیا دن اور آگے سے نہ سرکی چاندنی
کیوں نہ بھٹکے زلف میں دل وہ فروغِ حسن دیکھ
دیتی ہے دھوکا مسافر کو سحر کی چاندنی
شمع کو روتے جو دیکھا اپنے بھی بھر آئے اشک
رات مجلس میں یہ ہم روئے کہ تر کی چاندنی
کیوں نہ چمکے رنگِ روئے مہ رخاں پیری میں اور
صاف اکثر ہوتی ہے پچھلے پہر کی چاندنی

تہِ شمشیر اس حسرت سے یہ جانِ حزیں نکلی
کہ زخمِ تن کے بھی لب سے صدائے آفریں نکلی
دمِ آخر عیادت کو مری آیا وہ بالیں پر
جو حسرت دل کی نکلی بھی تو وقتِ واپسیں نکلی
پڑی غنچے کے دل میں یہ گرہ بلبل کی جانب سے
ہنسایا بھی صبا نے پر نہ پیشانی سے چیں نکلی
کیا تھا ذکر کس نے باغ میں اُس قدِ نازک کا
زمیں سے سرنگوں جو شاخِ نخلِ یاسمیں نکلی
فلک دیتا تو ہے تکلیف نالوں کی ہمیں لیکن
جلا دے گی اُسے گر لب سے آہِ آتشیں نکلی

ڈوبنا بحرِ محبت میں گوارا کرتے
ورنہ تھے ہم کہ جو مرنے سے کنارا کرتے
درمیاں شرم کا پردہ جو نہ حائل ہوتا
وہ ہمیں دیکھتے ہم ان کا نظارا کرتے

قصۂ گیسو کو اتنا طول لمبے غافل نہ دے — مختصر کر تو کہ سننے والے بھی اکتا گئے

کاٹھ میں پاؤں کبھی تھا کبھی زنجیر میں تھا — کس قدر رنج اسیری مری تقدیر میں تھا
خوبیٔ عضوِ بدن کون سی ہو جو کہ نہ تھی — بول اٹھنا ہی تو باقی تری تصویر میں تھا
تو اماں خط کا مرے وصل کی ہو ایک حرف — بسکہ مضمونِ جدائی مری تحریر میں تھا
رکھ دیا میں نے گلا آپ ہی خنجر کے تلے — ورنہ جلاد کو تو شک مری تقصیر میں تھا

شہیدِ ناز کسی دن جو لالہ رو کرتے — ملک بھی سر کے کٹانے کی آرزو کرتے
ہمیں تو کعبہ سے کچھ کم نہ تھا ترا کوچہ — بجا تھا اس میں اگر سجدہ چار سو کرتے
پس از فنا بھی نہ اک جا ہمیں تو چین آیا — فرشتے خاک میں پھرتے ہیں جستجو کرتے
زباں اگرچہ دمِ نزع بند تھی اپنی — جو آتے وہ تو اشاروں میں گفتگو کرتے
مثالِ غنچہ رہا چاک پیرہن اپنا — ہزاروں چاک تھے کس کس کو ہم رفو کرتے

وہ میرا دردِ دل کیا جانتے ہیں — تڑپنے کو تماشا جانتے ہیں
بہارِ گل ہے خار آنکھوں میں تجھ بن — چمن کو ہم تو صحرا جانتے ہیں
کہیں کیا حالِ دل اپنا بتوں سے — جو ہے دل میں تمنا جانتے ہیں
ستانا قتل کرنا پھر جلانا — وہ بے تعلیم کیا کیا جانتے ہیں

ابھی سے بو کو میرے آگے صبا نہ کر تو گل و سمن کا
چھوٹوں گا قیدِ قفس سے جس دن نظارہ کرلوں گا میں چمن کا
نحیف اُس گل بدن کے غم میں بسکہ مثلِ صبا ہوا ہوں

تحسیں بھی نہ کی شیریں نے کچھ تیشہ زنی پر — پتھر پڑیں فرہاد کی اس کوہ کنی پر
اُن زلفوں کا عنبر کے تئیں دیکھ ہوا خوار — سرپوش دھرا نافے نے مشکِ ختنی پر
کیوں غنچے کے مانند گریباں نہ کروں چاک — گل کھائے جو ہاتھوں پہ وہ اس گلبدنی پر
شاباش غیورؔ آفریں صد آفریں تم کو — کیا خوب غزل کہتے ہو اس کم سخنی پر

کیا کیا نزاکتیں غرض اس سیم بر میں ہیں — دامن کو ہاتھ لگتے ہی سو بل کمر میں ہیں

جو غیر سے کچھ اس کو سروکار نہ ہوتا — رسوائے سرِ کوچہ و بازار نہ ہوتا
وہ کثرتِ عشاق سے بیزار رہی یہاں تک — کہتا ہی رہا کبھی میں طرح دار نہ ہوتا
گر مصر کے بازار کی ٹک سیر وہ کرتا — یوسف کا وہاں کوئی خریدار نہ ہوتا
اس دامن سے چلتا نہ کبھی قافلۂ اشک — گر لختِ جگر قافلہ سالار نہ ہوتا
چھپ چھپ کے نہ جاتا جو غیورؔ اُس کی گلی میں — تو قتل کے قابل وہ گنہگار نہ ہوتا

غنی

محمد غنی کہ غنیؔ تخلص می کند خلفِ خواجہ محمد حسن المتخلص بتائب بن خواجہ عبدالوہاب ناصر است وطنِ بزرگانش خطۂ کشمیر و خودش در فرخ آباد تولد یافتہ، جوانِ مہذب الاخلاق و شیریں گفتار دیدمش بہ تجارتِ پشمینہ کہ پیشۂ قدیم آبائی اوست بسر می برد و بہ حکمِ موزونیِ طبع کہ دولتِ ایرانی است فکرِ شعرِ ہندی بیشتر می کند و چوں پدرش در شعرِ فارسی مہارتے داشت استفادۂ فیضِ سخن از والدِ خود حاصل نمودہ عمرش سی و ہفت سالہ خواہد بود بحساب یقینی در آمدہ از کلامِ اوست :۔

ملے اسی کو عنبرِ تیرہ سراغِ راہِ عدم — جو چشمِ غول کو جانے چراغِ راہِ عدم

نقشِ تصویر کوئی ہاتھ نہ آیا ایسا | دل کے شیشے میں پری جس سو آتارا کرتے
نہ تو نام اس نے بتایا تھا نہ کچھ گھر اپنا | ہم کہاں ڈھونڈتے کیا کہہ کے پکارا کرتے
مذہبِ اہلِ تصوف بھی عجب ہے جس میں | دشمن و دوست کا یکساں ہیں مدارا کرتے
تیغ اوروں ہی پہ کھینچا کیے وہ اے غافل | امتحاں آ کے کسی دن تو ہمارا کرتے

کس کے جی کا تیغِ ابروسے زیاں ہوتا نہیں | کان دھر کر سن تو تو شیون کہاں ہوتا نہیں
حسن وہ شے ہے اگر کوئی زرِ گل کی طرح | لاکھ پردے میں چھپاوے پر نہاں ہوتا نہیں
کیا سرائے پر خطر ہے اپنا یہ جسم گلی | جو فروکش اس میں دم کا کارواں ہوتا نہیں

دل کی دل ہی میں رہی اپنی تمنا کیا کیا | وقفۂ عمر دمِ چند تھا کرتا کیا کیا
غم نہ کھا آبلہ پائی کا مری اے مجنوں | طے کروں گا میں انھیں پانوں سے صحرا کیا کیا
کیونکہ قالین بنے سطحۂ صحرائے جنوں | گل کھلاتے ہیں مرے آبلۂ پا کیا کیا
اس خموشی پہ تو سو باتیں سنائیں اُس نے | بولتا میں تو وہ کیا جانئے کہتا کیا کیا

غیور

میر رحمۃ اللہ غیور تخلص جوان صلاحیت شعار است بزرگانش ہمیشہ عمدہ[1] معاش بودہ اند بہ میر قمر الدین منت از تہِ دل دوستی داشت وحالا ہم خود را از مستقیدان او می شمارد اگرچہ پیش ازیں بخانہ خود دو سہ بار مشاعرہ کردہ اما چنداں بہ گفتنِ شعر خیال نہ داشت چیزے کم کم موزوں می کرد دریں عرصہ یا در عرصۂ سخن سنجی گذاشتہ غزل درست بستہ بسرانجام میرساند بافقیر ہم از مدتے آشنائی دارد، از وست :-

(۱) عاید روزگار بودہ اند (ن)

قدرت اللہ شوق مصنفِ تذکرۂ ریختہ گویانِ قدیم جوانِ مہذب الاخلاق است از اں شہر خود محض برائے ملاقاتِ فقیر در لکھنؤ آمدہ بود در قصائد و مثنوی داد معنی بندی می دہد و طرحی مشاعرہ اینجا گفتہ بود انتخابِ آں بنوکِ قلم می دہد، از وست :۔

رہتی تھی زیست میں ہی نہ شام و سحر کھلی
ہے گور[2] میں بھی جوں خمِ مے چشمِ تر کھلی

سے نے بھر جو دیا زہوئے نے پئے طلب
جوں غنچہ اپنی مشت دکھانے کو زر کھلی

گریہ نے اپنے عقدۂ مشکل کو حل کیا
یہ طرفہ تر گرہ تھی کہ ہوتے ہی تر کھلی

بست و کشودِ کار میں اپنے رہا مدام
ایدھر دھوئیں کی طرح پڑی گانٹھ اُدھر کھلی

باغِ جہاں میں غنچۂ تصویر کی طرح
غفلت سے غافل آنکھ نہ آئی نظر کھلی

زخمِ بویا رد شِ گُل دلِ دلگیر میں تھا
عطر کیا آب کی جا گہ تری شمشیر میں تھا

ساتھ ہی اس کے کھنچا ماہی نمط دل اپنا
سست تھی شوخ کہ پیکان تری تیر میں تھا

آہ کیا کیجے زبردستئی گردوں کا بیاں
درد پہنچا یا وہ ہم کو جو نہ تقدیر میں تھا

گور اپنی پہ سدا مکڑی کا جالا ہی رہا
موئے پر دام میں ہوں جیتے جی زنجیر میں تھا

سرِ فرہاد جو خسرو نے منگایا غفلت
کیا کوئی کنگرہ کم شیریں کی تعمیر میں تھا

ردیف (ف)

فرحت

اکبر شاہ خاں فرحت تخلص والد ملا ملوک متوطنِ رام پور عمرش چہل و پنج سالہ

---

(۱) دیوان مع قصاید و مثنوی دارد، دو غزل طرح اینجا گفتہ بود نزدم برآمدہ انتخاب آں قلمی گردیدہ اند۔

(۲) اس واسطے نہ گور میں بھی چشمِ تر کھلی (ن تا)

حصول کر تو غنیؔ رتبۂ فنا فی اللہ | کہ تا ہو زیست میں حاصل فراغِ راہِ عدم

شب نشے میں وہ جو کھولے رخ پہ زلف تہہ تھا | چشم بد دور الغرض اک عالم تصویر تھا
سیر کی شہرِ جنوں کی پایا ویرانہ تمام | ہاں مگر آباد واں اک خانۂ زنجیر تھا
ناتوانی چشم کو گو دن بدن تھی ہجر میں | زور پر لیکن ہمارا نالۂ شبگیر تھا
خط کے آنے سے ہوا رتبہ زیادہ یعنی تب | خط سواد رخ تو مصحف تھا پہ بے تفسیر تھا
بے گناہی میری ٹھہرا کر جو مارا مجھے | واقعی ایسا ہی بندہ واجب التعذیر تھا
بعد مرنے کے ہوا معلوم یہ سیماب وار | کشتہ ہونا ہی غنیؔ حق میں ترے اکسیر تھا

مسی سے یوں دُرِ دندانِ مہ پیکر چمکتے ہیں | شبِ تاریک میں جس طرح سے اختر چمکتے ہیں
نہیں قطرے عرق کے جلوہ گر ابروئے جاناں سے | میاں شمشیرِ فولادی کی یہ جوہر چمکتے ہیں
رگِ گل سے تعجب کچھ نہیں گر خون جاری ہو | شبِ مہ خارِ گلبن صورتِ نشتر چمکتے ہیں

ہم بغل ہو کے جو دلدار نے سونے نہ دیا | وصل کی شب اسی تکرار نے سونے نہ دیا
آگ لگ جائیو اس عشق کو یارب کہ ہمیں | ایک شب آہِ شرربار نے سونے نہ دیا

شرح حب نامے کی ہم اپنے رقم کرتے ہیں | نیزۂ نے کو ضرورت سے قلم کرتے ہیں
کیا[1] غنیؔ نیک و بدِ خلق سے ہم کو یعنی | مدح ہم کرتے کسی کی ہیں نہ ذم کرتے ہیں

غفلت

احمد خاں غفلتؔ تخلص قوم افغانِ یوسف زئی ساکن رام پور شاگردِ مولوی

---

(۱) اسے (ن)

تماشا اس چمن کا کس کے دل کو شاد کرتا ہے — کہ یہاں یک لب تبسم غنچہ کو برباد کرتا ہے
اسیروں کی قسم تجکو صبا یہ کہہ کہ گلشن میں — کوئی ہم نوایوں میں ہمیں بھی یاد کرتا ہے

فرّخ

شیخ فتح علی فرّخ تخلص از قدما معلوم می شود و شعرے از وبہم رسیدہ اینست :-

اس قدر کیوں مجھ سے ہوا ہے ہوشیاں ناآشنا — میں بھی تو آخر کسی دن تھا تمہارا آشنا

فرّخ[1]

فرّخ تخلص جوانیست الکن در ابتدا بمقتضائے موزونی چیزی می گفت آخر بشاگردی شیخ امام بخش ناسخ سراتبیا زا فراختہ درچندے کلام خود را بپایۂ پختگی رسانیدہ غروسے پیدا کردہ غزل را بروئے مخترعۂ استاد خود برابر قصیدہ گفتن و در مجالسِ مشاعرہ خواندن فخر خود دانست عمرش سی سالہ خواہد بود، از وست :-

مرے آگے نہ لے قاتل علم کر تیغ دشمن پر — مجھی کو قتل کر تو خون میرا میری گردن پر
عجب کیا ہی بہ رنگ سرمہ ہوں گر استخواں پس کر — زبس بار گنہ ہے ہم سیہ کاروں کی گردن پر
کوئی سرو رواں شاید پئے گلگشت آتا ہے — سحر سے بیٹھے ہیں مرغ چمن دیوار گلشن پر
یہ جلوہ رات کو تھا میری آہ شعلہ افگن پر — نظر آتی تھی اک بجلی چمکتی مہ کی خرمن پر

---

(۱) کرامت علی خاں فرّخ تخلص تلامذہ شیخ امام بخش ناسخ کتب متداولۂ فارسی درست خواندہ است وقصائد اکثر گفتہ است و در غزل گوئی مشقے خوب دارد و والد وجداد فکر شعر فارسی می نمودند والدش حفیظ تخلص وجدش علیم تخلص می کرد و برادر جدش سلام اللہ خاں سلیم تخلص می کرد و ہمہ ہا از مشائخ کبار بودند۔ (ن ر)

خواہد بود، از وست :-

دیکھ بیمار کو تیرے یہ طبیبوں نے کہا
اس کا جینا ہمیں دشوار نظر آتا ہے

بسکہ خوں روئے ہیں غم میں ترے اے رشکِ چمن
دامن اک تختۂ گلزار نظر آتا ہے

شکلِ[1] آئینہ میں حیران ہی دیکھا اُس کو
جو ترا طالبِ دیدار نظر آتا ہے

کس کو اب حالِ دلِ زار سناویں اپنا
نہ کوئی یار نہ غمخوار نظر آتا ہے

گرچہ سب کہتے ہیں فرحت کے تئیں دیوانہ
کام میں اپنے وہ ہشیار نظر آتا ہے

فرحت

شیخ فرحت اللہ فرحت تخلص از حالِ او خبر نہ دارم، از وست :-

جوں اشک گرا ہوں میں گو یار کی آنکھوں سے
لیکن مجھے دیکھے ہے وہ بیار کی آنکھوں سے

عالم میں رسمِ عشق و محبت ہے ہر کہیں
پر اب تلک سنا نہیں جور اس قدر کہیں

اتنی ہے آرزو کہ میں چھپ کر کے ایک رات
رو لوں تری گلی میں ذرا بیٹھ کر کہیں

فرصت

میرزا ہاتف بیگ فرصت تخلص۔

عجب طرح سے شبِ ہجرِ یار گذرے ہے
کہ اپنی زیست بھی خاطر پہ بار گذرے ہے

تری گلی میں جسے گرد باد کہتے ہیں
کبھی کبھی وہ ہمارا غبار گذرے ہے

فراق

میرزا تقی قلی خاں فراق تخلص، از وست :-

---

(۱) شکل آئینہ کے حیراں اُسے دیکھا ہم نے (ن)

بوده، از وست :-

کمر باندھی ہے کس گل چہرہ نے تا آج گلشن پہ | کہ نوحہ ہر رنگ گل بلبل طپاں ہیں اپنے مدفن پہ
سبک روح اس جہاں سے چلی عریاں تنی ہم کو | غبارِ معصیت ہرگز نہ بیٹھا اپنے دامن پہ
نگہ سفاکِ عالم کیوں نہ ہو اس شوخ پرفن کی | تفوق جس کے ابرو کو فغاں ہے تیغ آہن پہ

فائق

مولوی غلام محمد فائق تخلص ولد مولوی غلام حسین بزرگانش بہ اکبر آباد توطن داشتند وخودش ہمیں جا تولد و نشو و نما یافتہ واز پدر بزرگوار خود کتابہائے درسی فارسی رابلد شدہ در دریں کار سرآمدہ خصوصاً در تدریس انوری وخاقانی وشرح سکندر نامہ نظامی علیہ الرحمتہ شہرت می افزاید واکثر امیرزادہائے ایں دیار از تلمذش فیض یافتہ اند چوں مزاج قانع دارد بہ طلب بدرِ کس نرفتہ نظم شعر و علومات ایں فن را اہر یافتمش عمرش از ہفتاد تجاوز کردہ باشد فقیر با او دو سہ ملاقات کردہ در تہذیبِ اخلاق بے نظیر دیدہ انچہ از کلامش بہم رسیدہ ایں ست :-

پرور دۂ غم است تن ناتوانِ ما | زنہار رائے ہما نخوری استخوانِ ما

بکشا گرہِ زلف دل زار فروشم | ایں دانۂ تسبیح بہ زنار فروشم
حق گویم و حق دانم و در راہِ اناالحق | منصور صفت سر بسر دار فروشم
آگاہ نمایند زلیخاں نشاں را | من یوسفِ کنعاں سر بازار فروشم
بیعانۂ آسودہ دلاں نیست قبولم | من جنسِ غم و درد بہ بازار فروشم
کس مشتری گوہرِ من نیست دریں شہر | ہرچند کہ ارزاں بہ خریدار فروشم
جز دامنِ فائق نہ کند میل خریدن | یاقوت کہ از دیدۂ خوں بار فروشم

نہ ہو گی طے رہِ الفت یہ سر ہے جب تلک تن پر
کہ میں مثل نا تواں منزل ہی دور اور بوجھ گردن پر

ترشح بحر و بر ہر ایک سے ہی ابر و باراں کی
کرم یکساں ہی عالی ہمتوں کا دوست و دشمن پر

ہوا تھا قیس شاید دھیان میں لیلیٰ کی آنکھوں کے
ہجوم آہوانِ نجد ہے جو اُس کے مدفن پر

نظر یوں میکدے میں شب کو آیا فرخ نے کش
کہ زیر سر رکھے ایک خشتِ خم سوتا ہی گلخن پر

فدا

میر امام الدین فدا تخلص بفقیر اطلاعِ حال شاں نیست، ازوست :-

یہی تو کچھ نہیں اے بے وفا تری باتیں
تو بات بات میں ہوتا ہی مجھ سے آزردہ

فرد

خدا بخش خاں فرد تخلص ساکنِ غازی پور زمانیہ، جوان طالب علم است بہ قدر تحصیلِ علم عربی نمودہ وہمیں قدر در فارسی چیزے دیدہ بمقتضائے موزونی طبع چیزے کہ موزوں می کند بہ نظرِ فقیر می گذارند عمرش تخمیناً از بست متجاوز خواہد بود شوقِ ملاقاتِ من او را از دیارِ خود بہ لکھنو انگندہ محض برائے ہمیں کار رنجِ غربت را برخود روا داشت، ازوست :-

کیا کیا نہ حظ اٹھائے ہیں غیروں نے یار سے
محروم اک ہمیں رہے بوس و کنار سے

پہنچا تی ایک دن وہ دریار تک اُسے
الفت صبا کو ہوتی جو میرے غبار سے

سوز و گداز مجھ پہ جو گذرے ہیں زیر خاک
سب آکے پوچھ لو مری شمعِ مزار سے

عشقِ بتاں میں میں بھی جو کچھ بت سا بن گیا
گردن کٹی نہ تیغ سے آب دار سے

کیونکر نہ آئے حال گلوں کو چمن میں فرد
پیدا ہو صوتِ زمزمہ جب شاخسار سے

فغاں

احوالش معلوم نیست مگر ایں قدر کہ ایں ہم شریکِ آں مشاعرۂ عظیم الشان مرزا تقی ہوس

کس کے بدن کی نکہت لائی صبا چمن میں — پھولے نہیں سماتے گل پیرہن کے اندر

مہدی سے لگے جو اپنے اُس گل نے پاؤں دھوئے — پانی ہوا گلابی سارا لگن کے اندر

بیمار کی ترے شب حالت یہ تھی کہ آنسو — پانی چوا رہے تھے اُس کے دہن کے اندر

کیونکر نہ گوشِ دل سے سامع ہوں اہلِ مجلس — فریاد اک اثر ہے تیرے سخن کے اندر

دودِ جگری سے شبِ دیجور نہ ہو جائے — پھر آہ کہیں اپنی بدستور نہ ہو جائے

آئینہ دکھاؤ نہ اُسے آئینہ سازو — وہ طفلِ حسیں حسن پہ مغرور نہ ہو جائے

مرنے کا مجھے غم نہیں غم ہے تو یہ غم ہے — الفت تو تری دل سے کہیں دور نہ ہو جائے

پھینکے ہے سدا سنگِ ستم چرخِ ستم گر — فریاد کہیں شیشۂ دل چور نہ ہو جائے

دل یہ بھرا کہ جوش سے آنسو ٹپک گئے — ساغر ہماری چشم کے آخر چھلک گئے

جاتے تھے سوئے کعبہ گئے دیر کی طرف — مستِ مئے جنون تھے ہم آخر بہک گئے

آیا نہ دیکھنے کو تو در تک ہزار حیف — ہم گرتے پڑتے گرچہ ترے گھر تلک گئے

مارا اُٹھا کے سر پہ ثریا نے اپنا ہاتھ — بازو پہ نورِ تن جو ترے شب چمک گئے

تاثیر اُس کے دل میں نہ کی غم یہی رہا — گو نالہائے نیم شبی تا فلک گئے

فریاد کیا کریں نہ رہا ایک بھی رفیق — اور اپنے پاؤں پہلی ہی منزل میں تھک گئے

دل بھی مرے احوال کا پرساں نہیں ہوتا — افسوس کہ کوئی مرا خواہاں نہیں ہوتا

رسوائیاں کیا کیا ہوئیں گھر جانے سے اُس کے — اس پر بھی تو اے دل تو پشیماں نہیں ہوتا

عیسیٰ نے یہ کہہ کرکے وہیں ہاتھ اُٹھایا — مجھ سے تو ترے درد کا درماں نہیں ہوتا

سو بار بہایا فلکِ نیلوفری کو — کب اشک کا قطرہ مرے طوفاں نہیں ہوتا

فارغ

فارغ تخلص کہ از نامش خبر نہ دارم ، ازوست :-

اشک آنکھوں سے جو نکلا سو وہ گوہر نکلا بعد مدت کے مری چشم کا جوہر نکلا

فریاد[1]

تخلص فریاد

دل کو امید رہائی سے اٹھایا ہم نے عشق کے دام میں جب پانوں پھنسایا ہم نے

فریاد

میرزا مغل فریاد تخلص ابن مرزا علی نقی بن آغا رضائی[2] کرمانی بزرگانش از ولایت[3] درشاہجہاں آباد آمدہ توطن گزیدہ خود وش در لکھنؤ تولد و نشو و نما یافتہ پیش ازیں بمقتضائے موزونی طبع فکر مرثیہ و سلام می کرد و آنرا از نظر میاں افسردہ می گذرانید از یک دو سال بہ گفتۂ فقیر عمل نمودہ و بہ نظم کردن غزل ریختہ متوجہ شدہ مشورہ آں بہ فقیر دارد عمرش بست و دو سالہ است از رسائی ذہنش معلوم می شود کہ اگر زمانہ فرصت داد آخر کار بجائے خواہد رسید ازوست :-

دن رات آتش غم بھڑکے ہی تن کے اندر شعلے سے بھڑکے ہیں کچھ میرے بدن کے اندر

کیا احتیاج ہم کو شمع مزار کی ہے داغ جگر ہے اپنا روشن بدن کے اندر

---

(۱) ن - لالہ رائے صاحب فارغ تخلص

(۲) ن - آغا رضی -

(۳) ن - از ولایت اول در شاہجہاں آباد آمدہ بعدہ در لکھنؤ مقیم گردید نداد در لکھنو -

فلک جناب مہدی علی خاں بہادر شاگردانِ من آں مجلس بدستورِ اول قائم می دارند والا اکثر بہ تجربہ در آمدہ کہ ایں مجلس از یک سال طول نمی کشد و تفرقہ و خللے بر و بالضرور واقع می شود و عجز و نیازِ شیخ مغل با ہر کدام ضرب المثلِ روزگار است تخمیناً عمرش از سی در گذشتہ باشد، از وست :۔

سحر زلفوں میں ہے اور معجزہ گفتار میں ہے
فتنہ آنکھوں میں ہے محشر تری رفتار میں ہے

ہم یہاں ہیں درو دیوار سے سر ٹکراتے
رونق افزا وہ وہاں خانۂ اغیار میں ہے

سچ ہے یہ ہوتا ہے اقرار میں اک لطف عجیب
پر مزا کیا کہوں جیسا ترے انکار میں ہے

فانی سے پینے کو آیا نہیں شاید یارو
شور کم آج بہت خانۂ خمار میں ہے

فاطر

پیر بخش فاطر تخلص شاگردِ مذنب بیشتر خیالش بطور استادِ خود متوجہ سلام گوئی است کم کم ریختہ ہم می گوید عمرش سی سالہ خواہد بود از وست :۔

ہم یہ سمجھے تھے محبت میں بہل جائیگا دل
یہ نہ معلوم تھا رنگ اور ہی دکھلائیگا دل

اب تو محظوظ ملاقات سے ہے دل ہر کی
دیکھنا آگے کو پچھتائے گا گھبرائے گا دل

ٹھوکریں جیسی کھلاتا ہے ہمیں گلیوں میں
ویسا کم بخت ہمارا یہ سزا پائے گا دل

رحم کر جان یہ فاطر کی یہ مضطر ہے مدام
مہربانی سے تری اسکا سنبھل جائیگا دل

فروغی

میرزا محمد علی صفاہانی واحد العین فروغی تخلص شخصِ جامع الکمالات ندیم و ہم صحبت

---

(۱) ن۔ حالا در سرکار نواب مہدی علیخاں بہادر ملازم ہستم رفتن فقیر نمی شود لیکن منور خاں غافل وغیرہ شاگردانم شریک محفل می شوند۔ ... ... در خانۂ شیخ موصوف چند سال صحبت بلا ناغہ گردید۔ (حاشیہ صفحہ ۲۵۰)

نہ جیتے جی تو غمِ عشق سے فراغ ملا | گر ایک داغ ہوا یہ تو اور داغ ملا
مزے ہیں بوسۂ لب کے جو مست تھے شبِ وصل | لگایا منہ سے نہ ہم نے اگر ایاغ ملا
وہاں بھی مشتعل اک شعلۂ جدائی تھا | لحد میں بھی نہ ہمیں رنج سے فراغ ملا
جو شمعِ بزمِ حریفاں ہوا زمانے میں | اُسی کو سب نے جلایا اُسی کو داغ ملا
چلے ہیں داغِ جدائی جگر پہ لے کر ہم | فروغِ قبر کی خاطر عجیب چراغ ملا
کہیں گے حالِ دلِ غمزدہ ہم اے فریاد | کبھی جو اُس ستم ایجاد کا دماغ ملا

فانی

شیخ مغل فانی تخلص بانیٔ مجلس مناثرہ دریں شہر او شدہ اول جماعتے از ہنودان
وغیرہ بتقریب نثر نویسی چہ در زبان اردوئے ریختہ و چہ در زبانِ فارسی دراں مجلس حاضر
می شدند چوں حسب اتفاق روزے گذرِ فقیر دراں مقام افتاد برائے شریک شدن منشیان
انشا پردازان روز با شرکیہ در وصف دکانِ تنبولی بہ تتبعِ ظہوری بر مشتری گفتہ بودم بعرض
بیان آوردم چوں چوں خار خار مشاعرہ از قدیم در ریشہ جا داشت پیشِ فقیر ہم گاہ گاہ
رفت و آمدی می کرد القصہ رفتہ رفتہ مجلسِ مناثرہ اش بمشاعرہ تبدیل یافت و ورقِ مرقعِ
تصویرِ نثر نویسان را بر طاق گذاشتہ زمانہ بازیٔ گنجیفہ دیگر در پیش آورد یعنی از رفتنِ عاصی
دراں مجلس بہ کثرت مجمعِ کثیرِ شاگرداں شود، غزل خوانی از سامع سبحان ملاءِ اعلیٰ درگذشت۔
دراں وقت منشیانِ سحر بیان زبانِ سکوت بکام کشیدہ جز سماعتِ اشعار کارے دراں
انجمن نداشتند ہرگاہ دریں نزدیکی روزگارِ شیخ موصوف بہ سرکارِ نواب کلب علیخاں
بہادر رونقِ شرف گرفت آں رقعہ شوریدہ مضمون زبانِ اردو خواندہ شد واجب رفتنِ
مشاعرہ برمن فرض گردید برائے آنکہ فقیر ہم در سرکار ایشاں بصیغۂ شاعری پیشتر از مغل
عزِ امتیاز داشت چند سالی گذشتہ باشد کہ حالا باوصف نہ رفتنِ فقیر بہ سبب روزگارِ نواب

مردمان شاگردِ میر حسنش می گویند[1] اما خود کمتر اقرار می کند غالبًا در ابتدا شاگرد باشد حالا بقوتِ خود می گوید و پیشہ معلمی اکثر بسر بردہ وگاہے بہ صیغۂ شاعری ہم اوقات گذرانیدہ از علم فارسی و کتب ہائے درسی بہ قدرِ حاجت آگاہی وارد با فقیر از مدتے بہ لکھنؤ قدم گذاشتہ آشناست ، از وست :-

یہ کس نے تجھے کافر[2] تعلیم جفا کی ہے
نالاں ترے ہاتھوں سے ایک خلق خدا کی ہے

غیروں کو تو کہہ ہم پر پھینکے نہ پھر آوازہ
اس بات پہ نت ان سے تلوار چلا کی ہے

پھر نام وفا کا تو لیتا نہ مرے آگے
کہہ تو نے کسی سے بھی دل لیکے وفا کی ہے

کس بات پہ تو ہم سے اتنا ہے خشن پیارے
گالی بھی جو دی تو نے تو ہم نے دعا کی ہے

چنگا نہ ہوا کوئی بیمار محبت کا
بہتوں کی مسیحا نے اک عمر دوا کی ہے

یا آہ ہے یا گریہ اس عشق کے عالم میں
تاثیر عجب یہاں کی کچھ آب و ہوا کی ہے

گلشن میں جو بو پھوٹی اُس طرۂ مشکیں کی
غمازی و جاسوسی ساری یہ صبا کی ہے

نقشہ جو ترا دیکھا تو کہنے لگا مانی
اللہ یہ نقاشی کیا دستِ قضا کی ہے

ہوں سایہ فگن سر پر جس کے یہ ترے کاکل
کب اُس کو طمع پیارے پر بال ہما کی ہے

کس کس کا جگر خوں ہے تجھ دستِ نگاریں سے
اے شوخ یہ عیاری سب رنگِ حنا کی ہے

مت تشہیر بدر ظالم فریاد کو کر ناحق
تبلا تو بھلا اُس نے کیا ایسی خطا کی ہے

فصیح[3]

میرزا جعفر علی فصیح تخلص مولدش در فیض آباد در سنہ یک ہزار و یک صد و نود و شصت

---

(۱) ن ۔ اما او اقرار نمی نماید ۔ (۲) ن ۔ ظالم

(۳) نسخہ رامپور میں ردیف (ف) کے ضمن میں دو شاعر فصیح اور فصاحت کا ذکر زیادہ ہے جو اس نسخہ میں نہیں ۔

تیمور شاہ بود عمرش از شصت متجاوز خواہد بود حسن را بہ شدت دوست می داشت، از وست ہ۔

توکہ ہر لحظہ بہ ہر گوشہ بروں می آئی من یک چشم گدا میں سر راہت گیرم

بر سر و ماہِ تاباں دیدم نہ دیدہ بودم مہ طالع از گریباں دیدم نہ دیدہ بودم

فخر

فتح علی شاہ قوم قجر شہنشاہ ایران کہ در شہر طہران بود و باش دارد جوان بلند بالاو صاحب جمال و قوی الجثہ و مہولناک شجاع و بہادر طبعے نہایت رنگین حریفانہ ظریفانہ دارد عمرش قریب پنجاہ و سہ سال خواہد بود۔ گویند کہ انگریزے از طرفِ کمپنی برسم رسالت بخدمت شہنشاہ موصوف حاضر شدہ بود عمرش چہاردہ پانزدہ سالہ و نامش استرجی بادشاہ بجاہ حسن و جمالش را دیدہ دل باختہ شدہ بود۔ اکثر در غزل وصفِ اعتدال حسن او موزوں می کرد از آنجا شعر از زبان مرزا جواد علی بیگ کربلائی بہ سمعِ فقیر رسیدہ مع دو شعر دیگر حوالۂ کاغذ کردہ شد و اینست :-

خبر برید باہل فرنگ کاسترجی بہ تیغ غمزہ مسخر نمود ایراں را

کہ گفت منظرِ چشم من آشیانۂ تست تو بادشاہی و عالم تمام خانۂ تست

سجعہ کہ برائے مادرِ خود گفتہ و بر نگینِ انگشتری مادرش کندہ بود، اینست :-

بروز بیدۂ و بلقیس حسرت جاہم کنیزِ فاطمۂ و مادرِ شہنشاہم

فرہاد

میر ببر علی فرہاد تخلص بیش ازیں متوطنِ فیض آباد بود حالا بہ لکھنؤ سکونت دارد

ردیف (ق)

قربان

میر جیون قربان تخلص آگاہی از حالش ندارم شعرے از وہم رسیدہ اینست :-

کیا پھونک دیا تو نے صبا کان میں گل کے | یوں بندِ قبا کھل گئے جو آن میں گل کے

قلندر

قلندر تخلص علیٰ ہذا القیاس است ، از وست :-

ورنہ مرا وہ شوخ بھی کیا کم ہے حور سے | زاہد ہوا ہے طالبِ غلماں قصور سے

قلاش

حکیم حیات اللہ قلاش تخلص متوطن قصبہ کاکوری پدر شیخ پیر بخش مسرور . با وجودِ مہارت درفنِ طبابت اکثر بہ تجارت اشتغال می داشت عمرش بہ چہل سال رسیدہ بود کہ ناگاہ بمرضِ سل مبتلا شدہ سنگِ مجبوری بر سینہ نہاد و در گذشت خیالِ شعرِ فارسی اکثر نمود بہ شاگردی شاہ ملول زباں اقرار می کشاد ، از وست :-

مانی بہ چشم گر صورت کش تصویر او ست | خامہ مو در کفش از موئے مژگاں یافتم

شانہ ساں دل مو بمو در کاکلش تسخیر شد | آہ یک دیوانہ پابندِ دو صد زنجیر شد

دیدہ بودم دوش چشم سرمہ آلودش بخواب | تا بہ فردائے قیامت خاموشی تعبیر شد

ذبح کرد و دادِ صد دشنام گفتم مرحبا | بر منِ مذبوح قاتل بس ہمیں تکبیر شد

ہجری واقع شدہ در سنِ ہفدہ سالگی مع والدین واقربا بہ شاہجہاں آباد کہ وطنِ بزرگانش بود رفتہ بعد چند سال باز بہ لکھنؤ آمدہ۔ قوم قریش از اولاد عقیل ابن ابی طالب علیہ السلام است چوں بزرگانش در بلاد ایران متوطن بودند لہذا امرزا مشہور گردید و مادرش سیدہ بود و ہر چہ گفتہ از نظرِ شیخ امام بخش ناسخ گزرانیدہ بلکہ سرحلقۂ تلامذۂ اوست در مرثیہ گوئی نامے حاصل ساختہ از علمِ عروض و قافیہ دستگاہے دارد۔ وحدیث و کتب دینیہ از جناب مستطاب میر دلدار علی ولد مولنا سید محمد دام ظلہ استفادہ نمودہ، یکبار برائے زیارتِ آئمہ معصومین رفتہ بود حالا باہمیں قصد بہ طرفِ کلکتہ رفتہ است۔

فصاحت

میر بندہ علی فصاحت تخلص ولد میر علی بزرگانش باشندۂ اسلام آباد خودش در لکھنؤ نشوونما یافتہ عمرش ہفدہ سالہ است از فقیر استفادہ می نماید طبعِ موزوں دارد واللہ بجائے خواہد رسید:-

آپ کو حالِ پریشاں سے میرے کیا کام ہے
آپ بیٹھے جبین سے زلفیں بنایا کیجئے

تب ہمیں صیاد نے چھوڑا قفس سے یا نصیب
جب چمن سے پھول گلچیں جھولیاں بھرنے لگے

اگلی سی نہ وحشت ہے نہ اب شورِ جنوں ہے
کیا بھول گیا ہاتھ مرا جامہ دری کو

مغل خاں سرفرازی یافتہ چوں مشارٌالیہ از ابتدائے سنِ بلوغ موزونیٔ طبع داشت دراں ایام چیزے کہ موزوں می کرد آنرا بہ ثناءاللہ خاں فراق می گذرانید در ہنگامیکہ از دہلی بہ لکھنؤ رسیدہ واو را فراقِ استاد بمیان آمد بہ سبب سابقہ معرفت واتحادیکہ میانِ من وایشاں بود حزم را کار کردہ خواہشِ مشورۂ کلامش بہ فقیر آورد واعتقادیکہ بہ استادِ خویش داشت آنرا بہ پلۂ دوم نہادہ غایب وحاضر مداحِ عاصی است معاش گاہے بہ تجارت وگاہے بہ فنونِ سپہ گری کردہ عمرش بست وپنجسالہ خواہد بود از نتایجِ طبع اوست:-

خوب لگ چھاتی سے ملنا پھر ہمارا ہو نہ ہو | ہے شبِ وصل آج کیا جانے دوبارا ہو نہ ہو
اس لئے کرتا نہیں ہیں تم سے گستاخانہ ربط | آپ کے دل کو خدا جانے گوارا ہو نہ ہو

فلک کے ہاتھ ہوتے ہیں ناچاری جدا ہم تم | خدا جانے ملیں گے کب گلے لگ لیں ذرا ہم تم

دل سیرِ مسیحا سے ہے بیمار تمہارا | وارستۂ عالم ہے گرفتار تمہارا

جب موجدِ صد شکوہ وانداز ہوئے تم | صد حیف کہ جا غیر کے دمساز ہوئے تم

دیدۂ جاناں سے تا اٹھے حجابِ نرگسی | ساغرِ گل میں پلا ساقی شرابِ نرگسی
کیوں گلِ نرگس سے آنکھیں مل کے روتا ہے دلا | کس کی یاد آئی ہے چشمِ نیم خوابِ نرگسی

بہزاد سے جب اس کی ابرو کا نون اترا | تب چشمِ ماہِ نو میں حسرت سے خون اترا

دیکھ کر آبلہ ہائے دلِ بیتاب سپید | ہو گیا ہے رخِ قاصر سیماب سپید

دل گرفت ورفت ناید باز از راہِ وفا — حیرتے دارم کہ یار از من چرا دلگیر شد

اے وائے بلبلے کہ بگلشن رسید و مرد — در فصلِ نو بہار رخِ گل بدید و مرد
صد حیف زیرویکہ بہ باغِ نشاطِ وصل — خارِ غمِ فراق بپایش خلید و مرد
قلاش بود بسملِ تیغِ جفائے دوست — در خاک و خونِ دردِ دل امشب طپید و مرد

دیوانہ وش زشوق بہ ہر سو شتافتم — گم کردہ راہ مست دراں کو شتافتم
پُر گوہر است از صدفِ چشم دامنم — ناحق بجستنِ در و لؤلؤ شتافتم

جائے سخن نیست بجائے سخنِ من — مہماں بہ پذیر است سرائے سخنِ من
مشاطۂ اندیشہ ز رنگینیٔ مضموں — صد گونہ حنا بست بپائے سخنِ من

در دل غمِ جاناں و غمِ جاں چہ کنم حیف — باشند بیک خانہ دو مہماں چہ کنم حیف

دل ز زلف و کاکلِ او کام حاصل میکند — در میانِ صد بلا دیوانہ منزل می کند

اینک بجنوں رازِ دلم فاش بر آمد — در کاسۂ من بود ہمیں آش بر آمد

قاصر

میرزا بر علی بیگ قاصر تخلص ولد مرزا رستم بیگ مولد و موطنش شاہجہاں آباد در اصل بزرگانش سمرقند جدِ باجداو در عہدِ فرخ سیر وارد دہلی شدہ بمنصبِ لایقہ و بخطاب

ذکا دارد عمرش قریب سی خواہد بود، از وست :-

شراب جلد دے اب پاسِ ننگ و نام نہیں — یہ ماہِ عید ہے ساقی! مہِ صیام نہیں
مریضِ روزِ ازل کو شفا سے کام نہیں — کہ زخمِ دیدۂ سوزن کو التیام نہیں
بسانِ کوزۂ دولاب چرخ کے ہاتھوں — مئے نشاط سے بھرتا ہمارا جام نہیں
کبھی ہوں نالۂ بلبل کبھی ہوں خندۂ گل — صدا کی طرح مجھے ایک جا قیام نہیں
کسی کے دل میں بنا گھر کہ نام رہ جاوے — بنائے منزلِ ہستی کو کچھ قیام نہیں
کھنچی ہی رہتی ہے جو تیغِ ابروئے قاتل — بسانِ تیغِ قضا اس کا بھی نیام نہیں
مجھی کو کر تو تمام اے امیدِ روزِ وصال — شبِ فراق یہ ہوتی اگر تمام نہیں
سند ہے قصۂ محمود کی کہ الفت میں — تمیزِ مرتبۂ خواجہ و غلام نہیں
جنوں کا جوش جوانی کے ساتھ تھا قاصر — وہ زور شور نہیں اب وہ دھوم دھام نہیں

قمر

برادرِ کلانِ بندہ علی بطورِ خود نظمِ شعر در زبانِ ہندی و فارسی ہر دو می کند آنچہ از و بہم رسیدہ اینست :-

ہنستا ترا بجا ہے مجھے بے قرار دیکھ — واقف نہیں تو دل کے مگر اضطراب سے
افتادگانِ کوئے محبت سے پوچھئے — بہتر ہیں خار و خس انھیں مخمل کی خواب سے
کیونکر نہ رشک سے کفِ حسرت ملوں کہ واں — مربوط دستِ پیکِ صبا ہے رکاب سے

قمر

قمر الدین احمد خاں عرف مرزا حاجی ولد فخر الدین احمد خاں عرف مرزا جعفر مرحوم و مغفور جوانیست گرم خوں و شیریں زبان با شعرا او را از تہِ دل دوستی بود بمقتضائے موزونی

ہے سپیدی ہی یہ نیرنگیِ گلشن کا ظہور — اصل رکھتا ہے یہاں ہر گلِ شاداب سپید

مہ وشوں اس کو دکھاؤ ایک نظارا دور سے — دیکھنے آیا ہے یہ عاشق تمہارا دور سے

ان دنوں جوش پہ ہے دیدۂ گریاں اپنا — لے صبا کہیو ٹھکانا کرے طوفاں اپنا

جاتے نظارہ سمجھ رشکِ چمن آئینہ میں — نقشِ تصویر کیا ہم نے وطن آئینہ میں

یہ تیغِ یار نے صورت بنائی سینے کی — کہیں نے ٹانکے کی جاگہ نہ پائی سینے کی

یوں نہاں ہیں مرے ہر داغِ جگر میں سوراخ — زیرِ گل جیسے کہ ہوتے ہیں سپر میں سوراخ

بھلا جو گل ہو لکے پیرہن کو یار تن جانے — نہ کیوں جانِ نزاکت اسکو ہر اک مرد و زن جانے
نگاہِ آرزو دے ہم کناری سے جو مرجائے — خوشی کیا قاصرِ گستاخ کی وہ گل بدن جانے
نوائے بلبلِ بیدل ہی میں اک درد نکلے ہے — یہ ممکن ہے کہ طرزِ نالہ ہر مرغِ چمن جانے
غزل ایسے کے آگے عرض کرنا لطف ہے قاصرؔ — جو مغزِ شعر سمجھے اور اندازِ سخن جانے

نسیم پر نہ کھلا آج تک کلی کا بھید — کسی ہی پر نہیں کھلتا میاں کسی کا بھید

قادر

سرفراز علی بیگ قادر تخلص شاگردِ عیشی[1] جوانِ مہذب الاخلاق است طبعے رسا و ذہنِ

---

(۱) ن۔ شاگرد طالب علیخاں عیشیؔ۔

ترے وصل کی جا بجا جستجو ہے — جہاں بیٹھتا ہوں تری گفتگو ہے
مروں تو کہیں درد فرقت سے چھوٹوں — مجھے زندگی میں یہی آرزو ہے
ولا گر رہے گی یہی بیقراری — تو پھر دیکھ لیجو نہ میں ہوں نہ تو ہے
مریضِ غمِ ہجر مرتا ہے تیرا — اُسے دیکھنے کی ترے آرزو ہے
تڑپتا زمیں پر ہو جس طرح بسمل — وہ نقشہ مرے دل کا اب ہو بہو ہے

اب رات کے آنے کا جو اقرار ہوا ہے — کیا دن یہ نہیں کاٹنا دشوار ہوا ہے
حالت ترے بیمار کی پہنچی ہے یہاں تک — اب سانس بھی لینا اُسے دشوار ہوا ہے
ٹک جا کے ذرا دیکھ تو اے عیسیٰ دوراں — بے طرح قمر ان دنوں بیمار ہوا ہے

سوزن لے مسیحا سے اگر بخیہ گر آوے — سینے سے مرے زخمِ جگر کے حذر آوے
معلوم نہیں کچھ مرے قاصد کو ہوا کیا — اب دل کو تسلی نہیں جبتک خبر آوے
گننے میں ستاروں کے کٹیں ہجر کی راتیں — وہ ماہ نہیں دیکھئے کب تک نظر آوے

ہے سوا کام تمہیں غیروں کی سرگوشی سے — نہ کیا یاد کبھی ہم کو فراموشی سے

حال پر میرے تری یہ مہربانی ہے — کچھ بھی اصل ہے اس کی یا فقط زبانی ہے
اپنا قصہ پُرسوز ہجر قمر کبھو کہنا — آگ لگ اٹھی تن میں کیسی یہ کہانی ہے

اک بار وہ ہنستا تھا کہیں دیکھ کر مجھے — رونا اسی ادا کا رہا عمر بھر مجھے
ساقی جھجک نہ جام کو دے کر کے عشق نے — مخمور آنکھ دی ہے تجھے چشمِ تر مجھے

طبع در روز ہائے کہ طبعِ لطیفش مائل بہ نظمِ اشعارِ ہندی گردید قمرؔ تخلص گذاشت و بر ببری ومشورۂ مرزا قتیلؔ کہ او ہم با وصفِ فارسی گوئی دعوئ اردو دانی ریختہ داشت قدم دریں بیابانِ پرخار گذاشت و کلامِ خود را بہ تقریبِ مشاعرہ بگوشِ والدِ ماجدِ خود رسانید چوں عاصی دریں کار زیادہ رسوا است زیادہ تر دست بدل نزدیکِ ایشاں گردید عمدگی و عمدہ معانی خاندانِ علیا از کثرتِ اشتہار محتاجِ قلمِ وقائع نویساں نیست از ہر کہ خواہد دریابد سِن عمر شریفش از چہل متجاوز خواہد بود، از وست :-

کر رحم مرے حال پہ لے یار سمجھ کر — آیا ہوں میں اپنا تجھے غم خوار سمجھ کر
ہے اُس کا ستم عین کرم حال پہ میرے — دیتا ہے مجھے کچھ تو وہ آزار سمجھ کر
قسمت کی یہ خوبی ہے کہ نکلا وہ ستم گر — دل میں نے دیا تھا جسے دلدار سمجھ کر
یہ کوچۂ جاناں ہے قمرؔ سوچ کے جانا — رکھیو تو قدم اس میں خبردار سمجھ کر

آمد شدِ نفس دمِ خنجر ہے تجھ بغیر — جینا جہاں میں مرگ سے بدتر ہے تجھ بغیر

جلوہ جا جا کے تو ہر دم بلبِ بام نہ کر — اپنے دیدار کو اتنا تو میاں عام نہ کر
گردشِ چشمِ بتاں نے مجھے پامال کیا — عبث اے دل گلۂ گردشِ ایام نہ کر
بال و پر اس کے جلا دے یہی رکھتا ہے مراد — رحم پروانے پہ اے شمعِ گل اندام نہ کر
ہو گئے دیکھ تجھے سارے مسلماں کافر — ڈھانپ لے منہ کو ذرا غارتِ اسلام نہ کر
دمِ آخر ہی اٹھا منہ سے نقاب اے بیرحم — اب تو دیدار سے اپنے مجھے ناکام نہ کر
مجھے تو قیر سے کیا کام کہا کس نے کہ تو — قسمتِ عاشقِ حسرت زدہ دشنام نہ کر
آب دیدہ نہ ہو تو نام کو لے لے اُس کے — یار کو اپنے قمرؔ خلق میں بدنام نہ کر

ہر کام پہ جس جا نظر آتی ہے صد آفت — در پیش ہے وہ عشق کی منزل کئی دن سے
بے وصل میاں زیست ہو کیونکر بخدا آہ — ہے مرگ و قضا اپنے مقابل کئی دن سے
کہہ اس پہ غزل اور بدل قافیہ اور بحر — قوت مرا دل جس پہ ہے مائل کئی دن سے

بندھتے نہیں وہاں ہم پہ بہتاں کئی دن سے — ہے اور طرف اُن کا اب دھیان کئی دن سے
بستے جو نہیں دل میں تم جان کئی دن سے — بستی مجھے لگتی ہے ویران کئی دن سے
لو جلد خبر پیارے اس بے سر و ساماں کی — ہے جی میں گذرنے کا سامان کئی دن سے
بیمار تمہارا اب مرتا ہے نہ جیتا ہے — ہونٹوں پہ تو ہے اُس کی اب جان کئی دن سے
اے کاش کہ وعدے پر وہ کافر آ کر دے — قوت مجھے جس کا ہے اب دھیان کئی دن سے

قربت

غلام نبی خاں قربت تخلص ولد عمران خاں حافظ قرآن عموزادہ و شاگرد مستقیم خاں وسعت است در رام پور مولد و مسکن اوست عمرش بست و ہفت سالہ خواہد بود منتخب اشعار اوست :-

کیوں دینے میں بوسے کے یہ انکار نیا ہے — کچھ میں ہوں نیا آج کہ تو یار نیا ہے

آفت وہ ہنسی ہے لبِ خنداں ہے قیامت — ہر بات میں اک اُسکی نمایاں ہے قیامت
قربت ہمیں کیا کام رہا روزِ جزا سے — ہم پر تو ابھی یہ شبِ ہجراں ہے قیامت

بن لئے بوسہ دیا دل نہ اُسے قربت نے — کام میں اپنے یہ ہشیار نظر آتا ہے

تیرِ غمِ فراق میں ہو چین کس طرح　　ہمدم ملا سو ایک یہ دل نوحہ گر مجھے
واں گرمِ نازوہ رہا یاں دل جلا کیا　　دل سوز اس پہ بھی وہ نہ سمجھا قمر مجھے

خط پہ بھی وہ عتاب باقی ہے　　میرے خط کا جواب باقی ہے
مر گئے لیک نبض میں اپنی　　حالتِ اضطراب باقی ہے
مر گئے پیاسے دیکھ تو ساقی　　کچھ بھی خم میں شراب باقی ہے

عشق کی اپنے عبث اس کو خبر میں نے کی　　صاف نادانی کی یہ بات قمر میں نے کی
دن قیامت کا سا درپیش ہے دیکھوں کیا ہو　　شامِ ہجر آج تو رو رو کے بسر میں نے کی

مجھ سے بڑھتا ہی گیا اُس کا غبارِ خاطر　　جوں جوں اُس کو میں قمر خاک بسر میں نے کیا

قوت

میاں احمد علی قوت تخلص خلف الرشید قلندر بخش جرأت جوانِ مہذب الاخلاق است ذہنِ ذکا و طبعِ رسا دارد الحال طبعش بطرفِ سلام گوئی بسیار مصروف گاہ گاہے فکرِ شعر ہم می کند عمرش سی سالہ خواہد بود، از دست:-

کیا جانے کس اجل کا ہے مائل کئی دن سے　　جوں دانہ ملا خاک میں بسمل کئی دن سے
الفت نے کیا ایک اب اپنا لہو پانی　　ہے خونِ دل اشکوں کے جو شامل کئی دن سے
خوں ریزیِ قاتل کا جو رہتا ہے خیال آہ　　آتے ہیں نظر خواب میں بسمل کئی دن سے
یہ مجنوں کی حالت ہے کہ پی جیسے ہو ناقہ　　دیکھا جو نہیں لیلیٰ کا محمل کئی دن سے
اب جائیں کہاں جوششِ گریہ کی بدولت　　دریا ہے ہر اک سمت سے حائل کئی دن سے

کرامت

میر خیرات علی کرامت تخلص شاگردِ میاں حسرت و جرأت جوانِ مہذب الاخلاق است ازیں پیش در ابتدائے ریعانِ جوانی چیزے موزوں می کرد، بزرگانش سادات موسوی بودند و توطن در شاہجہاں آباد داشتند خودش در لکھنؤ تولد و نشو و نما یافتہ بسبب لکنتِ زبان از خواندنِ شعر معذور اگر می خواند مردم می خندند عمرش قریب چہل و پنج سال خواہد بود، از وست :۔

وہ شب اپنی زلفیں سنوارا کیا　　میں ہر پیچ پر جان وارا کیا
ہوئی حشر برپا مری خاک پر　　میاں تو نے جس دم گذارا کیا
خبر پوچھنے سے ترے جی اٹھا　　مجھے زندہ تو نے دوبارا کیا

وصل میں گل ہی کے یار و اُسے مرجانا تھا　　لایق اس عشق کے بلبل نہیں پروانا تھا
خال و خط ہی میں گرفتار رہے جیتے جی　　اپنی قسمت میں یہی دام یہی دانا تھا

دل مرا جی ہی لینے والا ہے　　میں نے دشمن بغل میں پالا ہے

جو قول و قرار تھے آپس کے وہ دونوں طرف موقوف ہوئے
تم اور طرف مصروف ہوئے ہم اور طرف مالوف ہوئے

کوثر

میرزا مہدی کوثر تخلص شاگردِ شیخ[1] امام بخش ناسخ نوجوان است پیش ازیں بہ تزئیب

---

(۱) ن پسر مرزا قطبی۔

غیر کو بوسہ کرو امداد یونہی چاہئے | داد یونہی چاہئے بیداد یونہی چاہئے
قید کرنا فصلِ گل میں اور خزاں میں چھوڑنا | واہ وا رحمت تجھے صیاد یونہی چاہئے

کس دن ہمارے چشم سے دامانِ تر نہیں | کس[1] روز آہ و نالہ سے ٹکڑے جگر نہیں
بحرِ جہاں میں ہم تھے مثالِ حباب آہ | اک دم کی زیست اپنی ہوئی پھر خبر نہیں

ردیف (ک)

کرم

کریم اللہ خاں کرمؔ تخلص ساکنِ رامپور، شاگردِ مولوی قدرت اللہ شوقؔ ماموے احمد خاں غفلت است، عمرش چہل سالہ خواہد بود۔ از وست :-

لبوں پر اپنے ذکرِ منحرفین یار بہتر ہے | اسی ہائے دوشی کا سبق ہر بار بہتر ہے
کسی یاقوت لب کے ہاتھ سے بہتر ہے مرجانا | گلے پر اس کے خوں گردن پہ یاں تلوار بہتر ہے

بندگی لیجئے صاحب میں اب رخصت ہوں | پھر جو آؤں تو بڑا ہی کوئی بے غیرت ہوں
ہاتھ سے میرے وہ دامن کو جھٹک کر بولا | یہی مرضی ہے تمھاری کہ میں بے حرمت ہوں
عزتِ کریم مری یوں تو ہے غیروں میں بہت | پر یہی ڈر ہے کہ لوگو نہیں نہ بے عزت ہوں
حرفتیں آپ کی ساری مرے ناخن میں ہیں | چھوٹی سی عمر میں بھی تو بڑا آفت ہوں

---

(۱) ن۔ کس رات آہ و نالہ الخ

ہم سے رہتا ہے وہ خفا کوثر　　اور غیروں پہ مہربانی ہے

ہماری کوئی نہیں سنتا اے بتان فریاد　　تمہارے ہاتھ سے جاکر کریں کہاں فریاد
جو یاد میں تری زلفوں کی میں تڑپتا ہوں　　تو کرتی ہیں مرے پاؤں کی بیڑیاں فریاد
یقیں ہے پہنچے نہ آواز اپنی کانوں تک　　کریں فراق میں گر ہم سے ناتواں فریاد

کافر

میر علی نقی کافر تخلص

کون اس سے مرے درد کی یارو خبر کرے　　شاید کہ آہِ نیم شبی کچھ اثر کرے

کیوان[1]

میرزا مغل کیوآن تخلص ساکن لکھنؤ تازہ خیال است، شاگردِ شیخ محمد واجد است بست سالہ عمرش خواہد بود:-

شعلہ رو کو گلے لگاؤں گا　　شمع کو اشک سے جلاؤں گا
تیغِ ابرو ہے صورتِ محراب　　سجدہ کرنے کو سر جھکاؤں گا

صبح وہ مہ بام پر سے منہ دکھا کر رہ گیا　　آفتابِ حشر ایک نیزہ پہ آکر رہ گیا

---

(۱) نسخۂ رامپور میں ردیف کاف کے ضمن میں کیوآن کا ذکر زیادہ ہے جو اس نسخہ میں نہیں۔

میاں ہاتف کہ یکے از دوستاں بودند در حویلی راجہ جھاولال مشاعرہ ہم میکرد فقیر نیز یکے دوبار وہاں مجلس رفتہ، عمرش بست سالہ خواہد بود، ازوست:۔

بے گنا ہوں پہ تو جیسا کہ ستم کرتا ہے — ظلم ایسا نہ کرے کوئی گنہ گاروں پر
جب نہ ہو اُن کو ترا شربتِ دیدار نصیب — خاک جینے کا گماں ہو ترے بیماروں پر
دردِ فرقت سے نہ رویا کبھی نالہ نہ کیا — نہ کھلا راز مرے دل کا کبھی یاروں پر
جبکہ ہو ساقیٔ کوثر سا شفیع اے کوثر — بخشے جانے کا یقیں کیوں نہ ہو مے خواروں پر

تیغ مجھ پر لگا نہیں جاتا — میرا جھگڑا چکا نہیں جاتا
دم مرا آرہا ہے آنکھوں میں — اب بھی صورت دکھا نہیں جاتا
ابر کی طرح اُس کے کوچے سے — کون روتا ہوا نہیں جاتا
نہ اٹھا ہم کو اُس کے کوچے سے — ناتواں ہیں اٹھا نہیں جاتا
بدلے مرہم کے میرے زخموں پہ — تیغ بھی وہ لگا نہیں جاتا
کیا مجھے ہو گیا خدا جانے — اس بن اک دم رہا نہیں جاتا
ہر گھڑی غیر کا نہ کر مذکور — یہ تو ہم سے سنا نہیں جاتا
آپ کھاتا ہے روز غیر.... — زہر مجکو کھلا نہیں جاتا
گو بتوں کے ہیں معتقد لیکن — دل سے خوفِ خدا نہیں جاتا
گلشنِ کوے یار میں کوثر — کون مثلِ صبا نہیں جاتا

ان کی کب مجھ پہ مہربانی ہے — مہربانی یہ سب زبانی ہے
کیا خوش اسلوب خم ہے ابرو میں — تیغ شاید یہ اصفہانی ہے
تجکو کیونکر کہوں نہ لاثانی — کون عالم میں تیرا ثانی ہے

قدم دھرا ہی جو عاشقی میں تو نیستی کو سمجھ لے ہستی　　عزیز کرتا جو جان شیریں تو نام ہوتا نہ کوہکن کا

یہ عالم کاہشِ غم سے ہی اپنی ناتوانی کا　　کہ یاروں کو تعجب ہی ہماری زندگانی کا

قدِ رعنا صنوبر زلف سنبل چہرہ لالہ ہے　　بہارِ باغ ہے عالم ترے جوشِ جوانی کا

جلا دیتا ہے مثلِ برق خرمن دل رقیبوں کے　　اثر ہے اپنے نالہ میں بلائے آسمانی کا

زبس حالِ زبوں نے یار کو اکثر ہنسایا ہی　　رقیبوں کو حسد ہے میری رنگِ زعفرانی کا

ضرر پہنچا سکے کب صاحبِ اقبال کو دشمن　　نہ ہووے آتشِ یاقوت کو اندیشہ پانی کا

دلِ شیدا کی حالت پوچھئے گلشن تو کہتا ہی　　گلہ کس منہ سے کیجے یار کی نامہربانی کا

الفت جو ہم کو تجھ سے اے مہرباں نہ ہووے　　دل لے کے تو ہمارا خواہانِ جاں نہ ہووے

مرنے سے جو ڈرے گا الفت وہ کیا کرے گا　　عاشق وہی ہی جس کو کچھ خوفِ جاں نہ ہووے

ہر شعر وصفِ روئے گل رنگِ یار میں ہے　　گلشن بھلا تو کیونکر رنگیں بیاں نہ ہووے

آہ و نالے نے کچھ اثر نہ کیا　　ہجر کی شام کو سحر نہ کیا


یار نے گھر کیا مرے دل میں　　یار کے دل میں میں نے گھر نہ کیا

یاد آئے کبھی نہ ہم تم کو　　بھول کر بھی ادھر گذر نہ کیا

کانپتا ہی وہ دل غضب سے ترے　　جس نے اے بت خدا کا ڈر نہ کیا

جان کا کوچ ہووے گا لیکن　　غم و اندوہ نے سفر نہ کیا

تشنہ کامی سے مر گیا گلشن　　دہنِ خشک میں نے تر نہ کیا



ردیف (گ)

گلشن

جیالال کاتھ گلشن تخلص شاگرد تازہ خواجہ حیدر علی آتش غریب و صلاحیت شعار است
عمرش تخمیناً بست سالہ خواہد بود وطنش لکھنؤ است، از وست:-

سودائے گیسوئے سیۂ یار ہوگیا — آزاد تھا جو دل سو گرفتار ہوگیا
آوازِ پائے یار اگر خواب میں سنی — سویا تھا صبح تک جو میں بیدار ہوگیا
مجلس میں جس طرف تری ترچھی نظر پڑی — اک تیر تھا کہ توڑ کے صف پار ہوگیا
سیرِ چمن کو یار جو آوے تو دیکھنا — آنکھوں میں عندلیب کے گُل خار ہوگیا
ابنائے جنس سے جو اٹھائیں اذیتیں — صورت سے آدمی کی میں بیزار ہوگیا

دل پھنستے ہی گھبرا کے لگی جان نکلنے — الفت کے مرض نے نہ دیا ہم کو سنبھلنے
آزاد کرے تو جو گرفتارِ ازل کو — قمری کے گلے میں سے لگے طوق نکلنے
دونوں طرف اک آگ لگاتی ہے محبت — پروانہ تو جلنے لگے اور شمع پگھلنے
حالِ دلِ بیتاب جو کہئے تو کہے یار — بے چین کیا ہے تجھے گلشن کی زٹل نے

بہار آئی شگوفہ پھولا کھلا ہے تختہ سراک چمن کا — کہیں تماشائے یاسمیں ہے کہیں تماشا ہے نسترن کا
کوئی ہے مانندِ شمع گھلتا کوئی ہے پروانہ وار جلتا — نہیں جو وہ روشنی محفل عجب ہے احوال انجمن کا
یہ چشم و ابرو جو گل کے ہوتے رہا تھا رخ سے نہ فرق باقی — جو بو نہ ہوتی تو دے چکا تھا یہ غنچہ دھوکا ترے دہن کا
جو یاد آیا وہ روئے رنگیں بہے یہ آنکھوں سے اشکِ خونیں — کہ ہوگیا ہے رگِ گلِ تر سے ہر ایک تار اپنے پیرہن کا

گوہر

میرزا شیر علی بیگ گوہر شاگردِ عشقی[1] خوش فکر است، در روز ہائے کہ فقیر اکثر بمکانِ او می رفت مشارٌ الیہ را می دید آخر آخر بعد چندے بمرتبۂ منشی گری رسیدہ از یارانِ مجلس روپوش شدہ چوں سرے بنظمِ گہر داشت آنرا ہم فراموش نکرد دریں نزدیکے روزے در مشاعرۂ میر صدر الدین اورا از دور دیدم سرخ و سفید شدہ و ہزال بقد بہی مبدل گشتہ عمرش قریب پنجاہ خواہد بود، از وست:-

ترے خیال سوا دل کو کوئی کام نہیں — لب و زباں میں ترے نام بن کلام نہیں
تمہیں تو ایک سخن پر کبھی قیام نہیں — جب آئی صبح کہا ہاں جب آئی شام نہیں
رہِ طلب کی درازی کا کیا بیاں کیجے — تمام ہم ہوئے منزل ابھی تمام نہیں
کرو نہ مرہم تدبیر کو ابھی ضائع — جراحتِ دلِ گوہر کو التیام نہیں

گریاں

کنور بہادر گریاں تخلص

مدت سے ڈھونڈتا ہوں کروں کیا بیانِ داغ — دل ہی نہیں ملے ہی سے ملے کیا نشانِ داغ

گر صبر ہی ہم کو یار ہووے — جوں برق نہ اضطرار ہووے
ہرگز نہ ملیں کسی سے یہاں ہم — گر دل پہ کچھ اختیار ہووے
اب صاف ہی صاف کہدے ہمکو — گر دل میں ترے غبار ہووے
آنسو نہیں رکتے روتے گریاں — کیونکر کوئی اشکبار ہووے

---

(۱) ن۔ شاگرد طالب علیخاں عیشی

گہر

میرزا امداد علی گہر تخلص از دو جا فیض یافتہ یکے منصور خاں تہر و دوم میرزا میر ناصر مرحوم مغفور شعر را معنی بندانہ می گوید عمرش بیست و دو سالہ خواہد بود انچہ از وبہم رسیدہ اینست :-

خار ہوں میں گرچہ باغِ انتظارِ یار کا
ہے ہر اک برگِ خزاں نرگس مرے گلزار کا

مثلِ تصویرِ نہالی غش میں رہتا ہے مدام
یہ ہوا ہے حال تیرے ہجر کے بیمار کا

کوئی دل ایسا نہیں جو لا سکے تابِ جمال
چشم کو کس کی ہے یارا یار کے دیدار کا

اشکِ خوں آنکھوں سے یادِ گلرخاں میں ہیں رواں
تختۂ دامن مرا اک تختہ ہے گلزار کا

کاوشِ مژگانِ دلبر یاد آتی تھی ہمیں
وادیٔ وحشت میں تھا صدمہ جو پا کو خار کا

بوئے گل کی طرح جاوے جان سوئے دشتِ وصال
وحی کی مانند نازل ہو جو نامہ یار کا

سر پہ کھینچے تیغ قاتل میرے رہتا ہے کھڑا
عشق جب سے ہو گیا ہے ابروئے خمدار کا

آفتابِ حشر تیرا کیا کرے گا اے گہر
ہے تجھے کافی وسیلہ حیدرِ کرار کا

اُٹھ سکے بارِ گراں نازک مزاجوں سے کہاں
دل مرا رنج و الم کے کوہ کا حامل نہیں

ہر گھڑی سمجھانا ناحق ہے تو مجھ بدنام کو
ناصحا میں کیا کروں قابو میں اپنا دل نہیں

آہ سے جائے ہوا اور شعلہ سے سب جسمِ زار
اپنی خلقت ہی میں شاید خاکِ آب و گل نہیں

بوجھ سر کا دوش پر کوہِ گراں سے ہے فزوں
کیا کہیں اس دہر میں اپنا کوئی قاتل نہیں

اے گہر دل آہ زلفِ عنبریں میں تو پھنسا
بے وفائی کے سوا خوباں سے کچھ حاصل نہیں

مراملنا: ہرگز چھوڑیو لوگوں کے کہنے سے
تجھے جو منع کرتے ہیں بھلا وہ کون ہوتے ہیں
غضب ہے وہ نہیں واقف کہ غم میں جسکی ہم اب[1] تو
تڑپتے ہیں بلکتے ہیں اور اپنی جان کھوتے ہیں

گل نہ جب اُس کے کف پا کے برابر ہو سکے
کون پھر ایسا ہی یہاں جو اُس کے ہمسر ہو سکے
ماہ کو نسبت نہیں چہرے سے اس کے پھر بھلا
کب مقابل کان کے موتی سے اختر ہو سکے
خوشنما اُس ابروئے خمدار میں جیسے ہیں بال
تیغ میں ایسی صفائی سے نہ جوہر ہو سکے
تیرے رونے سے یہ ڈر ہے غرق ہو جائے نہ خلق
ضبط گریہ کیجیو گر دیدۂ تر ہو سکے
اُس لب شیریں کی تو زنہار کچھ پوچھو نہ بات
کب برابر اُس کے یہ قند مکرر ہو سکے
بندگی کرنا خدا کی خوب ہی لکنت یہ بات
ترک ملنا ان بتوں کا کیجئے گر ہو سکے

ردیف (م)

مفتوں

شیخ غلام مرتضی چودھری ردولی مفتوں تخلص عمرش قریب سی سال خواہد بود بمقتضائے موزونی طبع چیزے موزوں می کند آشنای قاسم علی است، از وست:-

تم غیر کی لے شال کو جب تان کے سوئے
ہم گور غریباں ہی میں بس آن کے سوئے

مہدی

مہدی علی مراد آبادی قوم شیخ سکنۂ مراد آباد، جوان قابل و دانا ست در فارسی

---

(۱) ن - بجائے اب تو، لکنت

ردیف (ل)

لکنت

محمد بشیر خاں ولد محمد معصوم خاں متوطنِ رامپور عم زادہ و شاگردِ مستقیم خاں سعت جوانِ مجمع الاخلاق است از باعثِ لکنتِ زبان لکنت تخلص می نماید عمرش بست و هفت(۱) ساله خواہد بود، از وست :-

دل پر کچھ اس قدر ہوئی تاثیر زلف کی — رہتی ہے اپنی آنکھوں میں تصویر زلف کی
دل تو لیا نگہ نے کسے دوش دیجئے — خط کی نہ کچھ خطا ہے نہ تقصیر زلف کی

فدا جب سے ہوئے اس گلبدن کے — ہزاروں ہم نے کھائے گل بدن کے

خبر کسی کی کسی نے جو کچھ سنائی رات — تو اس خیال میں ہم کو نہ نیند آئی رات
رواں ہے چشم سے خوں آج اس سبب کہ ہمیں — نظر پڑا تھا کوئی پنجۂ حنائی رات
خیالِ زلف و رخ اس کے کیا کہوں لکنت — کبھی دکھایا ہمیں دن کبھی دکھائی رات

تصور کر مژہ کا دل میں اس گلرو کے روتے ہیں — عزیزو ہم یہ اپنے حق میں کانٹے آپ بوتے ہیں
میں دیوانہ ہوں اس کہنے کا جب دیر بیکار آیا — تو فرمایا کوئی کہہ دو کہ اب تو آپ سوتے ہیں
نہ جانیں کس کی سمرن یاد آئے ہے کہ رو رو کر — مژہ سے آنسوؤں کے ہم جو یہ موتی پروتے ہیں
کفِ دستِ بتاں پر تم نہ سمجھو رنگ مہندی کا — سدا یہ خونِ عشاقوں سے اپنے ہاتھ دھوتے ہیں

---

(۱) ن - بست و دو -

محبت کے عقدے ہزاروں ہیں نہ کھلتے
تصور جو اس کا ذرا باندھتے ہیں
جو مائل ہیں دل سے کسی اچپلے پر
وہ مضموں ہی اچپلا باندھتے ہیں

مائل

سید مدد علی مائل تخلص، ساداتِ علوی ساکنِ امیٹھی طبعے رسا و موزوں دارد چند ماہ از شاہ ملوک اصلاحِ شعر گرفتہ بود۔ ایں ابیات طبع زادِ اوست:۔

شد مرغِ خوش الحاں خامش از آہ و فغانِ ما
لبِ گل غنچہ گردد بشنود گر داستانِ ما
خوشا عشقے کہ از ہستی رہائی می دہد مارا
بمنزل گاہِ قربِ حق رسائی می دہد مارا
برتبہ برسانید عشق شانِ مرا
ملک بدیدہ کشد خاکِ آستانِ مرا
غمزۂ چشم بتاں آفتِ جانست مرا
دل ازیں دشنۂ خوں ریز طپانست مرا
بہ شوق روئے تو گل چاک زد گریباں را
چو دید رنگِ تو رنگے نماند بستاں را
سوزد ز آتشِ غمِ ہجرِ تو داغ ما
روغن ز خونِ دیدہ بود در چراغ ما
ہمائے وصل تیم بخت . . . . آشیاں را
بریزد در ہوائے ما پرِ پروازِ عنقا را
ز شمعِ روئے تو آتش بہ محفل افتادہ است
بہر طرف پرِ پروانۂ دل افتادہ است
گردوں خراب گردشِ چشمِ سیاہ کیست
برہم زنِ زمانۂ عاشق نگاہِ کیست
مرا بسیر و تماشائے باغ کارے نیست
کہ بہتر از دلِ پُر داغ لالہ زارے نیست
لعلِ نوشینِ تو دیدم یمن از یادم رفت
بوئے زلفِ تو شنیدم ختن از یادم رفت
اجل فریاد کش بہرِ مبارکباد می آید
چو بہر کشتنم خنجر بہ کف جلاد می آید
بتانکہ از نگہے سنگ آب می سازند
فغاں کہ خانۂ مردم خراب می سازند
در تنم تا لبِ جاں بخشِ تو جان پیدا کرد
مردہ از سایۂ من روح رواں پیدا کرد
دارم ز اشکِ لختِ دل زیں چشم طوفاں در بغل
درِ عدن در آستیں لعلِ بدخشاں در بغل

و ہندی ہر دو زبان فکر می کند و بر شاعری خود غرور کمال دارد روز ہائیکہ از شہر خود در لکھنؤ گذر افگند بہ ملاقاتِ فقیر ہم آمدہ بود عمرش تخمیناً از سی متجاوز خواہد بود ، ازوست :-

اک شور تازہ ہو تپشِ دل کو دیکھ کر   محشر تڑپ اُٹھے ترے بسمل کو دیکھ کر

جو اشک نہ ہو خوں مے دامن پہ نہ آوے   جو شمع نہ ہو گل مرے مدفن پہ نہ آوے

از بسکہ شبِ وصل میں جلدی ہی سحر کی   چوٹی پہ یہ قدغن ہے کہ گردن پہ نہ آوے

مائل

میر ہدایت علی مائل تخلص ، ازوست :-

آتا ہے دمبدم یہی رونا یہاں مجھے   پھینکا فلک نے ہائے کہاں سے کہاں مجھے

مائل

مائل تخلص شاگرد میر غلام علی عشرت بریلوی درایامیکہ بہ لکھنؤ گذر افگندہ احتیاطاً اکثر غزلِ خود را بہ نظرِ اصلاحِ فقیر گذرانیدہ عمرش سی سال خواہد بود ، ازوست :-

اس مہ کو دیکھ آئینہ حیران رہ گیا   سنبل بھی دیکھ زلف پریشان رہ گیا

سب ہمصفیر منزلِ مقصود کو گئے   میں پاشکستہ بے سروسامان رہ گیا

وہ ایک آن میں آن کر توڑتا ہے   تصور جو ہم سالہا باندھتے ہیں

جنوں مجکو ہے یا جنوں ہم دموں کو   جو زنجیر سے دست و پا باندھتے ہیں

نہ مل غیر سے اس لئے ہاتھ اپنے   ترے آگے اے دلربا باندھتے ہیں

لپٹا ہوں میں خود بہ خود پیچ کھا کھا   جو..... وہ نام خدا باندھتے ہیں

کھنچے ہے جو معشوق عاشق سے اپنے — بغل میں وہی ہے کشیدن کے قابل
نہ پہنچے کبھو ہائے قدموں تک اُس کے — مرے ہاتھ ہیں یہ بریدن کے قابل
کہانی نہ کہو اوہ ہجراں کی ہم سے — . . . نہیں ہے شنیدن کے قابل

گلی سے یار کی کیوں بوالہوس نہ ہٹ جائیں — قدم جو آگے بڑھاویں تو کونچیں کٹ جاویں
دیا نہ چرخ نے مہ کا سا بھی کمال و زوال — کہ نصف ماہ بڑھیں نصف ماہ گھٹ جاویں
وہ دانہ ہائے سرشک اپنے بے بہا ہیں — کہ جن کو دیکھے تو دیدۂ صدف کے پھٹ جاویں
دلا سخن کا نہیں اعتبار خوباں کے — ادھر یہ بات کہیں اور اُدھر پلٹ جاویں
کہانی عشق کی مرزا مری پریشاں ہے — سُنے سے خلق کی نیندیں نہ کیوں اچٹ جاویں

بوالہوس برہم ہو کے بولا میں جو اس کی بات میں — آپ بھی دینے لگے اب دخل معقولات میں
مجکو روتا چھوڑ کر اے یار جاتا ہے کدھر — گھر سے باہر کوئی بھی نکلے ہے اس برسات میں
زلف کو رُخ سے اٹھاتا گر نہ وہ خورشید رو — یک سرِ مو فرق ہو سکتا نہ دن اور رات میں
کس کمین میں اے کمینے اس قدر ہے رات دن — کچھ خبر بھی ہے قضا تیری لگی ہے گھات میں
آگے اے مرزا نہ تیری وضع رندوں کی سی تھی — گھر بنایا تو نے بھی جا کر مگر باغات میں

تدبیر بشر کی یہاں زنہار نہیں چلتی — تقدیر کے آگے کچھ اے یار نہیں چلتی
مژگاں کے بھی تیروں کے ہوتے ہیں تہی دستے — ابرو کی فقط ہم پر تلوار نہیں چلتی
مجنوں کی عیادت کو سب جاتے ہیں اے لیلیٰ — کیسی ہے تو عاشق کی غمخوار نہیں چلتی
رندوں کی زبس دھومیں کھاتا ہے تو اے زاہد — دو دن بھی ترے سر پہ دستار نہیں چلتی
دیکھا اُس کو تجھے مرزا ہو جاتی ہے خاموشی — کیوں منہ میں زباں وقت گفتار نہیں چلتی

رخنود غافل بہ بزم آں پری رخسار من بودم　　بکارِ خویشتن دیوانۂ ہشیار من بودم

درآغوشم شب آمد بادہ پیما کج کلاہِ من　　زمستی در ہوار قصد برنگِ گل کلاہِ من

برقع از روے جہاں تاب اگر باز کنی　　ماہ و خورشید ز عالم نظر انداز کنی

مجروح

منشی کشن چند مجروح تخلص پیش از آمدنِ فقیر در لکھنؤ صاحبِ مشاعرہ بود۔

از وست :-

نہ سیرِ باغ نہ گلگشتِ لالہ زار کروں　　یہ آرزو ہی تماشائے روئے یار کروں

مرزا

احترام الدولہ محمد حسین خاں معروف نواب مرزا مرزا تخلص از حالش خبرنہ دارم۔ از وست :-

صدمۂ غم نیا ہیرا اے ناصح　　جی ٹہرتے ٹہرتے ٹہرے گا

مرزا

آغا میرزا مرزا تخلص شاگرد میر محمد تقی میر، جوانِ مہذب الاخلاق است مولدش لکھنؤ و طبعش در گفتنِ شعر روائی تمام دارد و در استاد پرستی بے نظیر دیدمش از ابتدائے ملاقات بایں فقیر بہ نظرِ نیک وضع دیدمش عمرش قریب بہ چہل خواہد بود، از وست :-

بہارِ رخ اس کی ہے دیدن کے قابل　　گلِ حسن اس کا ہے چیدن کے قابل

منتظر

خواجہ منتظر تخلص از متوسطین است، ازوست :-

تیرے تھے میاں خواہ برے خواہ بھلے ہم ۔۔۔ لے یار تو خوش رہ کہ ترے در سے چلے ہم

بیخود اتنا ہے نہ کچھ ایما نہ کچھ تقریر ہے ۔۔۔ منتظر کے ہاتھ میں شاید تری تصویر ہے

مجنوں

میر حمایت علی مجنوں تخلص

ڈرنا ہی مناسب تھا خونخوار کی آنکھوں سے ۔۔۔ مارا نہ مجھے آخر کس پیار کی آنکھوں سے

محسن

محمد محسن تخلص

مرا رنگ رو اس قدر زرد ہے ۔۔۔ کہ یہاں زعفران زار بھی گرد ہے

مخلص

میر باقر عرف مخلص علی خاں مخلص تخلص

آئینہ رو کے دل میں کوئی راہ کیا کرے ۔۔۔ دم مارنے کی بات نہیں آہ کیا کرے

مستمند

یار علی خاں مستمند تخلص

سوزن جو اُس مژہ کی یاد آگئی تو ہمدم — چاکِ جگر کو اپنے ہم بھی رفو کریں گے
اے جوہری نہ ہرگز تو دُرج دُر کو وا کر — آنسو مرے گہر کو بے آبرو کریں گے
فرصت جو ایک دم کی پاوینگے غم کے ہاتھوں — گم گشتہ اپنے دل کی ہم جستجو کریں گے
دنیا نے پشت ادھر کر پھیرا ہے منہ کو اپنے — ہم بھی نہ اس کی جانب زنہار رو کریں گے
تو بد بر اپنے دل میں اے عندلیب مت ہو — ہرگز نہ اُس کے ہوتے ہم گل کو بو کریں گے
عاشق کی تب پڑھیں گے خوباں نمازِ میت — جب قتل کر کے اُس کے خوں سے وضو کریں گے
بے ذکرِ یار مرزا جینے کا لطف کیا ہے — جب تک کہ تن میں دم ہے یہ گفتگو کریں گے

آذر بناوے لاکھ صنم سل تراش کے — اس بت کے ایک ہو نہ مقابل تراش کے
جام بلور کی یہ چمک چاندنی میں تھی — گویا رکھا ہے لالۂ کامل تراش کے

پہچانے تا نہ کوئی کہ یہ کس کی لاش تھی — سر تن سے لے گیا مرا قاتل اتار کے

مشتاق

میر احسن مشتاق تخلص، از دست :-

اتنی ہم بندگی پہ بھولے تھے — پر جو دیکھا وہاں خدائی ہے

مشتاق

میرزا ابراہیم بیگ مشتاق تخلص

موئے دامِ محبت میں تو اپنی داد کو پہنچے — نہ کر افسوس اے صیاد ہم فریاد کو پہنچے

خاطرِ اغیار کی منظور ہو جس دلبر کو — خود بخود کیوں نہ وہ ٹھہرائے گنہگار ہمیں

اب جو پھر ملنے کا ہم سے نامۂ پیغام ہے — نامہ بر کہیو تمھارا یہ خیالِ خام ہے

منحرف جس وقت ہم سے یارِ پُرفن ہو گیا — اپنا ہی دل آخر اپنے جی کا دشمن ہو گیا
جی میں آیا تھا یہ اک دن راہ میں ٹھہرائیے — پر ہوا اک آن میں اُس گل کا توسن ہو گیا
دیکھ اے رشکِ چمن اس کی کبھی آکر تو سیر — گلشنِ لالہ ترے کشتے کا مدفن ہو گیا
عشق کرتے اب کسی سے عار آتی ہے ہمیں — کیا کریں مستعملِ اجلاف یہ فن ہو گیا

سر رکھا یار کے قدموں پہ جھکا کر اپنا — تو بھی اس نے نہ نکالا کبھی خنجر اپنا
ہر طرح اس کی اطاعت میں رہے مصروف ہم — نہ ہوا ہائے کسی طرح وہ دلبر اپنا
نخوتِ حسن سے ہرگز نہ دیا اُس نے جواب — حالِ دل ہم نے کہا اُس سے مکرر اپنا
کوچۂ یار میں ٹھہرے تو کہا یوں اس نے — در پہ میرے نہ لگانا کہیں بستر اپنا
تا دمِ نزع نہ بر آئے امیدِ دلِ زار — شکوہ کیا کیجئے یوں ہی تھا مقدر اپنا

لاکھ اگر صدمے ہوں اک آہِ رسا کرتی نہیں — تیرے بیمارِ غمِ ہجراں دوا کرتے نہیں
عاشقِ بیچارہ سب صورت سے حاضر تھا ولے — کیا کرے معشوق ہرجائی وفا کرتے نہیں
عاشقی میں اب بہم پہنچا ہے ہم کو امتیاز — ہر کس و ناکس کو مذتب آشنا کرتے نہیں

ابتدائے ترکِ الفت میں بہت بیتاب تھا — رفتہ رفتہ اب مرے دل کو قرار آنے لگا

لگی ہے جس طرح میری دلِ بیتاب میں آتش ... نہ دیکھی ہوگی تونے شمع ایسی خواب میں آتش

ممتاز

حافظ علی ممتاز تخلص

ہزار مرتبہ دیکھا ستم جدائی کا ... ہنوز حوصلہ باقی ہے آشنائی کا

مقبول

مقبول نبی مقبول تخلص

پھیرے خدا رقیبوں سے جی میرے یار کا ... اتنا ہی مدعا ہے دلِ بے قرار کا

مذنب

میرزا محمد حسن عرف چھوٹے میرزا مذنب تخلص خلفِ میرزا حسن جوانیست خوش تحریر و خوش تقریر از ابتدائے بلوغ ہمت بہ تحصیلِ علوم گشتہ و در ہر فن بقدرِ حال استعداد پیدا کردہ خصوص در روایات خوانیِ جناب سید الشہدا علیہ السلام دستے تمام دارد و از عہدۂ آں خوب بر می آید کتابہائے دینیہ را اکثر دیدہ و رسیدہ در تطبیقِ عباراتِ ماتمیہ و پیوند دادنِ روایاتِ مختلفہ ذہنش بدرستی نفوذ می کند ہر چند خود را بہ نظمِ شعر ہم مصروف داشتہ او سی و دو سالہ خواہد بود۔ از وست:-

جو کھا کے پان مری لاش پر گیا قاتل ... مرے عزیزوں نے میرا وہ خوں بہا سمجھا

ہوئی جو میرے دلِ مضطرب کو کچھ تسکیں ... میں اپنے نالوں کو وقتِ سحر دعا سمجھا

جب نظر آگیا وہ شوخِ طرحدار ہمیں ... رنگ دکھلانے لگا دیدۂ خونبار ہمیں

فروغِ رنگِ رخِ گُل کو دیکھ کر بلبل ۔۔۔ یہ محو تھی کہ نہ تھا اُس کو آشیاں کا ہوش

تمام عمر تصور سے تھی ہم آغوشی ۔۔۔ وہ مجھ سے دور رہا اس سے میں جدا نہ ہوا

مری طرف سے یہ گل رو سے کہیو بادِ صبا ۔۔۔ جو تم نے وعدے کئے ایک بھی وفا نہ ہوا

ستایا دوستی میں ہم کو یار نے مغموم ۔۔۔ پر اس کا شکرِ جفا ہم سے کچھ ادا نہ ہوا

مہدی

نواب جلال الدولہ مہدی علی خاں بہادر شجاعت جنگ مہدی تخلص خلف الرشید نوابِ مرحوم مغفور سعادت علی خاں بہادر، جوانیست باغ وبہار وسر جملہ اسخیائے روزگار بفضلِ الٰہی در جمیع فنونِ دانشمندی ودانائی نظیر نہ دارد خصوصاً در علم تیراندازی چناں مشقے بہم رسانیدہ کہ استادانِ ایں فن شاگردی او را فخر خود میدانند بمقتضائے موزونیٔ طبع در زرانت رائے رزیں گاہے گاہے اشہبِ خیال را بمیدانِ فصاحت وبلاغت جولاں می دہند و دل فریبیہا از سامعین می نمایند و در سرکارِ دولت مدارِ ایشاں بعضے از صاحب کمالانِ ایں فن بہ صیغۂ شاعری عز امتیاز دارند دراں جملہ نفقیر ہم داخل است و پیش ازیں در حینِ حیاتِ نوابِ مغفور ہم با شعرائے چند ملازم ایشاں ماندہ و اکثرے را از اربابِ ترنم و رقص مجلس نشاط ترانہ ریزی و زمزمہ سازی رشکِ گلستانِ ارم میدارند و توجۂ خاطرِ شریف بیشتر بایں مردم است و ہم از سادہ رویانِ گلعذار و سرو قدانِ لالہ رخسار گلدستہ بندِ مجلسِ نشاط میباشند عمرِ جناب بست و پنج سالہ خواہد بود از نتائجِ طبعِ گرامیٔ ایشانست :۔

اب کیا صنم ہونے لگی ایجاد تیرے ہاتھ سے ۔۔۔ کرتے ہیں جو خورد و کلاں فریاد تیری ہاتھ سے

نازو ادا کو دیکھ کر نرگس نمطے کر قلم ۔۔۔ حیرت زدہ ہی سر نگوں بہزاد تیری ہاتھ سے

ہے مجکو عشق کا آزار پہچانا نہیں جاتا ۔۔۔ ہوا ہوں اس قدر بیمار پہچانا نہیں جاتا
خراشِ ناخنِ غم اس طرح چہرے سے ظاہر ہے ۔۔۔ کہ اس کا طالبِ دیدار پہچانا نہیں جاتا
صفائی عارضِ گلگوں کی زائل ہوگئی آخر ۔۔۔ نمایاں خط ہوا دلدار پہچانا نہیں جاتا
گریباں میں رفوگر نے کیا ہے جو رفو مذنب ۔۔۔ تم ایسا رفو ہے ہر ایک تار پہچانا نہیں جاتا

میں حیرت میں ہوں سوزِ عشق کیونکر ہو گیا ظاہر ۔۔۔ وہ ایسا کونسا تھا جس نے دل کا آبلہ دیکھا
بہت سے آشنا اشفاق سے تھے مانعِ الفت ۔۔۔ نہ سمجھے اول آخر چاہ کا ہم نے مزا دیکھا

خواب میں شب اُس گلِ رعنا سے ہم آغوش تھا ۔۔۔ تا سحر بستر سے میرے بوئے گل کا جوش تھا
حال زار افسوس مذنب کا نہ پوچھا یار نے ۔۔۔ گل کا جب دیکھا تو پیغامِ صبا پر گوش تھا

سرگذشتِ سینۂ سوزاں نہ پوچھی یار نے ۔۔۔ کی نہ کچھ تاثیر میری آہِ آتش بار نے

کم ہوتی نہیں ہے کسی عنوان طپشِ دل ۔۔۔ ہے دامنِ مژگاں سے فروزاں طپشِ دل
نظارۂ بستانِ جہاں کے نہیں مشتاق ۔۔۔ کردے گی درون اپنا گلستاں طپشِ دل

مغموم

کلو خاں مغموم تخلص شاگردِ مذنب است، از وست :-

یار میرا جو گیا کل چمنستان کے بیچ ۔۔۔ تار باقی نہ رہا گل کے گریبان کے بیچ

کہاں ہے عاشقِ بیتاب کو فغاں کا ہوش ۔۔۔ نہیں رہا ہے اُسے اپنے جسم و جاں کا ہوش

ہدہی کا تذکرہ جب آیا تو یوں وہ بولے
وحشی ہے خبطی ہے وہ اس میں کمال کیا ہے

کیوں نہ پہچان اُسے دیکھ کے بلبل ہووے
جس کے رخسار پہ قربان ہر اِک گل ہووے
ایک دم بھی نہ مری اُس نے خبر لی ہمدم
کیا کروں آہ جو اس کا یہ تغافل ہووے

قتل کی شاید مرے تدبیر ہے
ہاتھ میں قاتل کے جو شمشیر ہے
اس کماں ابرو سے کیونکر دل بچے
ہر مژہ ناوک کا گویا تیر ہے
سنگدل وہ مجھ تلک آتا نہیں
آہ کیوں ایسی تو بے تاثیر ہے
دل پھنسا کر زلف میں کہنے لگا
عشق میں ہدہی بھی زنجیر ہے

یوں رخ پہ ہے اس کے خطِ رخسار کی آمد
گلشن میں ہو جوں سبزۂ گلزار کی آمد

جہاں میں ہر طرف ہر کو بہ کو مذکور ہی تیرا
جمال و حسن کا ایسا پرپرو، شور ہی تیرا
ہر اک پیر و جوان و طفل سب ہیں دید کے طالب
یہ شہرہ جا بجا کچھ خود بخود مشہور ہی تیرا
ہر اک دل میں ہر اک گل میں ہر اک بو میں ہر اک شے میں
زمیں سے آسماں تک جلوہ گر اک نور ہی تیرا
مثالِ شمع ہر پروانۂ جانسوز شیدا کو
جلانا ہر طرح اے شعلہ رو دستور ہی تیرا
دل و دیں دے چکے اب جان بھی دینے کو حاضر ہیں
خوشی رکھنا ہمیں ہر طور سے منظور ہی تیرا
جفا کر یا وفا کر یا ستم کر اے کرم پرور
جو کچھ چاہے سو کر ہم پر سبھی مقدور ہی تیرا

عشق میں ہم نے یہ کمائی کی
دل دیا غم سے آشنائی کی
حسن و خوبی نے تیرے اے دلدار
سر بسر ہم سے بیوفائی کی

کچھ بھی نہ ترس آیا تجھے اے عشق ہے یہ کیا غضب — لاکھوں ہی گھر ہی ہو گئے برباد تیری ہاتھ سے
ہے مہربانی نے کرم نے لطف ہے اے سیمبر — ہووے گا یہ ناشاد دل کب شاد تیری ہاتھ سے
مہدی پیئے گا جام مل اسوقت سب بزموں کے بیچ — جس وقت ہوگا اے صنم امداد تیری ہاتھ سے

دل نے ہمارے ہجر سے جب اُس کے آہ کی — افسوس دل میں یار کے کچھ بھی نہ راہ کی
عاشق ہزار جی سے فدا ہو گئے وہیں — جب اُس نے دے کے آنکھوں میں نگاہ کی
وہ شوخ اچپلا ہے جو مہدی تمہارا یار — صورت ہو اُس سے دیکھئے کیونکر نباہ کی

دل بیتاب ایسا دھڑکے ہے — جیسے بلبل قفس میں پھڑکے ہے
اُس نگہ اور دل سے اے مہدی — ڈھال تلوار روز کھڑکے ہے

مجھ سے کیونکر ہو بھلا مہدی ہوں اُس یار سے ربط — وہ تو رکھتا ہے بہت ان دنوں اغیار سے ربط
کوئی بتلا دو مجھے بہر خدا اے یارو — کیونکہ پیدا کروں میں اس بت عیار سے ربط

کہتے ہو اس کو آنا ہم تک محال کیا ہے — دیکھو تو جا کے صاحب مہدی کا حال کیا ہے
مانند سبزہ ہوں میں پامال ہم کو مت کر — اتنا بھی سر اٹھانا تو اے نہال کیا ہے
تیغ و سپر سنبھالے ناحق اکڑ رہے ہو — سوچو تو دل میں صاحب یہ چال ڈھال کیا ہے
مارا ہوا کسی کی زلفوں کا کہہ رہا تھا — پڑتا نہیں جواب تک اپنا وبال کیا ہے
قاصد نے میرا نامہ اُس کو دیا تو لے کر — کاغذ کو پھاڑ ڈالا بولا وہ مال کیا ہے
منہ صبح اٹھ کے تم نے دیکھا تھا آج کس کا — کچھ منہ سے بولو صاحب وجہ ملال کیا ہے
مت سر پکڑ کے بیٹھو کچھ فکر کا سبب بھی — عاشق کو مار ڈالا پھر انفعال کیا ہے

تحصیلِ علمی من پرسی گویم تو کہ تکمیلِ فارسی و نظم و نثر آں بہ شاہجہاں آباد درسی سالگی
بخوبی میسر آمدہ بود درایامیکہ جلائے وطن کردہ دریں دیار تازہ آمدہ قیام ورزیدم علمِ
عربی یعنی طبیعی و الٰہی و ریاضی از مولوی مستقیم سکنۂ گوپامؤ شاگردِ مولوی حسن خواجہ تاش
مولوی مبین عالم العلما خواندہ ام و مبتدی صدرا را بلد شدہ و قانونچہ را از مولوی
مظہر علی کہ در صرف و نحو ثانیٔ ایشاں کم پیدا می شود دریافتہ۔ غرض آخر عمر از فضلِ الٰہی
بہ عربیت و تفاسیرِ قرآنِ مجید مایہ بہم رسانیدم کہ تصنیفِ دیوانِ عربی را ارادہ می کردم
نیز صورت می بست بلکہ قریب یک جزو غزلیات و یک دو صد قصیدہ نعتِ رسول
صلی اللہ علیہ وسلم کہ گفتہ بودم آں جزو مسودہ صاف کردہ بر طاقِ بلند افتادہ بود بسبب
نم زدگی باراں ارضۂ قوت خود نمودہ پارہ کاغذ کرم خوردہ و پارہ سلامت بر آمد مضمون
بستہ آں نظم از دست رفت۔ دوسہ مقاماتِ حریری کہ مع شرح داشتم و جزوے بسواد
ہم دادم از مولوی عنایت محمد شاگردِ خود کہ قصایدِ عربی از من خواندہ اند، دیدہ ام و
ازاں کتاب محاورہاے زبان عرب را اندکے دریافتہ اگر زمانہ فرصت داد با تمامش
می رسانم۔ معنیٔ متنِ قرآن را بے احتیاجِ تفسیر حرف بہ حرف بسینہ دارم۔ اکثر کتابہاے
عربی مثل مختصر و مطول بیک مطالعۂ من آساں می شوند و ہیچ مطلبے غامض تر از فکرِ من در
پردۂ اختفا نمی ماند۔ ایں نقص را کہ عربی داں نہ بودم دریں شہر از خود دفع نمودم۔ نقص
دوم ناآشنائی علمِ عروض و قافیہ بمطالعہ چند شبے عروضہاے استاداں گذشتہ در
عرصۂ قلیل بدور انداختم و خود ہم عروضے مختصر تالیف نمودم و نام آں خلاصۃ العروض
گذاشتم الحمد للہ کہ ہر چہ مقصود من بود حاصل شد و ایں ہر دو زبانِ فارسی و ہندی از ایامِ
شباب مثلِ غلام و کنیز شب و روز پیشِ من کمر بستہ حاضر می مانند۔ اما در عربی چنانکہ دل
می خواہد مزاولت باقیست۔ در زبانِ اردوے ریختہ قریب صد کس امیرزادہا و غریب
زادہا بحلقۂ شاگردیٔ من آمدہ باشند و فصاحت و بلاغت را از من آموختہ در محاورہ

عہد میں تیرے اب ہے دل شکنی — تو نے کیسی صنم خدائی کی
دل مرا اس کے یوں خراب کیا — واہ کیا خوب دل ربائی کی
آہ ہدیٰ سے اے صنم تو نے — وصل ہوتے ہی پھر جدائی کی

اس بتِ شوخ کے ہیں طالبِ دیدار کئی — اہلِ تسبیح کئی صاحبِ زنار کئی
حسن پر اپنے اب اے جان نہ کر اتنا غرور — اور بھی تجھ سے جہاں میں ہیں طرحدار کئی

اس شمع رو کی مجکو بھلی جو ادا لگی — سینے میں سوزِ عشق کی اک آگ جا لگی
دل میرا خون ہو گیا اک لخت دیکھ کر — ہدیٰ بھی اس کے ہاتھوں میں تھی غم حنا لگی
یوں سیکڑوں جہاں میں طرحدار ہیں پڑے — تیری ہی شکل پیاری مجھے دل ربا لگی

صحبت اس کے حضور کی ٹھہری — غم گیا اب سرور کی ٹھہری
مجکو بیتاب دیکھ کر ہدیٰ — اور بھی واں غرور کی ٹھہری

صورت اس کی سما گئی جی میں — آہ کیا آن بھا گئی جی میں
تو جو ہدیٰ بھلا ہوا تارک — ایسی کیا بات آ گئی جی میں

مصحفی

من کہ شیخ غلام ہمدانی مصحفیؔ تخلص ام احوالِ حسب و نسب از کتاب مجمع الفوائد معلوم نمائی چوں پیش ازیں تذکرہ فارسی و ہندی جمع کردہ ام سبب بریں تالیف کثرتِ موزونانِ دیارِ لکھنؤ کہ بالفعل آبادی شاہجہاں آباد بپاسنگِ او نمی رسد، شد۔ اگر از

شد فراموشِ تو شاید غمِ شادی مرگم — اے کہ در خواب دہی بوسۂ رخسار مرا
یادِ عہدیکہ بہ تقریبِ گدائی گاہے — گذرے بود بکوے تو شبِ تار مرا

ہرگز نہ آسماں نہ زمیں می کشد مرا — از من تو رُخ نہفتۂ ایں می کشد مرا
با غیر گرمِ جوششی ایں می کشد مرا — داغم ز خوے او کہ چنیں می کشد مرا
خوں کردہ ام ہدر کہ بتِ جنگجوے من — از مہر می کشد نہ بکیں می کشد مرا
خوے بہانہ جوے تو بے دردِ سر نہ بود — صندل کشیدنت بہ جبیں می کشد مرا
خواہ از زبانِ مطرب و خواہ از زبانِ یار — ہر جا کہ ہست صوتِ حزیں می کشد مرا
طفلے کہ زخمِ سینۂ من در دعائے اوست — ہر دم بخندۂ نمکیں می کشد مرا
کم خور فریبِ پردہ نشینی چو مصحفی — صیاد پیشہ ام بہ کمیں می کشد مرا

مرکب انداز کہ میدانِ تگ و تازے ہست — در رہت سینہ سپر عاشقِ جاں بازے ہست
می زنی حرف ازاں نرم درونِ خانہ — می شناسی کہ بروں گوش بر آوازے ہست
پردہ در خواہشِ دل چوں فگنم حیرانم — وہ کہ رسوا کنِ من غمزۂ غمازے ہست
می کنم بال و پرش سست بدستِ صیاد — تا نداند کہ مرا طاقتِ پروازے ہست
نیست نومیدیم از تو کہ دگر چشمِ ترا — سوے آئینہ نگاہِ غلط اندازے ہست
مصحفی را کہ . . . . — ایں قدر بس کہ دراں انجمن اعزازے ہست

مائلِ سوختنم شعلۂ آوازے ہست — در کمینِ دلِ من زمزمہ پردازے ہست
اے کہ پاں خوردہ ز عشرت کدۂ غیر آئی — با خبر باش کہ ہمراہِ تو غمازے ہست
سہل انکار ہم از خاطرِ خود دور کنی — بہ نیازِ منِ سودا زدہ ہم نازے ہست

فارسی کتاب مفید الشعرا کہ تالیف کردہ ام ازاں بر تو مرتبۂ فارسی دانئ من روشن خواہد شد۔ ایں ہمہ خیر بینی کہ در ریختہ دارم طفیلِ فارسی است اگرچہ الحال مرا ننگ می آید از نوشتنِ اشعارِ فارسی و ہندی خود۔ دریں جلد می خواستم کہ اشعارِ عربی بنویسم خردم بانگ برمن زد کہ چوں نامے دریں فن برآوردہ از نوشتنِ شعرِ عربی چہ حاصل، کہ می داند کہ می فہمد۔ چوں زبانِ فارسی از بے علمیِ صاحبانِ زمانہ رو در نقابِ اختفا دارد طبعیت ہا بیشتر متوجۂ ریختہ اندازدامنِ قبول ایں گلہائے شگفتہ را ریختن و بدرختانِ خار دارِ عربی آویختن عقلِ صلاح اندیش رخصت نہ دہد، ناچار بفتوائے رائے صایب از رطب ویابسِ کلامِ فارسی و ہندی ہرچہ مناسب دیدم بہ تحریرِ خامۂ وقائع نگار درآوردم بزیورِ قبولِ سامعانِ سخن سنج مجلّٰی وآراستہ وبحصولِ پذیرائی طبائعِ معنی دوست محلّے باد۔ سنہ عمرم تاالی الیوم قریب ہشتاد رسیدہ باشد اکنوں دل از دنیا برکندہ جز یادِ الٰہی و مصروف بودن بہ نماز و روزہ چیزے دیگر نمی خواہد او سبحانہ عاقبت بخیر کناد، لمولفہ

من بخود ہم نہ پسندم سخنِ نازِ ترا | کہ مبادا دگرے بشنود آوازِ ترا
درگلن بال و پرے میزنی اے پروانہ | امتحاں ساختہ ام طاقتِ پروازِ ترا

نمی دانم بسودائے کہ دریا چشمِ تر دارد | کہ درویشانہ سیاح است وکشتی برکمر دارد
بوقتِ گریہ آید بوئے تاثیرے زہرِ اشکم | کہ من می گریم و ایں گریہ اختر درگذر دارد

نظرے کردہ برویت چو رسد زر بہ چشم | لذتِ حسن تو از دیدۂ قاصد گیرم

دہ کہ با ضعفِ تن افتادہ کنوں کار مرا | ہم چو آئینہ بود پشت بدیوار مرا
مدتے شد کہ میانِ من و او آشتی است | کیست آنکس کہ کنوں می دہد آزار مرا

صیادِ من مرا بقفس دید مضطرب — اما ترحمے بہ گرفتاریم نہ کرد
خوشتر کہ آشیانہ بہ باغِ دگر برم — یک گل دریں چمن چو ہواداریم نہ کرد
رسوائے خلق ساخت مرا عشقِ دلبری — کو دل زمن ربودہ و دلداریم نہ کرد
از دیگراں چہ شکوہ کنم در فراقِ او — ہمسایہ ہم عیادتِ بیماریم نہ کرد

توی کہ می نکنی قصدِ امتحانِ کسے — چرا ز حسنِ تو آتش فتد بجانِ کسے
غبارِ کشتۂ نازِ تو می شود برباد — بیا بیام و بکن سیرِ آسمانِ کسے
بکوچۂ کہ بتاں رخشِ ناز می سازند — مجال نیست کہ گیرد تگے عنانِ کسے
ازیں حنائے سیہ رو دگر چہ می خواہی — کہ پنجہ ات زدہ آتش بدودمانِ کسے
طلاوتے کہ نہ دیدی ہنوز دریابی — اگر شوی بہ شبِ وصل میہمانِ کسے
درونِ خانہ تو اے نازنیں چہ میدانی — کہ گفتہ شد سرِ بازار داستانِ کسے
صبا ز طرفِ چمن گرچہ دامن افشاں رفت — نہ ریخت برگِ گلے ہم در آشیانِ کسے
اگرچہ پردہ برعنائیِ جمالِ تو نیست — ہنوز نامِ تو نہ گذشتہ بر زبانِ کسے
تو خود شکار شولے دل خدائے را مپسند — کہ تیرِ ناز برون آید از کمانِ کسے
چہ حاصل است ازیں نالہ مصحفی تن زن — چو نازِ او نہ نہد گوش بر فغانِ کسے

دردا کہ دوچارم شدہ یار آفت جانے — گل چہرہ بتے کم نگہے جانِ جہانے
صاحب نظرے آئینہ ناز بدستے — خودبیں صنمے کافر زنار میانے
درآرزوئے ہم چو خودی رفتہ زخویشی — سرمست مئے عشق و زکف دادہ عنانے
آتش بہ جگر . . . . زشوخی — رنگیں چمنے گلبدنے سحر بیانے
رقاصہ بتے خوش کمرے زنگلہ بندے — ہم کبکِ خرامیدہ و ہم سروِ روانے

مردگاں وقتِ خرامِ تو ہمیں می گوید — ایں طرف ہم قدم اندازِ اگر نازے ہست
بر دلِ خویشتنم رحم ازاں می آید — کہ دو چارِ نگہ حوصلہ پروازے ہست
با لبِ لعل توئے راز و نیازے دارد — چوں نہ دارد کہ ... چو تو دمسازے ہست
در شبِ وصل اگر خانۂ من شد آباد — نیم ایمن چو فلک خانہ براندازے ہست
یارب ایں مجلسِ رقص است کہ گلزارِ بہشت — ہر طرف می نگرم سروِ سرافرازے ہست
مصحفی تا خبرِ آمدنِ کیست بہ باغ — رنگِ رخسارۂ گل را سرِ پروازے ہست

اے مصحفی فغان و گلویت ہماں کہ بود — ہفتاد سالہ گشتی و خویت ہماں کہ بود
آں سوزش و شبابِ جوانی ز سر برفت — اما ز نظم مے و سبویت ہماں کہ بود
یارب عجب گلے کہ بہ سنگِ خزانِ غم — رنگت برخ شکستہ بویت ہماں کہ بود
صد بحر خشک گشتہ و صد چہ بہ تہ رسید — وز ابرِ فیض آب بجویت ہماں کہ بود
بازارِ لفظ و معنیِ احباب سرد شد — ہنگامہ گرم بر سرِ کویت ہماں کہ بود
ہر چند پیر گشتی و موئے تو شد سفید — اما صفائے بشرہ و رویت ہماں کہ بود
شاگردِ تازہ از پسِ شاگرد می رسد — یعنی رجوعِ خلق بسویت ہماں کہ بود
دانند پیر اگر دگرانت ز ابلہیست — در چشمِ من سیاہیِ مویت ہماں کہ بود
جائے قلم بدست کنوں سبحہ بہ گیر — کز نالۂ تو خلق عدویت ہماں کہ بود

ہرگز بہ وقتِ ضعف کسے یاریم نہ کرد — یک آشنا خیال مددگاریم نہ کرد
من کارِ خود حوالۂ لطفِ خدا کنم — چوں چارہ گر نگاہ بہ ناچاریم نہ کرد
شکر خدا کہ رازِ محبت ...... ماند — در کوچۂ تو گوش کسے زاریم نہ کرد
اندیشہ گر نہ بود ز بدنامیِ خودش — عیسیٰ چرا علاجِ دلِ افگاریم نہ کرد

گرا بکی مے کدے میں ہمیں بخت لے گئے
تو دیکھیو کہ شیشۂ و ساغر ہے اور ہم

ہے برخلاف ہم سے زمانہ تو کیا ہوا
کی بخت نے مدد تو وہ دلبر ہے اور ہم

سودا سا ہو گیا ہے ہمیں اس کے عشق میں
ہر شب خیالِ زلفِ معنبر ہے اور ہم

کنجِ قفس میں خوب سے کرلیویں چہچہے
آخر تو ایک دن دمِ خنجر ہے اور ہم

اس مخمصے میں کٹ گئیں راتیں فراق کی
نت دست بردعا دلِ مضطر ہے اور ہم

دل نذر کر چکے ہیں پری وش کے ہو سو ہو
اے مصحفیؔ اب آگے مقدر ہے اور ہم

زبان نالہ کش کس کی ہوئی تھی گرم شیون پہ
گدازِ موم کا عالم نظر آتا ہے آہن پر

اسیری گر مقدر ہے تو ہرگز غم نہ کھا اس کا
گراں لگتا نہیں قمری کو اپنا طوق گردن پر

لگیں تلواریں چلنے اس ادا پر بانکے ٹیڑھوں میں
ذرا کج ہو کے بیٹھا تھا وہ ظالم پشتِ توسن پر

فلک رہتا نہیں نازک دلوں کا بن جگر بیدھے
گذار اک پھول کا ہوتا ہے آخر نوکِ سوزن پر

رہے عشاق اک سو مٹ گیا اُس کا بھی نظارہ
ستم کرنے لگا مکڑی کا جالا چشمِ روزن پر

دشمنِ دین و دل و جان نہ ہو اتنا بھی
آدمی درپئے انسان نہ ہو اتنا بھی

غنچہ گر وقتِ سحر نیم تبسم بولا
کیا مرا چاکِ گریبان نہ ہو اتنا بھی

نگہِ بازپسیں کی ہے ہوس چاہوں ہوں
دلِ کم بخت میں ارمان نہ ہو اتنا بھی

خار و خس بسترِ دیبا و گلِ بالیں اشک
کیا شبِ وصل کا سامان نہ ہو اتنا بھی

حالتِ عاشقِ شوریدہ ہے عبرت کی جگہ
کوئی دنیا میں پریشان نہ ہو اتنا بھی

کیا کہوں کیسی خرابی میں ہوں میں یار بغیر
گھر کسی شخص کا سنسان نہ ہو اتنا بھی

اپنی طاقت پہ نظر کر تو دلا جانے دے
پیچھے اُس شوخ کے حیران نہ ہو اتنا بھی

مصحفیؔ دل کوئی ہرجائی کو دیتا ہے میاں
جان اور بوجھ کے نادان نہ ہو اتنا بھی

از بہر گرفتاریِ ما دام بدوشے | وز بہر پریشانیِ جان طرہ فشانے
چوں مصحفیِ خستہ روانند ہزاراں | دنبالِ چنیں حور وشے زمزمہ خوانے

اشعار ہندی

خونِ ناحق ہوں میں کیونکر کوئی کھووے مجکو | رہوں گردن پہ میں دامن سے جو دھووے مجکو

گھر میں جا دیتے ہیں درویش و تونگر ہم کو | خانہ بر دوش ہیں ہم چاہیئے کیا گھر ہم کو
مرگ نے بھی ترے زنداں کا زبس سمجھا تنگ | کر دیا خانۂ زنجیر سے باہر ہم کو
خط تو لکھا پہ اٹھانے نہیں دیتا غمِ رشک | ننگِ منت کشیِ بالِ کبوتر ہم کو
ہو گیا اشکوں میں آخر کو تنِ زار نہاں | لاغری تو نے کیا رشتۂ گوہر ہم کو
دیکھنے پائے نہ ہم سبزۂ گلشن کی بہار | خط کے آتے ہی ملا زہر کا ساغر ہم کو
نالۂ نیم شبی نے یہ بڑا قہر کیا | لے گیا وادیِ محشر کے برابر ہم کو

پیار سے دیکھ رہا ہے جو رخِ قاتل کو | کچھ تو ملتا ہے مزا تیغ تلے بسمل کو
کا تکی کا وہ نہان اب کے ہی حیرت افزا | جس نے آئینہ بنایا ہے رخِ ساحل کو
ایک بھی آبلہ پاؤں میں تو اب کی نہ پڑا | کیونکہ طے کر گئے یارانِ عدم منزل کو
سارباں ساتھ نہ ہووے تو ابھی لیلےٰ کی | ناقہ جاتا ہے سوئے نجد لئے محمل کو
مصحفی چین جو پایا ہے لحد میں پسِ مرگ | استخواں بھی مرے دیتے ہیں دعا قاتل کو

یہ تو کہاں کہ فرشِ مشجر ہے اور ہم | انجامِ کار خاک کا بستر ہے اور ہم
لے جا کے نامہ بیٹھ رہا اُس گلی کے بیچ | آوے گر اب کے واں سو کبوتر ہے اور ہم
جا کر اسیرِ فتنہ ہوئے اُس گلی کے بیچ | ہنگامہ ایک حشر کا سر پر ہے اور ہم

عیبِ معشوق بھی عاشق کو ہنر لگتا ہے
شمع کا دود ہی دودِ اگرِ پروانہ

پھیر کر قافیہ لکھ مطلعِ رنگیں آخر
سر بسر حسن میں بھرا ہو ہنرِ پروانہ

سب سے تمسک ہی محبت میں فنِ پروانہ
دوش پروانہ پہ ہے نت کفنِ پروانہ

اس طرح شوق سے آیا کہ نہ نکلا ہرگز
لگن شمع تھی گویا وطنِ پروانہ

درگذر اس سے کروں کیونکہ کسی بات میں
. . . . . . جان و تن پروانہ

لطفِ محفل میں ہی عاشق کو تو ہی باعثِ یار
گرم ہے شمع تلک انجمنِ پروانہ

نت فضولی سے ہی دل سوختگاں کو نفرت
پر پروانہ ہے بس پیرہنِ پروانہ

آپ سے کاہے کو جلتا یہ بھلا لے آخر
شعلۂ حسن ہوا راہزنِ پروانہ

مفلس

میر محب علی مفلس تخلص شاگردِ مولوی قدرت اللہ شوقؔ ساکنِ را مپور عمر پنجاہ سالہ داشت چہار سال می شوند کہ ازیں جہاں درگذشت، در مقطعِ ہر غزل مضمونِ اخلاص برائے رعایتِ تخلصِ خود می بست ہمہ مسودات بر باد رفتند ایں چند اشعار تبلاشِ تمام از تصنیفات بہم رسیدہ اند :-

اٹھایا منھ سے اپنے کیا نقاب اوسیم بر تونے
کئے بے نور دونو صاف یہ شمس و قمر تونے

اڑیں خبریں ترے بیمار کے مرنے کی عالم میں
خبر تو بھی نہ لی آکر ذرا او بے خبر تونے

جو کہ آیا دور میں تیرے وہ مستانہ بنا
خوئی قسمت نہ ہم کو ایک پیمانہ بنا

دیکھ تیری زلف دل کیا کیا نہ جانانہ بنا
وحشی و خبطی بنا سودائی دیوانہ بنا

تو پتنگا جس کو سمجھے ہے سنا او شمع رو
سو مرا دل ہی پھرے ہے تجھ پہ دیوانہ بنا

خواہشِ زخمِ جگر پھر دلِ افگار میں ہے
ہم تو سمجھے تھے کہ برش تری تلوار میں ہے

اُس سے کہنا ہے دمِ ذبح یہی کشتۂ ظلم
کیا صنم رحم بھی تیرے دلِ خونخوار میں ہے

طائرِ نامہ اُس شوخ نے کس کا مارا
سرخیٔ خونِ کبوتر لبِ سوفار میں ہے

موقلم سے نہیں مانی کی رقم ہو سکتی
کچھ نزاکت سی نزاکت کمرِ یار میں ہے

اتنی تندی سے نہ چلیو تو صبا بہرِ خدا
کاغذِ نامہ مرا رخنۂ دیوار میں ہے

مرضِ عشق کی صحت کے نہیں ہیں خواہاں
ہم ہیں عاشق ہمیں آرام اسی آزار میں ہے

اس کو منظور اجل کا ہے مگر استقبال
آتنی سرعت جو مری نبض کی رفتار میں ہے

پیچھے جانے کے خراماں کوئی پھرتا ہے مگر
کچھ چمک اور بھی ہر رخنۂ دیوار میں ہے

ماہر

غلام محمد خاں ماہر تخلص ساکنِ رام پور شاگردِ مولوی قدرت اللہ صاحب شوق تخلص بعمرِ بیست و دو سالہ ازیں جہاں گذشت، از وست :-

جنوں کے اب تو دفتر کی ہوئی ہے مجکو دیوانی
بجا ہے لے چلے مجنوں قلمداں کا مرے بستہ

نہیں ہے اشک مجھ پا شستہ کوئی ہے لخت دل
چلا ہے کرتی والوں پر یہ ٹوپی والوں کا دستہ

ترے کاکل کے پیچوں میں دل اپنا بندھ سکے کیونکر
وبالِ جان ہے طے کرنا شبِ تاریک میں رستہ

فقط طالب ہو سیم و زر کے ظاہر اب ہوا پیارے
غلط مشتاقِ الفت تم کو سمجھا تھا یہ دل خستہ

شمع ہے پھر قیامت بہ سرِ پروانہ
صبحِ محشر سے نہیں کم سحرِ پروانہ

شمع تک کا ہے کو ہوتا گذرِ پروانہ
ہے وبالِ سرِ پروانہ پرِ پروانہ

دکھ دئے بن نہیں عشاق کو معشوق کو چین
شمع خود جلتی ہے بہرِ ضررِ پروانہ

حالِ عاشق سے وہ سرکش نہیں آگہ سچ ہے
کب ہوئی شمع کو یا رب خبرِ پروانہ

زلعلت گر بیابے کامِ دل خواہم مرنج از من
مکرر کے تواں یابیں لطافت قندے را

مرا از خاک یارب شورِ محشر برنمی دارد
بچشمِ انتظارم جلوۂ بالا بلندے را

زما سرگشتگاں ہم اے صبا عرضِ نیازی دہ
فلک در سجدہ یابی ہر کجا گردِ سمندے را

نمی خواہد شکیبائی بہ تنگ آمد ز بیتابی
الٰہی مالکِ دل کردۂ مشکل پسندے را

دمِ تیغ از نشاطِ جانِ اسمٰعیل می رقصد
خراشیدن چہ حاجت ورنہ حلقِ گوسفندے را

بزیرِ سایۂ آں زلف دلہا را پناہی دہ
لباسِ فخر جیندیں کعبہ نقشِ پرندے را

بیا مختار تسلیمِ معانی را مسخر کن
چہ نازی گر گرفتی اصفہانے یا خجندے را

بر درِ دل فارغ از اندیشۂ دنیا نشیں
دست بردار از دو عالم وانگہی با ما نشیں

سر دریں آشوبگاہ از خطِ ساغر برکش
ہم چو دُرد آسودہ زیرِ دامنِ صہبا نشیں

می دہد نام آوری ناموسِ عزلت را باد
تا توانی دور تر از صحبتِ عنقا نشیں

تہمتِ سودائے لیلیٰ بر دلِ مجنوں منہ
الفتِ شہرے مخواہ از مردمِ صحرا نشیں

ما و مختار و کلیم ایں جملہ از خود رفتہ ایم
ذوقِ تنہائی اگر داری بیا با ما نشیں

مفتوں

شیخ صفی الدین عرف غلام مصطفیٰ مفتوں تخلص برادرِ کلانِ شیخ رضی الدین عرف غلام مرتضیٰ سروری کہ ذکرِ ایشاں در حرف السین گذشت شخصے قابل و شیریں کلام بود ازوست :-

چہ سرِ لوحِ کتاب ابروئے بسم اللہ را
صفحہ رخسارے بود گیسوے بسم اللہ را

ہرزہ بافی ہا مکن کارت نمی گردد تمام
تا نمی آری بکف کوے بسم اللہ را

ہر دو مصراعش زبس مفتوں بہم پیوستہ است
مطلعِ من کردہ چار ابروئے بسم اللہ را

گھر بہ گھر اور کو بکو چرچا ہے اپنی چاہ کا — بات تو تھوڑی سی تھی پر ہائے افسانہ بنا
مشک و عنبر میں اسے تولوں گا میں یارو ندام — گردِ دل صد چاک اُس کی زلف کا شانہ بنا
خانۂ حق ہے مرا دل او بتِ کافر سنا — پاؤں پوجوں میں ترے اسکو نہ بتخانہ بنا
مانگتا مفلس پھرا اس شہر میں تا شام بھیک — نہ کوئی کوڑی بنی اس کو نہ کوئی دانہ بنا

مختار

حافظ غلام نبی خاں مختار تخلص برادرِ میانہ حافظ غلام محمد خاں آزاد تخلص کہ ذکرش در حرف الالف گذشت شاگرد صفی الدین خاں عرف غلام مصطفٰے مقتول تخلص بود بعد انقلابِ سلطنت و ہنگامہ ہائے گردشِ ملکی از وطن برآمدہ روز بر آوردنِ نواب عماد الملک از رعبِ افواج قاہرۂ شاہ درانی ابدالی ہمراہِ نواب موصوف شد چند سال ہر جا کہ رفتند از رفاقت دست بردار نہ گردیدہ۔ مدتے در سلکِ جاٹ سورج مل در بھرت پور روڈیک و کھمیر ماندہ و مدتے در فرخ آباد برآمدہ ہمراہِ رکابِ حضور چند جائے متعددہ سیر و سفر نمودہ در ساگر تال و بھوپال تال سرحدِ دکن حاضر بودہ اوقاتِ عمرِ عزیز بسر بردند پس از آنکہ نوابِ موصوف بارادۂ حج روانۂ سمت شدند مشارٌ الیہ را بر مداخل و مخارج مکاناتِ تعلقہ جاگیرات مثل کالپی وغیرہ مختار ساختند پس ازاں بعد انقضائے چندے بہ سببِ خصومت بعضے از محل ہائے نواب مشارٌ الیہ درجۂ شہادت یافتند، شہادتش در ۱۱۹۷ھ یکہزار و یک صد و نود و ہفت ہجری و مزارش در ساگر تال است، ازوست:-

عشق جسمِ خستہ را فارغ ز دردِ دل نداشت — رشحۂ آبے دریغ ایں بحر از ساحل نداشت
کاش از بے دولتی افسردہ رشریاں شدگی — بے ادب خونے کہ پاسِ دامنِ قاتل نداشت

می سوزی بجرمِ طاقتِ دل دردمندے را — کہ نتواند جوابِ نامہ دادن سپندے را

دو لعلش بوسہ ہا دادہ بہ پیغام　　　　مگر آبِ حیاتش بود در جام

مظفر

خواجہ مظفر علی مظفر ولد غلام علی خاں مولفِ کتابِ تواریخِ عالی گوہر بادشاہ ابن نواب بھکاری خاں صوبہ دار لاہور ابن نواب روشن الدولہ جوانِ موزون الطبع است مذہبِ نقشبندیہ[1] دارد در ریختہ شاگردی[2] میر فخر می کند و تحصیل عربی تا شرح سلّم از محمد اشرف شاگردِ رشیدِ مولوی نور صاحب بودہ معہذا بہ سببِ معرفتے کہ فقیر را بپدرِ بزرگوارِ ایشاں در شاہجہاں آباد بود و آں بزرگ ایں عاصی را کمال دوست داشتی معزالیہ نیز با فقیر نہایت اتحاد پیدا کردہ اکثر بلا ناغہ در مشاعرۂ عاصی وارد می شود غزلہائے خود ..... ہم نمودہ عمرش تخمیناً بست و ہشت سالہ خواہد بود، از وست :-

لالی نہیں اُس کے لب پہ پاں کی　　　　شوخی ہے یہ خونِ عاشقاں کی

نہ گریباں پر ترے دارائی کی تحریر ہے　　　　خوں کسی پیارے[3] کا پیارے یہ گریباں گیر ہے

زلفوں کو تیری دنیا اے آفتِ زمانہ　　　　مشکِ ختن سے نسبت یہ مو بمو خطا ہے

حسن کے کلیات میں یارو　　　　شعرا برو کا انتخاب ہوا

---

(۱) ن - مریدِ خاندانِ طریقۂ نقشبندیہ -

(۲) ن - و شاگرد میر تقی میر

(۳) ن - عاشق -

بسرِ زلفِ کسے سلسلہ جنباں شد و رفت　　آخر از من دلِ دیوانہ پریشاں شد و رفت
انتظارت چہ بلا بود کہ از کوے تو دل　　خرمنے از گلِ آئینہ بداماں شد و رفت

دل نشیں است بفتونِ تو سیرِ پنجاب　　می رود تا دکن و ڈھاکہ و بنگالہ عبث

می روم ایں کوکہ دارم در دل اندازے دگر　　زیں چمن دارم سر اندازے و پروانے دگر
کے خدائے بندہ پرور می گذارد ضایعم　　زد بگوشم مژدۂ کارِ خدا سازے دگر

زگھڑیالی پیرِ آں فتنہ تمثال　　شوم در ہر گھڑی نالاں چو گھڑیال

چہ می پرسی ازاں بیداد دل خواہ　　کہ بنواز دلم را گاہ بیگاہ

بود خوں خوردن از تنبولی ارزاں　　مگر اوراقِ دل پیچیدہ در پاں

جو پانش سبز تہہ گلگوں نہ باشد　　زعاشق جاں سپاری چوں نہ باشد

بود آشوبِ دل عطارِ محبوب　　کہ شد خالِ لبش تخمِ دل آشوب

زیک شیشہ بروں آرد عرق را　　چو صد رنگ از خمِ نیلی مسیحا

چہ می پرسی زشوخِ مست سقّا　　کہ بخشد تشنہ را آبِ منقّا

ایک دم بیکار یہ دستِ جنوں رہتا نہیں　　پھاڑے دامن کو اگر یادِ گریباں بھول جائے
جوہرِ شمشیر پہ لکھ رکھ تو اُن کے اسم کو　　تا نہ اے قاتل تجھے نامِ شہیداں بھول جائے

طپش سے اس دلِ سوزاں کی اب تلک تہِ خاک　　کلیجہ گاوِ زمیں کا کباب ہوتا ہے

پروانے سے نسبت نہیں کچھ عشق میں مجھکو　　وہ شمع پہ ہوتا ہے فدا میں ترے صدقے

کس نور سے یہ مردمکِ چشم ہے روشن　　آنکھوں میں اگر یار کی تصویر نہیں ہے

مجکو تو دورِ چرخ نے پامال ہی کیا　　جوں دانہ سر نکالے . . . . . .

مضمون بھرے تھے دلِ مضطر میں ہزاروں　　خط باندھ دئے بالِ کبوتر میں ہزاروں

آئینے پہ جو مری جان جھکا پڑتا ہے　　اپنے بوسے کا ہے مائل دہنِ سرخ ترا

منتظر تیرا زبس اے بت مے نوش ہوں میں　　عالمِ خواب میں کھولے ہوئے آغوش ہوں میں
ہر ستارہ ہی مانگے تھا دعا وقتِ سحر　　یا الٰہی کہیں اُس گل کا دُرِ گوش ہوں میں

خط لکھا ہی اُس کو میں نے آرزوئے قتل میں　　سر نہ ہو جاوے کہیں جسمِ کبوتر سے جدا

تیغ ساعدسے کہیں اپنے کرے وہ مجروح　　عطرداں بازوئے قاتل کا نمکداں بن جائے
خندقِ پاکی جو میں یاد میں رووں مخمور　　رگِ یاقوت ہر اک تارِ گریباں بن جائے

مخمور

محمد جعفر مخمور تخلص بزرگانش سکنۂ لاہور بودہ اند و خودش در لکھنؤ تولد و نشو و نما یافتہ بہ پیشۂ عطاری بسر می برد بمعرفتِ منور خاں غافل تخلص بحلقۂ شاگردی فقیر از یک سال در آمدہ عمرش بست و ہفت سالہ است، از وست :-

جاں بلب ہوں اب تو میری پاس آیا چاہئے ۔۔۔ نزع کی حالت میں تو صورت دکھایا چاہئے

دلِ محزوں مرا سیرِ چمن میں بھی نہیں لگتا ۔۔۔ درختِ لالۂ و گل مجکو تجھ بن نخلِ ماتم ہے

لیتا ہے جو بوسہ دلِ بیمار تو اُس کا ۔۔۔ خالِ لبِ محبوب مگر حبِ شفا ہے
ڈر ہے یہی وہ ہاتھ سے قاصد کے نہ گر جائے ۔۔۔ مضمون دلِ بیتاب کا نامے میں لکھا ہے
قاصد کی بھی حاجت نہیں کچھ گریہ سے میرے ۔۔۔ خط بہہ کے مرا کوچۂ جاناں کو چلا ہے

آپ میں بن کے صبا نامہ بری کرتا ہوں ۔۔۔ نہیں پروا تری اے بالِ کبوتر مجکو

ہم ہیں تنہائی ہے اور رنجِ شبِ تار ہے آج ۔۔۔ نہ تو مونس کوئی اپنا ہے نہ غمخوار ہے آج
بت کوئی واں بھی گیا دیرِ مغاں سے شاید ۔۔۔ ساکنِ کعبہ جو پہنے ہوئے زنار ہے آج

کر ذبح مجھے ٹوٹ گیا خنجرِ قاتل ۔۔۔ کیا میری ہی خاطر تھا بنا خنجرِ قاتل
نفرت سے کیا ذبح جو قاتل نے تو میرے ۔۔۔ حلقوم پہ رک رک کے چلا خنجرِ قاتل
مخمور وہ لذت ہے مرے خوں میں دمِ ذبح ۔۔۔ ہووے گا گلو سے نہ جدا خنجرِ قاتل

گو به مجنون که زسیلابِ سرشکم امروز
هر غباری که زصحرای تو برخاست نشست

آرزوی بدلِ سوختهٔ ام آه نماند
آتشی گر ز تمنای تو برخاست نشست

ای حسرت همه شور و شغبِ اهلِ سخن
تا سخن از لب گویای تو برخاست نشست

می فشاند از رهِ بازی غبارِ ما بما
بازیِ طفلانه دارد نی سوارِ ما بما

جان بلب در آرزوی بوسه‌اش آورده‌ایم
ای فلک بگذار یکدم اختیارِ ما بما

ساغرِ بشکستهٔ گل بر سرِ گلشن زدیم
چون خزان بگذشت بی او نوبهارِ ما بما

سوی ما امشب چه با سازِ نوای آمدی
سازگاری کرد بختِ سازگارِ ما بما

یکی صد شد بدورِ نو خطِ او جوشش سودایم
زشهرِ سبز می آید پری بهرِ تماشایم

زسوزِ دل چنان در راهِ شوقش گرم رفتارم
که داغِ سینه چاک است هر نقشِ کفِ پایم

زبارِ دردو غم دعوای تمکین بود با کوهم
زنم تا چشم برهم برد سیلِ گریه از جایم

جنونم از نزاکت بر نتابد شورشِ داغی
زند آتش چراغِ لاله در دامانِ صحرایم

بغیر از من نزیبد بر کسی آئینِ آزادی
که آمد راست هم چون سرو این خلعت ببالایم

دماغِ من بود از بادهٔ رنگین گلستانی
بگل خندد لبِ پیمانهٔ ما از رنگِ صهبایم

بهر جانب که رو آرم تدرو چنگلِ بازم
رهائی کی بود از دستِ آن مژگانِ گیرایم

نه تنها ساغرم بر لعلِ خوبان خندهٔ دارد
بشیران شیشه می بندد به بزمِ باده پیمایم

حسرت می زند جوشِ حلاوت‌ها کلامِ من
که طوطی کردهٔ گفتارِ آن لعلِ شکرخایم

از چارهٔ دردِ دلِ بیمار چه پرسی
بگذشت ز تدبیرِ تو این کار چه پرسی

تا داشت زبانی سرِ حرفی نه کشادی
اکنون ز دل و حالِ دلِ زار چه پرسی

داریم سررشتهٔ زلفی به کفِ خویش
از ما سخنِ سبحه و زنار چه پرسی

عجب قیدِ کشاکش میں یہ مرغِ روح یاراں ہے
کہ ہر تارِ نفس زنجیر ہی اور چشم زنداں ہے

ہمارے تابعِ فرماں ہوں کیوں یہ پری پیکر
کہ اپنے ہاتھ پر گُل خاتمِ دستِ سلیماں ہے

جہاں چشمِ سیاہِ یار کے مدفون ہیں کشتے
چراغوں کے عوض روشن وہاں چشمِ غزالاں ہے

معجزہ وادیٔ مجنوں میں یہ دیکھا کہ وہاں
ہر شجر سے انا لیلیٰ کی صدا آتی ہے

آئینہ کیونکہ دمِ صبح وہ دیکھے مخمور
اپنی صورت سے اُسے آپ حیا آتی ہے

برائے عشق سے کیونکر مرا دلِ نازک
کلائی شیر کی کس طرح ناتواں توڑے

بیاں میں کیا کروں صیاد کی جفاکاری
پروں کے ساتھ مری اُس نے استخواں توڑے

جو اُس کی چشمِ مکحل کو دیکھے اے مخمور
صبا نہ غنچۂ سوسن کے سرمہ داں توڑے

مسرت

لالہ عوض رائے مسرت تخلص قومِ کایتھ ساکنِ شاہ آباد از مشتاقانِ قدیم است در کلامِ خود پختگیٔ استادانہ دارد و در ایامیکہ بتقریبِ تلاشِ معاش واردِ لکھنؤ شدہ چند غزلِ خود نوشتہ فرستادہ بود منتخب آنرا بقلم می دہد۔

بے تو شد خندۂ گُل چاکِ گریبانِ چمن
شبنم اشکے شد و غلطید بدامانِ چمن

نرسد مصرعۂ موزونِ قدت را ہرچند
مصرعۂ سروِ بلند است بدیوانِ چمن

اے مسرت نرسد کس بغزل خوانیٔ تو
نوکند طرزِ سخن از تو غزل خوانِ چمن

فتنہ تا قامتِ رعنائے تو برخاست نشست
غلغلِ حشر چو غوغائے تو برخاست نشست

محشرِ نالۂ و آہ از دلِ مستاں می خاست
شورِ قلقل چو زمینائے تو برخاست نشست

خنجر بکف چو آئینہ ابرو کماں گذشت — خلقے ز دل گذشت و جہانے زجاں گذشت
بہرِ طواف کشتۂ تیغ اداے خویش — آں سروِ ناز آمد و دامن کشاں گذشت
تا رفت بہرِ کسبِ ہوا ماہ من بہ بام — بر مہ گذشت انچہ زمہ بر کتاں گذشت
اے سنگ دل ز رحم نگاہے بسوے او — مومنؔ بہ شوقِ کوے تو از خانماں گذشت

اشعار ہندی

روے صنم پہ کاکلِ پیچیدہ دیکھنا — خورشیدِ حشر شام میں پوشیدہ دیکھنا
اس ضعف پر اٹھا ہی لیا میں نے کوہِ غم — اے عشق ہمتِ تنِ کاہیدہ دیکھنا

جو آہ گردنِ تاثیر کی کمند نہ ہو — کبھی وہ عاشقِ ناکام کے پسند نہ ہو
مرا صنم ہے وہ ہوش کہ جس کے مجمر کا — بغیرِ خالِ رخِ گلرخاں سپند نہ ہو

ایسے عارض کے مقابل اے مہِ کامل نہ ہو — مہر کو جز زردیٔ رو جس سے کچھ حاصل نہ ہو
کعبۂ دل کو مرے تو مت جلا اے سوزِ عشق — یہ مقامِ یار ہے تجھ پر بلا نازل نہ ہو

پیشِ محمل اس لئے روتا چلا جاتا ہے قیس — تا نہ گردِ دشت پائے ناقہ راں سے اٹھ سکے

آوے جو صبا باغ میں گاہے ترے کوے سے — بلبل کو ہو نفرت گل نوخیز کی بو سے

دیکھے غزالِ چشم کا گر اس کے رنگ سرخ — اپنے ہی خوں میں شیر کا پھر ہووے چنگ سرخ

کیا کہوں تجھ سے جو حالت ترے بیمار کی ہے — تا دمِ مرگ تمنا اسے دیدار کی ہے

بگذرز من اے دل سرخود گیر کراکنوں | از خود خبرم نیست ز دلدار چہ پرسی
ایں پردۂ چشم است حجاب رخ جاناں | تا ہست نگاہ تو ز دیدار چہ پرسی
ہشیاری ما غفلت عیش است مسرت | از ما خبر عاقل و ہشیار چہ پرسی

موجی

لالہ موجی رام موجی تخلص قوم کا تیھ سری باستیہ ساکن سانڈی جوان غریب و مہذب الاخلاق است معرفت شیخ محمد عیسیٰ تنہا بحلقہ شاگردی ایں عاصی در آمدہ شعر زبان ہندی و فارسی ہر دو میگوید اگر لطافت اصلاح بہ فہمش در آمد بجائے خواہد رسید عمرش سی و چہار سالہ خواہد بود، از وست:-

اے صبا سوئے قفس گاہے گذر می کردہ باش | بلبل شوریدہ را از گل خبر می کردہ باش
در ہوایت گفتمش چوں باد سرگرداں شدم | گفت تا خاکت خورد خاکے بسر می کردہ باش
منت ساقی مکش از بہر یک جام شراب | جام دل لبریز از خون جگر می کردہ باش
گرم جوشی ہائے محبوباں بود نقشے بر آب | موجیا زیں سرد مہراں الحذر می کردہ باش

شد دل دیوانۂ من رام ہندو زادۂ | کافرے آتش پرستے دیں بدنیا دادۂ
سست عہدے سخت گوئی مشیں چشمے کم نگاہ | شوخ پرکارے بمعنی و بصورت سادۂ

نسیم صبح شاید از سر کوئے تو می آید | ز ہر گل در مشام جان من بوئے تو می آید
ازاں بر طالع زلف رسایت رشکہا دارم | کہ تا از شانہ می افتد بہ پہلوئے تو می آید
فغاں کم کن خمش موجی قیامت می شود برپا | صدائے صور اسرافیل از سوئے تو می آید

مخلوق

سید احسان حسن مخلوق تخلص خلفِ میر حسن مرحوم جوانِ شائستہ و باصلاحیت است چوں بحکمِ موزونیٔ طبع کہ ارثِ خاندان اوست از ایامِ ابتدائے شباب چیزے فکر کردہ کلامِ خود را بہ برادرِ کلانِ خود نمودہ و معہذا فکرِ مرثیہ و سلام ہم کردہ می کند از چند سال کہ از فیض آباد بہ لکھنؤ رسیدہ رجوعِ مشورہ گاہ گاہے بہ فقیر ہم آوردہ تا امروز عمرش سی سالہ خواہد بود و ماورائے شعر و شاعری درفنِ افسانہ گوئی ہم رونق تمام پیدا کردہ

از وست :-

بعدِ مدت جو تا قفس آئی ۔۔۔ ہم نے گل کی صبا سے بو پائی

وادیٔ غم میں ہم نے بھی تو قیس ۔۔۔ مدتوں کی ہر دشت پیمائی

ہم اسیروں تک لے نسیمِ سحر ۔۔۔ کبھی دو پھول بھی نہ تو لائی

میں نہ ہوں اور غیر کی خاطر ۔۔۔ کرو تم گھر میں محفل آرائی

ہم سے کیوں آگے قافلہ جاتا ۔۔۔ رکھتی پیچھے اگر نہ کم پائی

وائے حسرت قفس سے باغ میں ہم ۔۔۔ چھٹ کے تب آئے جب خزاں آئی

پوچھا تب اُس نے حالِ دل میرا ۔۔۔ جب زباں میں رہی نہ گویائی

دیکھتا ہوں اُسے تو کہتا ہے ۔۔۔ کتنا ہشیار ہے یہ سودائی

چاہ کر اُس کو تو نے کی اے دل ۔۔۔ اپنے ہاتھوں سے اپنی رسوائی

اُٹھ چلا جب وہ روٹھ کے مجھ سے ۔۔۔ جز سماجت کے کچھ نہ بن آئی

سچ بتا تجکو ہے قسم گل کی ۔۔۔ کیا صبا باغ میں بہار آئی

پھرتی ہے جو اسیرِ تازہ کی طرح ۔۔۔ قفسِ تن میں جان گھبرائی

اس کو شبِ وصال بھی وسوسا ہوا   کیونکر چھپاؤں اپنا میں جامہ چسا ہوا
پیشِ نظر ہیں تیرے وہی بد شرابیاں   موجی میں کیونکہ مانوں کہ تو پارسا ہوا

اک زخم سے جو میں نہ موا اس نے یہ کہا   کیا ایسے سخت جان پہ تلوار توڑئے

ترکش کرے اپنی اگر تم لگا چکے   ہم بھی نشانِ تیرِ بلا دل بنا چکے
ہم ابرِ گریہ صرصرِ نالہ سے بار ہا   دریا کو دشت، دشت کو دریا بنا چکے

خواب کو بھول گئے دیدۂ گریاں تجھ بن   جوہرِ آئینہ ہو جائیں نہ مژگاں تجھ بن

خط جو کھویا نامہ بر نے خوبیٔ تقدیر ہے   یوں ہی تھا لکھا ہمارا اس کی کیا تقصیر ہے

رشتۂ جاں ہے مرا ہر ایک تارِ موئے دوست   بے دھڑک اے شانہ مت سلجھائیو گیسوئے دوست

واں حنا بندی تھی اور زلف کو سلجھانا تھا   یہاں پریشانی تھی اور خونِ جگر کھانا تھا

الفت نے کیا جان سے برباد ہمیں بھی   کیا دور کہیں لوگ جو فرہاد ہمیں بھی
انکار کریں عشق کا کس واسطے موجی   ہے الفتِ طفلانِ پری زاد ہمیں بھی

دلا کس منھ سے میں شکوہ کروں ان گلعذاروں کا   یہ ظالم اک نگہ میں خون کرتے ہیں ہزاروں کا

مہر

منصور خاں مہرؔ تخلص برادرِ خوردِ عالم خلفِ نواب محبت خاں جوانِ شائستہ و مہذب الاخلاق است بمقتضائے موزونیٔ طبع فکرِ شعرِ ہندی می کند و آنرا بنظرِ جرأت یا قوت می گذارند، ازوست:-

ایسے بے مہر کو دیا ہے دل　　جس سے سو غم میں مبتلا ہے دل
مطلقاً جس میں بوئے مہر نہیں　　اُسی بے مہر سے لگا ہے دل

سیماب سا دلا ہے تو بیتاب کس لئے　　تڑپے ہے مثل ماہیٔ بے آب کس لئے
رہ رہ کے آئے ہے یہی اے مہرؔ مجکو سوچ　　بے مہر ہے وہ غیرتِ مہتاب کس لئے

جو درد دل سے پہلے ہی تڑپ کر جی سے جاتے ہم　　تو بے وردوں کی الفت میں نہ اتنے دکھ اٹھاتے ہم
یہ ظاہر ہے کہ ہوتا ہم سے نامِ عاشقی روشن　　برنگِ شمع راہِ عشق میں گر سر کٹاتے ہم
اگر ہم مطلع ہوتے تمھاری کم دماغی سے　　تو صاحب خوابِ راحت سے تمھیں کیوں جگاتے ہم

یہ زلفیں ہیں بکھری رُخِ مہ جبیں پر　　کہ ہے حرف اب سنبل و یاسمیں پر
خدانے جو تجھ سا کیا یار پیدا　　تو رشک آئے ہے آسماں کو زمیں پر
کوئی دھیان سے جائے ہے دھیان اُس کا　　کھدا جس کا ہو نام دل کے نگیں پر
زباں پر جو مضطر ترا آہ لادے　　تو پہنچے ابھی دم میں عرشِ بریں پر

دیکھتے تھے جہاں سے ہم مخلوق　　اُس نے دیواروں سے اٹھوائی

جی کیونکہ نہ دیں اپنا ہم اُس زہرہ جبیں پر　　ثانی ہی نہیں جس کا کوئی روئے زمیں پر

اُس کے آنے تلک سنبھل جاوے　　پھر بلا سے جو دم نکل جاوے
شمع اُس سے کرے جو دعویِ حسن　　یارب اُس کی زبان جل جاوے

چھاتی پہ نظر آئی ہے زنجیر کسی کی　　شاہد ہے اجل آج گلوگیر کسی کی
حسرت زدہ وہ خود ہی تصور میں کسی کے　　مخلوق کو دکھلاؤ نہ تصویر کسی کی

ہمیں دو جواب جواں دنوں تمھیں غیر سے سروکار ہے
نہ وہ بات ہے نہ وہ آنکھ ہے نہ وہ دوستی نہ وہ پیار ہے
مرے دل میں کرتی ہیں کاوشیں مژہ اس کی پل میں ہزار ہا
نہ وہ تیر ہے نہ سنان ہے نہ چھری ہے اور نہ کٹار ہے
جو نہی رشکِ غیر سے جل کے کل میں تمام ہاتھ پہ کھائے گل
لگے ہنس کے کہنے وہ شوخی سے مرے کیوں گلے کا تو ہار ہے
ترے دامِ زلف میں اے صنم جو اسیر ہے مرا مرغِ دل
اسے صدقے کرکے تو چھوڑ دے کہ شروعِ فصلِ بہار ہے

پاویں جو نہ مطلق ترے کوچے میں گذر ہم　　پھر تو ہی بتا یہ کہ بھلا جائیں کدھر ہم

جراحتِ عشق بازاں می باشد عمرش تا امروز سی و یک سالہ خواہد بود ، از وست :-

گلشن میں نہ کر تن سے جدا پیرہن اپنا — غنچے کو دکھا یار نہ گل سا بدن اپنا
گلشن میں جو جاتا ہے مرا مہرِ درخشاں — پتوں میں چھپا لیتے ہیں منہ یاسمن اپنا
اُس بن میں مجھے لے گئی وحشت کہ جہاں تھا — نہ یار نہ مونس نہ کوئی ہم وطن اپنا
خسرو کی دعا سے اُسے آگاہی جو ہوتی — جی مفت میں دیتا نہ کبھی کوہکن اپنا
گردستِ جنوں کی یہی چالاکی ہے مسرورؔ — تربت میں بھی ثابت نہ رہے گا کفن اپنا

تربت پہ مری کوئی صنم خانہ بنا دو — معلوم کریں تا کہ اُسے عشقِ بتاں تھا
اُس کشتۂ دیدار کے اوسان تو دیکھو — جو ذبح کے دم تک سوئے قاتل نگراں تھا
توسن بھی نہ داں آ کے کبھی شوخ نے پھیرا — جس جا کہ شہیدانِ محبت کا نشاں تھا
مسرورؔ رہا کیا کوئی واماندہ بچھڑ کر — جو یوں جرسِ قافلہ سرگرمِ فغاں تھا

اک نالہ میں اُس دم دلِ سوزاں سے نکالا — درباں نے جو مجھکو درِ جاناں سے نکالا
ہرگز نہ کھلا مجھ پہ کہ کیوں بادِ صبا نے — جوں نکہتِ گل مجھکو گلستاں سے نکالا
جو خار مرے پا میں چبھا اُس کی گلی کا — اُس خار کو میں سوزنِ مژگاں سے نکالا

فرس وہاں جو نہی اُس شہسوار کا پہنچا — نشاں عدم کو ہمارے مزار کا پہنچا
کہا یہ جھاڑ کے گرد اُس نے اپنے دامن کی — غبار یہاں بھی کسی خاکسار کا پہنچا
ابھی سے باغ میں کرتی ہے چہچہے بلبل — پیام کیا اسے فصلِ بہار کا پہنچا

لڑکوں کی فوج ساتھ ہے اور حال غیر ہے — وحشی مزاج ہوں میں مجھے اس میں سیر ہے

مست

مست تخلص نوادۂ محمد قاسم خاں، جوانِ وجیہہ و شجاع و خوش وضع است از دو سال لباسِ گیروی پوشیدہ و دستِ حاجت از ملاقاتِ اغنیا در آستیں کشیدہ بی پروایانہ باوصفِ عیال داری بسر می برد و در فنِ موسیقی[1] یگانۂ عصر چوں موزونیٔ طبع نیز داشت چیزے کہ موزوں کردہ بود بہ نظرِ فقیر گذرانیدہ، از وست :-

دکھاؤں تجھے ایک نقشہ مصور | رہے گر ترا ہوش برجا مصور
نہ کر[2] دھیان نازک خیالی کا اسکی | لیا ہے تجھے وہم نے کیا مصور
جو کھینچے گا تصویر تو اس پری کی | تو ہو جائے گا تجکو سودا مصور

مسرور

شیخ پیر بخش مسرور تخلص ولدِ حکیم حیات اللہ متوطنِ قصبہ کاکوری نواسۂ حکیم خیر اللہ جوانیست موزوں طبع ہمیشہ پیشِ جدِ مادریٔ خود در لکھنؤ پرورش یافتہ و فنِ طب آموختہ از ابتدائے سنِ بلوغ طبعش با شعارِ اساتذہ بیشتر میل می نمود و دراں ایام خود ہم چیزے موزوں میکرد کلامِ منظوم خود را بجائے خود نگاہ می داشت و در پئے ایں بود کہ کدام استاد را بہ نظر بگذرانم تا حسن و قبح آں واقف شدم آخر حسبِ اتفاق در سنہ ۱۲۲۰ھ رجوع بہ فقیر آوردہ حالا کہ مشقِ او بدوازدہ سال رسیدہ و ضعِ موزونیش در ریختہ احیائے دلِ مردگان می کند و دریں فن از معاصرینِ خویش بائے کمی نمی آرد و بلکہ شیریں گفتاریش نمک بر

---

(۱) ن۔ و در فن موسیقی دخلے دارد۔

(۲) ن۔ خیال اس کی نازک کمر کا اگر ہے۔

ہر گھڑی شام غریبی میں یہ آتا ہے خیال | دیکھئے کس دن خدا صبحِ وطن دکھلائے گا
اس لبِ پان خوردہ کا گر شہر میں شہرہ ہوا | منہ نہ پھر بازار میں لعلِ یمن دکھلائے گا
زلفِ مشکیں کا یہ سودا ایک دن سرور آہ | اس دلِ وحشی کو صحرائی ختن دکھلائے گا

زلفوں میں رخِ یار نہاں ہو نہ سکے گا | شعلے سے تو ہم سر پہ دھواں ہو نہ سکے گا

تیر نگہ میں کیا ترے افسوں تھا اے صنم | گر کر زمیں پہ جو نہ غزالِ حرم اٹھا
عاشق سے کچھ ہوا نہ سوا جان دینے کے | آخر وہ مر گیا ترے جور و ستم اٹھا
پریوں کا جھنڈ تھا ترے کشتے کی نعش پر | اس طرح سے جنازۂ عشاق کم اٹھا
سرور ہم لکھا کئے وصفِ پری رخاں | کاغذ سے ایک دم بھی نہ اپنا قلم اٹھا

جیتے جی ہم نے کہیں عشق کا چرچا نہ کیا | جان دی اپنی ولے یار کو رسوا نہ کیا
کس سے کرتا میں بھلا شکوۂ ایامِ فراق | اُس کو اور مجکو فلک نے کبھی اک جا نہ کیا
ایک عالم ہوا انگشت بدنداں سرور | غم مرے مرنے کا اُس شوخ نے اصلا نہ کیا

اُس کے کوچے میں نت صبح گیا شام آیا | عمر گذری یونہی پر وہ نہ لبِ بام آیا
حیف صد حیف نہ نکلی دلِ شیدا کی ہوس | وصل کے روز ہمیں موت کا پیغام آیا
میں نہ کہتا تھا کہ عشق اے دلِ ناداں مت کر | گور میں مجکو سلا کر تجھے آرام آیا

کب درپئے ایذا غمِ ہجراں نہیں ہوتا | کس روز یہ دل مرگ کا خواہاں نہیں ہوتا
جی الجھے ہے دم رکتا ہے ایامِ جنوں میں | پرزے مرا جب تک کہ گریباں نہیں ہوتا

کون سے بختِ سیہ پر ہے بلا آئی ہوئی
زلفِ جاناں جو نظر آئی ہے بل کھائی ہوئی
دوڑ دوڑ اُس پاس جانے سے ہوا اظہارِ عشق
پردہ دار لے ولے اپنی ناشکیبائی ہوئی

اپنے بیگانے ہوئے بیزار تیرے واسطے
یہ ستم ہم نے اٹھایا یار تیرے واسطے
کیا غضب ہے تو کبھی غرفے سے بھی جھانکا نہ آہ
ہم موئے رو رو پسِ دیوار تیرے واسطے
دور سے مسرورؔ کو شکل اپنی دکھلاوے میاں
ہے کھڑا وہ بر سرِ بازار تیرے واسطے

اس صفائی کی مری جاں تری پیشانی ہے
مہِ تاباں کو جسے دیکھ کے حیرانی ہے
سبزہ رنگوں کی یہ ہے زہرِ محبت کا اثر
بعد مردن جو تنِ زار مرا دھانی ہے

حالت ہماری نوعِ دگر گر ہوئی تو کیا
مرنے کے بعد اُس کو خبر گر ہوئی تو کیا
تاب و تواں تو صاف ہیں وے گئی جواب
بے طاقتی شریکِ سفر گر ہوئی تو کیا
بولا نہ وہ ہی منہ سے نہ کچھ بات میں ذکی
اک بت سے صحبت آٹھ پہر گر ہوئی تو کیا
محروم جب ہمیں رہے قاتل کے ہاتھ سے
تلوار اُس کی زیبِ کمر گر ہوئی تو کیا

قیدی ہوا ہوں جب سے میں زلفِ سیاہ کا
اٹھا ہے پیچ دار دھواں میری آہ کا
اللہ رے رعبِ حسن کہ قاتل کے سامنے
اٹھا نہیں ہے ہاتھ کسی دادخواہ کا
وہ تنگ خلق ہوں کہ جسے اہلِ کارواں
نہ ساتھ لے چلیں نہ بتا دیویں راہ کا
یہ فیضِ مصحفی ہے کہ مسرورؔ ان دنوں
ہر سمت غلغلہ ہے تری واہ واہ کا

زور اپنا جبکہ یہ دیوانہ پن دکھلائے گا
ہے یقیں مجکو نیا ہر روز بن دکھلائے گا

نحسِ عقرب ہوئے جب کان کے بالے مجکو
بن ڈسے رہتے ہیں کب زلف کے کالے مجکو

تیرہ روزی اسے کہتے ہیں مرے مہ رو نے
زلفِ مشکیں کے کیا لے کے حوالے مجکو

آرزو ہے کہ تری بزم میں اک دم ساقی
لڑکھڑا کر میں گروں اور تو سنبھالے مجکو

ایسی تقدیر کہاں ہے کہ پئے عذرِ گناہ
میں پڑوں پاؤں گلے سے وہ لگالے مجکو

اے جنوں کرنے دے آرام مغیلاں کے تلے
رنج دیتے ہیں بہت پاؤں کے چھالے مجکو

چشمِ گریاں کا ہے احسان مری گردن پر
موتیوں کے یہ پنہا دیتے ہیں مالے مجکو

میں اس انداز کے یہ شعر کہے ہیں مسرور
قدرداں ہو تو اُٹھا دیوے دوشالے مجکو

مجکو کرنا وہی جو بات کرے یار پسند
وہ جو کافر ہے تو کیا میں نہیں زنار پسند

ہے شبِ وصل بدن کو نہیں چھونے دیتے
مجکو آتی نہیں یہ آپ کی تکرار پسند

جس سے جانے ہے کہ پیتے ہی شفا ہوتی ہے
اُسے کرتا نہیں ہرگز ترا بیمار پسند

لختِ دل میرے رقیبوں کو نہ بھائے تو کیا
چیز وہ کیا نہ کریں جس کو کہ دو چار پسند

گرد رہتے ہیں بلاؤں کی طرح سے دونوں
تیری زلفوں کو ہیں شاید تری رخسار پسند

اک غزل اور بھی اس بحر میں کہہ اے مسرور
کیونکہ لوگوں کو ہیں اکثر ترے اشعار پسند

بس کہ مضمونِ دہن ہے اُسے ہر بار پسند
طبع کمبخت ہوئی اپنی بھی دشوار پسند

میرے لاشے کو وہ ٹھکرا کے لگے یوں کہنے
کھول آنکھیں جو تجھے ہے مری رفتار پسند

مہجور

شیخ محمد بخش مہجور تخلص خلفِ حکیم خیر اللہ کہ مشارٌ الیہ در فتحپور استقامت می داشت واز چند سال بسببِ تعلقِ آبخور در لکھنؤ آمدہ بہ محلہ مفتی گنج توطن گزیدہ، جوانِ ظریف الطبع

رہ جائے یہ ہوس نہ دمِ واپسیں ہمیں
دکھلا دے اپنی شکل تنک لے یہ جبیں ہمیں

مر مٹیے اس کے در پہ یہی مدعائے دل
لے اضطراب یہاں سے نہ لیجا کہیں ہمیں

غصے میں آ کے ہم پہ نہ تلوار کھینچیے
کرتی ہے قتل آپ کی چینِ جبیں ہمیں

جاوے گا اُس کے عشق میں صبر و قرار بھی
مسرور دل کے ہاتھ سے تھا یہ یقیں ہمیں

ہجر کی رات ہو تو وصل کا ساماں مانگوں
وصل کا دن ہو تو میں پھر شبِ ہجراں مانگوں

اے ہمرہاں نہ جلد چلو ناتواں ہوں میں
ٹھہرو تنک اک دم کہ پسِ کارواں ہوں میں

ہر دم سیر کروں ہوں سرِ شاخِ نخل پر
مدت ہوئی ہے مجھکو کہ بے آشیاں ہوں میں

ٹھہرا کے ناقہ راہ میں لیلےٰ نے کیوں کہا
اک ناتواں کی منتظرِ اے ساربان ہوں میں

ہے آہ کا مقام جو عرشِ بریں پہ تو
نالہ کہے ہے سیرکنِ لامکاں ہوں میں

گلگشت کی ہوس ہے کسے دوستی کے ساتھ
صرفِ خیالِ رنگِ رخِ گلرخاں ہوں میں

کیا غم ہے ناتوانی نے جو پیر کر دیا
صدمہ اٹھانے کو تو ابھی نوجواں ہوں میں

گھبرا کے دل نکل نہیں جاتا شبِ فراق
مسرور سچ تو یہ ہی عجب سخت جاں ہوں میں

کوئی دیتا ہی نہیں گورِ غریباں سے جواب
روز ہم جا کے عزیزوں کو پکار آتے ہیں

چتون تو لگاوٹ کی نظر آتی ہے مجھکو
یہ زلفِ سیہ دیکھ کے بل کھاتی ہے مجھکو

بے چین ہوں اور نیند نہیں آتی ہے مجھکو
کیا ہجر کی شب دیکھیے دکھلاتی ہے مجھکو

وہ قتل کا مائل جو نہ ہووے تو تو ہووے
تیغِ اُس کی تو خواہانِ اجل پاتی ہے مجھکو

نواب قاسم علی خاں صوبہ دارِ بنگالہ است عمرش سی سالہ خواہد بود، چیزے بمقتضائے موزونیٔ طبع موزوں می کند و دیوانے ترتیب دادہ است مطلعے از و زبانیٔ منور خاں غافل بسمع رسیدہ۔اینست:۔

قطرۂ اشک جو نہی تا بُنِ مژگاں آیا　　مردمِ دیدہ لگے کہنے کہ طوفاں آیا

مضطر

پنڈت کشمیری مضطر تخلص جوانِ سادہ رو است در مشاعرۂ لالہ موتی رام دیدمش عمرش ہژدہ سالہ خواہد بود شاگردِ طالب است مطلعِ خوبی بسمع رسیدہ وچند شعر نیز نوشتہ شد نو مشق است، ازوست:۔

چھڑایا ہاتھ سے میرے اگر دامانِ دلبر کو　　فلک تیرا گریباں گیر ہوں گا روزِ محشر کو

جو فضا سینہ پر داغ میں ہے میرے صنم　　دیکھنے کو وہ کہاں تختۂ گلزار میں ہے

دیکھے کس شکل سے صورت کبھی مضطر اے وائے　　ایک رخنہ بھی نہیں وا تری دیوار میں ہے

مشہور

مشہور تخلص، شاگردِ میاں پیر بخش سرور، جوانیست کہ پیشہ علاقہ بندی بسر می برد و پیشِ ازیں او ہم قصد شعر بانی کردہ بود مشارٌ الیہ مشورہ آں می برد دریں ایام کم نظر می آید شاید دیگِ سودایش سرد شدہ عمرش تخمیناً بسی رسیدہ باشد حسب و نسبش اطلاع ندارم ازوست:۔

رخ پہ وا زلف کو اپنی جو نہ خوباں کرتے　　حال یوں کاہے کو ہم اپنا پریشاں کرتے

گر دکھا دیتا وہ ہم کو رُخِ روشن اپنا　　تیرا نظارہ نہ ہم اے مہِ تاباں کرتے

و مہذب الاخلاق است از ابتدائے شباب سرے بگفتنِ شعر بودش و آں روز ہا بشاگردی جرأت سرمباہات می افراخت و حالا ہم از مستفید انش شمردہ می شود اگرچہ بفقیر ہم اعتقادے از مدت داشتہ و میدارد و نسخہ کتاب در زبانِ اردوئے ریختہ شکر آمیختہ از خامۂ فکرش رونقِ سواد پذیرفتہ و دوستانِ معنی پرست اکثر نقلہائش برداشتہ بر طاق دلش جا دادند عمرش چہل و پنج سالہ خواہد بود، از وست :-

بازارِ عشق میں کوئی لیتا نہیں مجھے	جنسِ زبوں ہوں یا کہ متاعِ گراں ہوں میں
مہجور ہوں مریض کسی پردہ پوش کا	چشمِ اجل سی ہائے جو اب تک نہاں ہوں میں

آنکھ اُس سے خدا جانے کس وقت لڑی تھی	پر اتنا تو ہے یاد کہ بجلی سی پڑی تھی
تھا چشمۂ حیواں پہ سیہ ابر کا ٹکڑا	یا شب لبِ جاناں پہ وہ مسّی کی دھڑی تھی
اُس شوخ کی فرقت میں میں کس کس کو سناؤں	مچلائی پہ دل آج ہی کل سانس اڑی تھی
دنیا میں کسی سے کوئی امید رکھے کیا	جیتے جی توقع اُسے یہاں جس سے بڑی تھی
سو آہ وہ بھولے سے کبھی جا نہ پھرا دہاں	مہجور سے بے کس کی جہاں نعش گڑی تھی

شور سے تیرے تو ہمسایوں کا ہے ناک میں دم	اتنا رسوا نہ کرا اے نالۂ شب گیر مجھے
خواب میں دیکھی تھی وہ زلفِ پریشان سو آہ	ہوگا سودا یہی سب دیتے ہیں تعبیر مجھے

اے رشک نہ کھو آبرو اس دیدۂ تر کی	ہم کو تو توقع نہیں کچھ تجھ سے اثر کی

مہدی

نواب مہدی علی خاں مہدی تخلص ساکنِ بنارس جوانِ شوریدہ مزاج دار متوسلان

کلامِ خود را خواند بعد آں بموجب گفتۂ استاد خود بملاقاتِ فقیر آمدہ کلامِ منظومِ خود را بخانۂ اصلاح فقیر رسانید عمرش بست و پنج سالہ تخمیناً خواہد بود، از وست :-

چلمن کو اٹھا منہ جو دکھایا ہے کسی نے | جوں شمع مرے جی کو جلایا ہے کسی نے
عشاق کے شب خوں کا ارادہ ہی مگر کیا | مسی پہ لکھوٹا جو جمایا ہی کسی نے
مفتوں کے تئیں دیکھ کہا میں نے جو تو آج | غمگین ہے کیا تجکو ستایا ہی کسی نے
تو بھر کے وہ اک آہ لگا کہنے کہ مت پوچھ | دل لے کے ہمیں دل سے بھلایا ہی کسی نے

وہ کیفیت نہ دیکھی میں چمن کی آب جاری میں | نظر جو لطف آیا چشمِ تر کی اشکباری میں
ترے مفتوں کا جو دن آہ و نالہ میں گذرتا ہے | کٹے ہی رات اے رشکِ قمر اختر شماری میں

منیر

خلف الرشید میاں نصیر جوانِ خوش فکر است ہمراہ پدرِ خود بہ لکھنؤ آمدہ و باز بہ دہلی رفتہ عمرش تخمیناً بست سالہ خواہد بود، از وست :-

رخصت اے زنداں جنوں زنجیرِ در کھڑکائے ہے | مژدہ خارِ دشت پھر تلوا مرا کھجلائے ہے

محسن

محسن[1] تخلص برادرزادۂ خواجہ حسن کہاری جوانِ موزوں طبع و خوش گفتار است او ہم بہ طریقِ ندرت بمشاعرۂ مرزا تقی ہوس آمدہ دریں زمیں ایں غزل خواندہ بود، از وست :-

لگا مت بے تامل تیغ ظالم میری گردن پر | رہیں گی حشر تک چھینٹیں لہو کی تیرے دامن پر

---

(۱) ان - میر محسن محسن تخلص ولد خواجہ حسین ۶ء یہ شعر ذوق کا ہے (مرتب)

اے جنوں تجھ سے نہ رکھتے جو سروکار تو ہم — تا بدامن نہ کبھی چاک گریباں کرتے
تو جو آتا نہ تو گل کھاکے تری فرقت میں — تن پہ داغ کو ہم رشکِ گلستاں کرتے
جان جاتی ہے نکل اپنی یقیں تھا ہم کو — گر جدا سینے سے وہ تیر کا پیکاں کرتے
آرزوِ دل کی برآئی مری اے ہم نفساں — وہ جو مجکو ہدفِ ناوکِ مژگاں کرتے
اتنی رسوائی نہ حاصل مجھے ہوتی مشہورؔ — رازِ الفت جو مرا یار رہی پنہاں کرتے

ہووے گی تیرے سوا حل یہ مری مشکل کہاں — نیم جاں کر کے مجھے جاتا ہے تو قاتل کہاں
خون ہو کر بہہ گیا آنکھوں سے میری وہ تمام — تیری فرقت میں رہا پہلو میں میرے دل کہاں
تیری ہی باعث سے ہے اک مجمعِ خلق اس جگہ — تو گیا تو اے صنم پھر رونقِ محفل کہاں
دوڑتا پھرتا ہے مجنوں ہر طرف کو بے حواس — شاہدِ حی کا خدا جانے گیا محمل کہاں
تجھ سے جب محروم عاشق رہ گیا روزِ وصال — ہووے گی دل کی تمنا پھر بھلا حاصل کہاں
ڈوبتے ترتے ہوئے جاتے ہیں بحرِ عشق میں — ہم کو کیا معلوم ہے کشتی کہاں ساحل کہاں
شاہِ خوباں جان کر آیا ہوں مت محروم پھیر — چھوڑ کر یہ در بھلا جاوے ترا سائل کہاں
کس قدر ہے اس کا شوقِ پائے بوسی دیکھنا — آئے ہے ہر دم تڑپ ظالم ترا بسمل کہاں
کچھ خبر یارانِ رفتہ کی تجھے مشہورؔ ہے — تیری ساتھی چل بسے بیٹھا ہے تو غافل کہاں

مفتوں

نواب فصیح اللہ خاں مفتوںؔ تخلص خلفِ نواب نصراللہ خاں، جوانِ خوش گفتار است در رام پور شاگردِ احمد خاں غفلتؔ بود، چوں[1] در لکھنؤ گذر افگندہ بمشاعرۂ میر صدر الدین

---

(۱) ن۔ ہر گاہ کہ واردِ لکھنؤ گردید اول کلامِ خود بہ میر صدر الدین معائنہ کنانید بعد فقیر را معائنہ کنانید۔

نامی

مولوی بخش اللہ ولد مولوی امراللہ نامی تخلص شخصِ خوشنویس وجامع الکمالات است مصنفستان در جوابِ گلستانِ سعدی رحمۃ اللہ علیہ گفتہ و بوستان را ہم بجواب پرداختہ بکمالِ خویش بلند پرواز است و روخوبہائے چند بستہ شعرے در زمان حسب اتفاق در وصف وے است شنیدم بقلم داوم عمرش تخمیناً از ہفتاد متجاوز خواہد بود خود را شاگرد قمرالدین منت می گوید،

از وست :-

قمر تاج سیار مریخ ہم　　　فلک پشت خورشید زیں قطب دم

نگاہ

شیخ حیدر علی قریشی نگاہ تخلص ولد شیخ نوازش علی بزرگانش سکنہ لاہور بودہ اند و سوداگری پشمینہ واسپ می کردند خودش در لکھنؤ تولد یافتہ، باقتضاے ایامِ جوانی مزاجش شورش دوست افتادہ بسرے بگفتنِ شعرِ ہندی پیدا کردہ و مشورہ آں بفقیر آوردہ از نتائج طبعِ

اوست :-

جاؤں وہاں کسی کا گذارا جہاں نہ ہو　　　دعویٰ کروں تو وہ جو سنے وہاں نہ ہو

اعجازِ خضر ہے سخن اپنا تو اے نگاہ　　　آگے مرے کلیم کے منہ میں زباں نہ ہو

روز ازل سے مقدر میں گرفتاری ہے　　　ہنسلی گردن کی مجھو طوق سے بھی بھاری ہے

ہے بڑا فرق مرے یاریں اور یوسف میں　　　سخت بے قدر ہے جو چیز کہ بازاری ہے

لاکھ آنکھوں میں زمانے کی سبک ہو جاویں　　　دوش پر یاروں کے مردہ بھی مرا بھاری ہے

منزلِ خوف جہانِ گذراں ہے یہ نگاہ　　　چل بسے یار مرے کوچ کی تیاری ہے

زبس روزِ ازل سے آتشِ ہجراں میں جلتا تھا
بجائے ابرِ رحمت آگ برسی اپنے خرمن پر
مقابل اُس کے راکب سے کہاں خورشیدِ تاباں ہو
گمانِ ماہِ نو پڑتا ہو جس کے نعلِ توسن پر
ہوا ہے تازہ محسن داغِ سودا موسمِ گل میں
گریباں پر کبھی دستِ جنوں ہے گاہ دامن پر

ردیف (ن)

نزہت

مولوی برہان الدین محمد ولد سرفراز علی متوطنِ ڈکوہ طبعِ موزوں می دارد گاہ گاہے فکرِ شعرِ ہندی و ہم فارسی خیال می کردند از اتفاقات در کلکتیا ٹولہ متصلِ فقیر خانہ فروکش شدند اصلاحِ سخن نفقیر کردہ ، از وست :۔

نے ہمیں سینہ و دل آتشِ پنہانم سوخت
کز تفِ شمعِ رخت دیدۂ گریانم سوخت
ماتمِ تازہ شد از مردنِ مجنوں در نجد
بےکسی ہائے غزالانِ بیابانم سوخت
چہ تواں کرد ہمہ مایۂ دیں داریٔ دل
نگہِ نازبتِ دشمنِ ایمانم سوخت
چند روز است کہ خونِ دلِ عاشق نچشید
جگر از تشنگیٔ آہنِ پیکانم سوخت
یک زماں ہم نہ دہد فرصتِ خوابم نزہت
شیون و نالہ دگر در شبِ ہجرانم سوخت

فتنہ را بے خوابیٔ از نرگسِ فتانِ اوست
شعلہ افروزِ بلا ہا دامنِ مژگانِ اوست
از قیامت قامت آں سروِ پا دے می دہد
گردۂ دامانِ محشر گردشِ دامانِ اوست
نرگسِ گلزارِ چشمِ نیم خوابش گر ندید
محوِ دیدارِ کہ یا رب دیدۂ حیرانِ اوست
صحتِ بیماریٔ نزہت بسے مشکل بود
کز تفِ عشقِ نہاں سوزِ دلِ بریانِ اوست

کیا نامہ بری کی تھی کسی خستہ جگر کی | بال و پر جبریل ہیں آلودہ لہو سے

ناصر

میرزا میر ناصر تخلص شاگردِ خواجہ حیدر علی آتش، جوان.... وسپاہی وضع بود شعر را بطوریکہ دریں زمانہ کم کم رواج یافتہ می گفت و برخود می پیچید قضائے کار روزِ مشاعرہ ارادۂ آمدنِ مشاعرہ کردہ از خانۂ خود در داں شدہ بود کہ در اثنائے راہ بابت کودکِ حسینی[1] بہ پیادہ ہائے چوکی مناظرہ درمیان آمد حتیٰ کہ نوبت بکشت و خوں رسید آخر بزخمِ شمشیر زندگانی را جواب دادہ۔ شہادتش در سنہ یکہزار و دوصد و سی است عمرش از سی متجاوز خواہد بود، از وست:۔

چشم و گردن کا ترے شب بزم میں افسانہ تھا | تھی تہی قالب صراحی سرنگوں پیمانہ تھا
ہم سے وہ آئینہ رو کس طرح ہوتا صاف دل | دودِ آہ اپنا غبارِ خاطرِ جانانہ تھا
قبرِ ناصر سے بقولِ درد آتی تھی صدا | خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

نہ دیتے کس طرح بوسہ لبِ جاں بخشِ جاناں پر | غضب ہی تشنہ رہ جانا پہنچ کر آبِ حیواں پر
دہانِ ہرزہ گو کو بند کرنا خوب ہے ناصر | غبار آنے لگے آئینۂ نازک خیالاں پر

نذرِ لحد بعدِ فنا ہو گئے | دین سے ہستی کے ادا ہو گئے
سینہ خراشی سے کھلا رازِ عشق | ناخنِ غم عقدہ کشا ہو گئے
شمع کے مانند جلے استخواں | داغ مرے حق میں ہما ہو گئے
تیغ کا احساں مری گردن پہ ہے | سیکڑوں مطلب تھے ادا ہو گئے

---

(۱) ن۔ در راہ بابت زنے نوبت کشت و خون آمدہ از زخم شمشیر زندگانی را جواب داد۔

چشمِ سیاہِ یار کو کرتی ہے بنگ سُرخ
پوشاک پہنتے ہیں سلاطیں برنگ سرخ

مارے خوشی کے یار کے آتے ہی مر گیا
زندہ سے ہو فزوں مرے مردے کا رنگ سرخ

کشتہ تھا لعب و بازیٔ طفلاں کا بسکہ میں
خورشید روزِ حشر کو سمجھا پتنگ سرخ

کھاتا ہی جوش خون مری خاک سی نگاہ
مہدی نے پھر کیا کسی قاتل کا چنگ سرخ

جلادِ چرخ سے نہ ملا خوں بہا مجھے
تیغِ اجل ہے قبضۂ مشکل کشا مجھے

لیلیٰ نے تو کہیں نہ لگایا ہو اُس کو ہاتھ
آتی ہے نخلِ بید سے بوئے حنا مجھے

شاید مزاجِ یار کا کچھ اُس کو پاس ہے
دیتا نہیں جو عیسیٔ مریم دوا مجھے

وہ تیرہ بخت ہوں میں کہ مثلِ قلم سدا
میری زباں رکھے ہے اسیرِ بلا مجھے

روپوش یہ جہاں سے ہوا ہیں کہ خلق نے
پایا نہ زندگی میں برنگِ ہما مجھے

دے نہ تکلیفِ سفر مجکو جوانی میں اجل
کون اس موسمِ گرما میں وطن سے نکلے

سر کو دھنتی ہے گلستاں میں نسیمِ سحری
نکہتِ گل تو ابھی نہ چمن سے نکلے

سرد مہری کا ترے دھیان جو یار آتا ہی
گور میں بھی مجھے لرزے سے بخار آتا ہے

دم نکل جائے تو چھٹ جاؤں میں اس صدمی کر
نالہ کرتا ہوں تو منھ تک دلِ زار آتا ہے

مجھ مصیبت نے دہ کو موت ہی آوے اے کاش
یار کو رحم نہ مجکو ہی قرار آتا ہے

روح مجنوں کی لپٹتی ہے بگولا بن کر
عرصۂ نجد میں جو ناقہ سوار آتا ہے

لاؤ بالی کی محبت میں رکھو . . . جان
یار ہرجائی سے دل پہ جو غبار آتا ہے

ٹھگ تھا وہ کہ واقف نہ ہوا جس کی میں خو سے
پھانسی دی مجھے میری ہی گھاٹے گلو سے

بیتاب ہے مدت سے دلِ زار بغل میں | آجائے کہیں شوخِ طرحدار بغل میں
سو طرح کے صدمے نہ مری جان پہ ہوتے | اک رات جو سوتا مرا دلدار بغل میں
کرتا تھا میں جن لوگوں کی صحبت سے اُسے منع | اُن لوگوں کی رہنے لگا اب یار بغل میں

کچھ بس نہ چلا اُس بتِ بے پیر کے آگے | سر اپنا جھکا میں دیا شمشیر کے آگے
لے مجکو گئی خانۂ زنداں میں جو وحشت | میں پاؤں کو پھیلا دیا زنجیر کے آگے
کل سیرِ گلستاں میں خراماں جو ہوا تو | تھے کبک بھی حیراں تری رفتار کے آگے

ناصر تپِ دوری سے عبث ہوتے ہو بیچین | تم سے جو علاجِ خفقاں ہو نہیں سکتا

نزار

خواجہ محمد اکرم نزار تخلص، ازوست:-

کیا کیجے غضب صبر کا مقدور نہیں ہے | اک زخم نہیں دل پہ کہ ناسور نہیں ہے
آنا ہے تو آجا میری بالیں پہ وگر نہ | کوئی دم کو سنے گا کہ یہ رنجور نہیں ہے
کیا پرسشِ احوالِ جگر سوختۂ عشق | اس مملکتِ عشق میں دستور نہیں ہے

نزار

سید قاسم علی نزار ولد میر احمد علی ابن میر علی حسین وطنِ بزرگانش مشہدِ مقدس بوده از عہدِ فردوس آرام گاه بہ شاہجہاں آباد استقامت درزیدند و بدارو غگی توپخانہ نویسی صرف[1] خاص از حضورِ پرنور مامور شدند و خودش در فیض آباد متولد شده و بہ لکھنؤ نشو ونما یافتہ شوق شعر از دو سال دامنِ دلش بسوئے خود کشیده یک ونیم سال گذشتہ باشد کہ کلامِ خود را بہ قلم

---

[1] یہ لفظ اسی طرح لکھا ہوا ہے (مرتب)

روئیے احوال پہ ناصر کے کیا — ہم بھی گرفتارِ بلا ہو گئے

نصرت

پنڈت کشمیری نصرت تخلص بیش[1] شاگردِ جرأت بود در ایامیکہ لالہ موتی لال مشاعرہ شروع کردہ اکثرے از نوجوانانِ ہندی گو بحلقہ شاگردیٔ میاں نصیر کہ بارِ دگر از شاہجہاں آباد بہ لکھنؤ آمدہ بودند در آمدند او نیز استادیٔ ایشاں را بر خود مسلم داشت عمرش چہل خواہد بود، از وست:-

اٹھ گیا آغوش سے میری جو وہ دلبر کہیں — چین ہی پاتا نہیں ہے یہ دلِ مضطر کہیں
بن ترے اپنے پریشاں ہیں سبھی سامانِ عیش — مے کہیں مطرب کہیں ساقی کہیں ساغر کہیں

یار و جانے کی ہوس مجکو نہ گلزار میں ہے — طرفہ تر سیر مرے دیدۂ خونبار میں ہے
ہم تو اک دم نہ ٹلیں پھر کہیں گھر سے جاناں — دیکھیں گر کچھ بھی درستی ترے اقرار میں ہے
طرفۃ العین میں دل کو کیا نصرت تسخیر — کیا عجب طرح کا افسوں نگہِ یار میں ہے
جان کر جنسِ محبت کا خریدار مجھے — لے لیا نقدِ دل اپنا سرِ بازار میں ہے

دل تڑپتا رہا جوں طائرِ بسمل شبِ وصل — ہاتھ اٹھایا مرے سینے سے جو اک بار اس نے
دل مرا کیوں نہ ہو خاموش برنگِ غنچہ — باغِ گیتی میں نہ پایا لبِ اظہار اس نے
دیکھ کر اس کو ہوا ہے دلِ عالم پامال — ہمدموں ان دنوں سیکھی ہے یہ رفتار اس نے
دیکھ لیتے تھے بہر شکل جدھر سے نصرت — بند وہ آج کئے رخنۂ دیوار اس نے

ناصر

سعادت خاں ناصر تخلص شاگردِ مذنب است، از وست:-

---

[1] ن- ادل-

جب اُس کے چہرے پہ وا زلفِ مشکبار ہوئی — چمن پہ حسن کی چھائی گھٹا بہار ہوئی
مجھے تو غیر کا خطرہ رہا اور اُس کو حجاب — مرے اور اُس کے نہ صحبت کبھی برار ہوئی

خواہشِ وصل میں تدبیر نہ کچھ کام آئی — اس کی فرقت تو لئے موت کا پیغام آئی
اُس کے گھر جانا نہیں چھٹنے کا گر تجھ سے نزار — یہ سمجھ لے کہ قضا صبح نہیں شام آئی

نالاں

محمد وارث نالاںؔ تخلص، از وست :-

اے چشم راز عشق تو افشا نہ کیجیو — ناحق کسی غریب کو رسوا نہ کیجیو

جس وقت تو پسند کرے یہ مکانِ چشم — دو ہیں نکل کھڑے ہوں مے مردمانِ چشم

نالاں

میرزا محمد جان نالاںؔ تخلص خلفِ مہدی علی خاں صوبہ دار بانس بریلی وغیرہ جوانِ صلاحیت شعار است از ابتدائے عمر سرے بموزونئ شعر داشت پیش ازیں بہ لالہ موجی رام موجیؔ تخلص کہ او ہم شاگرد فقیر است چندے مشورہ کردہ دو سال مشاعرہ ہم نمودہ حالا بہ فقیر رجوعے تمام دارد عمرش بست و سہ سالہ خواہد بود، از وست :-

وصل کی شب مجھے کیا یار نے سونے نہ دیا — دیدۂ مائلِ دیدار[1] نے سونے نہ دیا
گرچہ افسانے سے نیند آتی ہے مجکو لیکن — قصۂ عشقِ دلِ زار نے سونے نہ دیا

---

(۱) دیدۂ طالب دیدار

اصلاحِ فقیر در آوردہ و دریں عرصۂ قلیل دیوانے درست ساختہ عمرش سی و ہشت سال بحساب آمدہ، از وست :-

پاسِ عزت ہے نہ کچھ دھیان ہے رسوائی کا
حال پہنچا ہے یہاں تک ترے سودائی کا

ٹھوکریں کھاتے ہیں اُس کوچہ میں سر اُنکے مدام
جن کو دعویٰ تھا ترے در پہ جبیں سائی کا

لاکھ سمجھائیں اُسے پر وہ سمجھتا ہی کوئی
جو کہ مغرور ہو نت اپنی ہی خود رائی کا

دلِ بیتاب کو مطلق نہیں پہلو میں قرار
جب سے عاشق وہ ہوا ایک بتِ ہرجائی کا

کفِ پا ہو گئے گو خارِ مغیلاں سے فگار
اس پہ بھی حوصلہ ہے مرحلہ پیمائی کا

بیٹھے بیٹھے کبھی ہنستا ہے کبھی روتا ہے
قابلِ سیر ہے عالم تری سودائی کا

دور سے آنکھ چراتے ہیں ستارے اُسے دیکھ
زور عالم ہے شبِ ہجر میں تنہائی کا

بھیجا اُس شوخ نے نت وصل کا پیغام نزار
کام آخر ہوا جب زور و توانائی کا

چشمِ بلبل ہی نہیں شیفتہ رخسار کو دیکھ
محو ہے کبکِ دری بھی تری رفتار کو دیکھ

وعدہ تھا صبح کے آنے کا نہ آیا اب تک
اک ذرا اپنی تو بد عہدی و اقرار کو دیکھ

دردِ فرقت سے جو وہ پہنچا ہلاکت کے قریب
رو دیا عیسیٰ نے آخر ترے بیمار کو دیکھ

قتل پر غیر کے جس وقت وہ ہوتی ہے علم
جوش کھاتا ہے مرا خوں تری تلوار کو دیکھ

آگ سوجا یہ لگا دی فلکِ اخضر میں
جا کے پہنچی ہے کہاں آہِ شرربار کو دیکھ

تھی یہ تسلیم کی جا گر کہ بزیرِ دمِ تیغ
دم نہ مارا میں رخِ قاتلِ خوں خوار کو دیکھ

حالِ دل کیا نہیں معلوم ہے میرا تجکو
ناتوانی مری اور عشق کے آزار کو دیکھ

کر جائے سفر جلد کہیں جان بھی تن سے
چھٹ جاؤں میں تا روز کے اس رنج و محن سے

اک دم میں نزار اُس نے کی آخر جو شبِ وصل
شکوہ یہ رہا مجکو سدا چرخِ کہن سے

نحیف

شیخ عبدالکریم نحیفؔ تخلص ساکن رنبیرپور، جوانِ قابل و داناست شعر بزبانِ ہندی وفارسی ہر دو می گوید طبعش بہ نظمِ سخن بسیار مناسب افتادہ مشورۂ آں بہ فقیر دارد اما ہنوز کم کم کلامِ خود را باصلاح رسانیدہ باعثِ کم گوئی است عمرش تخمیناً سی سالہ خواہد بود، از وست:۔

اک دن بسے گا یہ چمن اجڑا بہار سے — بلبل نہ کر فغاں خلشِ نوکِ خار سے
سنتے ہیں طولِ روزِ قیامت یہ ہے یقیں — ہوگا نہ وہ زیادہ شبِ انتظار سے
اپنی بھی جا لڑی ہے اُسی پردگی سے چشم — جلوے نے جس کے طور کو پھونکا شرار سے
اے دوستو تمھیں یہ مبارک ہو سیرِ باغ — ہم داغ لے چلے چمنِ روزگار سے
واں مجکو زلف و رُخ سے فراغت نہ یاں تھی — فرصت نصیب گر نہ لیل و نہار سے
شب کس کی مجکو حسرتِ آغوش تھی نحیفؔ — جو صبح تک یہ ہاتھ تھے چسپاں کنار سے

خونِ مرجاں کا ہے دل تیرے لبِ خنداں سے — سینۂ دُر بھی مشبک ہے دُرِ دنداں سے
اشک نے دل میں مرے آہ سے دی آگ لگا — شعلۂ برق فرو ہو نہ سکا باراں سے
تیر پہ تیر لگے یار کے یہاں تک کہ نحیفؔ — دل مرا خانۂ زنبور ہوا پیکاں سے

غالباً آتشِ گل تیز گلستاں میں ہے — پھر حرارت سی جو داغِ دلِ بریاں میں ہے
انس کچھ دیدہ و داماں میں پھر اب ہونے لگا — کچھ عداوت سی پھر اب دست و گریباں میں ہے
گریہ رو رو کے نہ کر یہاں مری آنکھوں کو سفید — فائدہ دہاں تو کدورتِ دلِ جاناں میں ہے
دیکھتا ہوں جسے باندھے ہے کماں و خنجر — کس سے بگڑی ہے جو ایکا صفِ مژگاں میں ہے
خوں سے سیراب سدا رکھتا ہوں لیکن مجھ سے — خلش اس پر بھی دلِ خارِ بیاباں میں ہے

یادِ روزِ سیہ ہجر دلا کر مجھ کو
وصل میں بھی تو شبِ تار نے سونے نہ دیا

شدتِ[1] درد سے کرتا جو رہا نالہ و آہ
قبر میں بھی دلِ بیمار نے سونے نہ دیا

گرچہ ہوں ساکنِ گلزار و لے نرگس وار
یادِ یارانِ گرفتار نے سونے نہ دیا

چشمِ انجم کی طرح وا رہے نت دیدۂ شوق
ایک شب آرزوئے یار نے سونے نہ دیا

جیتے جی تیرگیٔ گور کا دکھلا کے سماں
یار بن مجکو شبِ تار نے سونے نہ دیا

چھیڑنے کو مرے تصویرِ خیالی بھیجی
خواب میں بھی مجھے دلدار نے سونے نہ دیا

بختِ خفتہ اسے کہتے ہیں شبِ وصل بھی آہ
اپنے پہلو میں مجھے یار نے سونے نہ دیا

وہ تو اس بات پہ راضی تھا مگر اے نالاں
پاس میرے اُسے اغیار نے سونے نہ دیا

کیا نازکی سے رکھے وہ صمصام دوش پر
ہو بار جس کو زلفِ سیہ فام دوش پر

عاشق مزاج کہتے ہیں طفلی سے مجکو لوگ
آتا نہ تھا کبھی مجھے آرام دوش پر

پھرتے ہیں تیرے عشق میں لے برہمن پسر
زنار رکھ کے صاحب اسلام دوش پر

نامی

میرزا مغل نامی تخلص ولد میرزا حیدر[2] بیگ بزرگانش سکنہ شاہجہاں آباد بودہ اند وخودش در لکھنؤ تولد ونشو ونما یافتہ عمرش سی و دو سالہ بحساب آمدہ بمقتضائے موزونیٔ طبع گاہ گاہ چیزے موزوں می کند برادر خوردِ میرزا محمد ہجر است، از دست:-

بجا ہے بلبلِ شیدا کی بیقراری آج
خزاں رسیدہ ہوا موسمِ بہاری آج

---

(۱) ن - نہ گیا مرنے پہ بھی درد جو دل کا میرے -

(۲) ن - میرزا حیدر علی بیگ -

دیدۂ خونبار نے دامن کیا رشکِ چمن
یعنی رکھتا لطف ہی سیرِ چمن باران میں

کیا حرم کیا دیر کس کا شیخ کیا برہمن
بے نشاں دیکھا تجھی کو جلوہ گر ہر شان میں

خوردنِ گندم نے ہم کو ہی نکالا خلد سے
سیر تھے جنت کی دایہ کے ہمیں دامان میں

یہاں ہوا وعدہ برابر وہاں وہی وعدہ ہا
عمر آخر ہو گئی پیمان ہی پیمان میں

کیا کرے بیچارہ دل اس کا مداوا ہاں تو کہہ
دل فریبی ہر ادا میں دلبری ہر آن میں

مر گئے پر پھر یہ مٹی ہے بقولِ خاں نجف
دم کا سارا کھیل ہے اور کچھ نہیں انسان میں

مرغِ دل سینے میں جو گرم نوا ہوتا ہے
گل کھلا ہے درِ گلشن کہیں وا ہوتا ہے

ایکی موسم میں مرے ہاتھوں سے لے وحشتِ عشق
دیکھئے کیا ستم ایجاد نیا ہوتا ہے

اس سے کیا اور توقع ہو کہ یہاں آنے کا
ایک وعدہ تھا سو اب تک وہ وفا ہوتا ہے

کیا خطرناک رہِ عشق ہے یہاں پیاسے کا
آبِ خنجر ہی سے سیراب گلا ہوتا ہے

نجف

کفر ہے دخل مشیت میں نجفؔ بندے پر
جو ہوا خوب، جو ہوتا ہے بجا ہوتا ہے

ناداں

میر شیر علی ناداںؔ تخلص در فیض آباد تولد و نشو و نما یافتہ جوانِ غریب و خود بین است برفاقتِ صفدر علی خاں بہادر خلفِ شجاع الدولہ بہادر مرحوم عزِ امتیاز دارد، استفادۂ شعر چندے با وصفِ بے علمی از میاں عیسیٰ تنہاؔ کردہ و وجہِ تخلص گذاشتن ناداںؔ ہمیں است بعد از قوتِ مشار الیہ گاہ گاہے کہ فکرِ سخن میکند برائے اصلاح رجوع بفقیر می آرد عمرش سی سالہ خواہد بود، از وست :-

مطربا نغمہ کہ ہنگامِ بہار آپہنچا
ساقیا! بادہ کہ صحبتِ گُل و باراں میں ہے

وصل چاہے ہے تو دلا راتوں کو کر رو کے سحر
دُرِ مقصود اسی قطرۂ نیساں میں ہے

رشک سے غنچۂ لب کے تری ہر شام و سحر
غنچۂ گُل ہوسِ چاکِ گریباں میں ہے

عرش تک نالۂ مرغانِ چمن جاتے ہیں
موسم آباد قیامت سے گلستاں میں ہے

دل کی کاہش ہی پہ دل چھوڑ دیا تو نے نحیفؔ
ابھی آفت بہت ایسے غمِ پنہاں میں ہے

وصف اس کے نورِ تن کا جب سے آیا دھیان میں
بالکل اشعار مرصع ہیں مرے دیوان میں

صدق کا نقصاں ہی رکھنا نفع ہے بہتان میں
عصمتِ یوسف کا شاہد چاک تھا داماں میں

رنجش افزائے دلِ بلبل ہے رونا شمع کا
خندۂ گُل آفتِ پروانہ ہے بستان میں

کھیل لڑکوں کا نہیں دل کی رہائی زلف سے
بود و باشِ گو ہو .. .. خمِ چوگان میں

جتنا رویا اور اتنی بے قراری ہو گئی
برق چمکے ہے زیادہ شدتِ باران میں

خصم کے تغیرِ حالت پر نہ جایا چاہئے
ہے زیاں کاری تو پتھر سے زیادہ سان میں

ہے ماہِ تاباں منکسف مہرِ منیر
کیا یہ ہم پلہ ہوں تجھ سے حسن کے میزان میں

ہیں اسیر اس کے بہت تیروں کے پیکانوں کی جا
سربسر ہیں ہی دل ہیں ترکش و قربان میں

زلف و عارض کے علاقے سے ہمارا روز و شب
دل پرستاں میں ہے گر تو جاں ہے ہندستان میں

منہ لگانا غیر کا ایذا رسانی ہے مری
کاوش افزوں ہو لبِ سوفار سے پیکان میں

دھوم مستی کی تری از بسکہ پہنچی دور تک
عشق میں جس کے ہوا نیلم کو سودا کان میں

سنگلاخ اتنا زمینِ شعر کو مت کر نحیفؔ
چل جنابِ مصحفیؔ کے پیچھے اس میدان میں

اے صبا جا اُس گُلِ رعنا کے کہنا کان میں
طاقتِ دوری نہیں اب بلبلِ ہجران میں

اُن لبوں نے کی مسیحائی نہیں تو اپنا کام
تیغِ ابرو کر چکی ہی تھی تمام اک آن میں

عاشق ترا روتا ہے ذرا چل کے خبر لے
یہ بات نہ کہنی تجھے اے نامہ بر آئی

چھوڑوں گا نہ زنہار کوئی اس میں کہے کچھ
جس وقت مرے ہاتھ میں تیری کمر آئی

میں کس کو دکھاؤں شبِ ہجراں کی درازی
بڑھتی ہی گئی یہ نہ قریبِ سحر آئی

امید نہ تھی مجکو تو یہ بادِ صبا سے
دو پھول بھی لے کر نہ مری خاک پر آئی

اک تیرے سوا اور زمانے میں کسی کی
کرنی نہ خوشامد مجھے اے سیم بر آئی

تو حشر کے دن بھی دلِ کم بخت نہ چونکا
سر خاک پہ رکھتے تجھے نینداس قدر آئی

سنتے ہی رہے ہوش کسی کے نہ ٹھکانے
اُس شوخ کے آنے کی جو ناداں خبر آئی

جو کام کرنا ہو کرلے دلا شتاب شتاب
غروب ہوئے ہی ہستی کا آفتاب شتاب

بحالِ نزع ہوں قاصد رہے گا یہ احساں
تو لائے گا مرے نامے کا گر جواب شتاب

پیالہ دے کے یہ کہتا ہے مجکو ساقیٔ بزم
گزک کے واسطے منگوا تو اب کباب شتاب

قیام بحرِ جہاں میں کہاں ہو ہستی کو
ادھر بنا تو اُدھر مٹ گیا حباب شتاب

نفر جواں کا نہ پہنچا سوار ہوتے ہوئے
ہمیں نے دوڑ کے آخر کو لی رکاب شتاب

بسانِ گرد میں واماندہ رہ گیا پیچھے
یہ ہمرہاں نے اٹھائے قدم شتاب شتاب

گلی میں یار کی جایا نہ کر بہت ناداں
تو ایسی باتوں میں ہو جائیگا خراب شتاب

کبھی کھاتے تھے لبِ یار سے دشنام کو ہم
اب ترستے ہیں فقط بوسہ بہ پیغام کو ہم

بن رہا ہوں میں چراغِ سحری اس پر بھی
اور کہتے ہو یہی آئیں گے کل شام کو ہم

ساقیا ہے یہی انصاف کہ میخانے میں
مے پیئے غیر ترستے رہیں اک جام کو ہم

آج کی شب جو تو لے نالہ کمند افگن ہو
تاک آئے ہیں کسی کوچے میں اک بام کو ہم

آنکلتا جو کبھی تو تو مقابل کرتے
شبِ ہجراں سحر تری زلفِ سیہ فام کو ہم

انساں تو کیا فرشتے کا واں تک گذر نہیں
بھیجوں میں کس کو ہاتھ کوئی نامہ بر نہیں

کتنا ہی برسے خاک پہ میرے سحابِ فیض
ہوں نخلِ بید مجکو امیدِ ثمر نہیں

میں رات دن جو نالے کروں اس کا فائدہ
اس سنگدل کے دل میں تو مطلق اثر نہیں

آزاد گر قفس سے ہوا فصلِ گل تو کیا
رونا ہے مجکو یہ کہ مرے بال و پر نہیں

روزِ وصال چہرہ کشا ہو دے جس کے بعد
ایسی تو اپنی دھیان میں کوئی سحر نہیں

سو جان و دل سے تم پہ میاں میں تو ہوں فدا
الفت اگرچہ تم کو میاں اس قدر نہیں

کیا پوچھتا ہے شیشہ و ساغر کی ساقیا
مدت ہوئی کہ اپنی ہی ہم کو خبر نہیں

دو چار ذبح ہوتے ہیں ہر روز بے اجل
کوچے میں تیری کونسا دن ہے کہ شر نہیں

اس شوخ خانہ جنگ سے گر تو ہوا دوچار
ناداںؔ یہ جان لے کہ ترے تن پہ سر نہیں

جب اس کا مصر میں دیدارِ عام ہوتا ہے
تو ماہِ مصر بہ منت غلام ہوتا ہے

غضب تو یہ ہے کہ قاصد کی بے شعوری سے
نصیب غیر ہی میرا پیام ہوتا ہے

رکھا ہے ہاتھ پہ میں نے بھی سر کو بسم اللہ
جو میرے قتل میں قاتل کا نام ہوتا ہے

پسے ہیں تلووں کے نیچے دل اہل محفل کے
جو گرمِ رقص وہ ماہِ تمام ہوتا ہے

بنگاہِ شوق سے دیکھوں ہوں اس کے منہ کی طرف
کبھو جو ہاتھ میں ساقی کے جام ہوتا ہے

میں وہ اسیر ہوں جس کا بہ حسرتِ پرواز
پھڑک پھڑک کے قفس ہی میں کام ہوتا ہے

فروغ زلف میں کیونکر نہ دیوے وہ رخسار
طلوع ماہِ فلک وقتِ شام ہوتا ہے

چمن میں جاتا ہوں ناداںؔ جو یادِ گیسو میں
تو عشق پیچہ مرے دل کو دام ہوتا ہے

غرفے سے جو اُس شوخ کی صورت نظر آئی
اک کوندسی بجلی کی مری جان پر آئی

احوالِ اسیراں کی مگر مجکو خبر ہے
کس طرح سے اے بادِ صبا تو ادھر آئی

اے فلک دیکھوں تو کب تک روزِ وصل آتا نہیں — منتظر بیٹھا ہوں میں بھی گردشِ ایام کا

پاس سے اغیار کے گر پاس آ سکتے نہیں — دور سے بھی کیا مجھے صورت دکھا سکتے نہیں
اس قدر نازک مزاجی نے کیا ہے بے دماغ — ناز معشوقوں کے بھی اب ہم اٹھا سکتے نہیں

ہووے محبوبِ اجل آ کے ہم آغوش کہیں — یار و اغیار کے شکوے ہوں فراموش کہیں

ہمارے کیف کو کچھ خوفِ احتساب نہیں — خیالِ چشم ہے یہاں ساغرِ شراب نہیں
وہ بے نقاب ہوا ہے تو یہ تماشا ہے — دو چار ہونے کی آنکھوں کو اپنی تاب نہیں
وفورِ اشک سے کیوں ہو گلے تلک پانی — ہمارا کاسۂ سر کاسۂ حباب نہیں

دل اس کو دیا میں نے تقصیر اسے کہتے ہیں — مارا غمِ فرقت میں تعزیر اسے کہتے ہیں
جو مجھ سے گریزاں تھا کل اس کو میں گھر اپنے — باتوں میں لگا لایا تقریر اسے کہتے ہیں

تھا آگے جسم اس کا مستور پیرہن میں — اب گم ہوا ہے تیرا رنجور پیرہن میں
دو گز کفن ہی آخر سب کو لباسِ تن ہو — پھولے نہیں سماتے مغرور پیرہن میں

ظلم سے ظلم ہوں ولے اس کو ادا سمجھتے ہیں — اہلِ وفا جفا کو بھی عین وفا سمجھتے ہیں

مزا وصال میں کیا گر فراقِ یار نہ ہو — نہیں ہے نشہ کی کچھ قدر گر خمار نہ ہو
ہزاروں گور کی راتیں ہیں کاٹنی ناسخ — ابھی سے روزِ سیہ میں تو بے قرار نہ ہو

آہ جو یار کے زانو کا یہ سر خوگر ہو ‏ ‏ کیا رکھیں اس کے تئیں بالشِ آرام کو ہم
بن ہر موسے نکلنے لگے فوارۂ خوں ‏ ‏ یہ طپش ہے تو بنا دیں گے چمن دام کو ہم
بزمِ رنداں کا قدح نوش ہی تو اے ناداں ‏ ‏ سمجھے ہیں کفر سے بدتر ترے اسلام کو ہم

ناسخ

شیخ امام بخش ناسخ تخلص خلف الرشید شیخ خدا بخش مرحوم وطنِ بزرگانش دار السلطنت لاہور و خودش در فیض آباد تولد شدہ و بہ لکھنؤ بہ سن تمیز رسیدہ جوانِ سیمن و سپاہی وضع حلیم الطبع و مہذب الاخلاق دیدمش عمرش سی و ہفت سالہ است از سنِ بست سالگی بمقتضائے موزونی طبع فکرِ شعرِ ہندی میکند و در تلاشہائے معنیٔ تازہ می نماید، اجدادش تجارت پیشہ بودہ اند و خودش نیز ہمیں و تیرہ بسر می برد از انتخاب کلام اوست:-

ملا عکسِ شفق کو رتبۂ اکسیر پانی میں ‏ ‏ طلائی ہو گئی ہر موج کی زنجیر پانی میں

دشنام کی تلخی سے ان کو نہ کر آلودہ ‏ ‏ ہیں تیرے لبِ شیریں ظالم شکر آلودہ
کی قدر مری افزوں اور آ کے مصیبت نے ‏ ‏ ہے گردِ یتیمی سے میرا گُہر آلودہ
جو نظم پڑھے اس کی ہو اس کی زباں شیریں ‏ ‏ ہر مصرعۂ ناسخ ہے شہد و شکر آلودہ

وہ مجنوں ہوں کہ ہر عالم میں لیلیٰ میری شامل ہے ‏ ‏ دلِ نالاں جرس ہے سینۂ بے کینہ محمل ہے
ٹپکتا ہی لہو لکھتے ہیں جب اشعارِ رنگیں ہم ‏ ‏ ہمارے ہاتھ میں خامہ گلوئے مرغِ بسمل ہے
توقع ہے شبِ فرقت میں مجکو صبح ہونے کی ‏ ‏ معاذ اللہ کتنا موت سے انسان غافل ہے

رہے ہے ہم قید میں گو روح چھوٹی محبسِ تن سے ‏ ‏ موئے پر بھی نہ اترا مثلِ قمری طوق گردن سے

زار انتظارِ خط نے کیا اس قدر مجھے | پہچانتا نہیں ہے مرا نامہ بر مجھے

اک دلِ مجنوں ہی جس کی لاکھ جا تدبیر ہے | جس پری کی آنکھ ہے سو حلقۂ زنجیر ہے
ہوں میں ایسا کوہکن جس کا فلک سے بے ستوں | کہکشاں کہتے ہیں جس کو میری جوئے شیر ہے
کرے مجھ مجنوں کو خوش خلقی سی جو جی اپنے اسیر | کافی اک موجِ تبسم کی مجھے زنجیر ہے
ناتوانی وہ مری پوچھے تو کہیو قاصدا | یہ ترا موئے کمر ناسخ کی بس تصویر ہے

دلِ صد چاک میں گر جلوۂ جاناں ہوتا | روز اس گنجِ شہیداں میں چراغاں ہوتا
زلف سی اس کی جو تشبیہ نہ دیتے شاعر | اس قدر حال نہ سنبل کا پریشاں ہوتا
دوش پر ریگِ بیاباں کے جنازہ ہی مرا | شہر میں کیوں سبب داغِ عزیزاں ہوتا
اے اجل ایک دن آخر تجھے آنا ہے ولے | آج آتی شبِ فرقت میں تو احساں ہوتا

نصیر

میاں نصیر الدین نصیر تخلص ساکنِ شاہجہاں آباد از اولادِ شاہ صدر جہاں جوانیست ذی فطرت و صاحب ہوش دراں ایام کہ فقیر در دہلی بر مکانِ میاں خورم علی خورم تخلص طرحِ مشاعرہ انداختہ بود چندے بتدیانہ موزوں می کرد و در مشاعرہ می آید حالا شوق او رااز سر شدہ بمرتبۂ کمال رسانیدہ در شاہجہاں آباد علمِ استاذی می افرازد و شریف آں شہر بحلقۂ شاگردیش در آمدند و اورا در استاذی مسلم الثبوت میدانند و ملک الشعرا می گویند البتہ در روانی طبعش شکے نیست اما چوں در لکھنؤ گذر افگندہ و با فصحاے ایں دیار ملاقات کرد و در مشاعرہ با غزلِ طرحی گفتہ خواندہ مرتبۂ سخنِ بلندِ او را معلوم شد در تذکرۂ اول بہ سبب بہم نہ رسیدنِ کلامش دو شعر سماعی نوشتہ بودم لہذا چوں دریں نزدیکے دو سہ بار مشارٌ الیہ بایں دیار آمدہ در غزلہاے

پھر بہار آئی کفِ ہر شاخ پر پیمانہ ہے / ہر روش میں جلوۂ بادِ صبا مستانہ ہے

رہا گر شغل رونے کا یونہی اس چشمِ گریاں کو / کروں گا بعدِ مردن بے نشاں گورِ غریباں کو
درازی یاد دلواتی ہے اُس زلفِ پریشاں کو / عزیز اس واسطے رکھتا ہوں میں شبہائے ہجراں کو
پری رو اس ستمگر کو اگر کہیے تو زیبا ہے / کہ وحشت اس قدر ہوتی نہیں انساں سے انساں کو
یقیں ہے شوقِ کامل سے اگر ریگِ رواں ہو کر / رواں ہو بعدِ مردن خاک میری کوئے جاناں کو
دکھا کر وہ سہی قامت حنائی ہاتھ کہتا ہے / کیا شمشاد سے پیدا خدا نے شاخِ مرجاں کو
نہ کیونکر چشمِ مستِ یار خوش ہوں میری رونے سے / کہ ناسخ دوست رکھتا ہے ہر اک میخوار باراں کو

دل مرا مرگِ شبِ فرقت میں ایسا شاد ہے / شیونِ یاراں مجھے شورِ مبارکباد ہے
گرد آلودہ نہ دامانِ صبا کو بھی کیا / مشتِ خاک اپنی بسانِ رنگِ گل برباد ہے
قصرِ تن کی بے ثباتی کا جو آتا ہے خیال / ہر حباب اپنی نظر میں قلعۂ فولاد ہے
کیا سمجھ کر کوچۂ خوباں میں پھر جاتا ہے تو / آفتِ سالِ گذشتہ تجکو ناسخ یاد ہے

فکر سے میں نہیں خالی غمِ جاناں میں کبھی / کبھی زانو پہ مرا سر ہے گریباں میں کبھی
راہ پاوے ترے کوچے میں جو وہ آنے کی / نہ رکھے بادِ صبا پاؤں گلستاں میں کبھی
سرد مہری پہ ہے شعلہ رخوں کے ناسخ / گرم پہلو نہ ہوا فصلِ زمستاں میں کبھی

میرے نعشے کے وہ ہمراہ لحد تک ہووے / اے اجل تیرا قدم مجکو مبارک ہووے
دوست گر جنسِ محبت کے خریدار نہیں / کوئی دشمن ہی مری جان کا گاہک ہووے

نیاز

مولوی نیاز احمد نیازؔ تخلص کہ بندہ در ایامِ طالب علمی شانِ عالم وجاہتِ ایشاں را دیدہ بلکہ چندروز میزبان ہم از ایشاں در شاہجہاں آباد خواندہ بودز بانی صادر دار دچوں طنطنۂ فصاحتِ من از لکھنؤ بگوشِ مبارکِ ایشاں رسیدہ غزلے کہ بعد تحصیل فنون فضائل خود گفتہ بودند از بریلی بفقیر نوشتند چوں بر پشتِ تختِ مشائخی در بریلی تمکن دارند و در وجد وحال نام برآوردہ از مضامینِ آں معنی ہمہ اوست می تراود وآں اینست:-

کسیکہ سرِ نہان است .... ہمہ اوست
عروسِ خلوت وہم شمعِ انجمن ہمہ اوست

زمصحفِ رخِ خوباں ہمیں نمود رقم
کہ خط وخال ورخ وزلفِ پرشکن ہمہ اوست

نظر بعیب مکن در ظہورِ باغِ وجود
کہ طوطیانِ چمن زاغ وہم زغن ہمہ اوست

زسرِ عشق چو واقف شوی یقیں دانی
کہ قیس ولیلیٰ وشیرین وکوہ کن ہمہ اوست

شنیدہ ام بہ صنم خانہ از زبانِ صنم
صنم پرست وصنم گر صنم شکن ہمہ اوست

رساند مطربِ خوش گو ہمیں ندا در گوش
کہ چوب وتار رصدائے تنن تنن ہمہ اوست

نوازش

نوازش حسین خاں نوازشؔ تخلص عرف مرزا خانی ولد حسین علی خاں ابنِ نواب ناصر خاں صوبہ دارِ کابل وپشاور وغزنی قوم مغل چگتی وطنِ بزرگانش .. .. ..خود در اکبر آباد تولد شدہ ودر لکھنؤ نشو ونما یافتہ، جوانِ مہذب الاخلاق وخود بیں وخوش اختلاط است از سنِ ہیزدہ سالگی شوقِ موزونی شعر بہم رسانیدہ در وضع گفتن وخواندنِ شعر تتبعِ میر سوز است وخود را شاگردِ ایشاں می گوید دیوانِ اول بطورِ ایشاں گفتہ وحالا یک دیوانِ دیگر ہم جمع نمودہ، از وست:-

طرحی شریکِ مجلسِ یاراں شد انچہ از کلامش بیاد فقیر ماندہ آنرا بنوکِ قلم دادم، عمرش از شصت متجاوز خواہد بود، از وست:-

کسی کے حال پر گر رحم کرتا وہ ستمگر ہے
تو چشمِ حلقۂ جوہر سے تکتا اُس کو خنجر ہے

بلا سے قتل گاہِ عاشقاں کوئی ستمگر ہے
ہمارا لختِ دل نامہ ہے اور آنسو کبوتر ہے

ہوا ہے دیکھ صورت کس پری کی یہ دیوانہ
کہ پائے آئینہ میں حلقۂ زنجیر جوہر ہے

نہیں بجز جہاں میں قابلِ صحبت تنک مایہ
تسلی بخشِ کامِ تشنگاں کب آبِ گوہر ہے

نہ پایا ہم نے ہوتے رزق اہلِ حرص کو قانع
کہ پائے آسیا میں روز گھر بیٹھے یہ چکر ہے

سبک رویوں کا بالاتر ہے رتبہ اہلِ تمکیں سے
کہ گل ہے افسرِ دریا غریقِ بحر پتھر ہے

غزل کو میری کہتے ہیں یہ اربابِ سخن سن کر
نصیر اب تو ہی دریائے معانی کا شناور ہے

کیا ہوا گر چشمِ تر سے خوں ٹپک کر رہ گیا
بادۂ گلگوں کا ساغر تھا چھلک کر رہ گیا

تاب اُس بالی کے موتی کی نہیں کیا زلف میں
اے دلِ آشفتہ سچ کہہ کیا تو تک کر رہ گیا

سرزمینِ شام میں تارا گرا تھا ٹوٹ کر
یا اندھیری رات میں جگنو چمک کر رہ گیا

دل اس کے خندۂ دنداں نما کے مول بکا
ہزار شکر کہ یہ موتیوں کی تول بکا

جس گھڑی زلف کے چہرے پہ تری بال کھلے
دامِ الفت کے اسیروں کے پر و بال کھلے

نہیں ہے رُخ پہ اس کے لاجوردی کان کا پتا
جھمکا ہے لالۂ احمر پہ نافرمان کا پتا

کروں جوڑے کا تصور کہ خیالِ گردن
زندگی ہو گئی اے جان وبالِ گردن

کمال راسخ الاعتقادی تا الی الآن می نمیش و عمرش بست وشش ساله خواہد بود، از دست ا۔

ضعف ہی مانع نہیں ہے کچھ مری رفتار کا
سر پہ ہے کوہِ گراں سایہ تری دیوار کا

حسن پر گرتی ہیں یوں چشمِ حریصِ اہلِ درد
جوں غذائے خوش پہ مائل ہووے دل بیمار کا

دل ہی جب ہارے تو پھر کس کام کے صبر و شکیب
فوج کو دیتا ہے ذلت بھاگنا سردار کا

دامنِ صحرا کو یکسر موتیوں سے بھر دیا
وا ہوا دستِ سخا جب چشمِ گوہر بار کا

آخرِ کار یہ حیرت نے کیا کام اپنا
اُس نے پوچھا تو ہمیں بھول گیا نام اپنا

صورتِ دائرہ اس صفحۂ ایجاد کے بیچ
آخر آغاز سے جا ملتا ہے انجام اپنا

پرفشانی کا مزا خاک میں مل جاتا ہے
یاد آتا ہے تڑپنا جو تہِ دام اپنا

عرش پرواز رہے ہم تو اسیری پہ بھی
طائرِ روح نے چھوڑا نہ لبِ بام اپنا

قاصد اور نامے پہ موقوف نہیں کام اپنا
آپ لے جاتے ہیں ہم یار کو پیغام اپنا

فرقتِ روح کا لازم نہیں انساں کو ملال
کیوں برا مانیئے مانگے جو کوئی دام اپنا

شہر کو ایک قدم چل نہ سکے صحرا سے
حلقۂ چشمِ غزالاں پہ ہوا دام اپنا

ملنے لگا ہر ایک سے وہ عہدِ شباب میں
سمجھا کہ پائے حسن ہے میرا رکاب میں

تربت پہ میری شمع نہ رکھنا کہ مردے کو
ہوتی ہے سُن کے رونے سے شدت عذاب میں

کھا کر گزک وہ دل کی مرے بولا غیر سے
بو آشنا کی آتی ہے کچھ اس کباب میں

غفلت سے طرفہ معجزہ رکھتے تھے جس سو رات
زندہ نظر پڑا مجھے ہر مردہ خواب میں

وحدت کو غور کیجیے تو کثرت سے ہے فروغ
نقطے سے جیسے ہووے فزایش حساب میں

ہر دم نیا ہے رنگ زمانے کا اے نظرؔ
کیا کیا تماشے دیکھتے ہیں انقلاب میں

بلبل کو رگِ گل ہی ہے دامِ گرفتاری — صیاد نہ لے سر پہ الزامِ گرفتاری

او بلبلِ شوریدہ کیا پھول کے بیٹھی ہے — پھر نگہتِ گل لائی پیغامِ گرفتاری

جی دے گی ابھی اپنا بلبل قفسِ تن میں — صیاد تو لیتا ہے کیوں نامِ گرفتاری

شہبازِ دلِ عاشق دام اُس کے میں آیا جب — پابند .... ہنگامِ گرفتاری

پھر بعد کئی دن کے ہاتھوں پہ لگا رکھتے — آغاز سے بہتر تھا انجامِ گرفتاری

تاریکیٔ گور اُس دم یاد آئی نوازش کو — اُس زلف نے دکھلائی جب شامِ گرفتاری

عکس کس کا یہ مرے پیشِ نظر رہتا ہے — جو درِ دیدہ کھُلا آٹھ پہر رہتا ہے

کس کی آمد کا تصور یہ بندھا ہے مجکو — جو مرا دھیان سدا جانبِ در رہتا ہے

شب کو میں نے جو کہا آج تو رہتا ہوں کہ میاں — روز کا ہے کو کسی کے کوئی گھر رہتا ہے

منھ سے یہ شوخ کے پھوٹا نہ ذرا بل بے بخیل — کہ یہ گھر ہے ترا رہ جا نہ اگر رہتا ہے

نظر

میرزا علی نظر تخلص خلفِ مرزا محمد زمان در اولادِ مالک اوشتر وطنِ بزرگانش مدینہ منورہ وجدِ مادری مرزاے مذکور عبد الواحد خاں ولد خدمت طلب خاں بخدمتِ متوفی گری نوابِ جنت آرامگاہ امتیاز داشت قوم مغل از مرزایانِ دفتر بودہ اند در ولایت ایشان را قراقم نیلوی می گویند و متوطنِ دشت قبچاق انداز مدت بچند سال در شاہجہاں آباد اقامت گرفتہ مرزائے مسطور خودش در لکھنؤ متولد شدہ از ابتداے عمر طبعِ رسا و ذہنِ عالی داشت انچہ کہ موزوں کردہ بہ نظرِ فقیر گذرانیدہ حالا ترقی بسیار کردہ شعر را بہ فصاحت و بلاغت تمام می گوید و مرتبہ ریختہ برابر فارسی رسانیدہ و طرزِ عاشقانہ و معنی بند ہر دو بسیار خوب می گوید و کلامش از غلطی پاک و در فنِ شاعری چالاک و از احوال و مبادی شعر ماہر غرض شاعرِ مسلم الثبوت است در

غمِ فراق پئے کیوں نہ خونِ دل میرا
کہ میزبان کے سر پہ ہو خرچ مہماں کا

مگر تو اُس کے نہیں مجکو ہے یہی حسرت
وہ کون ہے جو اٹھاتا ہے بوجھ داماں کا

میں بے نصیب ہوں اس پر بھی ہی نصیب نہیں
زمینِ شور سے اُگتا ہے نخلِ حرماں کا

فروغِ عمر نے کھینچا نہ طول زیرِ فلک
کہ دیر پا نہیں ہوتا چراغ زنداں کا

دلیلِ عالمِ نیرنگ ہے یہی تو نظر
نہ ایک طور پہ دیکھا مزاج انساں کا

سمجھ کے عاشقِ صادق جدا نہ ہونے دیا
کسی کا اس نے مجھے مبتلا نہ ہونے دیا

دو چار عکس سے اپنے ہی وہ ہمیشہ رہا
اس آئینے نے کسی کا بھلا نہ ہونے دیا

میں آپ نذر کئے لا کے استخواں اپنے
خراب و خوار تجھے اے ہما نہ ہونے دیا

قضا نے اُس کی دمِ تیغ سے رکھا محروم
مرے نصیب یہ آبِ بقا نہ ہونے دیا

میں خواب میں تو بھلا دیکھتا کبھی اُس کو
فلک نے یہ بھی مرا مدعا نہ ہونے دیا

ہزار رنگ زمانے نے بدلے گرچہ نظر
مری وفا نے اُسے بیوفا نہ ہونے دیا

خیمۂ تن علمِ آہ سے برپا ہووے
مر کے جی اُٹھے جو عاشق تو تماشا ہووے

دعوئ حسن کرے اُس سے بھلا کیا خورشید
نقشِ پا جس کا حریفِ یدِ بیضا ہووے

عیشِ امروز سے کیا کام ہے اس کو جو کوئی
بستۂ سلسلۂ وعدۂ فردا ہووے

رگِ گل کرتی ہے دعوائے نزاکت یارو
پیچ و تابِ کمرِ یار کا چرچا ہووے

ہوں وہ غم دیدہ کہ مانی مری کھینچے جو شبیہ
بانگِ شیون لبِ تصویر سے پیدا ہووے

وعدۂ وصل نہ حرماں زدہ ایسے سے کرو
جس کے نالے کی غذا خونِ تمنا ہووے

سخت نومید ہوں یارب مددِ طالع سے
کاش بیداری مری خوابِ زلیخا ہووے

وہ پرِ کاہ ہوں میں گلشنِ ہستی میں نظر
قطرہ شبنم کا جسے لطمۂ دریا ہووے

بے طرح آئی ہے اُس کو کمر یار پسند
جان کا اپنی ہے دشمن دلِ دشوار پسند

اب ٹپکتے ہیں مرے سر سے وہ غصہ ہو کر
یہ وہی دل ہے کیا تھا جسے سو بار پسند

جلد آغاز پہ انجام تسریں ہوتا ہے
اسی باعث ہے مجھے گردشِ پرکار پسند

روح کو جسم سے بے وجہ نہیں ہے الفت
کیوں مسافر نہ کرے سایۂ دیوار پسند

جادۂ شرع کا سالک ہے بہ مجبوری شیخ
کور کو کیونکہ نہ آوے رہِ ہموار پسند

بار ہوں خاطرِ گلزار کا میں برق کو کاش
آشیاں کے مرے آجاویں خس و خار پسند

جانے دیتے تھے جسے قول و قسم لے لے کر
جیتے ہیں اُس کے بس اب نام کو ہم لے لے کر

زخمِ شمشیرِ تغافل کے اٹھاتا ہے مزے
جان دیتا ہے ترا کشتہ جو دم لے لے کر

آنکھ بھی اُن پہ نہ ڈالی مرے استغنا نے
نذر کو آئے تھے جو جاہ و حشم لے لے کر

کوئے جاناں میں جو آتے ہیں نظر میں اُنکے
اپنی آنکھوں سے لگاتا ہوں قدم لے لے کر

نقطۂ موہوم سے اُس کا دہن پیدا کیا
میری دقت نے سخن میں بھی سخن پیدا کیا

بعد جلنے کے بھی میرا پردہ رکھا عشق نے
مثلِ اخگر جسم سے میرے کفن پیدا کیا

میرے سوزِ عشق نے یوں اُسکے دل میں راہ کی
سنگ میں جس طرح آتش نے وطن پیدا کیا

عاشقِ جاں باز کا ملنا نہایت ہے محال
دوسرا شیریں نے کس دن کوہکن پیدا کیا

پڑ گیا عکسِ بناگوش اُس کا جو وقتِ خرام
باغ میں لالے نے رنگِ یاسمن پیدا کیا

کیا مزا ملتا ہے تجھکو گر ملے وہ اے نظر
اُس سے پوچھوں جس نے یہ چاہت کا فن پیدا کیا

اثر تو دیکھ مرے دل کے داغِ سوزاں کا
کہ تارِ شمع ہے جو تار ہے گریباں کا

تلاش سے نہ رہا باز پائے خفتہ مرا
ہے عزم خواب میں بھی اس کو کوئے جاناں کا

کیا تھا قصدِ ہلاک اپنا رک کے مجنوں نے   کہ اس میں لیلیٰ محمل سوار آ ہی گئی
خیال اُس کی درستی کا پھر نظرؔ ہے عبث   شکستِ دل پہ جب انجام کار آ ہی گئی

قابلِ نظارہ یہ موجِ سراب لے دل نہیں   ہستیٔ موہومِ عالم جو خطِ باطل نہیں
ہاتھ اٹھانا مذہبِ خوباں سے شاید ہی گناہ   دستِ رد بھی جو نصیبِ کاسۂ سائل نہیں
آسماں اک بے گنہ شام و سحر کرتا ہی ذبح   یہ شفق کا رنگ ہی خونِ سرِ بسمل نہیں
اہلِ دل قالب تہی کرنے کو یہاں موجود ہیں   وہ اگر آوے تو بے تعظیم یہ محفل نہیں
گر ذرا شورش پہ آوٗں آوے طوفاں شہر میں   اضطرابِ دل مرا موجِ لبِ ساحل نہیں
عاشقِ حیراں ہوں کیوں لیوے وہ مجھ سے منہ پھرا   پیکرِ تصویر کو رنجِ شکستِ دل نہیں
رحم آتا ہے مجھے احوالِ چرخِ پیر پر   اس مسافر کو کہیں آسائشِ منزل نہیں
بطنِ مادر سے نکل کر اس لئے گریاں ہی طفل   یعنی ہے بزمِ عزا یہ عیش کی محفل نہیں
اب نظرؔ دل سے اٹھا دے لالہ رویوں کا خیال   غیرِ داغِ یاس نادان ان سے کچھ حاصل نہیں

چشم کو شوقِ تماشا نگراں رکھتا ہے   عشق دل کو مرے سرگرمِ فغاں رکھتا ہی
صبر کا مجھ پہ تو ناحق کا گماں رکھتا ہے   اب وہ طاقت دلِ بیتاب کہاں رکھتا ہی
گالیاں دو مجھے میں چپ رہوں سبحان اللہ   پر کوئی منہ میں مری جان زباں رکھتا ہی
موسمِ گل میں شگفتہ ہو دلِ بلبل خاک   کہ غمِ آمدِ ایامِ خزاں رکھتا ہی
شور و شر ہوتا ہے تصویر سے عاشق کی عیاں   لبِ خاموش بھی اندازِ فغاں رکھتا ہی
بدگمانی سے میں ناچار ہوں اپنی ورنہ   دوستی کس سے تو اے دشمنِ جاں رکھتا ہی
خوب دیکھا تو نہیں اس کا گنہ اس میں نظرؔ   دل مرا مجھ ہی کو رسوائے جہاں رکھتا ہی

رات بھر اُس کو تڑپنے کے سوا کام نہیں   کسی کروٹ دلِ بیتاب کو آرام نہیں
دیکھ کر دور ہی سے مجکو یہ بولا صیاد   صید لاغر ہے یہ بابِ قفس و دام نہیں
رات دن اُس کا تصور ہے سرک اے قاصد   عالمِ وصل میں گنجائشِ پیغام نہیں
کہہ کے یہ بات مجھے قافلے والے گئے چھوڑ   تو یہیں رہ کہ ترے پاس سرانجام نہیں

صدمۂ دستِ جنوں سے کوئی ٹل جاتا ہوں   ہوں میں وہ چاک کہ دامن سے نکل جاتا ہوں
دلِ پر آبلہ ہے میری لحد میں ہمراہ   باغِ امکاں سے لئے ساتھ یہ پھل جاتا ہوں
حق میں ہوئے مری مانندِ حنا سرمۂ خواب   ہر شب آنکھیں میں ترے تلووں سے مل جاتا ہوں
نظرِ بد کہیں میری ہی نہ لگ جائے اُسے   جب بناؤ اپنا وہ کرتا ہے میں ٹل جاتا ہوں
زخم کھا کر دمِ شمشیر کا گرتے گرتے   قوتِ بازوئے قاتل سے سنبھل جاتا ہوں
تیری تصویر بغل میں ہے مرے نزع کے دم   ساتھ اپنے لئے یہ حسنِ محل جاتا ہوں
عشق نے تیرے یہ صورت تو مری پہنچائی   آئینہ دیکھ کے میں آپ دہل جاتا ہوں
جادۂ راہ فنا شمع کا شعلہ ہے مجھے   مثلِ پروانہ میں دنبالِ اجل جاتا ہوں
غم و شادی کا مری کچھ نہیں باعث جوں طفل   آپ ہی میں روتا ہوں اور آپ ہی بہل جاتا ہوں
وہ شناور ہوں کہ دریائے تعلق سے نظرؔ   ہاتھ دو مار کے بس صاف نکل جاتا ہوں

لبوں پہ گل کے لئے جان زار آ ہی گئی   قفس سے چھوٹے نہ ہم اور بہار آ ہی گئی
خیالِ ہجر نہ مطلق رہا تھا روزِ وصال   غضب ہوا کہ شبِ انتظار آ ہی گئی
وہ گرچہ بچ کے چلا پر نشے میں وقتِ خرام   قدم تلے مری خاکِ مزار آ ہی گئی
گیا نہ پیش مرا احترازِ موسمِ گل   چمن سے کان میں صوتِ ہزار آ ہی گئی
ستم گری ترے قامت کی پہلے پنہاں تھی   کھلی جو گات قیامت دو چار آ ہی گئی
چھپایا غیروں نے گو اُس کا باغ میں جانا   نسیمِ گل سے مجھے بوئے یار آ ہی گئی

بوسہ لینے نہیں دیتے ہیں کرن پھول ترے
حسن نے گل کو بنایا ہے نگہباں گل کا

ساتھ اُس شوخ کے گلشن میں گئے تو لیکن
ہم سے دیکھا نہ گیا حالِ پریشاں گل کا

روز و شب جب یہ ہے گلچینِ قضا کا خطرہ
نظرؔ اس باغ میں ہو کیا کوئی خواہاں گل کا

سیرِ چمن عدوئے دلِ زار ہوگئی
اُس بن تو موجِ گل ہمیں تلوار ہوگئی

وہ بے نصیب ہوں کہ جو آیا وہ بے نقاب
حیرت سے اُس کا پردۂ رخسار ہوگئی

آیا جو سرسری بھی عیادت کو تو مری
بس اتنے ہی میں خاطرِ بیمار ہوگئی

دیکھا جہان نے تجھے چشمِ قبول سے
عاشق کی آنکھ تھی کہ گنہگار ہوگئی

امیدِ ضبط تھی دلِ خانہ خراب سے
عاشق سمجھ گیا وہ مجھے اضطراب سے

بل بے نزاکت اُس کی کہ دریا میں وقتِ غسل
چھڑیاں بدن پہ صاف لگیں موجِ آب سے

بوسہ لیا جو مصحفِ رو کا وہ رُک گیا
حاصل ہوا عذاب یہ ہم کو ثواب سے

رہتا ہے واژگوں ہی مرا کاسۂ سوال
سیکھی ہے میں نے بس یہ قناعت حباب سے

حسرت پہ میری بزم میں اُس بادہ نوش کے
جاتا نہیں ہے . . . خونیں کباب سے

ساقی تو جام دے کہ لبِ شکوہ وا نہ ہوں
بہتر ہے پہلے زخم کا دھونا شراب سے

حالِ شبِ فراق سے میرے عجب نہیں
خالی ہو روزِ حشر بھی گر آفتاب سے

بوسے میں اس کے دو کی جگہ چار لے گیا
شکرِ خدا کہ وہ نہیں واقف حساب سے

منصف ہو دیکھے گر کوئی دیواں مرا نظرؔ
فرصت ملے نہ اُس کو کبھی انتخاب سے

باہر ہوا میں جبر سے نہ اختیار سے
کس کو مفر ہے شعبدۂ روزگار سے

گردِ رہِ انتظار کا عالم یہی رہا
محشر سے پیشتر میں اٹھوں گا مزار سے

نہ موت آوے نہ وہ ہم کلام ہوتا ہے
کسی کا کیونکہ زمانے میں نام ہوتا ہے

برنگِ لالہ گلستانِ دہر میں اپنا
مدام خونِ جگر صرفِ جام ہوتا ہے

ہے نزع میں کئی دن سے اسیرِ غم تیرا
نہ کوچ ہوتا ہے اور نہ مقام ہوتا ہے

یہی ہے ایک دلیلِ قوی تناسخ کی
تہی ہو شیشہ تو لبریز جام ہوتا ہے

اگر ذرا بھی تو تکلیف دست و تیغ کو دے
تمام عمر کا قصہ تمام ہوتا ہے

مجھے ہے رشک اسی بات کا نظر وہ شوخ
دو چار آئینہ کیوں صبح و شام ہوتا ہے

شبِ فراق سحر ہوتے مجکو مار چلی
نہ آیا تو صنم اور جانِ بے قرار چلی

خبر یہ سنتے ہی بس مر گئے اسیرِ قفس
کسی نے جو نہی کہا باغ سے بہار چلی

جو ہم کو قتل بھی کرکے چلا تو مقتل سے
تو پیچھے پیچھے ترے روح اے نگار چلی

نہ اس قدر تھا گماں تیری بے وفائی کا
بہت شتاب تو اے عمرِ مستعار چلی

جب آیا نجد تو شوقِ وصال میں لیلےٰ
کبھی پیادہ چلی اور کبھی سوار چلی

غبارِ دل جو نکالا میں آہ کرکے نظر
تو بعدِ مرگ اک آندھی تہِ مزار چلی

بو کی مانند میں آوارہ ہوں جہاں گل کا
چھوڑ جاؤں گا بس اک لحظہ میں داماں گل کا

کبھی ہمدم کو نہ ہمدم کی ہوئی غمخواری
سوزنِ خار سیئے کیونکہ گریباں گل کا

شاخ سے توڑ کے گل بادِ صبا تو نے کیا
داغ گوں زخم پہ بلبل کے نمکداں گل کا

جی جلاویں گے صبا ہم بھی جو زر ہاتھ آیا
سنتے ہیں اب کی برس نرخ ہے ارزاں گل کا

میرے گریہ سے فزوں کیونکہ نہ ہو حسنِ نگار
رنگ ہوتا ہے عجب موسمِ باراں گل کا

تو گرفتارِ قفس ہوں ابھی مرجاؤں گا
نام آگے نہ مرے لیجیو یاراں گل کا

دیکھے گلشنِ تصویر میں تصویرِ ہزار
ساتھ بلبل نے نہ چھوڑا کسی عنواں گل کا

گر اُس کے وصفِ لب میں شعرِ رنگیں کوئی لکھتا ہوں
رگِ یاقوت کر دیتا ہوں نقشِ تارِ مسطر کو

جس زمیں میں بیٹھ کر اک دم مرا اشک افشاں ہوا
نقشِ ہر قطرہ سے پیدا نوح کا طوفاں ہوا

آدم و حوا کی الفت سے کھلا ہم پر یہ بھید
روزِ اول عشق کا مورد دلِ انساں ہوا

طبع سے جاتی نہیں ہرگز مری خوئے خلیل
نیم نانِ جو پہ بھی میں طالبِ مہماں ہوا

رحم کھا کر اس نے آخر آپ پوچھا حالِ دل
اپنا چپ رہنا ہی اپنے درد کا درماں ہوا

مہربانی میں بھی اس کی مرگ ہے عشاق کی
برق اک ہم پر گری جس دم کہ وہ خنداں ہوا

ہم نہ سمجھے تھے کہ دل ہم سے خفا ہو جائیگا
آشنا یوں یک بیک ناآشنا ہو جائے گا

گر دلِ بیمار کی آیا عیادت کو وہ شوخ
دل میں ہے جتنا گلہ حرفِ دعا ہو جائے گا

باغ میں دیکھے گر اُس کے دستِ رنگیں کی بہا
لالۂ احمر وہیں دزدِ حنا ہو جائے گا

مائلِ سرو نہ دیوانۂ شمشاد تھے ہم
گلشنِ دہر میں تھے سب سے پرے آزاد تھے ہم

دفن کرنا تھا دبستاں ہی میں ہم کو پسِ قتل
کشتۂ الفتِ طفلانِ پری زاد تھے ہم

آبِ حیواں پہ ہمیں بختِ سیہ کیوں لایا
تشنۂ آبِ دمِ خنجرِ فولاد تھے ہم

تیغ سے منہ نہ پھراتے تھے دمِ خوں ریزی
زخمِ کاری پہ ستایش کنِ جلاد تھے ہم

جانتے تھے ہمیں سب کاملِ فن گر چہ نظر
عشق بازی میں نہ مجنوں تھے نہ فرہاد تھے ہم

ہو خاک ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مرا عزم دیکھیو
اُلجھا ہے دستِ شوق عنانِ سوار سے

شادابیِ حسن پہ ٹھہرتی نہیں جو آنکھ
لے دیگی انتقام خزاں اس بہار سے

فرقت کی شب میں شاہِ ولایت کی ہو قسم
آمد شدِ نفس نہ تھی کم ذوالفقار سے

ہرگز چمن کا نام نہ لوں گا میں پھر نظیر
گر دل پہ کوفت آگئی صوتِ ہزار سے

آسماں تیری سی بیدادگری کیا جانے
کج خرامی کے سوا کج نظری کیا جانے

سوزنِ عیسیٰ مریم کو نہ تکلیف کرو
دلِ صد چاک کی وہ بخیہ گری کیا جانے

نکہتِ زلف تری اس کو نہ ہوتا رہبر
باغ کی راہ نسیمِ سحری کیا جانے

دشتِ پر خارِ جنوں میں ہوں بھٹکتا پھرتا
رہ گئے پیچھے کہاں ہم سفری کیا جانے

دل پہ جو صدمہ ہے وہ آنکھوں کو معلوم نہیں
حالتِ خانہ نشیں رہ گذری کیا جانے

لحظہ کے لحظہ وہ مہِ نا مہرباں سے ملے
آئی تو ہم کو دادِ دل اے آسماں ملے

گر اختیار اپنے مٹا بیٹھ ہو مرا
ایسا میں خاک میں کہ نہ ہرگز نشاں ملے

قسمت میں نزعِ روح کے کیا لکھ دیا تھا یہ
کنجِ لحد میں بھی نہ مجھے آشیاں ملے

طالب ہوا اس کے کیا کوئی بوس و کنار کا
جس کی کمر نہ ہاتھ لگے نہ دہاں ملے

نظمِ سخن میں طرزِ نظر سب سے ہے جدا
کیونکر کسی کی اس کی زباں سے زباں ملے

اطاعت دل کی واجب ہو نہ کیونکر دیدۂ تر کو
جہاں میں ہے سراسر فیض شیشے ہی سے ساغر کو

نہیں ہے فقر کے دریا میں خطرہ چار موجہ کا
سمجھتے ہیں سبک تب کشتیِ درویش لنگر کو

پھنسا مت دل کسی کی زلف میں ظالم نہ چھوڑیگا
فلاخن دیر تک رکھتی ہے سرگردان پتھر کو

اگر خطِ یار کو لکھا بھی میں تو رشک کے مارے
فلک نے بالِ عنقا کر دیا بالِ کبوتر کو

ہوا ہے خط سے جوہر دار آئینہ ترے رو کا
صفائی کے سبب ظاہر ہوا یا عکس گیسو کا

نگہ آفت، بلا قامت، کمر ہیچ و دہن معدوم
جو دیکھو غور سے تو وہ صنم پتلا ہے جادو کا

ہوا برگشتہ بختی سے ہمارے حق میں سم وحشت
خطِ پشتِ لبِ جاناں تھا نسخہ نوش دارو کا

ہم کو ایذا دے نہ تو لے سنگدل پچھتائے گا
توڑ کر آئینۂ دل منہ بھی پھر دکھلائے گا

شوخ ہے ایسا کہ گر اک دم رہا پر تو فگن
عکس اس کا خانۂ آئینہ میں گھبرائے گا

لاغری کہتی ہے پوشیدہ نگاہوں سے مجھے
استخواں میرے ہما کے بدلے عنقا کھائے گا

دست و پا تصویر کے زنجیر سے مانی تو باندھ
ورنہ اُس میں میرا نقشہ بھی پچھاڑیں کھائے گا

اضطرابِ دل رقم خط میں جو یکسر ہو گیا
اپنا مرغِ نامہ بر لوٹن کبوتر ہو گیا

بام پر مجھکو اگر وحشت بلاتا ہے وہ شوخ
اُس کا چہرہ چاند سا خورشیدِ محشر ہو گیا

کیونکر نہ اُن کو جائے سخن ہو سخن کے بیچ
جن کو ابھی کلام ہے تیرے دہن کے بیچ

یہاں تو اندھیارے سے گھبراتا ہی جی حیرت ہے
گور کی کیونکہ کٹے گی شبِ تار آخرِ کار

سوتے تھے اُس سے لپٹ کر تو عوض میں اسکے
گور میں ہم یہ ہوا خوب فشار آخرِ کار

ٹھہرا نہ کوئی بھی مرا آزار دیکھ کر
آنکھیں تلک تو پھر گئیں بیمار دیکھ کر

رحم آئے گا نہ واں بھی ترے دادخواہ پر
محشر میں جرح ہووے گی اُس کے گواہ پر

ہر چار ہی پہر میں زوال و کمالِ حسن
لکھا قضا نے یہ ورقِ مہر و ماہ پر

ردیف (و)

وحشت

میرزا باقر علی خاں وحشت تخلص قوم مغل اہلِ ایران از مرزایان باختر۔ والدِ بزرگوارش میرزا حسین علی خاں برادرِ مہدی علی خاں صوبہ دارِ بانسس بریلی از امرائے قدیم بسیار موقر و ممتاز بودہ۔ مقدماتِ ریاست و رفیق پروری و اخراجات ... ہا ر انفس نفیس ایشاں ہمیشہ سردار. شجاعت و سخاوتِ ایں خاندانِ علیا ضرب المثلِ دانایانِ روزگار۔ خودش جوانِ صلاحیت شعار و نرم گفتار از عہدِ عنفوان شبابِ طبعِ موزونش سرے بصاحب کمالانِ نظم داشت و بہ قدرِ مرتبہ و حالِ ہر کس مسلوک ہم پیش می آمد۔ چوں بسنِ تمیز رسیدہ درکلامِ خود بہ عرصۂ قلیل از فیضِ خدمتِ استادان فصاحتے و بلاغتے پیدا کردہ، عمرش قریب بچہل رسیدہ باشد از نتائجِ طبعِ آں بزرگوار است :-

نقشِ شیریں کھودنا یہ کوہ کن کی رمز ہے — یعنی سنگیں دل نہ سمجھے کوئی پتھر سے جدا
گور لگ لگ کر گلے کیونکر نہ دے وحشت فشار — ایک مدت ہم رہے آغوشِ مادر سے جدا

داغِ پلنگ ہو گئے سب چشمِ انتظار — جب سے کہ مجکو شوق ہوا ہے شکار کا
ہاتھ آوے گر وہ ہاتھ تو سینے پہ میں رکھوں — نایاب ہے علاج دلِ بے قرار کا
کارِ جہاں ہیں دخلِ نقیضین سے خراب — ہر کام میں فساد ہے لیل و نہار کا

در ردِ معنی ہی فلک دیکھ لے مصراعِ ہلال — صاف مضموں ہی بندھا اُس میں ترے ابرو کا
یاد کر اُس کو یہ رویا ہوں چمن میں وحشت — کہ ہر اک تارِ کفن تار رہا آنسو کا

تن پروری سے اپنی ہے منظور نفعِ غیر
آخر تو ایک دن یہ بدن رزقِ مور ہے
جس شعر میں کہ میرے ہی مضموں فراق کا
اک حرف دوسرے کی جو دیکھو تو دو رہے

منشیٔ تقدیر کا ہوں گا گریباں گیر میں
بن پڑھائے لکھ دیا کیوں خطِ پیشانی مجھے

ہوں وہ بیمار تجمل جس سے مسیحا ہووے
جاں بلب ملک مداوا میں مداوا ہووے
گر کفِ دست کو میرے وہ کرے گل تکیہ
نورِ عارض سے اُسی دم یدِ بیضا ہووے

کس کے جلوے سے منور یہ مرا کاشانہ ہے
ہے گلِ خورشید گر گل بھی چراغِ خانہ ہے

واہب

شیخ ہدایت حیدر واہبؔ تخلص سکنہ فیض آباد جوانِ غریب و دلچسپ است بمقتضائے موزونیٔ طبع چیزے کہ موزوں می کند آنرا بنظرِ خواجہ حیدر علی آتش می گذارند و در ستار نوازی نیز دستے تمام دارد عمرش سی و ہفت سالہ تخمیناً خواہد بود، از وست :۔

سینے کے داغوں کی گرمی سے گریباں جل گیا
آبِ اشکِ آتشیں سے اپنا داماں جل گیا
ضبط کرتے کرتے وحشت میں جو آف میں ڈی گیا
خار و خس پھکنے لگے بید بیاباں جل گیا
گر یہی ہے انقلابِ دہر تو سُن لیجیو
قبر میں ہندو گڑا واہبؔ مسلماں جل گیا

عاشقوں سے رازِ الفت کا نہاں ہوتا نہیں
بلبلِ بیتاب سے ضبطِ فغاں ہوتا نہیں
لے چلی ہے وحشتِ دل اُس بیاباں میں جہاں
یہ زمیں ہوتی نہیں یہ آسماں ہوتا نہیں
پنج روزہ حسن پر نازاں نہ ہوئے پُر غرور
کوئی باغ ایسا نہ دیکھا جو خزاں ہوتا نہیں

بولے منجم اُس کا جو دیکھا کسوفِ خط　　بھاری ہے ملکِ حسن کے یہ بادشاہ پر

تھے جو تربت پہ ترے طالبِ دیدار کے پھول　　جوشِ حسرت سے ہوئے نرگسِ بیمار کے پھول
منقبض وصل کی شب مجھ سے رہا تو ایسا　　کہ ہوئے غنچے کلی کے ترے سب ہار کے پھول

ضعف سے کیا کہیں کہاں ہیں ہم　　اپنی نظروں سے خود نہاں ہیں ہم

رنگِ ثبات بسکہ نہیں اُس نگار میں　　آتی ہے بوئے یاس گلِ انتظار میں
جس در سے چاہے جا تو دلا قید ہونے کو　　زنداں کے در ہیں حلقے جو ہیں زلفِ یار میں

مدت کی ہوس یہ دلِ نخچیر سے نکلی　　پرواز کی حسرت جو پرِ تیر سے نکلی
قسمت میں لکھا وہ کہ نہیں جو مرے شایاں　　یہ رسمِ غلط کاتبِ تقدیر سے نکلی

طاقِ نسیاں پہ ہمارا جام ہے　　خونِ عنقا بادۂ گلفام ہے

تیغ سے خنجر سے نہ ڈر جائیں گے　　چینِ جبیں دیکھی تو مر جائیں گے
خوف اسیری میں رہائی کا ہے　　ضعف یہی ہے تو کدھر جائیں گے
کاٹنی ہیں گور کی اندھیاریاں　　کیا شبِ دیجور سے ڈر جائیں گے
کتنوں کی جاں بخشی کریں گے وہ لب　　کتنے ہی اس بات پہ مر جائیں گے

از بسکہ مجکو مرگ سے اپنے سرور ہے　　یہ گور کی بغل نہیں آغوشِ حور ہے

دانۂ خال بلا دام عقب کے کاکل　　مرغِ دل تیری گرفتاری کا ساماں سب ہی

ولی

ولی محمد ولی تخلص

نشہ بخشِ عاشقاں وہ ساقی گلفام ہے　　جس کی آنکھوں کا تصور بیخودی کا جام ہی

ولی

میرزا محمد علی ولی تخلص۔

خوش آوے کب گلوں کا تبسم ہزار کو　　دیکھے جو مسکراتے لبِ بام یار کو

وارث

شاہ محمد وارث الہ آبادی وارث تخلص۔

کیا آہِ ناتواں مری اس کو اثر کرے　　اک عمر چاہیئے کہ لبوں تک گذر کرے

وحشی

میر بخشی وحشی تخلص از متوسطین است، از وست:-

آشنا نہیں کوئی کہ خبر دیوے یار کو　　دشوار زندگی ہے دلِ بے قرار کو

وحشی

شیخ کرم علی وحشی تخلص خلف شیخ فرحت اللہ جوانِ شوریدہ مزاج وامرد پرست طالب علم وغریب است بزرگانش سکنۂ لکھنؤ بودہ اندو خودش نیز ہمیں جا تولد ونشوونما یافتہ

عیش و عشرت میں بسر کر یہ شباب چند روز
پیر ہو کر کوئی اے غافل جواں ہوتا نہیں
طالع بد باز رکھتا ہے مجھے مقصود سے
یار ہوتا ہے تو پھر تنہا مکاں ہوتا نہیں

گل زرد ہوئے ہیں تری گل پیرہنی سے
تنگ آئے ہیں غنچے تری غنچہ دہنی سے
حسرت سی ہم آغوشی کے میں زرد ہوا ہوں
وہ سبز ہوئے جاتے ہیں نازکبدنی سے
تدبیر سے تقدیر کا لکھا نہیں مٹتا
فرہاد کو شیریں نہ ملی کوہ کنی سے
عاشق ہوں میں آزاد نہیں ہوں مجھے کیا کام
رومال سے سیلی سے چھڑی سے کفنی سے
بن موت کے آئے نہیں مرتا کوئی واہب
اندیشہ ہے قاتل کی کسی تیغ زنی سے

وارفتہ

جوانے دیدم در مشاعرہ میاں صدر الدین از قوم کاتیھ تخمیناً عمرش سی سالہ خواہد بود وارفتہ تخلص می نمود کاغذ اشعارش بدست آمدہ از و چیزے نقل گرفتہ شد، ایں است:-

ہوا ہوں کشتۂ نازو ادا کس حور طلعت کا
کہ اشک چشم خوباں سی ہے یہاں غسل اپنی میت کا
نہ جی لگتا ہی بستی میں نہ ویرانہ ہی بھاتا ہے
نرالا کچھ نظر آتا ہے عالم اپنی وحشت کا
وصال یار کے سب لطف ہم کو بھول جاتے ہیں
مزا جب یاد آجاتا ہی کچھ کچھ[1] درد فرقت کا
نہ بھول اے غیر اُس کے اختلاط چند روزہ پہ
کبھی ہم سی بھی نقشہ تھا یہی اس کی محبت کا
تمہارا تب سے یہ وارفتہ پابند محبت ہی
نبھایا تھا نہ لوگوں نے تمہیں یہ طوق منت کا

ناتوانی سے ہمیں تاب سواری کب ہے
نکہت گل کے لئے دوش صبا مرکب ہی
شب ہجراں میں ترے کاکل مشکیں کا خیال
نیش زن دل میں مرے مثل سیہ عقرب ہی

(۱) ن - کچھ بھی۔

وزیر

وزیر تخلص، خواجہ وزیر فرزندِ خواجہ فقیر و نواسہ مرزا سیف اللہ بیگ خاں کہ از اقربا و رفقائے نواب امیرالدولہ مرحوم بود از تلامذۂ ناسخ است غزل و قصیدہ میگوید و در نظمِ شعر اکثر معنیٰ بیگانہ می جوید استاد را نیز بر و فخر است، از وست :-

وسعت

مستقیم خاں وسعت تخلص ولد محمد نور خاں ساکنِ رامپور شاگرد مولوی قدرت اللہ شوق جوانے قابل و طباع و ذہین و خلیق و متواضع است عمرش چہل و پنج سالہ خواہد بود، از وست:-

رکھو نہ زلف کا اپنی سدا نقاب میں سانپ
کہ کینچلی سے نپٹ ہوئے ہے عذاب میں سانپ

یہ عالم اُس کے ہے بالوں کے نیلو ڈوروں کا
کہ جوں ہو شاخ پہ صندل کی پیچ تاب میں سانپ

جھجک نہ اے بتِ بدمست شوق سے کر نوش
یہ عکسِ زلف ہے تیرا نہیں شراب میں سانپ

ہماری چشم میں دیکھے وہ عکسِ زلفِ بتاں
کہ جس نے دیکھا نہ ہو کاسہ حباب میں سانپ

خیالِ جو رہے یوں دل میں اپنے اے وسعت
کہ جوں رہے ہے کسی خانہ خراب میں سانپ

بمقتضائے موزونیٔ طبع آنچہ موزوں کردہ بہ نظرِ اصلاحِ فقیر گذرانده اول مشورہ اش بمنور خاں غافل بود آخر آخر رجوع باین عاصی آوردہ عمرش بست و یک سالہ خواہد بود، ازوست۔

مرنے کا کیونکہ ہم پر سب کو گماں نہ ہووے / پہلو میں اپنے جب وہ آرامِ جاں نہ ہووے

آلودہ گردِ خط سے روئے بتاں نہ ہووے / اس باغ میں الٰہی دخلِ خزاں نہ ہووے

بن دیکھے اُن کی صورت آتا نہیں ہے آرام / اتنا بھی دل کسی کا محوِ بتاں نہ ہووے

اُس ماہرو کا جلوہ ہر آن دیکھتا ہے / دل کیونکہ ٹکڑے ٹکڑے مثلِ کتاں نہ ہووے

دل ہی میں خون کیجے کیونکر نہ آرزو کا / کیا بوسہ مانگیں اُس سے جس کے دہاں نہ ہووے

شمع و چراغ جلنا آکر جو ہم سے سیکھیں / جل جائیں وہ سراپا تو بھی دھواں نہ ہووے

کس منھ سے مدح اُس کی وحشیؔ بیاں کروں میں / جس کی ثنا کے قابل کوئی زباں نہ ہووے

پردۂ غفلت پڑا ہووے تو کیا معلوم ہو / جب اُٹھے آنکھوں سے تب نورِ خدا معلوم ہو

کیوں کہ زلفوں سے رخِ انور ترا معلوم ہو / چاند بدلی میں جو چھپ جائے تو کیا معلوم ہو

جس نے دیکھی ہو ترے کوچے کی سیرِ حور وش / باغِ جنت میں اُسے پھر کیا فضا معلوم ہو

قافلے والوں سے کیونکر جا ملے وہ ناتواں / جس کو کوسوں تک نہ آوازِ درا معلوم ہو

شعر فہمی فی الحقیقت . . . مشکل ہے بہت / اہلِ معنی کے سوا جاہل کو کیا معلوم ہو

اے طبیبو دل کی بیتابی سے آیا ہوں یہ تنگ / مجکو بتلا دو اگر اس کی دوا معلوم ہو

ہاتھ آوے کس طرح تیری کمر ہے بے نشاں / کوئی ڈھونڈے اس کو جس کا کچھ پتا معلوم ہو

باعثِ تزئینِ معشوقاں ہے ظلم و جور بھی / خوں ملیں ہاتھوں میں تو رنگِ حنا معلوم ہو

پار دل کے ہو گیا نادیدہ ناوک یار کا / سچ ہے کیا انساں کو اپنی قضا معلوم ہو

آج میرا گل ہوا ہے کس کی بالیں کا مقیم / جھوٹ مت کہیو تجھے گر اے صبا معلوم ہو

دل سے وحشیؔ کے اگر ہو جائے ٹک حرفِ وفا / تب اُسے کچھ منزلِ شاہ و گدا معلوم ہو

اُس بت کو غم ہوا نہ مرے دل کے داغ کا — کافر کو کب ہے پاس حرم کے چراغ کا

نغمہ سنجی نے مری پھیلائی لوٹے بے خودی — ہمصفیروں کو ملا ساغر لبِ خاموش کا
خواب میں بھی غیر کی جانب نہ کی ہیں نگاہ — کام بے ہوشی میں یہاں ہوتا ہے اہلِ ہوش کا
عشق نے مجکو کیا واجد سیہ دیوانگی — افسرِ مجنوں ہوا رتبہ مری پاپوش کا

دل جو مجھ وحشی کا پابند بتاں ہوجائیگا — دیدۂ آہو چراغِ کارواں ہوجائے گا
خنجرِ قاتل کی گر امداد مجرم پر رہے — شیر صحرائی ہرن کا پاسباں ہوجائے گا
دل ہی غافل سینۂ صد چاک میں اوجان چلی — نالۂ بلبل کہ یہ گلشن خزاں ہوجائے گا
یونہی گر لکھے شبِ فرقت میں مضموں سوزناک — خامۂ معنی سمندر کی زباں ہوجائے گا
نالۂ دل نے کیا میرے جو رام اُس شوخ کو — لطمۂ صرصر کمندِ آہواں ہوجائے گا
دل سعادتمند ہے ٹھہرا جو زلفِ یار میں — سنبلستاں میں ہما کا آشیاں ہوجائے گا
وہ نگاہِ گرم رنگِ زرد پر گریاں پڑی — برق سے تاراج کشتِ زعفراں ہوجائے گا
ہو گئی خاصیتِ صرصر جو میری آہ میں — نقشِ باطل یہ حبابِ آسماں ہوجائے گا
لاغری سے ہوں گے مرنے پر نہ ہم ممنونِ خلق — لاشہ اپنا چشمِ عالم سے نہاں ہوجائے گا
ناتوانی تو تو زندانی نہ کر بیمار ہوں — نیلگوں گنڈا مجھے طوقِ گراں ہوجائے گا
یونہی گر مضموں بہار آمیز اے واجد لکھے — اپنا یہ دیوانِ رنگیں بوستاں ہوجائے گا

ہے صفائی سے نہ تنہا گردنِ جانانہ شمع — ہاتھ ہی ہے ساعدِ سیمیں سے لے تا شانہ شمع
اس کی جاں بازی کا سن لیتی اگر افسانہ شمع — جل کے پھرتی سو قدم گردِ سرِ پروانہ شمع
عشق نے تجکو کیا ساقی شرابِ درد کا — خونِ دل سے بھر لبِ گلگیر کا پیمانہ شمع

واجد

شیخ محمد بخش واجد تخلص ولد شیخ شاہ محمد وطنِ بزرگانش قریۂ امیٹھی است و خودش در لکھنؤ تولد و نشو و نما یافته و از ابتدائے موزونیٔ طبع تا انتہا کلامِ خود را از نظرِ فقیر گذرانیده نہایت مہذب الاخلاق و سعادتمند و با اعتقاد یافتمش ہدایتِ شعرش علی الرسمِ زمانه بود آخر بطورِ شوکت بخاری سمندِ خیالش بطرفِ معنی بندی و نازک خیالی عطفِ عنان نموده قوتِ شاعری را بطوریکه درین زمانه تحت لفظ خوانی خوش یافته خرج می نماید عمرش بست و ہفت ساله خواہد بود اگرچه فقیر اشعارِ خیالی را دوست نه دارم برائے خاطرش این چند از انتخاب او کرده بقلم داده ام، از وست :-

لکھا ہے ہر غزل میں میں نے مضموں چشمِ گریاں کا
بجا ہے گر ہو تارِ اشک سے شیرازہ دیواں کا

عیاں کر غنچۂ غم آفتابِ داغِ سینہ کو
کہ ہووے صرف چاکِ صبح تا اپنے گریباں کا

حذر مینائے دل کو کیوں نہ ہو ان نرم رویوں سے
رگِ سنگِ صنم ہر تار ہے زلفِ پریشاں کا

تڑپ کر کاٹتا ہے شب جو تیغِ یار کا زخمی
بیاضِ صبح کرتی ہے اثر پیدا نمکداں کا

نہ بیٹھا گوشۂ یادِ خدا میں یہ کبھی وحشی
لدا ہے پشت پر آہو کی دفتر میرے عصیاں کا

مری زنجیر میں موجِ رمِ آہو کا عالم ہے
نگہبانِ اسیری ہو گیا رہبر بیاباں کا

گدا واجد ہوں اُس نورِ نگاہِ مرتضیٰ کا میں
ہوا خاکِ کفِ پا جس کے سرمہ چشمِ شاہاں کا

مرا شہرہ ہے طورِ چرخ پر آتش زبانی کا
صریرِ کلک کو دعویٰ ہے بانگِ لن ترانی کا

جنوں اِک طفلِ مکتب ہے میں وہ شوریدہ شاعر ہوں
رمِ آہو ہے مضموں میرے صحرائے معانی کا

تصورِ یار کا میری نگہبانی میں ہے ہردم
یہاں تک مرتبہ پہنچا ہے اس کی بدگمانی کا

آں روزہا بہ سببِ موزونیٔ طبع چیزے موزوں می کرد بذریعہ میر ساجد علی صاحب برائے مشورۂ سخن پیشِ فقیر رسیدہ چوں فکرِ ہندی و فارسی ہر دو می کرد آخر آخر بعد گفتنِ ریختہ چند از نظمِ ہندی درگذشتہ بہ فارسی گوئی گرہمت محکم بربست جوانِ خلیق و صلاحیت شعار است عمرش..... خواہد بود از وست:—

مکن آزردہ دل ظالم چو من آزردہ جانے را زند یک نالۂ آزردہ دل برہم جہانے را
چناں برخورد پیکانش کہ آتش داد پولادش نشانِ تیر بارش کردہ جوہر دم استخوانے را

چرا نہ یار رسن در گلوے ما نکند چہ واقع است وگر عنبریں کمند ترا

محبت پیشگاں را صبر ہم یک گونہ می باید چرا رسوائے عالم میکنی اے چشم تر ما را
اے تشنہ رہ چاہِ ذقن گیر خدا را از چشمۂ حیواں مطلب آبِ بقا را
ہر عاشقِ دل خستہ کہ پا بوسِ تو خواہد از خونِ جگر دام کند رنگِ حنا را

امشب بکوئے دوست گذر کردہ ایم ما خود را ز دیر و کعبہ بدر کردہ ایم ما
بر ما بسانِ روزِ قیامت گذشتہ است دور از رخش شبے کہ سحر کردہ ایم ما
صد بحرِ اشک تا بہ فلک جوش می زند زاں آستیں کہ از مژہ تر کردہ ایم ما

ہمہ جا چرخِ کماندار نشانم کردہ است تیرہا می رسد از ثابت و سیارہ مرا

دارد دلِ ما را خمِ زلفِ تو مشوش تا نالہ فراموش کند راہِ لب ما

شعلۂ ہر حسن سے ظاہر نہیں دودِ سیاہ / جعدِ عنبر گوں کو کھولے ہے برائے شانہ شمع

یہاں تلک محوِ جمالِ یار پروانے ہوئے / رات بھر تنہا جلا کی صورتِ بیگانہ شمع

شعلہ بازی گروہ مجھ آتش زباں سے سیکھ لے / پھونک دے فانوس کو بھی صورتِ خمخانہ شمع

بعدِ مردن بھی خیالِ شعلہ رویاں آگیا / ڈھونڈتا ہے گور میں میرا دلِ دیوانہ شمع

طورِ ثانی کا ہوا رتبہ تجلی کے سبب / گور پر میری جو آیا لے کے وہ جانانہ شمع

چاک کر ڈالے ابھی پیراہنِ فانوس کو / تیرے مجنوں کا اگر دل سے سنے افسانہ شمع

کہہ دے شعلے سے کہ اتنی سرکشی اچھی نہیں / رحم لازم ہے کہ میں بے بال ہوں پروانہ شمع

سخت جانی سے سرِ پروانہ کٹ سکتا نہیں / کیا تری تیغِ زباں میں پڑ گیا دندانہ شمع

رات کو وقتِ ہم آغوشی بجھا دی یار نے / بسکہ تھی اہلِ حیا کو ننگِ خلوت خانہ شمع

عشق کی آتش بجھی راحت ضعیفی میں گئی / صبح کے ہوتے ہی محفل کر گئی ویرانہ شمع

تا درِ میخانہ بیتابی سے پہنچے سر کے بل / دیکھی گر اس شعلہ رو کی لغزشِ مستانہ شمع

رحم معشوقوں میں گر ہوتا تو کیوں مرتے پتنگ / بازئ عاشق کو سمجھی بازئ طفلانہ شمع

اشک بے حاصل نہیں بہتے ہیں روئے صاف کے / دل میں کرتی ہے مگر پنہاں غمِ پروانہ شمع

مو نگانوں سے نہیں زینت کی خواہش حسن کو / اپنی زلفِ دود میں کب کھینچتی ہے شانہ شمع

وائے بے دردی دمِ تیغِ زباں سے بزم میں / سر قلم کرتی ہے پروانہ کا کیا مردانہ شمع

کشتۂ واجد شعلہ رویوں کا ہوں گر لو دے کوئی / خاکِ تربت سے مری بن کر اُگے پروانہ شمع

وامق

شیخ بہادر علی وامق تخلص از ساداتِ ترمزی بزرگانش دراصل از خطۂ ترمز بودہ اند از مدتِ چہار سال در قصبہ جرآمؤ سرکارِ شاہ آباد قنوج مضافِ صوبۂ اکبر آباد استقامت ورزیدہ اند و خودش ہم دراں جا نشو و نما یافتہ در ایامیکہ برائے تحصیلِ علوم در لکھنؤ قیام ورزیدہ

دریغ کس نہ رسد گردمِ وصیتِ من | مرا کہ برلبِ خاموش داستانے ہست
زلکھنؤ چہ سفر می کنی مرو واَمق | دریں دیار زمینے وآسمانے ہست

جلوۂ روئے تو دیدم چمن از یادم رفت | بوئے زلفِ تو شنیدم ختن از یادم رفت
آں چناں محوِ تماشائے تو گشتم صیاد | کہ دریں کنجِ قفس پر زدن از یادم رفت

خندہ زد زخمِ دلم از لبِ خندانے چند | نمکِ سودہ برو ریخت نمکدانے چند
ایں کہ یاراں بہم آمیزش والفت دارند | جمع گشتند دریں حلقہ پریشانے چند
یاد روزے کہ سراسیمہ و گسستہ عناں | می گذشتی بسر بے سر وسامانے چند
ہم چو نقش قدم افتادہ بخاکِ کویش | ہر طرف می نگرم دیدۂ حیرانے چند
مایلِ گریہ چنانم کہ ز بس جوشِ سرشک | از سرِ ہر مژہ ام ریختہ طوفانے چند
یادِ آں روز کہ وامق ہمہ شب می گردم | ہمرہِ بادِ صبا سیرِ گلستانے چند

نہ تنہا چشمِ حیرانم برخِ او در نظر دارد | کہ چوں طاؤس ہر موئے تنم چشمِ دگر دارد
گریباں کردہ ام نذرِ جنونِ عالمِ مستی | نمی خواہم دمے عشقِ تو از من دست بردارد

کرد بیتاب مرا ہجر تو . . . . کہ مپرس | دارم از جورِ تو ظالم گلہ چنداں کہ مپرس

کجا بہ می شود زخمِ دلم از مرہمے | حسن ملیحش را بود شورِ نمکداں در بغل

تا نبود گدا زدل محرمِ سوز و سازِ من | بہ کہ فلاں نہ نشنود قصۂ جانگداز من

رہبرِ سوختگاں سوختہ می باید   در رہِ عشقِ تو پروانہ بود ہادیِ ما

ہر دو را در سرِ زلفِ تو ہم باید بست   دل گنہگارِ تو و دیدہ گنہگارِ من ست
از درِ دیر سوئے کعبہ نخواہم رفتن   رشتۂ زلفِ بتاں رشتۂ زنارِ من ست

ہر جا کہ می روم رخِ او در نظر بود   ہرگز میانۂ من و جاناں حجاب نیست

یک بار رخِ خوبِ ترا سیر بہ بینم   جانم بلب آید آہ جز اینم ہوسے نیست

آہ من ترجمۂ حالِ پریشانی ہست   نالہ ام مصرعۂ برجستۂ دیوانے ہست
داغداران تو در زیرِ زمیں مدفون اند   بہ تہِ خاک نظر کن کہ چراغانے ہست
زود باز آئی کہ ایں آتشِ خاموش مرا   از خرامِ تو امید دو سہ دامانے ہست
ایں ملاحت بہ گلِ لالہ و ریحاں مفروش   زخمِ دل ہیں کہ سزاوارِ نمکدانے ہست

ز من نیاز و ز او ہر زماں جفائے ہست   میانۂ من و او طرفہ ماجرائے ہست
برہنہ پا بہ بیابانِ عشق میگردم   چو گرد یاد مرا تا بسر ہوائے ہست

ہیچم ز بیابانِ محبت خبرے نیست   مستانہ رہے می روم راہ بری نیست
ہر چند کہ آئینہ صفت روئے تو باشم   از چشمِ سیاہ تو امید نظری نیست
. . . بہ گلستانِ جہاں ہم سر سبیدم   زاں رو کہ مرا غیرِ تو اصنع ثمری نیست

ہزاروں ہوتے ہیں گلرو نہاں زمیں کے تلے
نہ پھولے کیونکہ بھلا گلستاں زمیں کے تلے

عبث ہی ڈھونڈنا یارانِ رفتگاں کو یہاں
ملے گا اُن کا تو جا کر نشاں زمیں کے تلے

یقیں ہے گور میں بہنا یہ اپنی چشموں کا
کرے گا خون کا دریا رواں زمیں کے تلے

ہے دودِ آہ کا باعث کہ گور میں بھی ہم
بناتے روز ہیں اِک آسماں زمیں کے تلے

جو زندگی میں تھے محوِ جمالِ لالہ رخاں
گئے وہ داغ بدل لالہ ساں زمیں کے تلے

ہما کو عشق کے کشتوں نے جو دیا ہے مزا
وہ ڈھونڈھتا ہی مرے استخواں زمیں کے تلے

جو دلستاں ہی مرے دل کو تو ہی رہنے دے
میں اُڑ کر جاؤں یہ آفت کہاں زمیں کے تلے

پھرے نہ ملکِ عدم سے جو اپنے یار وفا
کوئی ملا انھیں اچھا مکاں زمیں کے تلے

پھر دہاں نہ اُس کی کبھی عمر بھر کھلی
بارے جواب کھلی ہی تو دشنام پر کھلی

گر زلف و رخ کا اُس کے تصور رہا یہی
تو جان لو کہ چاہ یہ شام و سحر کھلی

کیا دل کے عقدے کھولتے پھر اُسکے روبرو
پاتے صنم کی چینِ جبیں ہم اگر کھلی

ہیں کس کے محوِ دید بھلا اس قدر کہ جو
دن رات آنکھ رکھتے ہیں شمس و قمر کھلی

دیتا ہے نقدِ جان ہر اک مشتری بہا
گوشِ صنم پہ قیمتِ سلکِ گہر کھلی

باتوں میں یا حیا تھی و یا گالیاں ہیں اب
نام خدا کھلی تو زباں اس قدر کھلی

پوشیدہ رازِ دل کو کیا اشک نے عیاں
اس طفلِ ناسمجھ کی یہ گر کر خبر کھلی

دیتا ہی زرگری میں تو یوں سب کو گالیاں
لیکن ہمیں سناتا ہے وہ سیم بر کھلی

ہے انتظار کس گلِ رعنا کا اے وفا
نرگس جو آنکھ رکھتی ہی آٹھوں پہر کھلی

مستِ مے مجتمع دیر و حرم مرا بہ کیست | پائے خم و سبو بود سجدہ گہِ نیازِ من

چساں یارب زنم در دامنِ آں تند خو دستے | کہ دارد غمزۂ سفاک بر تیغ و در و دستے
چہ می آید بدستت از پریشاں کردنِ دل ہا | سرت گردم مزن ہر دم بزلفِ مشکبو دستے
دگر آں شوخ را میلِ حنا بندیست میدانم | کہ رونے می برد و آمد بخونِ من فرو دستے

وفا

میرزا بہادر علی بیگ وفا تخلص، شاگردِ شیخ پیر بخش مسرور جوانِ سپاہی وضع است در توپخانہ نوکری دارد بمقتضائے موزونیِ طبع خود را مصروفِ شعر گفتن داشتہ دریں فن در عرصۂ قلیل قوتے وطاقتے پیدا کردہ عمرش از سی متجاوز خواہد بود، از وست:-

جو قتل روبرو اپنے یہ خوب رو کرتے | تو کہ کے کشتوں میں کیا ہم سرخرو کرتے
یہ جو کے وصل کی شب ڈر نہ لائے خروسِ سحر | کھلا کے سرمہ ترا بند ہم گلو کرتے
یہ بانکپن ہے نیا قتل کر کے عاشق کو | نہیں وہ دامنِ پرخوں کو شست و شو کرتے

کب دل اپنا نہ پھنسا زلفِ گرہ گیر میں تھا | یہ تو دیوانہ سدا حلقۂ زنجیر میں تھا
کر کے وہ ذبح ہوا خوش کہ نکالا ہم نے | ایک مدت سے جو ارمان دلِ نخچیر میں تھا
تن میں آتی تھی ہر اک زخم سے جانِ تازہ | صاف اعجازِ مسیحا تری شمشیر میں تھا
کھینچ نقشے کو مصور بھی ہوا وارفتہ | کیوں نہ یہ کہیے کہ جادو تری تصویر میں تھا
تھا وہاں قتل کے ساماں میں وہ ظالم دن رات | دلِ ناداں یہاں وصل کی تدبیر میں تھا
جس نے لاکھوں ہی پری خواں کو کیا دیوانہ | وہ پری زاد کبھی اپنی بھی تسخیر میں تھا
صیدِ لاغر مجھے جان اس نے رکھا زہ پہ وہیں | تیر باریک جو اس ترکش پر تیر میں تھا
ہو خفا پھینکدیا اس نے ترا خط جو وفا | کیوں لکھا حرفِ وفا نامی کی تحریر میں تھا

در آغازِ ریعانِ جوانی موزونئ طبع داشتند چیزیکه موزوں می کردند به نظرِ میر حسن مصنف مثنویِ سحر بیان می گذرانیدند بعد از وفاتِ آں بزرگ فقیر را بہ شرفِ استادی عزِ امتیاز بخشیده ، در عرصۂ قلیل رخشِ طبیعت را از میدانِ فصاحت و بلاغت تیز تر دوانیدند مثنوئ لیلیٰ مجنوں و دیوانِ غزلیات از تصنیفاتِ ایشاں بر صفحۂ روزگار یادگار است و اشعارِ آبدارش زبان زدِ صغار و کبار چوں در تذکرۂ اول بہ سببِ سہولتِ طرفین مرفوع القلم مانده بودند لہذا بتلافئ آں پرداختم تا حقِ نمک تلف نہ شود عمرش از چہل متجاوز خواہد بود انتخابِ دیوانش اینست :-

جا نہ صحرا میں کہ صحرا کہیں برباد نہ ہو — دیکھ ہر صید تجھے اپنا ہی صیاد نہ ہو

بندگی میں ہے مری جان اطاعت لازم — منتظرِ حکم کا رہ گو کہ کچھ ارشاد نہ ہو

اپنے یاروں کو وہ واماندہ بکارے کیونکر — جوشِ گریہ سے جسے طاقتِ فریاد نہ ہو

ہے قسم تجھکو کہ مستانہ پھرا ے بادِ بہار — خاک جب تک کسی دیوانے کی برباد نہ ہو

صبر کر نالۂ موزوں نہ کرلے مرغِ اسیر — تجھ سے آزردہ کہیں خاطرِ صیاد نہ ہو

راحت ملکِ عدم یاد نہیں یاروں کو — عالم آزادی کا بھولا ہے گرفتاروں کو

وہ جو ہیں دیکھنے والے ترے لے مایۂ ناز — سرزنش کرتے ہیں یوسف کے خریداروں کو

داغ چیچک کے ہیں کیوں عارضِ رنگیں پہ ترے — کوئی پھولوں میں بساتا نہیں انگاروں کو

بیکسی ہی نے نہ دنیا کو تجا میرے بعد — غم بھی مرقد پہ مرے بیٹھ رہا میرے بعد

تیز رکھیو سرِ ہر خار کو اے دشتِ جنوں — شاید آجائے کوئی آبلہ پا میرے بعد

اپنے مرنے کا مجھے غم نہیں پر یہ غم ہے — کون ہوگا ہدفِ تیرِ بلا میرے بعد

کیا عجب مدفنِ لیلیٰ سے جو نکلے یہ صدا — میرے مجنوں ترا کیا حال ہوا میرے بعد

ردیف (ہ)

ہنر

میرزا مغل بیگ ہنر تخلص برادرِ خورد مرزا علی ثمر، جوانِ وجیہہ است، سرے بگفتنِ شعر دارد ازبسکہ کم فرصت است ہنوز پیشِ فقیر نیامدہ مگر کلامش راکہ برادرش می بیند گاہ گاہے برائے نظرِ ثانی من ہم میخواند از لطافتِ طبعش معلوم می شود کہ رفتہ رفتہ بجائے خواہد رسید ہنوز ابتداست عمرش بست سالہ خواہد بود ، از وست :-

دنداں درِ یکتا ہے لب لعلِ بدخشاں ہے
قد رشکِ صنوبر ہے چہرہ مہ تاباں ہے

شب رقص کی محفل میں لیا چھین دل اُس نے
تھی گات غضب جس کی اور انداز ستم تھا

اک تیرے نہ آنے سے مری جان پہ ظالم
میں کیا کہوں جو کچھ کہ قلق نزع کے دم تھا

بلبل کو کب لگی ہے برا رنگ و بوئے گل
گو سیلی خزاں سے ہوا زرد روئے گل

کیا تازہ گل بدن پہ تو عاشق ہوا ہنر
آٹھوں پہر زباں پہ جو ہے گفتگوئے گل

ہوس

نواب میرزا محمد تقی خاں ہوس تخلص خلفِ نواب میرزا علی خاں مرحوم جوانیست بزیورِ فضل و کمال آراستہ در حالِ مہذب الاخلاقی پیراستہ محامدِ خاندان علیۂ ایشاں از روئے حسب و نسب محتاج بشرح و بیاں نیست بزرگانِ ایشاں ہمیشہ مقربِ ملوک و سلاطین بودہ آمدہ اند خود مقربِ نواب وزیر ابتدائے سلسلہ نسب بمالک اشتر منتہی می شود ، چوں

سمجھے نہ ہم سرائے جہاں بے ثبات ہے — نقارہ گرچہ کوچ کا ہر دم بجا کیا
کیا فائدہ تجھے ہوا اے اضطرابِ دل — ناحق ہمارے صبر کو ہم سے جدا کیا
سویا جو میرے گھر کبھی وہ مستِ خوابِ ناز — تلووں سی اُس کے اپنی میں آنکھیں ملا کیا

ہمیں جو قیس غریب الوطن نظر آیا — تو جسم وہم تہ پیرہن نظر آیا
میں دیکھ داغِ جگر خوش ہوا کہ مدت میں — گلِ حدیقۂ رنج و محن نظر آیا
خیالِ یار سر گرمِ کار و تیشہ بدست — عجب شکوہ سے کل کوہ کن نظر آیا
بنائی شکل جو قاتل کی میری آنی نے — تو اُس ورق میں بھی اک بانکپن نظر آیا
گرا تھا خونِ سرِ کوہ کن جہاں اُس جا — ہر ایک رنگ کا تختہ چمن نظر آیا
تری شبیہہ بنانے لگا جو راقمِ صنع — بہ غور دھیان کیا تب دہن نظر آیا
جدھر وہ نورِ مجسم تھا شکلِ قبلہ نما — اُسی طرف کو رخِ انجمن نظر آیا
صفائی جسم کو دیکھو گیا جو باغ میں وہ — بدن میں عکسِ گل و یاسمن نظر آیا
جلا جو آتشِ فرقت میں اس کی رات ہوس — برنگِ شعلہ ہر اک موئے تن نظر آیا

نہ مجنوں ہی تھا واں نہ واں کوہ کن تھا — سدا دشتِ غربت ہمارا وطن تھا
سحر کو عجب لطف دیکھا چمن میں — کہ بلبل تو روتی تھی گل خندہ زن تھا
نہ تھی تیرے وحشی کو جامہ کی حاجت — تہِ خاکِ دشتِ جنوں پیرہن تھا

بیمارِ عشق ساتھ سب ارمان لے گیا — سوزِ غمِ فراقِ بتاں جان لے گیا
غش ہوں گے گل اگر کوئی جھونکا نسیم کا — بلبل میں بوئے زلفِ پریشان لے گیا

میں تو زنداں ہی میں دی جان بلا سے میری / باغِ عالم میں رہی گو کہ فضا میرے بعد
جیتے جی قدر بشر کی نہیں ہوتی پیارے / یاد آئے گی تمھیں میری وفا میرے بعد
اب تو کرتے ہو بہت لطف و کرم تم لیکن / بھول جانا نہ مجھے بہرِ خدا میرے بعد
اُٹھ گیا میں جو جہانِ گذراں سے تو ہوسؔ / خاک چھانے گی بہت بادِ صبا میرے بعد

ہے سرخ لہو سے مژہ چشمِ تر ایسی / سرخی نہیں دیکھی رگِ گلبرگ پہ ایسی
اشکوں کی دکھاتی ہے لڑی چشمِ تر ایسی / یہ لطف نہ شبنم میں نہ سلکِ گہر ایسی
تاثیر نہ ہو جس کی ذرا دل میں کسی کے / کیا لطف کوئی آہ بھرے بے اثر ایسی
گر دستِ خیال اس کو لگے تو وہ لچک جائے / مانا ہے رگِ گل سے وہ نازک کمر ایسی
ڈرتا ہوں خدا خیر کرے دیکھئے کیا ہو / کچھ ہوش نہیں میں نے سنی ہے خبر ایسی
مشہور ہے کل صبح وہ جاوے گا سفر کو / مجکو تو خدایا نہ دکھانا سحر ایسی
پھر اُس نگہِ گرم نے گرم اُس کو کیا ہے / سوزش تو نہ رکھتا تھا یہ داغِ جگر ایسی
کہتے ہیں جسے سرورقِ جلدِ صباحت / سینے کی ترے لوح ہے اے سیم بر ایسی
ہوتا ہوں غلام اس کا ہوسؔ میں دل و جاں سے / تصویر دکھاوے کوئی مجکو اگر ایسی

خدنگِ یار نے گر سینہ اک نخچیر کا توڑا / سنانِ غمزہ نے دل لاکھ بے تقصیر کا توڑا
نہ بس ہے زندگی میں اس سے الفت بعدِ مردن بھی / پڑا تھا قبر پہ مجنوں کے اک زنجیر کا توڑا
کیا پہلے نشانہ دل مرا آخر کو پچھتا کر / کماں اُس نے جلا دی اور پیکاں تیر کا توڑا
ہوسؔ غم تشنہ کامی کا نہ کھا تو کوئے قاتل میں / نہیں اے یار یہاں آبِ دمِ شمشیر کا توڑا

ناحق کی اک بلا میں مجھے مبتلا کیا / او آرزوئے حسن بتا تو نے کیا کیا

تیرا بیمار دمِ نزع یہ مانگے تھا دعا　　دیکھ لوں پھر اُسے گر تھوڑی سی مہلت ہو جائے
جائیو مت تو صبا باغ سے زنداں کی طرف　　مجکو ڈر ہے نہ اسیروں پہ قیامت ہو جائے
لے دل اکدن تو گذر کر طرفِ اہلِ قبور　　تا کہ دیکھنے سے انھوں کے تجھے عبرت ہو جائے
دیکھ تصویر کو مجنوں کی ہوس رشک نہ کر　　چاہیئے عشق میں تیری بھی یہ صورت ہو جائے

کہیں کیا جو دنیا سے ہم لے چلے　　غم و درد و رنج و الم لے چلے
عدم ہی کے رہرو مسافر تھے ہم　　سرائے جہاں میں بھی دم لے چلے

کاش یارب اُس کو چوری ہی سے اکدم دیکھئے　　جان آنکھوں میں ہے کب تک ہجر کا غم دیکھئے
لاگ حسن و عشق کی موقوف ملنے پر نہیں　　ہے زیادہ شوق جتنا یار کو کم دیکھئے
میری حیرانی پہ کیا ہنستے ہو میں تو محو ہوں　　آئینہ میں اپنے ٹک مکھڑے کا عالم دیکھئے
ہے بہار آخر چمن کی بلبلوں دو جا کے صبح　　رخصتِ گل خوب رو رو مثلِ شبنم دیکھئے
وہ بھی تو غم سے مرے گھلتا ہے پر ہے یہ ہوس　　رشک تب آوے جب اُس کو شاد و خرم دیکھئے

تا کے فراق یار میں رنج و تعب رہے　　کیا لطف زندگی کا اگر جاں بلب رہے
اے چشمِ حیرت اُس کی طرف ٹکٹکی نہ باندھ　　مرنے تلک ضرور رہے پاسِ ادب رہے

نغمہ سنجانِ چمن طرزِ فغاں بھول گئے　　سنتے ہی میری زباں اپنی زباں بھول گئے
داستانِ عشق کی بے صرفہ کہی ہم نے دریغ　　اُس میں جو جو تھے خموشی کے مکاں بھول گئے
ناقہ کرتا تھا تمھیں دیر کی جانب راہی　　راہِ مقصد بھی تم اے کعبہ رواں بھول گئے
بعدِ مردن بھی کوئی نعش کے ہمراہ نہ ہوا　　جی سے ایسا ہمیں اے اہلِ جہاں بھول گئے

ہوئے عازمِ ملکِ عدم جو ہوس تو خوشی یہ ہوئی تھی کہ غم سے چھٹے
یہ فراغ الم سے نہ واں بھی ملا وہاں غم یہ رہا کہ وہ ہم سے چھٹے

کبھی دیر میں تھے کسی بت پہ فدا کبھی کعبے میں کرتے تھے جا کے دعا
ترے کوچے میں بیٹھے تو خوب ہوا کہ کشاکشِ دیر و حرم سے چھٹے

یہی کہتی تھی لیلیٰ پردہ نشیں کہ فراق کی اب اُسے تاب نہیں
ملول اس سے ہیں تا مراقیس حزیں غمِ ہجر کے درد و الم سے چھٹے

طلب اُس کی موئے پہ بھی رکھتے تھے ہم کہ وہ رشکِ گل از رہِ لطف و کرم
رکھے خاک پہ بھی جو ہماری قدم کبھی پاؤں نہ نقشِ قدم سے چھٹے

میں ہوا ابھی جو بسملِ تیغِ جفا وہ لے باقی ہے دل میں ابھی تو وفا
کہ یقیں ہے لہو مرا جائے حنا جو لگے تو نہ پائے ستم سے چھٹے

کیوں نہ شاکی ہوں بختِ سیاہ سے ہم کہ وہ معدنِ شفقت و لطف و کرم
کرے نامۂ شوق جو ہم کو رقم تو سیاہی نہ نوکِ قلم سے چھٹے

ہوئے خوف سے گوشہ گزیں عس گیا سینہ ملنگِ فلک کا ہلیس
شبِ ہجر میں یار بغیر ہوس مرے نالہ ..... جم سے چھٹے

ہوس شکوہ نہیں کچھ شوخیِ رفتارِ خوباں سے
یہ میری بے قراری خاک میں مجکو ملاتی ہے

قفس کو چھوڑ کر جانا بہت آسان تھا ہم کو
یہ یہ غم ہے کہ ویراں خانۂ صیاد ہوتا ہے
شبِ فرقت کو کاٹیں ہیں ہوس آنکھوں میں ہم اُس بن
کوئی کیا جانتا ہے ہم پہ کیا بیداد ہوتا ہے

کیا مزا ہو جو کسی سے تجھے الفت ہو جائے
جی کڑھے فکر رہے میری سی حالت ہو جائے

نہ پایا کھوج برسوں نقشِ پائے خستگاں ڈھونڈے — نہ ہو ممکن تیا جن کا انھیں کوئی کہاں ڈھونڈے

جاتے ہیں سیر کرنے کو کھترانیوں میں ہم — دل ہی لٹکتے پاتے ہیں جودانیوں میں ہم
بیٹھے تھے ایک عمر سے زندانیوں میں ہم — صد شکر اب گنے گئے فریادیوں میں ہم
کھلتا نہیں کہ کاسۂ سر میں لکھا ہے کیا — کچھ . . . تو پاتے ہیں پیشانیوں میں ہم
گو جی بٹا ہوا ہے وے لے خیالِ زلف — بھولے نہ تجکو لاکھ پریشانیوں میں ہم
فرہاد و قیس سے ہمیں نسبت کوئی نہ دو — نہ کوہیوں میں ہیں نہ بیابانیوں میں ہم
تیغِ نگہ کے کاٹ کی تعریف کیا کریں — برش نہیں یہ پاتے صفاہانیوں میں ہم

مجھ گرفتارِ قفس کا کوئی دم ساز نہیں — ہائے بے بال و پری طاقتِ پرواز نہیں
بیچ زنداں کے مواقید میں شاید مجنوں — آج زنجیر کی جھنکار کی آواز نہیں

تمھارے در پہ کھڑے بیقرار ہیں دو تین — نگاہِ لطف کے امیدوار ہیں دو تین
نہ نا امید ہو دستِ جنوں کو تیرے لئے — ابھی تو باقی گریباں میں تار ہیں دو تین
ہے بزمِ بادہ کشاں اے ہوسؔ جہانِ خراب — جو لاکھ مست ہیں تو ہوشیار ہیں دو تین

خواہ وہ قید رکھیں خواہ اب آزاد کریں — ہم کو طاقت نہ رہی اتنی کہ فریاد کریں
ٹک تو فرصت دے ہمیں لے طپشِ شوقِ چمن — ہم کوئی دن تو بھلا خاطرِ صیاد کریں

ہمدم

نمی دانم کہ کیست مگر ایں قدر کہ در مشاعرۂ مرزا تقی ہوسؔ کہ بکمال شہر آشوبی بوداہ ہم

دل شکستہ میں رہا کارگہ مینا میں
توڑنا اس کا زبس شیشہ گراں بھول گئے

پھر بھی دل عشق پہ خوباں کے جلاتے لیکن
ہم ابھی تیری جفاؤں کو کہاں بھول گئے

سیر لالہ کو جو جاتے تھے چمن کا رستہ
دیکھ کر لب پہ ترے سرخیِ پاں بھول گئے

شبِ ہجراں میں ہیں آثارِ سحر ناپیدا
شاید اس رات موذن بھی اذاں بھول گئے

قفس پر برگِ گل رکھنے سے اے صیاد کیا حاصل
گذشتہ صحبتوں کو پھر دلانا یاد کیا حاصل

جہاں سنتا نہ ہو کوئی کسی کی ایسی محفل میں
خموشی ہی بھلی ہے نالہ و فریاد کیا حاصل

نہیں دیوانگانِ عشق میں مطلق لہو باقی
جو اُن کی فصد کو آیا کوئی فصاد کیا حاصل

کرو کچھ فکر ایسی جس سے راہِ عشق طے ہووے
ہوس گر لاکھ فن کے تم ہوئے استاد کیا حاصل

قیامت یہ بھاتا ہے اُس بت کا کہنا
ہمیں اب تو جانے دو پھر آئیں گے ہم

ہوس دیکھ آئے ہیں اس کے کفک کو
ان آنکھوں سے اب خون برسائیں گے ہم

تمہارا دھیاں یہاں آٹھوں پہر ہے
کھو یارانِ رفتہ کیا خبر ہے

سفیدی ہو کی اس ظلمت سرا میں
نمودِ صبح ہے وقتِ سحر ہے

فلک نازک مزاجوں کو نہ دے رنج
انھیں صندل لگانا دردِ سر ہے

عزیزا آتش کو رکھ اے باغباں تو
درختِ خشک کا تیرے ثمر ہے

ملامت کیوں مجھے کرتا ہے صیاد
کہ میرا بوجھ میرے دوش پر ہے

شبِ غفلت ہے ہنگام جوانی
میاں یہاں آنکھ کھلنے تک سحر ہے

خبر میری پہنچ جاوے گی واں تک
مرا رنگِ پریدہ نامہ بر ہے

دیارِ تن میں کیوں ہے مضطرب روح
ارادہ یہاں سے جانیکا کدھر ہے

ہے مجھے خلد میں بھی کوچۂ جاناں کا خیال
آ گیا مجکو گلستاں میں گلستاں کا خیال

استخواں گور میں جبتک کہ نہ ہو جائیں گے خاک
تب تلک مجکو رہے گا سگِ جاناں کا خیال

چاندنی شب کا یقیں کیوں نہ شبِ تار یہ ہو
بسکہ رہتا ہے مجھے اس مہِ تاباں کا خیال

خطِ مشکیں رخِ تاباں پہ نمایاں ہووے
مسکنِ مور دلا ملکِ سلیماں ہووے

رعب لے سے کہتے ہیں جاؤں جو میں اُس کوچے میں
سگِ دلدار مجھے شیرِ نیستاں ہووے

رونا یہ چاہئے عاشق کو غمِ فرقت میں
کہ ہر اک داغِ بدن دیدۂ گریاں ہووے

جس نے سونگھا ہو کبھی اُس کا پسینہ ہاتف
عطر سے کیوں نہ دماغ اُسکا پریشاں ہووے

گو خطِ سبز سے آلودہ وہ زنگار میں ہے
پر صفا اب تلک آئینۂ رخسار میں ہے

نالۂ مرغِ چمن کی نہیں آتی جو صدا
اس سے ہوتا ہے یہ ثابت کہ وہ گلزار میں ہے

بند زنداں میں ہم اور کوچۂ جاناں میں رقیب
قید میں مرغِ چمن زاغ چمن زار میں ہے

دل کہاں تیر لگا یا تھا کہیں اُس مہ نے
اُس کا پیکاں یہ مرے سینۂ افگار میں ہے

وہ بھی دم بھرتے ہیں اے جان تری الفت کا
جنگ بس اتنے لئے مجھ میں و اغیار میں ہے

پھر گئی آکے کئی بار اجل اے ہاتف
جان کیا نکلے مری دل تو مرا یار میں ہے

کس طرح کسی کو دہن اُس کا نظر آوے
جو چیز کہ معدوم ہو وہ کیا نظر آوے

اغیار کا کیا ذکر ہے ہم رشک سے مر جائیں
گر تجھ سے ہم صورتِ زیبا نظر آوے

آنکھیں مری روشن ہیں ترے نور سے اے ماہ
گر تو ہو نہاں چشم سے تو کیا نظر آوے

ہشیار

سید امجد علی ہشیار تخلص ولد سید غلام حسین تولدش در الہ آباد است وطنِ بزرگانش

دریں زمینِ طرحی ایں غزل خواندہ بود از کتابِ مشاعرہ مرزا محمد علی بیگ ایں چند شعر انتخاب کردہ نوشتہ شد، از وست :-

سدا خورشید کو ہو رشک جس کے روئے روشن پر ۔ نہ کیونکر جھکا دے سر نہ اُس کے نعلِ توسن پر

جو ہیں افسردہ دل کب صدمۂ عشق انکو ہوتا ہے ۔ اثر کرتی نہیں ہے چوٹ ہرگز سردِ آہن پر

پڑا رہتا ہوں کانٹوں پر غمِ فرقت میں میں دن بھر ۔ بسر کرتا ہوں اکثر رات ساری خالی گلشن پر

عبث عشقِ بتاں میں رات دن نالاں ہے تو ہمدم ۔ نہیں ممکن کہ دل پتھر کا پگھلے تیری شیون پر

ہلال

ہلال تخلص شاگرد زلال در مشاعرہ منور خاں عاقل طرحے گفتہ ہمراہ استادِ خود آمدہ بود خواندہ رفت عمرش قریب بست سال خواہد بود ، از وست :-

تم جو سحر جلوہ نما ہو گئے ۔ آئینہ خانہ کی جلا ہو گئے

ناز اٹھانے ہی نہ پائے ترا ۔ ہم تو ادا ہی میں ادا ہو گئے

مانگ کا مضموں جو لگا سوچنے ۔ بال مرے حق میں بلا ہو گئے

بیچ سے پردا جو دوئی کا اُٹھا ۔ ہو کے فنا عین بقا ہو گئے

عشق میں خوباں کے تو ہم جوں ہلال ۔ خلق میں انگشت نما ہو گئے

ہاتف

شیخ حیدر علی ہاتف تخلص بزرگانش سکنۂ دہلی بودہ اند و خودش در لکھنؤ تولد و نشو نما یافتہ عمرش بست و چہار سال خواہد بود از چند سال شوقِ شعر پیدا کردہ و کلامِ خود را بنظرِ شیخ امام بخش ناسخ گذرانیدہ جوانِ غریب باخلق است ، از وست :-

عاشقی کا مری احوال نہ پوچھ اے ہاتف ۔ نہ بتاؤں گا میں یہ بات بتانے کی نہیں

یہ نصیحت کب تری ناصح پسند آئی مجھے　　　　تو جو کہتا ہے مجھے ہشیار مت مل یار سے

ردیف (ی)

یاس

میر الٰہی بخش یاس ولد رحمت علی، بزرگانش از شاہجہاں آباد و خودش در لکھنو تولد و نشو و نما یافتہ و بہ سن تمیز رسیدہ بمقتضائے موزونی طبع چیزے کہ موزوں می کند وگاہ گاہ حسبِ اتفاق آنرا بنظر می گذارند چنداں بایں امر مصروف نیست۔ عمرش تخمیناً سی سالہ خواہد بود، از وست :-

سامنے کیوں آئینہ حیراں نہ ہو دیکھ کر　　　　مار مرتے ہیں ہزاروں اُس کے گیسو دیکھ کر

صورت کفن میں ہو یہ ترے خاکسار کی　　　　چھاتی پھٹے ہے دیکھ کے جس کو مزار کی

ہیں سینکڑوں جہاں میں طرحدار آدمی　　　　بندے ہیں ہم اُسی کے جو ہو یار آدمی

قاتل جو تو کرے ہو مجھے قتل بے گناہ　　　　کیا منصفی کریں گے نہ دو چار آدمی

یار



یہ گریباں ایک مدت سے گلے کا ہار تھا

نے چند یابی راست کمتر

شاہجہاں آباد خود بود و باش از چندے در لکھنؤ دارد مشارٌ الیہ دامادِ میاں تجلی است، عمرش تخمیناً چہل و پنج خواہد بود، با وصفِ بے علمی و ناخواندگی چیزے کہ موزوں می کند از زبانش درست می بر آید این فیضِ خاندانِ میر محمد تقی مرحوم است بسرے بگفتنِ ہجو ہم دارد ہر چہ می گوید از نظرِ ناسخ می گذراند، ازوست:-

کس نے غرفے سے دکھایا رُخِ پر نور ہمیں
جو نظر آئی شبِ مہ شبِ دیجور ہمیں

دراز دستِ ستم جس کا اک جہان پر ہے
دل اپنا ان دنوں مائل اُسی جواں پر ہے

قلق ہے دل پہ یہاں تک کہ میری اک پل میں
ہزار لختِ جگر چشمِ خوں فشاں پر ہے

دھمک سے جس کی لرزتا ہے آسمان و زمیں
وہ کوہِ عشق گرا مجھ سے ناتواں پر ہے

کیا ہے قتل جو لاکھوں کو بے گناہ اُس نے
تو شورِ حشر کا سا اُس کے آستاں پر ہے

اگرچہ خاک نشیں ہوں میں چشمِ عالم میں
ولے دماغ مرا ہفتم آسماں پر ہے

غمِ فراق سے ہوں جس کے جاں بلب ہشیار
مزاج اس کا مرے اب تک امتحاں پر ہے

لے ہاتھ میں جب تیغ و سپر وہ نظر آئے
ہم نذر کو ہاتھوں پہ لئے اپنا سر آئے

خوبی تو نوشتے کی مرے دیکھیو یارو
افسوس مجھے کیونکہ نہ اس بات پر آئے

نامے مرے اُس پاس جو لے کر گئے قاصد
سو اُن کے جواب آئے نہ وہ نامہ بر آئے

ہشیار گیا ہاتھ سے اپنا دلِ ناداں
ہم کوچۂ دلدار سے پھر پھر کے گھر آئے

عشق میں تیرے ہوئی یہاں تک تو رسوائی مجھو
اک نگہ کے ساتھ میری اُڑ گئے ہوش و حواس
زندگی نے باز رکھا مجکو میرے قتل سے

مرا معذور دارلے مرد ہشیار   اگر آمیختم حنظل بہ شکر

کہ کارِ پختہ کارانِ جہانست   سخن گفتن نہ زیبائے زہر در
کہ در پیری ہمینم شد میسر

تاریخ خاتمہ تازہ گفتہ شد اینست :-

در سوادِ اعظمِ ایں تذکرہ   ماند از رفتار چو پائے قلم
یافتم تاریخِ ختمش مصحفی   یادگارِ خامۂ جادو رقم

قطعۂ تاریخِ دیگر کہ شاگردم مرزا رمضان بیگ طپاں کہ ذکرش در حرف الطا گزشتہ گفتہ نیز دریں فرخندہ دفتر نوشتہ شد اینست :-

قطعہ تاریخ

طپاں چوں از پئے تاریخِ ایں جلد   درِ معنی بہ سلکِ نظم سفتہ
نمودہ قطعِ پائے ہند ناگہ   طلسماتِ خیالِ ہند گفتہ

تمت تمام

کتبہ رمضان بیگ طپاں سنہ ۱۲۳۷ھ

اُردُو

انجمن ترقی اردو اورنگ آباد دکن کا سہ ماہی رسالہ ہی جس میں
ادب اور زبان کے ہر پہلو پر بحث کیجاتی ہی۔ اس کے تنقیدی
اور محققانہ مضامین خاص امتیاز رکھتے ہیں۔ اُردو میں جو کتابیں
شائع ہوتی ہیں اُن پر تبصرے اس رسالہ کی ایک خصوصیت
ہے۔

یہ رسالہ سہ ماہی ہی اور ہر سال جنوری، اپریل، جولائی اور
اکتوبر میں شائع ہوتا ہے، رسالہ کا حجم ڈیڑھ سو صفحے ہوتا ہے اور
اکثر اس سے زیادہ۔ قیمت سالانہ محصول ڈاک وغیرہ ملاکر سات روپے
سکہ انگریزی۔ آٹھ روپے سکہ عثمانیہ۔

المشتہر۔ انجمن ترقی اردو اورنگ آباد (دکن)

Anjuman - i - Taraqqi - e - Urdu Series No. 77

Riyazul Fusaha

A biographical Anthology

OF

Urdu Poets

by

Ghulam Hamadani Mus-hafi

EDITED BY

ABDUL HAQ, B.A. (Alig.)

Honorary Secretary,

ANJUMAN - I - TARAQQI - E - URDU,

AURANGABAD, DECCAN

1934